B9ED203DST

سماجی مطالعات کی تدریسیات-II

(Pedagogy of Social Studies-II)

بیچلر آف ایجوکیشن (بی۔ایڈ۔)

(دوسرا سمسٹر)

Bachelor of Education (B. Ed.)

(Second Semester)

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

حیدرآباد-32، تلنگانہ-انڈیا

Copyright © 2025, Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad
All right reserved. No part of this publication may be reproduced or transmitted in any form or by any means, electronically or mechanically, including photocopying, recording or any information storage or retrieval system, without prior permission in writing form the publisher (registrar@manuu.edu.in)

ISBN : 978-81-979258-8-7
Course : Pedagogy of Social Studies-II
First Edition : August 2024
Copies : 600
Price : 245

Programme Coordinator (B. Ed.)

Prof. Sayyad Aman Ubed, Professor (Education), CDOE, MANUU

Editorial Board/Editors

Prof. Mushtaq Ahmed I. Patel (Chairperson)
Professor, CDOE, MANUU

Prof. Shaikh Shaheen Altaf (Member)
HOD, Dept. of Edu &Training, MANUU

Prof. Siddiqui Mohd Mahmood (Member)
Senior Professor, Dept. of Edu &Training, MANUU
(Content Editor)

(Late) Prof. Najmus Saher (Member)
Professor, CDOE, MANUU

Mr. Mohd. Gufran Barkati
Assistant Professor, Dept. of Edu &Training, MANUU
(Language Editor)

Prof. Sayyad Aman Ubed (Member)
Programme Coordinator, B.Ed. (ODL)

Dr. Shaikh Wasim (Member Convener)
Associate Professor, CDOE, MANUU

Dr. Sameena Basu (Member)
Associate Professor, CDOE, MANUU

Dr. Jaki Mumtaj
Associate Professor, MANUU, CTE, Bhopal
(Content Editor)

Production

Prof. Nikhath Jahan, Professor (Urdu), CDOE, MANUU

Mr. P Habibulla, Assistant Registrar, Purchase & Stores Section, MANUU

Dr. Mohd Akmal Khan, Assistant Professor (C), CDOE, MANUU

Mohd Abdul Naseer, Section Officer, CDOE, MANUU

Shaik Ismail, UDC, CDOE, MANUU

Faheemuddin, LDC, Purchase & Stores Section, MANUU

On behalf of the Registrar, Published by:

Centre for Distance and Online Education

Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad-500032 (TG), India
*Director:*dir.dde@manuu.edu.in *Publication:*ddepublication@manuu.edu.in
Phone number: 040-23008314 Website: manuu.edu.in

CRC Prepared by: Dr. Mohd Adil, Asst. Prof. (C), CDOE, MANUU
Title Page: Dr. Mohd Akmal Khan, Asst. Prof. (C), CDOE, MANUU

Printed at: Print Time & Business Enterprises, Hyderabad

فہرست

پیغام	وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی		6
پیغام	ڈائرکٹر، مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم		7
کورس کا تعارف	پروگرام کوآرڈینیٹر (بی۔ایڈ)		8
اکائی نمبر	**اکائی کا نام**	**مصنف**	**صفحہ نمبر**
بلاک I: تاریخ اور جغرافیہ کی تعلیم اور اکتساب (Teaching and Learning of History and Geography)			
1-	عالمی تاریخ کے مختلف ادوار، ہندوستانی تاریخ (قدیم، عہد وسطیٰ، جدید اور عصری) (Periodization of World History, Indian History (Ancient, Medieval, Modern and Contemporary)	ڈاکٹر محمد طالب اطہر انصاری ایسوسیٹ پروفیسر مانو، سی ٹی ای، بیدر Dr. Mohd Talib Ather Ansari Associate Professor MANUU CTE, Bidar	9
2-	نو آبادیاتی نظام، سرمایہ داری، جمہوریت اور شہریت - امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلابات (Colonialism, Capitalism, Democracy and Citizenship – American, French and Russian Revolutions)		23
3-	جغرافیہ کے بنیادی تصورات: عرض البلد، طول البلد، زمین کی گردش، موسمیات، درجہ حرارت، دباؤ، ہوا، نمی، ہائیڈرولوجی اور بحری سائنس (Fundamental Concepts of Geography-Latitudes, Longitudes, Earth Rotation, Climatology, Temperature, Pressure, Wind, Humidity, Hydrology and Oceanography)		36

52		ہندوستانی جغرافیہ-جغرافیائی تقسیم، دریا اور زمین کی شکلیں (Indian Geography – Geographical Divisions, Rivers and Land Forms)	-4
بلاک II: سیاسیات اور معاشیات کی تدریس و اکتساب **(Teaching and Learning of Political Science and Economics)**			
63	ڈاکٹر ذکی ممتاز اسسٹنٹ پروفیسر مانو، سی ٹی ای، بھوپال Dr. Jaki Mumtaj Assistant Professor MANUU CTE, Bhopal	علم سیاسیات کی نوعیت اور وسعت، اہم تصورات اور موجودہ رجحانات (Nature and Scope of Political Science, Key Concepts and Current Trends)	-5
79		ہندوستان کا آئین(Indian Constitution)	-6
95		معاشیات کے معنی، نوعیت اور وسعت (Meaning, Nature and Scope of Economics)	-7
109		علم سیاسیات اور معاشیات کی تدریسی حکمت عملیاں (Teaching Strategies of Political Science and Economics)	-8
بلاک III: سماجی علوم میں نصاب کی منصوبہ بندی اور تدریسی مواد **(Curriculum Planning in Social Studies & Instructional Material in Social Studies)**			
123	ڈاکٹر محمد حسن اسسٹنٹ پروفیسر مانو، سی ٹی ای، بھوپال Dr. Mohammad Hasan Assistant Professor MANUU CTE, Bhopal	نصاب(Curriculum)	-9
150		سماجی علوم کی درسی کتاب (Textbook of Social Studies)	-10
165		سماجی علوم میں تدریسی اشیاء (Instructional Material in Social Studies)	-11
198		چارٹس، گرافس اور ماڈلس (Chart, Graphs and Models)	-12

بلاک IV: سماجی علوم میں تشخیص (Evaluation in Social Studies)			
212	ڈاکٹر مظفر اسلام اسسٹنٹ پروفیسر مانو، سی ٹی ای، در بھنگہ Dr. Mozaffar Islam Assistant Professor MANUU CTE, Darbhanga	تعین قدر کے معنی، نوعیت اور خصوصیات (Meaning, Nature and Characteristics of Evaluation)	13۔
223		تعین قدر کے اقسام (Types of Evaluation)	14۔
240		سماجی علوم میں تعین قدر کے مقداری (کمیتی) اور معیاری (کیفیتی) آلات (Quantitative and Qualitative Tools of Evaluation in Social Studies)	15۔
261		سماجی مطالعات میں احتساب کے لیے مسلسل اور جامع تعین قدر ماڈل (Continuous and Comprehensive Evaluative Model of Assessment in Social Studies)	16۔
275	نمونہ امتحانی پرچہ		

پیغام

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) 1998 میں پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ کے ذریعے قائم کی گئی۔ یہ ایک مرکزی جامعہ ہے جس نے این اے اے سی کی جانب سے گریڈ +A حاصل کیا ہے۔ اس جامعہ کے قیام کے مقاصد ہیں: (1) اردو زبان کا فروغ، (2) پیشہ ورانہ اور تکنیکی تعلیم کو اردو میڈیم میں قابل رسائی اور دستیاب بنانا، (3) روایتی اور فاصلاتی طریقۂ تعلیم کے ذریعے تعلیم فراہم کرنا، اور (4) خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا۔ یہ وہ نکات ہیں جو اس مرکزی جامعہ کو دیگر تمام مرکزی جامعات سے ممتاز کرتے ہیں اور اسے ایک انفرادیت بخشتے ہیں۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں بھی مادری زبانوں اور علاقائی زبانوں میں تعلیم حاصل کرنے پر زور دیا گیا ہے۔

اردو کے ذریعے علم کے فروغ کا مقصد یہی ہے کہ اردو جاننے والے طبقے کے لیے عصری علوم اور مضامین تک رسائی آسان بنائی جائے۔ ایک طویل عرصے تک اردو میں درسی مواد کی کمی رہی ہے۔ اردو یونیورسٹی کے پاس اب اردو میں 350 سے زیادہ کتابوں کا ذخیرہ موجود ہے اور ہر سمسٹر کے ساتھ اس تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اردو یونیورسٹی این ای پی 2020 کے وژن کے مطابق مادری/گھریلو زبان میں تعلیمی مواد فراہم کرنے کے قومی مشن کا حصہ بننے کو اپنے لیے ایک اعزاز سمجھتی ہے۔ مزید یہ کہ اردو بولنے والا طبقہ اردو میں مطالعہ کے مواد کی عدم دستیابی کے سبب نئے اُبھرتے شعبوں اور جدید تر معلومات کے موجودہ میدانوں میں تازہ ترین معلومات واطلاعات کے حصول سے محروم نہیں رہے گا۔ مذکورہ بالا میدانوں میں مواد کی دستیابی کی بدولت حصولِ معلومات کا نیا شعور بیدار ہوا ہے جو یقیناً اردو داں طبقے کی دانشورانہ ترقی پر اثر انداز ہوگا۔
فاصلاتی اور آن لائن طلبہ کے لیے تعلیم وتدریس کے عمل کو سہل بنانے کے لیے یونیورسٹی کا سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) اردو اور متعلقہ مضامین میں خود اکتسابی مواد (SLM) کی تیاری کو یقینی بناتا ہے۔

MANUU فاصلاتی اور آن لائن لرننگ کے طلبہ کے لیے SLM بلا معاوضہ فراہم کرتا ہے۔ یہ مواد اُردو کے ذریعے علم حاصل کرنے میں دلچسپی رکھنے والے ہر شخص کے لیے برائے نام قیمت پر دستیاب ہے۔ تعلیم تک رسائی کے دائرے کو مزید پھیلانے کے مقصد سے، اردو/ہندی/انگریزی/عربی میں eSLM یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر مفت ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب رکھا گیا ہے۔

مجھے بے حد خوشی ہے کہ متعلقہ فیکلٹی کی محنت اور مصنفین کے مکمل تعاون کی بدولت FYUG بی۔اے، بی۔ایس سی اور بی۔کام کی کتابوں کی اشاعت کا عمل بڑے پیمانے پر شروع ہو گیا ہے۔ فاصلاتی اور آن لائن لرننگ کے طلبہ کی سہولت کے لیے خود اکتسابی مواد (SLM) کی تیاری اور اشاعت کا عمل یونیورسٹی کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ہم اپنے خود تعلیمی مواد کے ذریعے اردو جاننے والے ایک بڑے طبقے کی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہوں گے اور اس یونیورسٹی کے مقصدِ قیام کو پورا کریں گے اور اپنے ملک میں اپنی موجودگی کو جائز ٹھہرا سکیں گے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ!

پروفیسر سید عین الحسن
شیخ الجامعہ، مانو

پیغام

موجودہ دور میں فاصلاتی تعلیم کو دنیا بھر میں ایک نہایت مؤثر اور مفید طریقۂ تعلیم کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے اور بڑی تعداد میں لوگ اس طریقۂ تعلیم سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے بھی اردو زبان بولنے والے عوام کی تعلیمی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے قیام کے وقت سے ہی فاصلاتی تعلیم کا طریقہ متعارف کرایا۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے 1998 میں ڈائریکٹوریٹ آف ڈسٹنس ایجوکیشن (نظامتِ فاصلاتی تعلیم) کے ساتھ کام کا آغاز کیا اور 2004 سے باقاعدہ پروگرام شروع ہوئے،اس کے بعد مختلف شعبہ جات قائم کیے گئے۔

یو جی سی نے ملک میں نظام تعلیم کو مؤثر طور پر منظم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ (ODL) موڈ کے تحت چلنے والے مختلف پروگرام، جو سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) میں چل رہے ہیں، یو جی سی-ڈی ای بی کے منظور شدہ ہیں۔ یو جی سی-ڈی ای بی نے فاصلاتی اور باقاعدہ تعلیم کے نصاب کو ہم آہنگ کرنے پر زور دیا ہے تاکہ فاصلاتی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے معیار کو بہتر بنایا جاسکے۔ چونکہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ایک دُہرے طرز (ڈوئل موڈ) کی یونیورسٹی ہے جو فاصلاتی اور روایتی دونوں طریقۂ تعلیم کی خدمات فراہم کرتی ہے،اس لیے اپنے مقاصد کو یو جی سی-ڈی ای بی کے رہنما خطوط کے مطابق حاصل کرنے کے لیے اس نے چوائس بیسڈ کریڈٹ سسٹم (CBCS) متعارف کرایا گیا جس کا خود اکتسابی مواد (Self Learning Materials) یو جی سی کے قوانین اور کریڈٹ فریم کے مطابق نئے سرے سے تیار کیے جاچکا ہے۔

سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) کل انیس (19) پروگرام پیش کرتا ہے جن میں یو جی، پی جی، بی ایڈ، ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ پروگرام شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ تکنیکی مہارتوں پر مبنی پروگرام بھی شروع کیے جارہے ہیں۔ سی ڈی او ای نے جولائی 2025 سے این ای پی-2020 کے مطابق چار سالہ یو جی پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ بی اے، بی ایس سی اور بی کام کے آنرز پروگراموں کو این سی ایف کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے جس سے طلبہ کو آنرز ڈگری حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ سال 2025-2026 سے ایم بی اے پروگرام او ڈی ایل موڈ میں متعارف کرایا گیا ہے۔

مانو نے طلبہ کی سہولت کے لیے نو ریجنل سنٹرز (بنگلورو، بھوپال، دربھنگہ، دہلی، کولکاتا، ممبئی، پٹنہ، رانچی اور سری نگر) اور چھ سب ریجنل سنٹرز (حیدرآباد، لکھنؤ، جموں، نوح، وارانسی اور امراؤتی) کا ایک وسیع نیٹ ورک قائم کیا ہے۔ اس کے علاوہ وجے واڑا میں ایک ایکسٹینشن سنٹر بھی قائم کیا گیا ہے۔ ان ریجنل اور سب ریجنل سنٹروں کے تحت ایک سو پچاس سے زیادہ لرنر سپورٹ سنٹر (LSCs) اور بیس پروگرام سنٹر بیک وقت چلائے جارہے ہیں تاکہ طلبہ کو تعلیمی اور انتظامی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن اپنی تعلیمی اور انتظامی سرگرمیوں میں آئی سی ٹی کا بھرپور استعمال کرتا ہے اور اپنے تمام پروگراموں میں صرف آن لائن موڈ کے ذریعے ہی داخلے فراہم کرتا ہے۔

طلبہ کے لیے سیلف لرننگ میٹیریل (SLM) کی سوفٹ کاپی سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن کی ویب سائٹ پر دستیاب کرائی جاتی ہیں اور آڈیو و ویڈیو ریکارڈنگ کے لنک بھی ویب سائٹ پر فراہم کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ کو ای۔ میل اور واٹس ایپ گروپ کی سہولت بھی فراہم کی جارہی ہے جن کے ذریعے انہیں پروگرام کے مختلف پہلوؤں جیسے کورس رجسٹریشن، اسائنمنٹ، کاؤنسلنگ، امتحانات وغیرہ کے بارے میں مطلع کیا جاتا ہے۔ باقاعدہ کاؤنسلنگ کے علاوہ گزشتہ دو برسوں سے طلبہ کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے زائد تدارکی (Remedial) آن لائن کاؤنسلنگ بھی فراہم کی جارہی ہے۔

امید کی جاتی ہے کہ سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن تعلیمی اور معاشی طور پر پسماندہ آبادی کو عصری تعلیم کے دھارے میں شامل کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرے گا۔ تعلیمی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے نئی تعلیمی پالیسی (NEP-2020) کے مطابق مختلف پروگرامز میں تبدیلیاں کی گئی ہیں اور توقع ہے کہ اس سے اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ کے نظام کو مزید مؤثر اور کارآمد بنانے میں مدد ملے گی۔

پروفیسر محمد رضاالله خان

ڈائرکٹر، سی ڈی او ای، مانو

کورس کا تعارف

سماجی مطالعات ایک ایسا جامع اور ہمہ جہت مضمون ہے جو طلبہ میں تاریخی شعور، جغرافیائی فہم، سیاسی آگہی، معاشی بصیرت اور سماجی ذمہ داری کے احساس کو فروغ دیتا ہے۔ "سماجی مطالعات کی تدریسیات-II" بی۔ایڈ کے دوسرے سمسٹر کا ایک اہم کورس ہے، جس کا مقصد طلبا کو سماجی علوم کے مختلف شعبوں، تاریخ، جغرافیہ، سیاسیات اور معاشیات، کی تدریس واکتساب کے اصولوں، حکمتِ عملیوں اور تشخیصی طریقوں سے روشناس کرانا ہے۔

اس کورس کو چار بلاکس میں منقسم کیا گیا ہے، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

بلاک I: تاریخ اور جغرافیہ کی تعلیم اور اکتساب: اس بلاک میں شامل اکائیوں میں سب سے پہلے عالمی اور ہندوستانی تاریخ کے مختلف ادوار (قدیم، عہدِ وسطیٰ، جدید اور عصری) کا تعارف پیش کیا گیا ہے، تاکہ طلبہ تاریخی تسلسل اور ارتقائی عمل کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ نوآبادیاتی نظام، سرمایہ داری، جمہوریت اور شہریت جیسے اہم تصورات کو امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلابات کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے۔ اسی بلاک میں جغرافیہ کے بنیادی تصورات جیسے عرض البلد، طول البلد، زمین کی گردش، موسمیات، درجہ حرارت، دباؤ، ہوا، نمی، ہائیڈرولوجی اور بحری سائنس کے ساتھ ساتھ ہندوستانی جغرافیہ، دریا اور زمین کی ساخت کا تفصیلی مطالعہ شامل ہے۔

بلاک II: سیاسیات اور معاشیات کی تدریس واکتساب: یہ بلاک علم سیاسیات کی نوعیت، وسعت، بنیادی تصورات اور موجودہ رجحانات پر روشنی ڈالتا ہے، ساتھ ہی ہندوستان کے آئین کے اہم پہلوؤں سے طلبہ کو آگاہ کرتا ہے۔ معاشیات کے معنی، نوعیت اور دائرۂ کار کو بھی پیش کیا گیا ہے۔ مزید برآں، سیاسیات اور معاشیات کی تدریسی حکمتِ عملیوں پر گفتگو کی گئی ہے تاکہ معلمین ان مضامین کو طلبہ کے لیے دلچسپ، بامعنی اور زندگی سے مربوط بنا سکیں۔

بلاک III: سماجی علوم میں نصاب کی منصوبہ بندی اور تدریسی مواد: اس بلاک میں سماجی علوم کے نصاب کے مفہوم، مقاصد اور منصوبہ بندی کے اصول بیان کیے گئے ہیں۔ سماجی علوم کی درسی کتاب کی اہمیت، خصوصیات اور افادیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس کے ساتھ تدریسی اشیاء، چارٹس، گرافس اور ماڈلز کے استعمال کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے، جو سماجی علوم کی تدریس میں تجریدی تصورات کو واضح اور قابلِ فہم بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بلاک IV: سماجی علوم میں تشخیص: یہ بلاک تعینِ قدر (Evaluation) کے معنی، نوعیت اور خصوصیات سے بحث کرتا ہے۔ تعینِ قدر کی مختلف اقسام، مقداری (کمیتی) اور معیاری (کیفیتی) آلات کو سماجی علوم کے تناظر میں واضح کیا گیا ہے۔ اس بلاک میں سماجی مطالعات میں احتساب کے لیے مسلسل اور جامع تعینِ قدر (CCE) ماڈل پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی ہے، جو جدید تعلیمی نظام کا ایک اہم جزو ہے۔

اس کتاب کی تیاری میں اس بات کی خصوصی کوشش کی گئی ہے کہ تمام موضوعات کو آسان، رواں اور تدریسی نقطۂ نظر سے پیش کیا جائے، تاکہ فاصلاتی طلبہ بلاواسطہ رہنمائی کے بغیر بھی مفاہیم کو بخوبی سمجھ سکیں۔ ہر اکائی کے آخر میں شامل معروضی اور غیر معروضی سوالات طلبہ کو خود احتسابی اور سیکھنے کے نتائج کا جائزہ لینے میں مدد دیتے ہیں۔ امید ہے کہ یہ کتاب سماجی مطالعات کے معلمین کی پیشہ ورانہ تربیت میں مؤثر کردار ادا کرے گی اور انہیں سماجی علوم کی تدریس کو زیادہ بامقصد، بامعنی اور عملی بنانے میں معاون ثابت ہوگی۔

پروفیسر سید امان عبید

پروگرام کوآرڈینیٹر

اکائی 1۔ عالمی تاریخ کے مختلف ادوار، ہندوستانی تاریخ
(قدیم، عہد وسطیٰ، جدید اور عصری)

Periodization of World History, Indian History (Ancient, Medieval, Modern and Contemporary)[*]

1.0 تمہید (Introduction)

1.1 مقاصد (Objectives)

1.2 عالمی تاریخ کے مختلف ادوار، ہندوستانی تاریخ (قدیم، عہد وسطیٰ، جدید اور عصری)
Periodization of World History, Indian History (Ancient, Medieval, Modern and Contemporary)

1.2.1 عالمی تاریخ کے مختلف ادوار (Periodization of World History)

1.2.2 ہندوستانی تاریخ (Indian History)

1.2.2.1 قدیم ہندوستانی تاریخ (Indian History: Ancient)

1.2.2.2 عہد وسطیٰ ہندوستانی تاریخ (Indian History: Medieval)

1.2.2.3 جدید ہندوستانی تاریخ (Indian History: Modern)

1.2.2.4 عصری ہندوستانی تاریخ (Indian History: Contemporary)

1.3 خلاصہ (Summary)

1.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

1.5 فرہنگ (Glossary)

1.6 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

1.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

[*] Dr. Mohd. Talib Ather Ansari, Associate Professor, MANUU CTE, Bidar

1.0 تمہید (Introduction)

انسانی تاریخ کے مختلف ادوار کو سمجھنے کے لیے کئی طریقے اپنائے جاتے ہیں۔ ہر ایک تاریخی پہلو انسانی ترقی اور سماجی تبدیلی کے مختلف دیگر پہلوؤں پر زور دیتا ہے جس میں تاریخ کے مطالعہ کا ایک مشترکہ نقطہ نظر، تاریخ کو قدیم، عہد وسطیٰ، ابتدائی جدید اور عصری ادوار میں تقسیم کرتا ہے۔ یہ شروعاتی انسانی تہذیبوں کی ترقی سے لے کر جدید دنیا تک انسانی تاریخ کے اہم مراحل کا ایک وسیع جائزہ بھی فراہم کرتا ہے۔ اس کے مطالعہ سے ہم اپنے آنے والے مستقبل کے کار عمل کو مثبت انداز میں قائم کر سکتے ہیں، جس میں ہمارے سیاسی نظام، اقتصادی ترقی، سماجی ڈھانچے اور ثقافتی کامیابیوں جیسے اہم موضوعات پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ موضوعاتی نقطہ نظر کا استعمال کیا جاتا ہے، جو طلباء و طالبات کے لیے ایک اہم موضوع ثابت ہوتا ہے۔ اس اکائی میں انسانی تاریخ کے مختلف ادوار کو ہندوستانی زاویہ اور دنیا کے مختلف اہم موضوعات کو مد نظر رکھتے ہوئے روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے۔

1.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- عالم دنیا کے مختلف ادوار میں ہوی سیاسی، اقتصادی اور سماجی تبدیلیوں اور تشکیلوں کو سمجھ سکیں۔
- ہندوستان کی قدیم تاریخ کو سمجھ سکیں۔
- ہندوستان کی عہد وسطیٰ کی تبدیلیوں پر روشنی ڈال سکیں۔
- ہندوستان میں سیاسی، مذہبی، اقداری اور اقتصادی تبدیلیوں اور تشکیلوں پر بحث کر سکیں۔
- ہندوستان کی جدید اور عصری تاریخ کو سمجھ سکیں۔

1.2 عالمی تاریخ کے مختلف ادوار، ہندوستانی تاریخ (قدیم، عہد وسطیٰ، جدید اور عصری)

(Periodization of World History, Indian History Ancient, Medieval, Modern and Contemporary)

اسکولی تعلیم میں سماجی مطالعہ کا تدریسی عمل ہمارے ملک ہندوستان اور عالمی تاریخ کے مختلف ادوار (Periodization) کے کئی اہم مقاصد کو پورا کرتا ہے۔ ہندوستانی اور عالمی تاریخ کا درس طلباء کو تاریخی واقعات کو سمجھنے کے لیے ایک تاریخی خاکہ تیار کرنے میں مدد کرتا ہے، جس سے طلباء ماضی میں ہوئی تاریخی تبدیلیوں کے اسباب اور نتائج کے بارے میں سمجھ قائم کرنے کے ساتھ ساتھ تنقیدی طور پر سوچنے، اسباب تلاش کرنے، اقدار قائم کرنے اور ماضی میں ہوئی غلطیوں کو سمجھنے اور جدید دور کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے ایک راہ تلاش کر سکیں، جس پر چل کر طلباء اپنے مستقبل کو خشگوار بنا سکیں۔ تاریخ نگاری کے مختلف ادوار (Periodization) کا مطالعہ ایک ایسا سفر ہے جس سے ہم ماضی کے واقعات، ہمارے معاشرے کی انسانی زندگی، اپنے کلچر اور ثقافت کو تلاش کرتے ہیں جس سے ہماری اور ہمارے اطراف

کی دنیا کی تشکیل ہوئی ہے۔تاریخ نگاری کے اس سفر میں ہم اپنے ماضی کا مطالعہ یا تجزیہ کرتے ہیں، جس کا مقصد ہمارے حال، ماضی اور مستقبل کے لیے متفرق، مقداری اور گزرتے وقت کی درجہ بندی کرنے کا عمل قائم کیا جا سکے۔تاریخ نگاری کے مختلف ادوار اور اصطلاحات کا مطالعہ عام طور پر موجودہ وقت اور گزرے ہوئے تاریخی عمل کو سمجھنے کے لیے کیا جاتا ہے اس وسیع تاریخی سفر کو سمجھنے کے لیے مئورخین تاریخ نگاری کا ایک طریقہ استعمال کرتے ہیں جسے پیریڈائزیشن کہتے ہیں۔ پیریڈائزیشن تاریخ کو اہم واقعات، پیشرفت اور موضوعات کی بنیاد پر الگ الگ ادوار میں تقسیم کرنے کا ایک عمل ہے۔اس سے ہمیں تاریخ کے پیچیدہ سفر کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ مختلف معاشروں اور تہذیبوں کا ارتقاء کیسے ہوا ہے؟ یہ بھی سمجھا جاتا ہے۔

1.2.1 عالمی تاریخ کے مختلف ادوار (Periodization of World History)

جب ہم تاریخ کی تدریسی عمل کو ذہن میں رکھ کر تاریخ کا مطالعہ سماجی فلاح و بہبود کے لیے کرتے ہیں تو ہمیں اپنے ملک ہندوستان کے ساتھ ساتھ عالمی تاریخ کلچر اور ثقافت کو بھی سمجھنا لازمی ہو جاتا ہے۔اس تاریخ کے مطالعہ کے لیے ہمیں اپنی تاریخ کو کئی مختلف ادوار (Periodization) میں رکھ کر سمجھنا ہوتا ہے، جس سے ہم اپنے ملک کے مختلف تواریخی ادوار اور عالمی تاریخ کے مختلف دور کا موازنہ کر سکیں اور اس کو بہ خوبی سمجھ سکیں، چونکہ تاریخ کے ہر دور کے کچھ اہم واقعات اور خصوصیات ہوتی ہیں جو ہماری حال اور مستقبل کی زندگی کو متاثر کرتی ہیں، عالمی تاریخ کے دور کو ہم درج ذیل طریقے سے سمجھ سکتے ہیں:

- **قدیم عالمی تاریخ (Ancient World History, 3000 BCE – 476 CE)**: تقریباً 3000 قبل مسیح سے 476 عیسوی کا دور عالمی تاریخ کا ابتدائی دور کہلاتا ہے ،جس میں ہم عالمی دنیا کی ابتدائی تہذیبوں کی ترقی، جیسے میسوپوٹامیا(Mesopotamia)، مصر(Egypt)، وادی سندھ(Indus Valley)، چین(China)، کی تہذیبوں کے ساتھ ساتھ مختلف زبانوں اور زبانوں کی تحریری ایجاد(Invention of Writing)، سلطنتوں کی تشکیل، مثلاً، یونانی(Greek)، رومن(Roman)اور مقدس مذاہب کی تواریخ (مثلاً، بدھ، جین، عیسائی مذاہب) وغیرہ کے اہم واقعات کا تفصیلی جائزہ طلباء کے سامنے پیش کرتے ہیں جس میں مصر میں اہرام (Pyramids)کی تعمیر، روم کی بنیاد، ہندوستان میں شہنشاہ اشوک کا دور حکومت اور مغربی رومی سلطنت کا زوال وغیرہ کے اسباب جاننے اور سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔
- **عہد وسطی کی عالمی تاریخ (Medieval World History 476 CE–1500 CE)**: تقریباً 476-1500 عیسوی کے درمیان کا دور عالمی تاریخ میں بہت اہمیت رکھتا ہے اس دور کی مختلف خصوصیات میں جاگیرداری (Feudalism)، اسلام اور عیسائیت کا عروج، صلیبی جنگیں(The Crusades)، بازنطینی سلطنت، اور نشاۃ ثانیہ(Renaissance)کا آغاز شامل ہے جو ہماری ثقافت اور اقداروں کو واضح کرتا ہے اور جس سے ہم آج بھی مستفید ہو رہے ہیں۔ اس دور کے اہم واقعات میں مقدس رومن شہنشاہ کے طور پر شارلمین کی تاجپوشی(Charlemagne's coronation)، ہیسٹنگز کی جنگ(Battle of

(Hastings)، میگنا کارٹا(Magna Carta) اور بلیک ڈیتھ(Black Death)وغیرہ قابل ذکر ہیں، جن پر آج بھی بحث ومباحثہ ہوتے رہتے ہیں اور معاشرے کے موجودہ حالات پر ان کا اثر اب بھی موجود ہے۔

- **ابتدائی جدید تاریخ (Early Modern History1500 CE– 1789 CE)**:عالمی تاریخ کا یہ دور عام طور پر1500-1789 عیسوی کے درمیان کے اہم عالمی واقعات پر روشنی ڈالتا ہے جس میں دنیا کے مختلف حصوں میں تبدیلیاں رونما ہوئیں، جیسے نشاۃ ثانیہ (Renaissance)، اصلاحی دور(Reformation)، دریافت کا دور(Exploration)، سائنسی انقلاب،اور قومی ریاستوں کا عروج شامل تھا، جس نے ہماری کلچر اور ثقافت کے ساتھ ساتھ ہماری زندگی کے تمام حالات کو تبدیل کردیا، چونکہ کولمبس کے امریکہ کے سفر، پروٹسٹنٹ اصلاحات، ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کا قیام،اور امریکی انقلاب وغیرہ شامل تھے جس سے عالمی تاریخ میں اہم تبدیلیاں رونما ہوئیں۔
- **جدید تاریخ (Modern History 1789 CE – Present age)**: جدید عالمی تاریخ کا دور(1789)عیسوی سے شروع ہوکر موجودہ تکنیکی دور تک تصور کیا جاتا ہے جس میں صنعتی انقلاب(Industrial Revolution)، مختلف حکومتوں کا عروج اور زوال(The rise of imperialism)، پہلی اور دوسری عالمی جنگیں، سرد جنگ(Cold War)، اور عالمگیریت کے تصور (Globalization)کے ساتھ ساتھ فرانسیسی انقلاب،امریکی خانہ جنگی، پہلی جنگ عظیم،روسی انقلاب،اور دیوار برلن کا گرنا اور سائنس اور ٹیکنالوجی کی ایجادیں شامل ہیں۔

اس طرح ہم کہ سکتے ہیں کہ عالم گیر سطح پر درآمد ہونے والی مختلف دور کی مختلف تبدیلیوں سے نہ صرف ہندوستان بلکہ ان کا اثر پوری دنیا پر مثبت یا منفی انداز میں پڑتا ہے،اس لیے سماجی مطالعہ کی تدریسی نکات میں عالمی تاریخ کے مختلف دور کی تبدیلیوں کی تدریس میں شمولیت ایک اہم تدریسی نکات ہو سکتا ہے، جس سے طلباء دنیا کے مختلف حصوں میں مختلف ادوار میں ہوئے مختلف انقلابات، مختلف خطوں کی تشکیل اور ان کے اثرات سے سبق حاصل کر اپنے معاشرے اور ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ عہدِ وسطیٰ کی عالمی تاریخ کا دوسرا دور کو مختصر میں واضح کیجئے؟

1.2.2 ہندوستانی تاریخ(Indian History)

ہندوستان کی تاریخ خود ہندوستان کے وجود میں آنے سے شروع ہوتی ہے کیونکہ ہندوستان براعظم ایشیا میں واقع ہے،ہندوستان کی موجودہ آبادی16 مارچ 2024 تک 1,437,875,543ہے ہندوستان 2,973,193 مربع کلو میٹر زمین اور 314,070 مربع کلو میٹر پانی پر محیط ہے۔ 3,287,263 مربع کلو میٹر کے کل زمینی رقبے کے ساتھ اسے دنیا کا 7واں بڑا ملک تسلیم کیا جاتا ہے۔ ہندوستان شمال مشرق میں بھوٹان، نیپال اور بنگلہ دیش، شمال میں چین، شمال مغرب میں پاکستان،اور جنوب مشرقی ساحل پر سری لنکا مالدیپ وغیرہ ملکوں

سے گھرا ہوا ہے۔ ہندوستان قدیم تہذیبوں کی سرزمین ہے۔ ہندوستان کی سماجی، اقتصادی اور ثقافتی تشکیلات علاقائی توسیع کے ایک طویل عمل کی پیداوار ہیں۔ ہندوستان کی تاریخ اور اس کے مختلف ادوار کو درج ذیل میں مختصر میں بیان کیا جارہا ہے:

1.2.2.1 قدیم ہندوستانی تاریخ (Ancient Indian History)

ہندوستان کی تاریخ وادی سندھ کی تہذیب اور آریاؤں کے آنے سے شروع ہوتی ہے۔ ان دو مراحل کو عام طور پر وید سے پہلے اور ویدک دور کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ قدیم ترین ادبی ماخذ جو ہندوستان کے ماضی پر روشنی ڈالتا ہے وہ رگ وید ہے۔ رگ وید میں موجود روایت اور مبہم فلکیاتی معلومات کی بنیاد پر اس کام کو کسی بھی درستگی کے ساتھ تاریخ میں لانا مشکل ہے۔ وادی سندھ کی تہذیب، جو 2800 BC اور 1800BC کے درمیان پروان چڑھی، ایک ترقی یافتہ اور پھلتا پھولتا معاشی نظام تھا۔ وادی سندھ کے لوگ زراعت کرتے تھے، پالتو جانور پالتے تھے، تانبے، کانسی اور ٹن سے اوزار اور ہتھیار بناتے تھے اور مشرق وسطیٰ کے کچھ ممالک کے ساتھ تجارت بھی کرتے تھے۔ قدیم ہندوستانی تاریخ ہندوستان میں موجود مختلف ثقافتوں، مذاہب اور تہذیبوں کے تانے بانے سے بنی ہوئی ایک وسیع اور پیچیدہ تاریخ تھی جو اپنے ہزاروں سالوں کے اعلیٰ معیاری سطح کی اقداروں پر محیط ہے، جس کا آغاز دریائے سندھ کی وادی کے آس پاس کے علاقے میں دنیا کی قدیم ترین انسانی بستیوں سے ہوا، جو 7000 قبل مسیح کے آس پاس نوپستان (Neolithic) کے دور سے تعلق رکھتا ہے۔ قدیم ہندوستانی تاریخ کسی ایک پہلو پر نہیں بلکہ یہ ایک بہت وسیع پیمانے پر مختلف زاویوں میں بکھری ہوئی تاریخ ہے جس کو ہم مختصر طریقہ سے درج ذیل میں پیش کریں گے اور اس کے اہم ادوار اور تہذیبوں کا مختصر جائزہ لیں گے:

- **وادی سندھ کی تہذیب (Indus Valley Civilization: 3300 C to 1300 BCE)**: ایک طویل عرصہ قبل مشرقی دنیا میں چند تہذیبیں منظر عام پر آئیں، ان شہری تہذیبوں کے عروج کی بنیادی وجوہات دریاؤں تک رسائی تھی، جو انسانوں کے مختلف کام انجام دیتے تھے۔ میسوپوٹیمیا تہذیب اور مصری تہذیب کے ساتھ ساتھ، شمال مغربی ہندوستان اور جدید دور کے پاکستان میں پھیلی وادی سندھ کی تہذیب کا عروج ہوا۔ تین تہذیبوں میں سب سے بڑی، وادی سندھ کی تہذیب 2600 قبل مسیح کے آس پاس پروان چڑھی، اس وقت ہندوستان میں زراعت نے پھلنا پھولنا شروع کیا تھا۔ **وادی سندھ کی تہذیب** کو ہڑپہ تہذیب کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، یہ برصغیر پاک وہند کے شمال مغربی علاقے میں دریائے سندھ کے علاقوں میں پروان چڑھی، بنیادی طور پر جو اب پاکستان اور شمال مغربی ہندوستان میں واقع ہیں، زرخیز وادی سندھ نے بڑے پیمانے پر زراعت کو ممکن بنایا۔ آج کی تاریخ میں وادی سندھ کے سب سے مشہور شہر موہنجوداڑو اور ہڑپہ ہیں۔ ان دو قصبوں کا پتہ لگانے سے کھدائی کرنے والوں کو وادی سندھ کی تہذیب کی دولت کی جھلک دکھائی دیتی ہے، جس کا ثبوت کھنڈرات اور گھریلو سامان، جنگی ہتھیار، سونے اور چاندی کے زیورات اور اسی طرح کی مختلف چیزیں ہیں۔ وادی سندھ کی تہذیب کے لوگ اچھی طرح سے منصوبہ بند قصبوں اور پکی ہوئی اینٹوں سے بنے اچھے ڈیزائن والے گھروں میں رہتے تھے اور ان کے پاس اپنا تحریری نظام موجود تھا (اب تک اس کو پڑھا نہیں جا سکا ہے)۔ ترقی اور خوشحالی کے دور میں، یہ تہذیب، بدقسمتی سے، تقریباً 1300 قبل مسیح میں ختم ہو گئی، بنیادی طور پر قدرتی آفات کی وجہ سے یا باہری لوگوں کے حملوں سے اس تہذیب کا زوال ہوا۔

مزید جانکاری کے لیے دیکھیں https://www.youtube.com/watch?v=TzPxRPUBS4A

- **ویدک تہذیب** (Vedic Period: 1500–500 BCE): وادی سندھ کی تہذیب کے بعد اگلا دور جو ہندوستان نے دیکھا وہ ویدک تہذیب کا تھا، جو دریائے سرسوتی کے کنارے پروان چڑھتی تھی، جس کا نام ویدوں کے نام پر رکھا گیا تھا، جس میں ہندوؤں کے ابتدائی ادب کے مقالے ملتے ہیں، جنہیں ہندومت کے پیروکار آج بھی بہت احترام کے ساتھ رکھتے ہیں۔ وادی سندھ کی تہذیب کے آخری دنوں میں وسط ایشیا سے ہند آریائی قبائل ہندوستان میں آئے اور مقامی لوگوں کے ساتھ مل کر ایک نئی تہذیب کو پیدا کیا جس کو آج ہم ویدک تہذیب کے نام سے جانتے ہیں اسی دور میں وید لکھے گئے جن میں آریائی قبائل کی کلچر، ثقافت اور مذہبی عقائد تحریر ہیں جو سنسکرت میں لکھے گئے۔ البتہ ویدک تہذیب کا دائرہ فقط ہندوستان کے شمال مغربی سرحد تک ہی محدود تھا اور ہندوستان کے بقیہ خطے اپنی جداگانہ ثقافتی شناخت قائم رکھتے تھے۔ اس تہذیب کو ویدوں میں بڑی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔
- **بدھ مت اور مہاجن پداس کا دور** (Mahajanpadas and Buddhist: 600-300 BCE): اس دور میں برصغیر پاک و ہند میں 16 طاقتور سلطنتوں کا عروج دیکھا گیا، جنہیں مہاجن پداس کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ سلطنتیں بادشاہتیں اور جمہوریہ دونوں تھیں اور قدیم ہندوستان کے سیاسی منظر نامے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی تھیں۔ اس وقت کی نمایاں طاقتیں کپلا وستو کے ساکی اور ویشالی کے لچھاوی تھے۔ بدھ مذہب کے بانی، جس کا اصل نام سدھارتھ گوتم تھا، کپلا وستو کے قریب لمبنی میں پیدا ہوے تھے یہ ایک ایسا مذہب ہے جس کی بنیاد روحانیت پر مبنی تھی۔ ان کا انتقال 480 قبل مسیح میں 80 سال کی عمر میں ہوا لیکن ان کی تعلیمات پورے جنوبی اور مشرقی ایشیا میں پھیل گئیں اور آج پوری دنیا میں ان کی پیروی کی جاتی ہے۔
- **موریہ سلطنت** (Maurya Empire: 322–185 BCE): چندر گپت موریہ کی طرف سے قائم کی گئی، موریہ سلطنت قدیم ہندوستانی تاریخ کی سب سے بڑی اور طاقتور سلطنتوں میں سے ایک تھی۔ بادشاہ اشوک کے دور حکومت میں، اس نے تقریباً پورے برصغیر کو اپنی حکومت کے اندر ملا لیا اور بدھ مذہب کو پھیلایا اور بدھ مت کو بطور ریاستی مذہب کے طور پر بھی فروغ دیا۔
- **گپتا سلطنت** (Gupta Empire: 320-550 CE): گپتا سلطنت کو اکثر قدیم ہندوستانی تہذیب کا "سنہرا دور" بھی کہا جاتا ہے۔ اس عظیم سلطنت میں خوشحالی کا دور تھا، فن، سائنس، ریاضی، ادب اور فلسفے میں ترقی ہوئی۔ گپتا حکمران علم کے سرپرست تھے اور اس دور نے مختلف شعبوں میں اہم شراکت کی مثالیں پیش کیں۔
- **کلاسیکی دور** (Classical Period : 200 BCE–1200 CE): کلاسیکی دور میں مختلف ہندوستانی ثقافتی کلچر اور فلسفیانہ روایات، جس میں ہندو مذہب، بدھ مذہب، اور جین مذہب کے دور کو رکھا جا سکتا ہے اور یہ دور ان مذاہب کے استحکام اور فروغ پر مشتمل ہے۔ اس دور نے کلاسیکی ہندوستانی فن، ادب اور سائنس کی ترقی کو پیش کیا۔

قدیم ہندوستانی تہذیب نے ہندوستان کی ایک ایسی مثال چھوڑی ہے جس سے دنیا کے مختلف حصوں میں پروان چڑھیں دیگر تہذیبیں بھی مستفید ہو رہی ہیں، ہندوستانی قدیم تہذیبوں نے جنوبی ایشیا کی ترقی پر گہرا اثر ڈالا ہے اور آج بھی اس خطے کے ثقافتی منظر نامے کو تشکیل دے رہی ہیں۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ قدیم ہندوستانی تہذیب نے ہندوستان کو متاثر کیا؟واضح کیجیے؟

1.2.2.2 عہد وسطیٰ کی ہندوستانی تاریخ (Indian History: Medieval)

ہندوستان کا عہد وسطیٰ کا دور 500 صدی عیسوی کی دہائی کے آخر میں گپتا سلطنت کے خاتمے سے شروع ہوا تھا۔گپتا سلطنت نے شمالی ہندوستان کے بیشتر حصوں پر حکومت کی تھی، جس سے ہندوستانی کلچر، ثقافت اور ادب کا سنہرا دور قائم تھا،اس حکومت کے خاتمے نے ہندوستانی سیاست کو پارہ پارہ کر دیا۔اس حکومت کے ہزار سالہ عرصے میں، مسابقتی خاندانوں نے ہندوستان پر اپنی طاقت کو وسعت دینے کی کوشش کی جس کے دوسرے نصف دور میں، مغرب سے مسلمانوں نے پورے ہندوستان میں اپنے قدم بڑھائے اور ہندوستان میں داخل ہوئے، جس سے بدھ مذہب کا زوال ہوااور اسلام وہندو مذاہب کو سلطنتوں کی حفاظت کی بنیاد پر عروج ہوا۔یہ دونوں مذاہب آج برصغیر پاک و ہند میں سب سے بڑے مذہب ہیں۔1500 وی صدی عیسوی کی دہائی میں، مغل سلطنت نے ہندوستان کا بیشتر حصہ فتح کیا،اور اٹھارہوی صدی عیسوی میں اس کا زوال برطانوی سلطنت سے شکست خوردہ ہونے کی بنیاد پر ہوا۔ہندوستان کی عہد وسطیٰ کی تاریخ کا دور 6 ویں صدی عیسوی سے 18 ویں صدی عیسوی تک وسیع ہے اس دور میں ہندوستانی کلچر، ثقافت اور ادب میں نمایاں تبدیلیار ونما ہویں جس میں مختلف سلطنتوں کا عروج وزوال،علاقائی سلطنتوں کا ظہور، شہری ترقی،اور گہری سماجی و ثقافتی تبدیلیاں شامل تھیں۔اس دور کو ہم دوادوار میں تقسیم کر سکتے ہیں:

- **عہد وسطیٰ کے ابتدائی ہندوستان کا دور (Early Medieval Period (8th–12th Century CE)**:ابتدائی عہد وسطیٰ کے دور میں گپتا سلطنت کا زوال اور علاقائی طاقتوں کا ظہور ہوا،راجپوت راجاؤں نے اس دور میں ایک اہم کردار ادا کیااور پورے شمالی ہندوستان میں اپنی الگ الگ سلطنتیں قائم کیں۔اس دور میں نئے تجارتی راستے پروان چڑھے جو ہندوستان کی تجارت کلچر اور ثقافت کے ساتھ دیگر مذاہب کو وسط ایشیااور اس سے آگے کے ساتھ جوڑتے رہے۔اس دور میں گپتا سلطنت کا زوال اور پرتیہارا، راشٹر کوٹ اور پال خاندانوں کے ذریعے علاقائی سلطنتوں کا ظہور ہوا جسے "سہ فریقی جدوجہد"(Tripartite Struggle) کہا جاتا ہے۔جنوبی ہندوستان میں چولا، چلوکیہ اور پالوا خاندانوں کی ترقی ہوئی، جنہوں نے اہم ثقافتی اور تعمیراتی کارنامے انجام دیے۔اس عرصے کے دوران بدھ مذہب کے پھیلاؤ میں کمی آئی، جب کہ ہندو مذہب نے خاص طور پر بھکتی (عبادت) تحریک کے عروج کے ساتھ،ذاتی دیوتاؤں کی عقیدت پر زور دیا۔
- **دہلی سلطنت (Delhi Sultanate (13th–16th Century CE)**:سب سے پہلے ہندوستان میں محمد بن قاسم نے دریائے سندھ کے قریب راجا داہر کو ہرا کر ہندوستان میں عربوں کی حکومت قائم کی۔اس کے بعد دسویں صدی عیسوی میں محمود غزنوی نے ہندوستان میں سترہ بار حملے کیےاور گیارہویں صدی عیسوی میں محمد غوری نے ترائن کی لڑائی میں پرتھوی راج چوہان کو ہرا کر دہلی میں ترک سلطنت قائم کی جو ہندوستانی تاریخ میں ایک اہم تبدیلی کی نشاندہی کرتی ہے۔اس کے بعد ترک اور افغان حکمرانوں نے شمالی

ہندوستان میں اپنی حکمرانی کو وسعت دی۔ دہلی سلطنت کو مختلف ترک اور افغان خاندانوں نے پروان چڑھایا جن میں مملوک، خلجی، تغلق، سید اور لودی شامل تھے۔ دہلی سلطانوں نے جنوبی ہندوستان میں ہندو سلطنتوں کی طرف سے مسلسل مقابلوں کا سامنا کرتے ہوئے اسلامی اداروں، فارسی ثقافت اور انتظامی نظام کو ہندوستان میں متعارف کرایا۔اس دور کے قابل ذکر حکمرانوں میں قطب الدین ایبک، علاؤالدین خلجی، اور محمد بن تغلق اور شیر شاہ سوری شامل ہیں، جو اپنی فوجی فتوحات، انتظامی اصلاحات، اور قطب مینار اور تغلق آباد قلعہ جیسی تعمیراتی وراثت کے لیے مشہور ہیں۔

- **وجے نگر سلطنت (Vijayanagar Empire 14th–16th Century CE):** 13ویں صدی عیسوی میں ہری ہر اور بکانے وجے نگر سلطنت قائم کی، وجے نگر سلطنت جنوبی ہندوستان میں ایک ممتاز ہندو مملکت بن گئی، جو اپنی فوجی صلاحیت، انتظامی کارکردگی، فن اور ادب تعمیر کی سرپرستی کے لیے مشہور ہے۔ کرشنا دیورائے کے زیرانتظام یہ سلطنت اپنے عروج پر پہنچی، ودیارنیا جیسے دانشوروں کی شراکت اور تیلگو اور کنڑ زبانوں کی ترقی کے ساتھ یہ سلطنت ایک متحرک ثقافتی نشاۃ ثانیہ کو فروغ دیتی ہے۔ بعد میں اس سلطنت کا بھی زوال چھوٹی۔ چھوٹی مسلم ریاستوں کے ہاتھوں ہوا، جس کے بعد بہمنی سلطنت، بیدر شاہی سلطنت، برید شاہی سلطنت، گولکنڈہ وغیرہ کا جنوبی ہندوستان میں عروج ہوا۔
- **مغلیہ سلطنت (Mughal Empire16th–18th Century CE):** بابر نے 1526 عیسوی میں ابراہیم لودی کو پانی پت کی پہلی جنگ میں شکست دے کر دہلی سلطنت کا خاتمہ کر دیا اور مغل حکومت کی دہلی میں بنیاد رکھی۔ مغل سلطنت ہندوستان کی تاریخ کی سب سے طاقتور مسلم سلطنتوں میں سے ایک بن گئی، جس نے افغانستان سے لے کر بنگال تک پھیلے ہوئے ایک وسیع علاقے پر حکومت کی اور گپتا حکومت کے بعد ایک بار پھر ہندوستان کو ایک وسیع علاقے پر مبنی ملک بنایا۔ قابل ذکر مغل بادشاہوں میں اکبر اعظم شامل ہے، جو اپنی مذہبی رواداری، انتظامی اصلاحات، اور فنون کی سرپرستی کے لیے جانا جاتا ہے۔ جہانگیر، جس نے فارسی ثقافت کو فروغ دیا اور شاہ جہاں، اپنے فن تعمیر کے شاہکار تاج محل کے لیے مشہور ہیں۔ اور نگزیب عالم گیر کے زمانہ میں ہندوستان کا رقبہ سب سے زیادہ تھا۔ 17ویں صدی کے آخر میں انتظامی بدعنوانی، جانشینی کے تنازعات، اور بیرونی حملوں کی وجہ سے سلطنت کا زوال شروع ہوا، جس کے نتیجے میں ہندوستان میں برطانوی نوآبادیاتی حکومت کا قیام عمل میں آیا۔ ہندوستان کے عہد وسطی نے سیاسی، ثقافتی اور مذہبی پیش رفت کا ایک متحرک عمل دیکھا، جس نے برصغیر پاک وہند کے سماجی واقتصادی تانے بانے پر گہرا اثر چھوڑا۔ مغل دور میں فن، ادب اور فن تعمیر (جیسے تاج محل لال قلعہ) سمیت ثقافتی سرگرمیوں کو بڑھاوا ملا۔

مزید جانکاری کے لیے دیکھیں https://www.youtube.com/watch?v=IhU5_RJSKz4

1.2.2.3 جدید ہندوستانی تاریخ (Modern Indian History)

16ویں اور 17ویں صدی کے آخر میں، ہندوستان میں یورپی تجارتی کمپنیوں نے ایک دوسرے کے ساتھ زبردست مقابلہ کیا۔ 18ویں صدی کی آخری سہ ماہی تک انگریزوں نے دوسروں کو پیچھے چھوڑ دیا تھا اور خود کو ہندوستان میں غالب طاقت کے طور پر قائم کر لیا۔

انگریزوں نے تقریباً دو صدیوں تک ہندوستان کا انتظام کیا اور ملک کی سماجی، سیاسی اور معاشی زندگی میں انقلابی تبدیلیاں لائیں۔ انگریز بطور تاجر ہندوستان آئے تھے، مغل حکومت کے بعد ہندوستان میں جو ٹوٹ پھوٹ ہوئی اس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، انگریزوں نے ہندوستان پر 2 صدیوں سے زیادہ حکومت کرنے کے لیے 'تقسیم کرو اور حکومت کرو(Divide-and-Rule)' کی حکمت عملی کو استعمال کیا، انہوں نے سیاسی طاقت 1757ء میں پلاسی کی جنگ کے بعد حاصل کی۔ انگریزوں نے ہندوستانی وسائل اور تجارت کے لین دین میں گہری دلچسپی لی، انگریزوں کو ہندوستان کے وسائل کی دولت لوٹنے والوں کے طور پر دیکھا جاتا ہے- جیسا کہ انہوں نے متعدد دیگر وسائل جیسے کپاس، مسالے، ریشم اور چائے وغیرہ سے مالی دولت کمائی۔ انگریزوں نے ہندوستان میں ایک بہت بڑا تجارتی اور سیاسی بنیادی ڈھانچہ تیار کیا، 1858 عیسوی میں برطانوی راج قائم کیا گیا جو تقسیم کرنے والا تھا اور ہندوستانیوں کو مذہب کی بنیاد پر ایک دوسرے کے خلاف کھڑا کرتا تھا، مزدوروں کے ساتھ بدسلوکی کرنا عام بات تھی، ہندوستانی بنیادی طور پر برطانوی حکمرانی کے غلام تھے اور اپنے کام پر سخت محنت کر رہے تھے ان وجوہات کی بنیاد پر 1857 عیسوی کے بعد متعدد مسلح اور غیر مسلح بغاوتیں ہوئیں اور ممتاز آزادی پسند جنگجو سامنے آئے، مختلف ہندوستانیوں کا خیال تھا کہ آزادی ان کا پیدائشی حق ہے اور آزادی حاصل کرنے کے مختلف طریقے ہو سکتے ہیں۔ برطانوی ملکہ نے زور دے کر کہا تھا کہ انگریزوں کا مقصد ہندوستان کی ترقی میں مدد کرنا تھا- تاہم، ہندوستانی رہنماؤں کی مشاورت کے بغیر متعدد مسائل پیدا ہوئے۔ اس کی ایک اہم مثال یہ تھی کہ جب پہلی جنگ عظیم میں برطانیہ نے ہندوستان کی طرف سے جرمنی پر حملہ کیا تو ہندوستانیوں سے پوچھا بھی نہیں اور لاکھوں ہندوستانی فوجی دونوں عالمی جنگوں کے دوران اس لڑائی میں شامل ہوئے اور دونوں عالمی جنگوں میں دس لاکھ سے زیادہ ہندوستانی فوجی مارے گئے۔ یہ دور اہم سیاسی، سماجی اور اقتصادی تبدیلیوں کی نشان دہی کرتا ہے جس میں استعمار، آزادی کی تحریکیں، اور جمہوریہ ہند کا قیام شامل ہیں۔ اس نو آبادیاتی دور میں ہندوستانیوں کا معاشی استحصال، سماجی اصلاحات، انتظامی تبدیلیاں اور جدید تعلیم، نقل و حمل اور مواصلاتی ڈھانچے کا تعارف دیکھنے میں آتا ہے۔

- **ہندوستان کی آزادی کی تحریک (Indian Independence Movement):** انڈین نیشنل کانگریس(INC)، جس کی بنیاد 1885 میں ایلن ہیوم(Allan Hume) نے رکھی تھی، ایک اہم تنظیم بن گئی اور اس نے ہندوستانی خود مختاری اور برطانوی راج سے آزادی کی وکالت کی۔ مہاتما گاندھی، جواہر لعل نہرو، سبھاش چندر بوس اور دیگر آزادی کے طالب رہنماؤں نے عدم تشدد پر مبنی سول نافرمانی، عوامی احتجاج اور قوم پرست تحریکوں کے ذریعے عوام کو متحرک کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ 1942 میں ہندوستان چھوڑو تحریک اور اس کے بعد دوسری جنگ عظیم نے برطانوی سلطنت کو کمزور کر دیا، جس کے نتیجے میں ہندوستان کی آزادی کے لیے دباؤ بڑھتا گیا اور ہندوستان نے بالآخر 15 اگست 1947 کو برطانوی راج سے آزادی حاصل کی جو کہ ہندوستان کی تقسیم کے بعد حاصل ہوئی۔ ہندوستان اور پاکستان الگ الگ ملک بنائے گئے۔ ہندوستان 26 جنوری 1950 کو ایک خود مختار جمہوریہ بن گیا، جس نے ایک تحریری آئین کے ساتھ جمہوری نظام حکومت کو اپنایا۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ ہندوستان کو آزادی کس طرح حاصل ہوئی؟

1.2.2.4 عصری ہندوستانی تاریخ (Contemporary Indian History)

سن 1947 میں آزادی کے بعد، ہندوستان نے متعدد پریشانیوں، چنوتیوں اور مواقع کا سامنا کرتے ہوئے، قوم سازی کے سفر کا آغاز کیا۔ آزادی کے بعد جدید ہندوستانی تاریخ کا جائزہ درج ذیل ہے:

- **نہرو کا دور (1947-1964)**: آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم کے طور پر جواہر لال نہرو نے اپنے ابتدائی سالوں میں ملک کی قیادت کی، اور ایک مضبوط حکومت قائم کی، ان کی حکومت نے سوشلسٹ پالیسیوں، سیکولرازم، اور خارجہ پالیسی میں غیر امتیازی صف بندی پر توجہ دی اور اقتصادی ترقی کے لیے پانچ سالہ منصوبوں کا آغاز، تعلیمی اور سائنسی اداروں کا قیام مولانا آزاد کی قیادت میں کیا، ساتھ ہی جمہوری اداروں کا فروغ کیا، ہندوستان آج ایک خود مختار سوشلسٹ سیکولر جمہوری ملک ہے جس کی پارلیمانی شکل جمہوری حکومت ہے۔ وزیر اعظم کے ساتھ وزراء کی ایک کونسل ہوتی ہے، جو لوک سبھا اور راجیہ سبھا پر مشتمل ہوتی ہے، جن کے سربراہ صدر کو مشورہ دیتے ہیں جو ملک کا آئینی سربراہ ہوتا ہے، اس طرح آج ہندوستان اپنے پیروں پر مضبوطی سے کھڑا ہے۔
- **اقتصادی اصلاحات اور لبرلائزیشن (Economic Reforms and Liberalization)**: 1991 میں، ہندوستان کے وزیر اعظم پی وی نرسمہا راؤ کی قیادت میں اقتصادی اصلاحات کا آغاز کیا، وزیر اعظم پی وی نرسمہا راؤ اور وزیر خزانہ منموہن سنگھ، معیشت کو غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے کھولنا چاہتے تھے اور نوکر شاہی کے کنٹرول کو کم کرنا چاہتے تھے، جس سے ہندوستان میں اہم اقتصادی ترقی ہوئی، غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا اور ایک مضبوط آئی ٹی اور خدمات کے شعبے کی ترقی ہوئی، جس نے ہندوستان کو دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی بڑی معیشتوں میں سے ایک میں تبدیل کر دیا۔
- **علاقائی سیاسی جماعتوں کا ظہور (Emergence of Regional Political Parties)**: ہندوستان کے سیاسی منظر نامے نے علاقائی سیاسی مختلف قیادتوں اور پارٹیوں کا عروج دیکھا، خاص طور پر تمل ناڈو، مغربی بنگال اور اتر پردیش جیسی ریاستوں میں، مقامی سیاست میں با اثر کردار ادا کیا جس سے اتحادی سیاست قومی سطح پر معمول بن گئی، کوئی ایک جماعت پارلیمنٹ میں اکثریت حاصل نہ کر سکی، مگر 2014 کے بعد ہندوستان میں بھارتیہ جنتا پارٹی نے ملک کی بیشتر نشستوں پر جیت حاصل کر اپنی حکومت قائم کی جو آج بھی قائم ہے۔
- **ہندوستان انفارمیشن ٹیکنالوجی کے عالمی مرکز کے طور پر ابھرا (India emerged as a global hub for Information Technology)**: ہندوستان انفارمیشن ٹکنالوجی (آئی ٹی) اور بزنس پروسیس آؤٹ سورسنگ (بی پی او) خدمات کے لیے مشہور ہے جو کہ ایک عالمی مرکز کے طور پر منظر عام پر آیا، جس نے اقتصادی ترقی اور روزگار پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا، بنگلور، حیدرآباد، اور پونے جیسے شہر بڑے آئی ٹی ہب کے طور پر جانے جاتے ہیں، جو ملٹی نیشنل کارپوریشنز سے سرمایہ کاری کو فروغ کرتے ہیں۔

حالیہ برسوں میں ہندوستان کو فرقہ وارانہ کشیدگی، غربت، بدعنوانی، ذات پات کی بنیاد پر امتیازی، اقتصادی عدم مساوات اور علاقائی تنازعات جیسے مسائل کا سامنا کرنا پڑا ہے، مگر پھر بھی ملک نے خلائی تحقیق، قابل تجدید توانائی اور صحت کی دیکھ بھال جیسے شعبوں میں بھی پیش

قدمی کی ہے، جو مزید ترقی کی اپنی صلاحیت کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ ملک متواتر انتخابات، متنوع ثقافتی منظر نامے اور عالمی معاملات میں بڑھتے ہوئے کردار کے ساتھ ایک متحرک جمہوریت ہے۔ جدید ہندوستانی تاریخ ہندوستانی عوام کی لچک، تنوع اور امنگوں کا ثبوت ہے کیونکہ وہ جدید دنیا میں بھائی چارگی کو تلاش کرتے ہیں۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ ہندوستان کو انفارمیشن ٹکنالوجی (آئی ٹی) کا حب کیوں کہا جاتا ہے؟

1.3 خلاصہ (Summary)

اسکولی تعلیم میں سماجی مطالعہ کا تدریسی عمل ہمارے ملک ہندوستان اور عالمی تاریخ کے مختلف ادوار (Periodization) کے کئی اہم مقاصد کو پورا کرتا ہے، ہندوستانی اور عالمی تاریخ کا درس طلباء کو تاریخی واقعات کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔ ہندوستان کی تاریخ خود ہندوستان کے وجود میں آنے سے شروع ہوتی ہے کیونکہ ہندوستان براعظم ایشیا میں واقع ہے، ہندوستان 2,973,193 مربع کلومیٹر زمین اور 314,070 مربع کلومیٹر پانی پر محیط ہے۔ 3,287,263 مربع کلومیٹر کے کل زمینی رقبے کے ساتھ اسے دنیا کا 7 واں بڑا ملک تسلیم کیا جاتا ہے۔

ہندوستان کی تاریخ وادی سندھ کی تہذیب اور آریاؤں کے آنے سے شروع ہوتی ہے۔ ان دو مراحل کو عام طور پر ویدسے پہلے اور ویدک دور کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ قدیم ترین ادبی ماخذ جو ہندوستان کے ماضی پر روشنی ڈالتا ہے وہ رگ وید ہے۔ کلاسیکی دور میں مختلف ہندوستانی ثقافتی کلچر اور فلسفیانہ روایات، جس میں ہندو مذہب، بدھ مذہب اور جین مذہب کے دور کو رکھا جاسکتا ہے۔ اس دور نے کلاسیکی ہندوستانی فن، ادب اور سائنس کی ترقی کا مشاہدہ کیا۔ 2014 کے بعد ہندوستان میں بھارتیہ جنتا پارٹی نے ملک کی بیشتر نشستوں پر جیت حاصل کر اپنی حکومت قائم کی جو آج بھی قائم ہے۔ جدید ہندوستانی تاریخ، ہندوستانی عوام کی ہمہ گیری، تنوع اور امنگوں کا ثبوت ہے کیونکہ وہ جدید دنیا میں انسانیت اور اخوت کے علمبردار ہیں۔

1.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درجِ ذیل باتیں سیکھیں:

- عالم دنیا کے مختلف ادوار میں ہوئی سیاسی، اقتصادی اور سماجی تبدیلیوں اور تشکیلوں کو سمجھ چکے ہیں۔
- ہندوستان کی قدیم تاریخ کو سمجھ چکے ہیں۔
- ہندوستان کی عہد وسطیٰ کی تبدیلیوں پر روشنی ڈال سکتے ہیں۔
- ہندوستان میں کس طرح کی سیاسی، مذہبی، اقداری اور اقتصادی تبدیلیوں رونما ہوئی ہیں۔

1.5 فرہنگ(Glossary)

الفاظ(Word)	معنی(Meaning)
میسوپوٹامیا(Mesopotamia)	ایک قدیم تہذیب اب عراق میں واقع ہے۔
وادی سندھ(Indus Valley)	سندھ ندی کے کنارے کا علاقہ جہاں سندھو تہذیب پائی گئی۔
زبانوں کی تحریری ایجاد(Invention of writing)	زبانوں کی تحریر۔
یونانی(Greek) اور رومن(Roman)	دو قدیم ملک
اہرام(Pyramids)	پرامڈ کی تعمیر
جاگیرداری (Feudalism)	ایک سماجی طریقہ کار
نشاۃ ثانیہ(Renaissance)	انقلاب کا دور

1.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Type Questions)

1۔ درجہ ذیل میں سے کون سا دور "قدیم عالمی تاریخ کا دور" کہا جاتا ہے؟

a) زراعت کے عروج سے رومی سلطنت کے زوال تک کا دور

b) رومی سلطنت کے زوال سے نشاۃ ثانیہ کے آغاز تک کا عرصہ

c) انسانی تہذیب کے آغاز سے رومی سلطنت کے عروج تک کا دور

d) رومی سلطنت کے عروج سے بازنطینی سلطنت کے زوال تک کا دور

2۔ درجِ ذیل میں سے کس نے 13ویں صدی عیسوی میں وجے نگر سلطنت قائم کی؟

a)چندر گپتا b)ہری ہر اور بکا نے c)دریافت کا دور d)سکندر لودی

3۔ "عصری تاریخ"(Contemporary History) کے نام سے جانا جانے والا دور عام طور پر کس وقت سے شروع ہوتا ہے؟

a)انقلاب فرانس b)پہلی جنگ عظیم c)دوسری جنگ عظیم d)سرد جنگ

4۔ گپتا خاندان کے مندرجہ ذیل حکمرانوں میں سے کس نے گپتا حکومت کا دور شروع کیا؟

a)وشنو گپتا b)چندر گپت اول c)سکند گپتا d)سمندر گپتا

5۔ ہندوستان سے بدھ مت کس موجودہ خطے میں سب سے پہلے آیا تھا؟

a)لمبنی b)بودھ گیا c) لنکا d)مالدیو

6۔ دہلی کے مندرجہ ذیل سلطانوں میں سے کس نے سکندر ثانی کا لقب اختیار کیا؟

a) بلبن b) علاؤالدین خلجی c) محمد بن تغلق d) سکندر لودی

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کون اکبر سے وابستہ نہیں ہے؟

a) بیر بل b) تانسین c) ابوالفضل d) سکندر لودی

8۔ پانی پت کی لڑائی کس کس کے بیچ ہوئی؟

a) بیر بل اور محمد غوری b) اکبر اور محمد غوری c) بابر اور ابراہیم لودی d) پر تھوی راج اور محمد غوری

9۔ سب سے پہلے ہندوستان پر کس مسلم نے حملہ کیا؟

a) محمد غوری b) اکبر c) محمد بن قاسم d) محمود غزنوی

10۔ کانگریس کا قیام کس نے کیا؟

a) جواہر لال نہرو b) مولانا آزاد c) اے او ہیوم d) کوئی نہیں

مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answer Type Questions)

1۔ موریہ سلطنت کا بانی کون تھا؟ اور یہ حکومت کہاں قائم ہوئی؟

2۔ تاج محل بنانے والے مغل بادشاہ کے بارے میں بیان کریں؟

3۔ برطانوی راج کے خلاف ہندوستان کی آزادی کی تحریک کا آغاز کیوں ہوا؟

4۔ آزادی کی لڑائی کب لڑی گئی؟

5۔ مہاتما گاندھی کی قیادت میں سالٹ مارچ کی کیا اہمیت تھی؟

6۔ انڈین نیشنل کانگریس کس مقصد سے قائم کی گئی؟

7۔ آزاد ہندوستان میں اقتصادی ترقی کے لیے کیا کام کیے گئے؟

8۔ 1857 کی بغاوت کا رہنما کون تھا جسے پہلی جنگ آزادی بھی کہا جاتا ہے؟

9۔ ہندوستان میں کس طرح کی حکومت رائج ہے؟

10۔ انگریزوں نے پلاسی کی لڑائی کب اور کیوں لڑی؟

طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)

1۔ آزاد ہندوستان کا پہلا وزیر اعظم کس کو بنایا گیا اور کیوں؟

2۔ جدوجہد آزادی کے دوران بال گنگادھر تلک نے کیا کام کیا؟

3۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے تعلیم کی ترقی میں کیا کیا؟

4۔ عصری ہندوستانی تاریخ پر مختصر میں نوٹ لکھیے۔

5۔ انڈین نیشنل آرمی (INA) کیوں قائم کی گئی تھی؟

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید (Answer Key of Objective Type Questions)

سوال نمبر	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
جواب	a	b	b	a	a	b	d	c	c	c

1.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

1۔ The Curriculum for the Ten Year School: A Framework, 1975, NCERT, New Delhi.

2۔ National Curriculum for Elementary and Secondary Education: A Framework, 1988, NCERT, New Delhi.

3۔ National Curriculum Framework for School Education, 2005,. NCERT, New Delhi: https://ncert.nic.in/pdf/nc-framework/nf2005-english.pdf

4۔ Rosyad, A. M., Sudrajat, J., & Loke, S. H. (2022). Role of social studies teacher to inculcate student character values. *International Journal of Science Education and Cultural Studies*, *1*(1), 1-15.

5۔ Philips (ed.), 1961. Thapar, 1968. For a comparative study, see Hall (ed.), 1961; Soedjatmoko (ed.), 1965.

6۔ Leopold, 1974. For various interpretations of the term *arya,* see Bailey, 1959. Thieme (1938) has argued that the term refers to "foreigner/stranger".

7۔ Rg Veda II.20.8; II.12.4; III.34.9; I.33.4; IV.16.3; V.29.10; X.22.8.

8۔ https://www.memphistours.com/India/india-travel-guide/india-culture-and-travel-information/wiki/brief-history-of-india

اکائی 2۔ نوآبادیاتی نظام، سرمایہ داری، جمہوریت اور شہریت -امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلابات

(Colonialism, Capitalism, Democracy and Citizenship – American, French and Russian Revolutions)*

2.0 تمہید (Introduction)

2.1 مقاصد (Objectives)

2.2 نوآبادیات، سرمایہ داری، جمہوریت اور شہریت -امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلاب (Colonialism, Capitalism, Democracy and Citizenship – American, French and Russian Revolutions)

2.2.1 نوآبادیاتی نظام (Colonialism)

2.2.2 سرمایہ داری نظام (Capitalism)

2.2.3 جمہوریت اور شہریت (Democracy and Citizenship)

2.2.4 امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلاب (American, French and Russian Revolutions)

2.2.4.1 امریکی انقلاب (American Revolutions: 1765-1783)

2.2.4.2 امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلاب (American, French and Russian Revolutions)

2.2.4.3 فرانسیسی انقلاب (French Revolutions: 1789)

2.2.4.4 روسی انقلاب (Russian Revolutions: 1917)

2.2.4.5 امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلاب میں یکسانیت (Similarities in American, French and Russian Revolutions)

2.2.4.6 امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلاب میں یکسانیت

* Dr. Mohd. Talib Ather Ansari, Associate Professor, MANUU CTE, Bidar

(Dissimilarities in American, French and Russian Revolutions)

2.3 خلاصہ(Summary)

2.4 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

2.5 فرہنگ(Glossary)

2.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

2.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

2.0 تمہید(Introduction)

سن1450صدی عیسوی میں، گٹنبرگ پرنٹنگ پریس(Gutenberg printing press)کی ایجاد نے پورے یورپ میں ترسیلی عمل کو بہتر بنانے اور آپسی مواصلات کو تیزی سے پھیلانے کی سہولت فراہم کی، جس کے نتیجے میں حقیقت اور انسانیت پسند مصنفین جیسے کہ فرانسسکو پیٹرارک(Francesco Petrarch)اور جیوانی بوکاسیو(Giovanni Boccaccio)کی تحریریں وجود میں آئیں، جنہوں نے روایتی یونانی اور رومن ثقافت اور اقدار کو فروغ دیا، جن کو چھاپ کر عوام میں تقسیم کیا گیا، جس سے متاثر ہو کر بہت سے سماجی کارکنان اس نظریہ پر کام کرنے کے لیے آگے بڑھے ، جس سے بین الاقوامی تعلقات، معاشیات، اقتصادیات، سیاسیات، سماجیات اور تجارت میں پیشرفت ہوئی، جس نے یورپ میں کلچر اور ثقافت کو متاثر کیا اس سے پورے یوروپ میں ایک انقلاب پیدا ہو گیا جس کو ہم یوروپ نشاۃ ثانیہ(انقلاب)(Renaissance)کے نام سے جانتے ہیں۔اس اکائی میں ہم ان انقلابوں اوران کی وجوہات و اسباب اور سیاسی، معاشی، سماجی نظام میں آئی تبدیلیوں کے بارے میں بحث کریں گے جس میں امیریکی،روسی اور فرانسیسی انقلاب کے ساتھ ساتھ نو آبادیات، سرمایہ داری، جمہوریت اور شہریت پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

2.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کو مکمل کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سامراج کی عصری شکل، نو آبادیاتی نظام کی وضاحت کر سکیں
- جمہوریت اور شہریت کو سمجھ سکیں
- سرمایہ داری نظام کو سمجھ کر بیان کر سکیں
- انقلابات کے معنی اور اہمیت کا تجزیہ کر سکیں
- روسی انقلاب کی وضاحت کر سکیں
- امیریکی اور فرانسیسی انقلاب کو سمجھ کر ان کی تشریح کر سکیں

2.2 نوآبادیاتی نظام، سرمایہ داری، جمہوریت اور شہریت-امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلاب

(Colonialism, Capitalism, Democracy and Citizenship–American, French and Russian Revolutions)

نوآبادیاتی نظام، سرمایہ داری نظام، جمہوریت، اور شہریت ایک دوسرے سے جڑی ہوئی تاریخوں اور مضمرات کے ساتھ آپس میں مختلف پیچیدہ تصورات پیش کرتے ہیں۔ سماجی مطالعہ کی تدریسی عمل سے ہم طلباء کو اپنی سیاست کے مختلف طریقہ کار اور طریقہ عمل سے روشناس کروانا ایک ضروری عمل سمجھتے ہیں، جس سے ہماری آنے والی نسلیں ان کو سمجھ کر اپنی زندگی میں صحیح فیصلہ سازی کر سکیں، جس کی نشاندہی سیاسی تقابلی(Comparative)طریقہ پر مبنی نظریاتی و تجرباتی نقطہ نظر سے ہوتی ہے تقابلی سیاست کا مطالعہ سیاسی تجربے، رویے اور عمل کے میدان میں شعوری موازنہ پر منحصر ہوتا ہے۔ مختلف نظام حکومت کا مطالعہ سماجی مطالعہ کا ایک اہم حصہ ہے۔ مختلف طریقہ کے نظام حکومت، مختلف سیاسی نظاموں کا تجزیہ اور موازنہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو مختلف معاشروں کے تحت کام کرتے ہیں۔ درج ذیل میں ہم نوآبادیات، سرمایہ داری، جمہوریت، اور شہریت کے مختلف مضمرات پر بحث کریں گے۔

2.2.1 نوآبادیاتی نظام(Colonialism)



Source:- https://brownhistory.substack.com/p/the-colonization-of-south-asian-folktales

Source:- https://www.thoughtco.com/comparative-colonization-in-asia-195268

نوآبادیاتی نظام (Colonialism) سے مراد کسی ایک علاقے کے لوگوں کا دوسرے علاقے میں جا کر اپنی نئی آبادیاں قائم کرنا اور اطراف کے علاقوں پر قبضہ کر کے اسے توسیع دینا ہوتا ہے۔ جہاں یہ اپنی نئی آبادیاں قائم کر دوسرے لوگوں کی بستیوں اور ان کے مقامی وسائلوں پر قابض ہو کر مقامی لوگوں کو غلام بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ عام طور پر ایسے لوگ مقامی باشندوں پر اپنے قاعدے و قوانین، معاشرت اور حکومت بھی مسلط کر دیتے ہیں، جو استعمار یا نوآبادیاتی نظام (Colonialism) کہلاتا ہے۔ یہ ایک غیر ملکی سرزمین میں کالونی کا قیام کرنا ہوتا ہے، جبکہ سامراجی نظام(Imperialism) میں ایک ملک دوسرے ملک یا علاقے کو طاقت یا جبر سے اپنے قبضے میں لینا ہوتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ قابض گروہ اور مقامی باشندوں کے درمیان ناانصافی اور جبر پر مبنی ایک تعلق ہوتا ہے جس میں مقامی باشندوں کا

استحصال کیا جاتا ہے۔ نوآبادیاتی نظام (Colonialism) قائم کرنے کے لیے آج لوگ اپنی سیاسی طاقت زمین پر زور زبردستی قبضہ کر کے نہیں قائم کرتے بلکہ وہ مقامی باشندگان سے اپنی طاقت بڑھانے کے لیے معاہدے کرتے ہیں، اتحاد بناتے ہیں، نگرانی کے نظام قائم کرتے ہیں، تجارت اور کارپوریشن کے معاہدے کرتے ہیں، خفیہ معاہدے طے پاتے ہیں اور اہم ترین جگہ پر دہشت گردی سے نمٹنے کے بہانے قبضہ کر لیتے ہیں، جس کے سبب مقامی لوگوں کا استحصال کیا جاتا ہے، مگر یہ غیر ملکی لوگ اپنے آپ کو مہذب لوگوں کی طرح مقامی باشندوں کے سامنے پیش کرتے ہیں، جیسے انگریزوں نے ہندوستان پر دوسو برس تک حکومت کی اور آج کے دور میں امریکہ، فرانس اور دیگر یوروپین طاقتیں یہ کام انجام دے رہی ہیں خاص کر افریقہ کے ملکوں میں۔

نوآبادیات کی کئی اہم خصوصیات(Several Key Features of Colonialism):

نوآبادیات کی کئی اہم خصوصیات درجِ ذیل ہیں:

i. **علاقائی توسیع(Territorial Expansion):** نوآبادیاتی نظام(Colonialism) میں اپنے ملک کی سرحدوں سے باہر کے علاقوں پر اپنے ملک کی خود مختاری کی توسیع شامل رہتی ہے، اس توسیع میں اکثر بستیوں کا قیام اور حکمرانی قائم کی جاتی ہے۔

ii. **معاشی استحصال:(Economic Exploitation):** نوآبادیاتی طاقتیں اکثر اپنے مفاد کے لیے نوآبادیاتی علاقوں کے وسائل کا استحصال کرتی ہیں۔ یہ استحصال باہری ممالک کا نوآبادیاتی علاقوں کے وسائل کا استعمال اپنے فوائد کے لیے کرنے، آبادیاتی علاقوں کی وسائل کو اپنے ملک میں لے جانے، علاقائی باشندوں سے جبری مشقت کروانے، یا غیر منصفانہ تجارتی طریقوں کی شکل اختیار کر سکتے ہے۔

iii. **ثقافتی مسلط (Cultural Imposition):** نوآبادیات میں اکثر مقامی باشندوں پر قابض لوگ اپنے کلچر اور ثقافت کو مسلط کرتے ہیں۔ اس میں نئی زبانوں، مذاہب اور رسوم ورواج کے ساتھ ساتھ مقامی ثقافتوں کو دبانا، مسخ کرنا بھی شامل ہو سکتا ہے۔

iv. **سیاسی تسلط(Political Domination):** نوآبادیات میں عام طور پر نوآبادیاتی علاقوں پر غیر ملکی سیاسی کنٹرول کا نفاذ شامل ہوتا ہے، جس کے نتیجے میں مقامی باشندوں کی سیاسی خود مختاری ختم ہو سکتی ہے۔

v. **سماجی درجہ بندی(Social Hierarchy):** نوآبادیاتی نظام میں اکثر قابض لوگ اور مقامی باشندوں کے مابین معاشرتی درجہ بندی کو تخلیق یا تقویت دی جاتی ہے جو نسل پرستی یا قومیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک اور عدم مساوات کا باعث بن سکتا ہے۔

vi. **مزاحمت اور تصادم(Resistance and Conflict) :** نوآبادیاتی نظام اکثر قابض لوگوں اور مقامی باشندوں کے درمیان مزاحمت اور تصادم کا باعث بنتا ہے۔ یہ مسلح مزاحمت، سیاسی تحریکوں، یا ثقافتی احیاء کی کوششوں کی شکل اختیار کر سکتا ہے۔

vii. **میراث(Legacy):** نوآبادیاتی نظام میں اکثر نوآبادیاتی علاقوں پر ایک دیرپا میراث (اثر) چھوڑتی ہے، جو نوآبادیاتی دور کے ختم ہونے کے طویل عرصہ کے بعد بھی مقامی باشندگان کی ثقافتوں، معیشتوں اور سیاسی نظاموں کو تشکیل دیتی رہتی ہیں۔

اس طرح یہ کہنا غلط نہیں ہو گا کہ نوآبادیاتی نظام میں سیاست، معیشت، مقامی کلچر اور ثقافت سبھی کچھ متاثر ہوتا ہے اور یہ نظام مقامی باشندگان کے لیے ایک صدمہ کی طرح ہوتا ہے جس سے نکلنے میں کئی صدیاں صرف ہو جاتی ہیں اور اس صدمہ سے ہمیں مقامی تعلیمی عمل ہی باہر نکال سکتا ہے، مقامی تعلیمی خواندگی سے ہم اپنی زبان، اقدار یں کلچر اور ثقافت کو دوبارہ جدیدیت کے ساتھ حاصل کر سکتے ہیں۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ نوآبادیاتی نظام کی وضاحت کریں؟

2.2.2 سرمایہ داری نظام(Capitalism)



Source:- https://www.wsj.com/articles/im-running-to-save-capitalism-11557090143

https://www.reddit.com/r/EnoughLibertarianSpam/comments/26o960/free_market_capitalism_explained/?rdt=43551

سرمایہ داری کا نظام (Capitalism) ایک معاشی نظام ہے جس کی خصوصیت زیادہ سے زیادہ پیداوار کر کے مقامی ذرائع اور وسائل پر نجی ملکیت قائم کرنا اور منافع کو تلاش کرنا ہوتا ہے۔ سرمایہ دارانہ نظام میں، خور د اشیا اور مختلف خدمات کی پیداوار کو تجاری آپس میں تبادلہ کر کے بڑے پیمانے پر منافع کمانا ہوتا ہے، جہاں سامان کی قیمتوں کا تعین طلب اور آمد ورفت(supply and demand) سے ہوتا ہے، جس میں کھانے کی چیزیں بھی شامل رہتی ہیں اور نجی ملکیت قائم کر کے لوگ منافع کمانے کی کوشش کرتے ہیں جس سے عام لوگوں کا استحصال ہوتا ہے۔

سرمایہ داری نظام کی اہم خصوصیات(Key Features of Capitalism):

(i) نجی جائداد(Private Property): مختلف امیر لوگ سامان اور خدمات سے منافع کمانے کے لیے جائیداد، زمین، وسائل، اور سرمائے کے سامان کے مالک ہو جاتے ہیں اور انہیں اس کو کسی بھی طرح استعمال کرنے کا حق ہوتا ہے۔

(ii) کاروباری معیشت(Market Economy): اشیا اور خدمات کی قیمتوں کا تعین حکومتی نظام اور ضابطوں کے بجائے آزاد منڈی میں طلب اور آمد ورفت(supply and demand) سے ہوتا ہے۔

(iii) منافع کا مقصد(Profit Motive): سرمایہ دارانہ اداروں کا بنیادی مقصد اپنے مالکان یا شیئر ہولڈرز کے لیے منافع پیدا کرنا ہوتا ہے۔

(iv) مسابقت(Competition): سرمایہ داری نظام کی خصوصیت کاروباری یا مختلف اداروں کے درمیان مسابقت سے ہوتی ہے، جو جدت، کارکردگی اور صارفین کی پسند کو آگے بڑھانے میں مدد کرتی ہے۔

(v) محدود حکومتی مداخلت(Limited Government Intervention): سرمایہ دارانہ نظام میں معیشتوں میں حکومت کا کردار محدود ہوتا ہے، اس یقین کے ساتھ کہ بازار میں تجارتی لوگ بازار کو خود منظم کر لیں گے۔

(vi) دہاڑی پر مزدوری(Wage Labor): سرمایہ دارانہ معیشتوں میں یادہ تر لوگ اپنی محنت کو اجرت یا تنخواہ کے عوض بیچ کر روزی کماتے ہیں، بجائے اس کے کہ پیداوار کے ذرائع خود حاصل کریں اور یہ عمل غلامی کا باعث بنتا ہے۔

صنعتی انقلاب کے بعد سے سرمایہ داری نظام دنیا کے بیشتر حصوں میں غالب رہا اور اس کی وجہ سے اہم اقتصادی ترقی اور تکنیکی ترقی ہوئی۔ تاہم، آمدنی میں عدم مساوات، ماحولیاتی انحطاط اور دیگر سماجی مسائل کی وجہ سے اس پر تنقید بھی کی گئی ہے، چونکہ اس سے غربت بھکمری قائم ہوئی اور دیگر تمام قدرتی وسائلوں کا استحصال بھی کیا گیا، کئی ملکوں میں قحط سازی بھی ہوئی۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ صنعتی انقلاب کی وضاحت کریں؟

2.2.3 جمہوریت اور شہریت(Democracy and Citizenship)

جمہوریت(Democracy): یہ حکومت کا ایک ایسا نظام ہے جس میں اقتدار عوام کو دیا جاتا ہے، جو براہ راست حکومت کرتے ہیں یا آزادانہ طور پر اپنے منتخب کردہ نمائندوں کے ذریعے آئین کے مطابق ریاستی یا مرکزی ایوان میں بھیج کر حکومت قائم کی جاتی ہے۔ جمہوریت کی خصوصیت میں تمام سیاسی پارٹیوں اور لوگوں کو سیاسی مساوات، اقلیتی حقوق کے احترام کے ساتھ، منتخب کردہ نمائندوں کی اکثریت کی حکمرانی اور انفرادی آزادیوں اور انسانی حقوق کے تحفظ جیسے اصولوں سے ہوتی ہے۔ جمہوریت میں عام طور پر تنازعات کے پرامن حل، باقاعدہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات اور ووٹروں کے سامنے سرکاری اہلکاروں کی جوابدہی کا نظام قائم ہوتا ہے۔ ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے جس کو سوشلسٹ کہا جاتا ہے، ہندوستان کے آئین کی تمہید ہندوستان کو ایک "خود مختار سوشلسٹ سیکولر جمہوری ملک" کے طور پر بیان کرتی ہے، جس میں سوشلزم، سیکولرازم، جمہوریت کی وابستگی کو اجاگر کیا گیا ہے، جہاں کا اقتدار عوام کے ہاتھ میں ہے، عوام اپنے نمائندے باقاعدہ، آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے ذریعے منتخب کرتے ہیں۔ ریاست کا سربراہ موروثی بادشاہ کے بجائے ایک منتخب یا مقرر کردہ پارٹی کا قاعد ہوتا ہے، صدر مملکت ہندوستان کا سربراہ ہوتا ہے اور اسے منتخب کیا جاتا ہے۔ ہندوستان ایک سیکولر ملک ہے، جس کا مطلب ہے کہ اس کا کوئی سرکاری مذہب نہیں ہے، ہندوستان کا آئین تمام شہریوں کو مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے اور مذہب کی بنیاد پر امتیازی سلوک کی ممانعت کرتا ہے۔

شہریت(Citizenship): شہریت سے مراد کسی ملک کے باشندے یا رکن کے طور پر ملک کے اندر اپنے حقوق اور ذمہ داریاں سمجھ کر ان کو نبھانے سے ہے۔ شہریت میں عام طور اپنی بات کہنے کا حق، ووٹ ڈالنے کا حق، کام کرنے کا حق اور عوامی خدمات تک رسائی حاصل کرنے اور فراہم کرنے جیسے حقوق شامل رہتے ہیں، جس میں مقامی قانون کی پابندی، ٹیکس ادا کرنا اور جمہوری عمل میں شریک ہونا جیسی ذمہ داریاں بھی شامل رہتی ہیں۔ شہریت پیدائش کے ذریعہ یا دیگر قانونی ذرائع سے حاصل کی جاسکتی ہے اور اس کے ساتھ ہی برادری یا قوم سے تعلق اور وفاداری کا احساس اپنے اندر قائم ہوتا ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ جمہوریت اور شہریت کی وضاحت کریں؟

2.2.4 امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلاب(American, French and Russian Revolutions)

انقلابات معاشرے کے سیاسی، سماجی اور معاشی ساخت میں اچانک، بنیادی اور اکثر پر تشدد تبدیلیاں پیدا کرتے ہیں۔ یہ انقلابات مسلح بھی ہو سکتے ہیں اور غیر مسلح بھی، عام طور پر مختلف عوامل، جیسے معاشی عدم مساوات، سیاسی جبر، یا ثقافتی اور نظریاتی تنازعات کی وجوہات سے انقلابات رونما ہوتے ہیں۔ امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلابات وہ اہم واقعات تھے جنہوں نے جدید تاریخ کا رخ موڑ دیا۔ امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلابات ہر ایک مختلف اور منفرد وجوہات کی بنیاد میں رونما ہوا، لیکن تینوں کا مقصد ایک ہی تھا، "تبدیلی کی خواہش"، جو کہ ان ملکوں میں موجودہ سیاسی اور سماجی نظام میں آئی خرابیوں کی بنیاد کی وجہ سے ہوا تھا۔

2.2.4.1 امریکی انقلاب(American Revolution 1765-1783)

امریکی انقلاب، 13 امریکی کالونیوں کی طرف سے برطانوی حکمرانی سے آزادی حاصل کرنے کی ایک جدوجہد تھی۔ یہ برطانوی پالیسیوں، جس میں بنا بتائے نئے ٹیکس لگانے کے خلاف بڑھتی ہوئی ناراضگی سے شروع ہوا تھا۔ 1774 میں، امریکی کالونیوں نے ان اقدامات کے خلاف احتجاج کرنے کے لیے پہلی کانٹی نینٹل کانگریس(Continental Congress) بنائی اور اگلے سال تک، انہوں نے اپنی آزادی کی لڑائی کے لیے ایک کانٹی نینٹل آرمی قائم کر لی تھی۔ امریکی انقلاب کا آغاز 19 اپریل 1775 میں لیکسی نگٹن (Lexington) اور کنکورڈ(Concord) کی لڑائیوں سے ہوا۔ اگلے سال، کانٹی نینٹل کانگریس نے اعلانِ آزادی کو اپنایا، جس نے کالونیوں کے حق خود ارادیت پر زور دیا اور برطانیہ سے اپنی آزادی کا اعلان کر دیا گیا۔ یہ جنگ کئی سالوں تک جاری رہی، جس میں سراتوگا(Saratoga)، ویلی فورج(Valley Forge) اور یارک ٹاؤن(Yorktown) جیسی قابل ذکر لڑائیاں ہوئیں۔ 3 ستمبر 1783 میں، پیرس کے معاہدے پر دستخط کیے گئے، جس نے ریاستہائے متحدہ امریکہ کی آزادی کو تسلیم کیا اور انقلابی جنگ کا خاتمہ کیا۔

امریکی انقلاب کے اثرات گہرے تھے، جدید تاریخ میں یہ پہلی بار ہوا کہ ایک نوآبادیاتی طاقت کو اس کی رعایا کے ہاتھوں شکست ہوئی۔ انقلاب کا اختتام 1776 میں آزادی کے اعلان اور 1783 میں برطانوی افواج کی حتمی شکست پر ہوا، امریکی انقلاب نے ریاستہائے متحدہ امریکہ قائم کیا اور جدید جمہوریت، انسانی حقوق اور آئین پرستی کی بنیاد رکھی۔

2.2.4.2 فرانسیسی انقلاب(The French Revolution 1789)

فرانسیسی انقلاب فرانس میں بنیادی سماجی اور سیاسی تبدیلی کا دور تھا، جس نے فرانسیسی اور جدید تاریخ کو بہت متاثر کیا۔ فرانسیسی انقلاب کا آغاز 1789 میں اسٹیٹس جنرل کے کانووکیشن سے ہوا اور 1799 میں 18 برومائر(Brumaire) کی بغاوت کے ساتھ ختم ہوا۔ سیاسی، سماجی اور اقتصادی وجوہات نے فرانسیسی انقلاب کو متحرک کیا، فرانس کو جنگ کے اخراجات اور بادشاہ لوئس XVI کے دربار کے اخراجات کی وجہ سے شدید مالی بحران کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ عام لوگوں پر زیادہ ٹیکسوں کا بوجھ تھا اور ملک کو خوراک کی کمی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا، جس کی وجہ سے بڑے پیمانے پر سماجی بے چینی پھیل گئی۔ فرانسیسی انقلاب باضابطہ طور پر 14 جولائی 1789 کو پیرس کی ایک جیل باسٹیل پر حملے کے ساتھ شروع ہوا، جو بادشاہت کی جابرانہ حکمرانی کی علامت تھی۔ اس واقعے نے پورے فرانس میں عوامی بغاوتوں کی ایک لہر کو جلا بخشی، کسانوں اور مزدوروں نے جاگیرداری کے خاتمے اور جمہوری حکومت کے قیام کا مطالبہ کیا۔ روشن خیالی کے نظریات سے متاثر انقلابیوں نے بادشاہت کا تختہ الٹ کرنے اور ایک جمہوریہ ملک قائم کرنے کی کوشش کی۔ یہ انقلاب آگے چل کر نپولین بوناپارٹ اور نپولین کی جنگوں کے عروج کا باعث بھی بنا۔ فرانسیسی انقلاب کے اثرات زندگی بدل دینے والے تھے۔ فرانسیسی انقلاب نے عوام کی آزادی، مساوات اور بھائی چارے کے اصول قائم کیے جو جدید جمہوریت کی بنیاد بنے۔ یہ انقلاب ایک سیکولر ریاست کے قیام، میٹرک نظام کو اپنانے، اور شہری حقوق اور آزادیوں کو متعارف کرانے کا باعث بھی بنا۔

2.2.4.3 روسی انقلاب(The Russian Revolution-1917)

روسی انقلاب(The Russian Revolution-1917): روسی انقلاب کے اسباب کا پتہ 19ویں صدی میں لگایا جا سکتا ہے جب روس تیزی سے صنعتی اور اقتصادی ترقی کر رہا تھا، تاہم، یہ تبدیلیاں سماجی اور سیاسی بدامنی کے ساتھ تھیں، کیونکہ حکمران طبقے کی طرف سے محنت کش عوام اور کسانوں کا استحصال اور جبر و ظلم کیا گیا تھا۔ مزید برآں، پہلی جنگ عظیم میں روس کی شمولیت اور فوجی شکستوں کے سلسلے نے ان مسائل میں شدت پیدا کی اور خوراک کی قلت نے شہری عوام میں بدامنی کو پیدا کر دیا۔ روسی انقلاب فروری 1917 میں پیٹرو گراڈ (اب سینٹ پیٹرزبرگ) میں مظاہروں کے ایک سلسلے کے دور کے ساتھ شروع ہوا، آخرکار زار نکولس II کی دستبرداری پر ختم ہوا۔ روس کا انقلاب روس میں 1917 میں دوبار ہوا تھا، جس نے روس کے بادشاہوں "زار" کی خود مختار حکومت کو ختم کیا اور سوویت یونین کے عروج کا باعث بھی بنا۔ پہلا انقلاب، جسے فروری انقلاب کے نام سے جانا جاتا ہے شروع ہوا جس کے کے نتیجے میں زار نکولس II کا تختہ الٹ دیا گیا اور ایک عارضی حکومت کا قیام عمل میں آیا۔ دوسرا انقلاب، جسے اکتوبر انقلاب کے نام سے جانا جاتا ہے، ولادیمیر لینن کی قیادت میں بالشویکوں نے کیا، جس نے اقتدار پر قبضہ کیا اور ایک سوشلسٹ ریاست قائم کی۔

ان انقلابات کے دوررس نتائج تھے، جن میں جمہوری نظریات کا پھیلاؤ، قوم پرستی کا عروج اور نئے سیاسی احکامات کا قیام شامل تھا۔ تاریخ دانوں کے ذریعے ان کا مطالعہ اور بحث جاری ہے اور اس نے دنیا پر اپنا دیرپا اثر چھوڑا ہے۔ امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلابات عالمی تاریخ

کے اہم واقعات تھے، کیونکہ انہوں نے اپنے اپنے معاشروں کے سیاسی اور سماجی ساخت میں اہم تبدیلیاں کیں، اگرچہ یہ انقلابات مختلف اوقات اور مقامات پر رونما ہوئے، لیکن ان میں بہت سی مماثلتیں اور اختلافات بھی پائے جاتے ہیں۔

2.2.4.4 امریکی فرانسیسی اور روسی انقلاب میں یکسانیت

(Similarities in between American, French and Russian Revolutions)

امریکی فرانسیسی اور روسی انقلاب میں درجِ ذیل یکسانیت تھی:

- امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلابات حکمران طبقے کے خلاف شکایات کے سبب ہوئے۔
- امریکی انقلاب کے معاملے میں، نوآبادیات نے اپنے حقوق کو حاصل کرنے کی کوشش کی۔
- فرانس کے انقلاب میں بادشاہی حکومت نے محنت کش طبقے اور کسانوں کا استحصال اور ظلم کیا۔
- روس کے انقلاب میں محنت کش طبقے اور کسانوں پر بادشاہت نے ظلم کیا تھا۔
- تینوں انقلابات نے عوام میں ہم مساوات اور آزادی پر مبنی ایک نیا سماجی نظام قائم کرنے کی کوشش کی۔
- امریکی انقلاب نے ایک جمہوری حکومت قائم کی، انقلاب فرانس نے ایک جمہوریہ قائم کرنے کی کوشش کی، اور روسی انقلاب نے ایک سوشلسٹ ریاست قائم کی۔
- تینوں انقلابات میں حکمران طبقے کا تختہ الٹنے کے لیے تشدد کا استعمال شامل تھا۔
- امریکی انقلاب میں مقامی باشندوں نے برطانوی فوجیوں کے خلاف جنگ لڑی۔
- فرانسیسی انقلاب میں، گیلوٹین(Guillotine)کا استعمال اشرافیہ اور انقلاب کے دشمنوں کو پھانسی دینے کے لیے کیا جاتا تھا۔
- روسی انقلاب میں بالشویکوں(Bolsheviks)نے بغاوت کی اور طاقت کے ذریعے اقتدار پر قبضہ کر لیا۔

2.2.4.5 امریکی فرانسیسی اور روسی انقلاب میں اختلافات

(Differences in American, French and Russian Revolutions)

امریکی فرانسیسی اور روسی انقلاب میں درجِ ذیل اختلافات تھے:-

- امریکی انقلاب بنیادی طور پر آزادی کی جنگ تھی، جب کہ فرانسیسی اور روسی انقلابات زیادہ تر سیاسی اور سماجی تھے۔
- امریکی انقلاب نے برطانیہ سے الگ ایک نئی قوم قائم کرنے کی کوشش کی، جبکہ فرانسیسی اور روسی انقلابات نے اپنے معاشروں کو بنیادی طور پر تبدیل کرنے کی کوشش کی۔
- امریکی انقلاب بنیادی طور پر میدان جنگ میں لڑا گیا تھا، جب کہ فرانسیسی اور روسی انقلابات میں بڑے پیمانے پر سزائے موت اور سیاسی جبر شامل تھا۔

آ خر کار، امریکی انقلاب نے انفرادی حقوق پر مبنی ایک جمہوری حکومت قائم کی، جب کہ فرانسیسی انقلاب نے عوامی خودمختاری کے اصول پر مبنی ایک جمہوریہ قائم کیا اور روسی انقلاب نے اجتماعی ملکیت کے اصول پر مبنی سوشلسٹ ریاست قائم کی۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلاب کی مختصر میں تشریح کریں؟

2.3 خلاصہ (Summary)

اس اکائی میں مختلف طریقہ کے نظام حکومت، مختلف سیاسی نظاموں کا تجزیہ اور موازنہ کرنے کی کوشش کی گئی جو مختلف معاشروں کے تحت کام کرتے ہیں۔ نوآبادیات، سرمایہ داری، جمہوریت، اور شہریت کے مختلف مضمرات کی تشریح کر کے واضح کیا گیا۔ امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلابات وہ اہم واقعات تھے جنہوں نے جدید تاریخ کا رخ موڑ دیا، امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلابات ہر ایک مختلف اور منفرد وجوہات کی بنیاد میں رونما ہوا، لیکن تینوں کا مقصد ایک ہی تھا، ''تبدیلی کی خواہش'' جو ان ملکوں میں موجودہ سیاسی اور سماجی نظام میں آئی خرابیوں کی بنیاد کی وجہ سے ہوا تھا۔

2.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کے مکمل ہونے کے بعد آپ نے درجہ ذیل باتیں سیکھیں:

- کسی ایک علاقے کے لوگوں کا دوسرے علاقے میں جا کر اپنی نئی آبادیاں قائم کرنا اور اطراف کے علاقوں پر قبضہ کر کے اسے توسیع دینا نوآبادیاتی نظام ہوتا ہے۔ جہاں یہ اپنی نئی آبادیاں قائم کر دوسرے لوگوں کی بستیوں اور ان کے مقامی وسائلوں پر قابض ہو کر مقامی لوگوں کو گلام بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔
- سرمایہ داری کا نظام ایک ایسا معاشی نظام جو زیادہ سے زیادہ پیداوار کر کے مقامی ذرائع اور وسائل پر نجی ملکیت قائم کرنا اور منافع کو تلاش کرنا ہوتا ہے۔
- جمہوریت حکومت کا ایک ایسا نظام ہے جس میں اقتدار عوام کو دیا جاتا ہے، جو براہ راست حکومت کرتے ہیں یا آزادانہ طور پر اپنے منتخب کردہ نمائندوں کے ذریعے آئین کے مطابق ریاستی یا مرکزی ایوان میں بھیج کر حکومت قائم کی جاتی ہے۔
- شہریت کسی ملک کے باشندے یا رکن کے طور اس ملک کے اندر اپنے حقوق اور ذمہ داریاں سمجھ کر ان کو نبھانے سے ہے۔
- امریکی، فرانسیسی اور روسی انقلابات کی وجوہات بہت ہی اہم اور ان میں یکسانیت اور اختلافات بھی تھے۔

2.5 فرہنگ(Glossary)

(Word)الفاظ	(Meaning)معنی
شہریت (Citizenship)	کسی ملک کی رعایا/باشندے یا رکن
جمہوریت(Democracy)	آزادانہ طور پر اپنے منتخب کردہ نمائندوں کے ذریعے حکومت قائم کرنے کا نظام
بالشویکوں(Bolsheviks)	روس کے انقلاب کا ایک مسلح گروہ
سرمایہ داری(Capitalism)	نجکاری کچھ لوگوں کے پاس تمام تجاریتی حق کا ہونا
نوآبادیاتی نظام(Colonialism)	کسی ایک علاقے کے لوگوں کا دوسرے علاقے میں جا کر اپنی نئی آبادیاں قائم کرنا

2.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Type Questions)

1۔ ....ایک معاشی نظام ہے جس کی خصوصیت زیادہ سے زیادہ پیداوار کر کے مقامی ذرائع اور وسائل پر نجی ملکیت قائم کرنا اور منافع کو تلاش کرنا ہوتا ہے۔

(a)نوآبادیات (b)سرمایہ داری (c)جاگیرداری (d)لبرل ازم

2۔ ہندوستان میں نوآبادیات(Colonialism)کا آغاز کب ہوا؟

(a)1607 (b)1857 (c)1757 (d)1492

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بنیادی حق نہیں ہے جس کی ہندوستانی آئین میں ضمانت دی گئی ہے؟

(a)اظہار رائے کی آزادی کا حق (b)برابری کا حق

(c)جائیداد کا حق (d)آئینی علاج کا حق

4۔ ہندوستانی آئین کا بانی کس کو مانا جاتا ہے؟

(a)مہاتما گاندھی (b)جواہر لال نہرو (c)سردار ولبھ بھائی پٹیل (d)ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی جمہوریت کی خصوصیت ہے؟

(a)مرکزی فیصلہ سازی (b)محدود سیاسی شرکت

(c)حکمرانی (d)قانون کی حکمرانی اور آزادانہ انتخابات

6۔ کس واقعے نے امریکی انقلاب کو پیدا کیا؟

(a)بوسٹن ٹی پارٹی (b)آزادی کے اعلان پر دستخط

(c) لیکسنگٹن اور کنکارڈ کی جنگ (d) ناقابل برداشت اعمال

7۔ کس دستاویز میں انقلاب فرانس کے نظریات کا خاکہ پیش کیا گیا؟

(a) انسان اور شہری کے حقوق کا اعلان (b) نپولین کوڈ

(c) ٹینس کورٹ کا حلف (d) 1791 کا آئین

8۔ روس کے انقلاب کے دوران بالشویکوں کا رہنما کون تھا؟

(a) ولادیمیر لینن (b) لیون ٹراٹسکی (c) جوزف اسٹالن (d) نکولس II

9۔ فرانسیسی انقلاب کا آغاز کس واقعے سے ہوا؟

(a) باسٹیل کا طوفان (b) دہشت کا راج (c) ورسیلز پر خواتین کا مارچ (d) لوئس XVI کی پھانسی

10۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا انقلاب روس کا بڑا سبب تھا؟

(a) صنعت کاری (b) پہلی جنگ عظیم میں فوجی شکست (c) مذہبی تنازعہ (d) معاشی خوشحالی

مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answer Type Questions)

1۔ امریکی انقلاب برطانوی حکمرانی کے خلاف امریکی کالونیوں کی ایک بڑا انقلاب تھا بیان کریں؟

2۔ فرانسیسی انقلاب میں معاشی عدم مساوات نے کیا کردار ادا کیا؟

3۔ فروری انقلاب اور روس میں اکتوبر انقلاب کے درمیان بنیادی فرق کی وضاحت کریں؟

4۔ سرمایہ داری کی تعریف کریں اور سرمایہ دارانہ معیشت کی ایک اہم خصوصیت بیان کریں؟

5۔ نوآبادیات نے نوآبادیاتی ممالک کی سیاسی اور اقتصادی ترقی کو کیسے متاثر کیا؟

6۔ جمہوری معاشرے میں عام طور پر شہریت کے ساتھ کون سے حقوق اور ذمہ داریاں وابستہ ہیں؟

7۔ ہندوستان میں جمہوریت کے عمل کو مختصراً بیان کریں؟

8۔ ہندوستانی سیاسی نظام اپنی مختلف آبادی کی نمائندگی کو کیسے یقینی بناتا ہے؟

9۔ 1947 میں آزادی حاصل کرنے کے بعد سے ہندوستان کو درپیش جمہوریت کے مسائل پر بحث کریں؟

10۔ ہندوستانی جمہوریت کے نظریات کی وضاحت میں ہندوستانی آئین کی تمہید کی اہمیت کو پیش کریں؟

طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)

1۔ ان سیاسی، اقتصادی اور سماجی عوامل پر بحث کریں جنہوں نے امریکی انقلاب کے آغاز میں اہم کردار ادا کیا؟

2۔ فرانسیسی انقلاب کے مقاصد اور نتائج کی تشکیل میں روشن خیالی کے خیالات کے کردار کا تجزیہ کریں؟

3۔ روس میں فروری انقلاب اور اکتوبر انقلاب کے اسباب اور نتائج کا موازنہ کریں؟

4۔ سرمایہ داری کی تعریف کریں اور وضاحت کریں کہ یہ دوسرے معاشی نظاموں سے کیسے مختلف ہے؟

5۔ ہندوستان کے سیاسی، معاشی اور سماجی ڈھانچے کو نوآبادیات نے کیسے متاثر کیا؟

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید (Answer Key of Objective Type Questions)

سوال نمبر	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
جواب	b	B	c	c	d	d	a	a	a	b

2.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

1۔ The Curriculum for the Ten Year School: A Framework, 1975, NCERT, New Delhi. National Curriculum for Elementary and Secondary Education: A Framework, 1988, NCERT, New Delhi.

2۔ National Curriculum Framework for School Education, 2005,. NCERT, New Delhi: https://ncert.nic.in/pdf/nc-framework/nf2005-english.pdf

3۔ Rosyad, A. M., Sudrajat, J., & Loke, S. H. (2022). Role of social studies teacher to inculcate student character values. *International Journal of Science Education and Cultural Studies*, *1*(1), 1-15.

4۔ Philips (ed.), 1961. Thapar, 1968. For a comparative study, see Hall (ed.), 1961; Soedjatmoko (ed.), 1965.

5۔ Leopold, 1974. For various interpretations of the term *arya,* see Bailey, 1959. Thieme (1938) has argued that the term refers to "foreigner/stranger".

6۔ Rg Veda II.20.8; II.12.4; III.34.9; I.33.4; IV.16.3; V.29.10; X.22.8.

7۔ Such as for example, Jayaswal, 1924; Mookerji, 1926; Raichaudhury, 1923; and Majumdar among others.

8۔ https://www.memphistours.com/India/india-travel-guide/india-culture-and-travel-information/wiki/brief-history-of-india

اکائی 3۔ جغرافیہ کے بنیادی تصورات: عرض البلد، طول البلد، زمین کی گردش، موسمیات، درجہ حرارت، دباؤ، ہوا، نمی، ہائیڈرولوجی اور بحری سائنس

(Fundamental Concepts of Geography-Latitudes, Longitudes, Earth Rotation, Climatology, Temperature, Pressure, Wind, Humidity, Hydrology and Oceanography)*

3.0 تمہید(Introduction)

3.1 مقاصد(Objectives)

3.2 جغرافیہ کے بنیادی تصورات: عرض البلد، طول البلد، زمین کی گردش، موسمیات، درجہ حرارت، دباؤ، ہوا، نمی، ہائیڈرولوجی اور بحری سائنس
(Fundamental Concepts of Geography-Latitudes, Longitudes, Earth Rotation, Climatology, Temperature, Pressure, Wind, Humidity, Hydrology and Oceanography)

3.2.1 جغرافیہ کے بنیادی تصورات(Fundamental Concepts of Geography)

3.2.2 عرض البلد(Latitudes)

3.2.3 طول البلد(Longitudes)

3.2.4 زمین کی گردش(Earth rotation)

3.2.5 موسمیات (Climatology)

3.2.6 درجہ حرارت(Temperature)

3.2.7 دباؤ، ہوا، نمی(Pressure, Wind, Humidity)

3.2.8 ہائیڈرولوجی(Hydrology)

3.2.9 بحری سائنس(Oceanography)

---

* Dr. Mohd. Talib Ather Ansari, Associate Professor, MANUU CTE, Bidar

3.3 خلاصہ(Summary)

3.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

3.5 فرہنگ(Glossary)

3.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

3.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

3.0 تمہید(Introduction)

لفظ (Geography) جغرافی یونانی زبان کے لفظ (γεωγραφία) سے اخذ کیا گیا ہے،جو دو یونانی الفاظ (Geo+Graphy) کو ملا کر بنایا گیا ہے جس میں Geo کا مطلب ہے ''زمین'' اور Graphy کا مطلب ہے ''تفصیل'' یا وضاحت، اس طرح دونوں لفظوں کو ملا کر(Geography) کا مطلب زمین کی تفصیل فراہم کرنا ہے۔''جغرافیہ وہ علم ہے، جس میں زمین،اس کی خصوصیات،اس کے باشندوں،اس کے مظاہر اور اس کے نقوش کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔''جغرافیہ ایک ہمہ جہت نظم وضبط کا مضمون ہے جو زمین اور انسانی کی فطری پیچیدگیوں کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے، جغرافیہ مضمون نہ صرف یہ بتاتا کہ اشیاء،افریقہ کہاں ہیں؟ بلکہ یہ بھی بتانے کی کوشش کرتا ہے کہ ان میں کس طرح بدلاؤ ور ونما ہوئے، حالانکہ جغرافیہ زمین کے لیے مخصوص ہے، مگر جغرافیہ مضمون میں دیگر کئی بہت سے تصورات کو بھی شامل کیا گیا ہے جس میں زمین کی ساخت، سمندر، دریا، پہاڑ، میدانی علاقہ ،آفتاب وماہتاب، سیاروں کی سائنس، ہوا، پانی، زمین پر موجود وسائل اور ان کا استعمال شامل رہتا ہے۔ جغرافیہ کو''قدرتی سائنس اور سماجی علوم کے مضامین کے درمیان ایک پل کے طور پر جانا جاتا ہے، جو ایک کو دوسرے سے جوڑ کر پیش کرتے ہیں''۔ درس تدریسی عمل میں (Geography) جغرافیہ کا مضمون طلباء کو علم جغرافیہ کی تدریس سے انسانی زندگی اور زمین پر موجود ماحول سے انسانی زندگی کے تعلق کو بیان کرنا ہے اور اس انسانی ماحول اور زمین کے تعلق کو سب سے پہلے ہیکاٹس (Hecataeus) نے بیان کیا جو ایک یونانی اسکالر تھا۔ ہیکاٹس نے اپنی کتاب (Lies, Periods) میں ان علاقوں کی زمینوں اور لوگوں کا زمینوں اور اس پر رہنے والے لوگوں کی طرز زندگی کو منظر عام پر رکھا، ہیکاٹس کو انہیں وجوہات کی بنیاد پر لوگ (Father of Geography) کہتے ہیں۔ جغرافیہ میں سب سے پہلے یونانیوں نے پیش رفت کرنا شروع کی، عہد وسطیٰ میں مسلم ممالک میں اس علم میں بہت پیش رفت ہوئی، اس دور کے اہم ناموں میں ابن بطوطہ، ابن خلدون اور ادریسی وغیرہ شامل تھے، مسلمانوں کے علمی زوال کے بعد یورپ میں اس مضمون پر بہت پیش رفت ہوئی۔ آج کے دور میں بھی ہم اپنی آنے والی نسل کو اپنے زمین کے علاقے اور دنیاں کے مختلف خطوں کی بناوٹ اور اس کے استعمال کے بارے میں وضاحت کے ساتھ سمجھانے کی کوشش کریں گے۔
اس اکائی میں ہم جغرافیہ کے بنیادی تصورات جس میں عرض البلد، طول البلد، زمین کی گردش، موسمیات، درجہ حرارت، دباؤ، ہوا، نمی، ہائیڈرولوجی اور بحری سائنس کے بارے میں علم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ،انسانی زندگی میں اس ماحول اور جغرافیہ کی تقسیم کے عوامل کو بھی سمجھیں گے۔

3.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کو پڑھنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- جغرافیہ کے بنیادی تصورات سے روشناس ہو سکیں۔
- جغرافیہ کے انسانی زندگی کے تعلق کو سمجھ سکیں۔
- عرض البلد، طول البلد کی تقسیم کو سمجھ سکیں۔
- زمین کی گردش، علم موسمیات، درجہ حرارت، دباؤ، ہوا، نمی، ہائیڈرولوجی اور بحری سائنس کو سمجھ سکیں۔
- طلباء وطالبات کو علم جغرافیہ کی اہمیت کو عملی زندگی میں استعمال بتا سکیں۔

3.2 جغرافیہ کے بنیادی تصورات: عرض البلد، طول البلد، زمین کی گردش، موسمیات، درجہ حرارت، دباؤ، ہوا، نمی، ہائیڈرولوجی اور بحری سائنس

(Fundamental Concepts of Geography-Latitudes, Longitudes, Earth Rotation, Climatology, Temperature, Pressure, Wind, Humidity, Hydrology and Oceanography)

3.2.1 جغرافیہ کے بنیادی تصورات(Fundamental Concepts of Geography)

جغرافیہ مضمون کا آغاز بطور سائنس مصر و یونان میں ہوا، زمانہ قدیم کے جغرافیہ دانوں کی بعض تحریریں بڑی دلچسپ ہیں۔ مثلاً سٹرابو جو ایک اطالوی جغرافیہ دان تھا، اس کا خیال تھا کہ سمندر کا پانی ایک بہت بڑے دریا کی طرح کسی ڈھلان پر بندر رہتا ہے۔ ارسطو کا خیال تھا کہ فضاء سے ہوا زمین میں داخل ہو کر محبوس ہو جاتی ہے اور جب وہ فضا میں واپس جانے کے لیے جدوجہد کرتی ہے تو زلزلہ پیدا ہوتا ہے۔ مگر ان عجیب و غریب خیالات کے ساتھ ساتھ قدیم یونانیوں نے بعض حیرت انگیز دریافتیں بھی کیں۔ مثلاً 200BCE کے قریب، ارسطو نے مصر کے مشرق و مغرب میں مدوجزر کی لہروں میں تناسب معلوم کرنے پر یہ اعلان کیا کہ بحر اوقیانوس اور بحر ہند آپس میں منسلک ہیں۔ اس کی ایک اور دریافت قابل ذکر ہے، جس کے مطابق اس نے بتایا کہ دور مغرب میں شمال سے جنوب تک کوئی ملک ضرور واقع ہے۔ اس کے 1700 سال بعد کولمبس نے اس ملک امریکا کو دریافت کیا۔ جغرافیہ مضمون میں دیگر کئی بہت سے تصورات کو بھی شامل کیا گیا ہے جس میں زمین کی ساخت، سمندر، دریا، پہاڑ، میدانی علاقہ، آفتاب و ماہتاب، سیاروں کی سائنس، ہوا، پانی، زمین پر موجود وسائل اور ان کا استعمال شامل رہتا ہے۔ جغرافیہ کو "قدرتی سائنس اور سماجی علوم کے مضامین کے درمیان ایک پل کے طور پر جانا جاتا ہے، درس تدریسی عمل میں (Geography) جغرافیہ کا مضمون طلباء کو علم جغرافیہ کی تدریس سے انسانی زندگی اور زمین پر موجود ماحول

سے انسانی زندگی کے تعلق کو بیان کرتا ہے۔ علم جغرافیہ کو چند تصورات تک محدود کرنا انتہائی مشکل کام ہے، جغرافیہ مضمون جس میں خلائی(Space)مقام(Place)، وقت(Time)، پیمانہ(Scale)اور زمین کی تزئین(Landscape)پر توجہ مرکوز کی گئی،اس کے ساتھ ہی جغرافیہ مضمون میں ماحولیاتی نظام(Environmental systems)، سماجی نظام(Social Systems)، فطرت(Nature)،گلوبلائزیشن(Globalization)، ترقی(Development)اور خطرات(Risk)وغیرہ شامل کرکے ان کلیدی تصورات پر توسیع کی گئی ہے، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جغرافیہ کے مضمون کو تنگ کرنا کتنا مشکل ہو سکتا ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ جغرافیہ کے بنیادی تصورات کے بارے میں مختصر میں نوٹ لکھیں؟

3.2.2 عرض البلد(Latitudes)



Source:- https://www.britannica.com/science/latitude/images-videos

عرض البلد(Latitudes)نقشہ پر ایک طرح کی افقی(Horizontal)خیالی لکیریں(Imaginary Lines)ہوتی ہیں جو خط استوا(Equator)کے متوازی(Parallel)مشرق اور مغرب میں چلتی رہتی ہیں، یہ وہ لکیر ہے جو زمین کو شمالی اور جنوبی نصف کرہ(Hemispheres)میں تقسیم کرتی ہیں اور پیمائش کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔ یہ لکیریں خط استوا کے شمال یا جنوب میں ناپی جاتی ہیں، خط استوا پر 0° سے قطبین(The poles)پر 90° تک ہوتی ہیں۔

عرض البلد خط استوا سے زمین کی سطح پر موجود کسی جگہ یا مقام کو پہچاننے یا تعین کرنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔ یہ ہماری زمین پر آب و ہوا کے نمونوں کو سمجھنے کے لیے بھی بہت اہم ہیں، کیونکہ عرض البلد(Latitudes)سے درجہ حرارت کے زون کا تعین کرنے میں بھی یہ اہم کردار ادا کرتے ہیں۔آسان لفظوں میں عرض البدل، یعنی کہ جب ہم کسی گلوب یا نقشے کو دیکھتے ہیں تو ہمیں ایک لائن کا خط نظر آتا ہے جو کہ ایک خاص فاصلے یا دوری پر ساتھ ساتھ چلتی رہتی ہیں اور ان کا ایک اسکیل (پیمانہ) بھی طے شدہ ہوتا ہے جو زمین پر فاصلے کو ظاہر کرتا ہے، یہ ہی وہ

خطوط ہیں جو کہ کسی سمت کی جانب اشارہ کرتے ہیں اور اس سمت یا جگہ کو معین کرنے کے لیے جغرافیائی حدود کا حوالہ فراہم کرتے ہیں۔ جغرافیائی نیٹ ورک کے ذریعے زمین کی سطح کو تقسیم کرنے کا یہ ہی اصول ہوتا ہے اور اسی سے خطی گراف بنائے جاتے ہیں، خط استوا (ایکویٹر) پر اگر ہم قطبین (پولز) کی طرف بڑھیں تو ہر 110 کلو میٹر پر ایک درجہ عرض البدل کا فرق رہتا ہے جس میں خط استوا سے قطبین کی طرف جاتے ہوئے پانچ درجے اور اس کے راستہ میں آنے والے یہ خطوط نقشوں میں واضح طور پر دکھائے جا سکتے ہیں جو کہ ارض البدل کہلاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی عرض البلد (Latitudes) کو نقشہ بنانے اور مقامات کے درمیان فاصلوں کو سمجھنے، ان کی جگہ متعین کرنے کے لیے سمت شناسی (Navigation) اور کارٹو گرافی (Cartography) میں عرض بلد کا استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ عالمی اور علاقائی جغرافیہ کو سمجھنے کے لیے بہت اہم ہیں، جو زمین کی سطح اور اس کی مختلف خصوصیات کو دیکھنے، سمجھنے اور زمین کا مطالعہ کرنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔

عرض البلد کی وضاحت میں زمین پر کسی مقام، زمین کی آب و ہوا اور سمت کے لحاظ سے عرض البلد کی اہمیت کو سمجھنا لازمی ہے:

- **مقام کے اعتبار سے (Location)**: عرض البلد زمین کی سطح پر کسی جگہ کی شمالی یا جنوب کی صورت حال کو بیان کرنے کا ایک درست طریقہ فراہم کرتے ہیں۔ خط استوا (Equator) 0° عرض البلد پر ہے جو زمین کو دو حصوں شمالی نصف کرہ اور جنوبی نصف کرہ میں تقسیم کرتا ہے۔ خط استوا سے قطبوں کی طرف عرض بلد کی قدر میں اضافہ ہوتا ہے، قطب شمالی 90°N عرض البلد اور قطب جنوبی 90°S عرض البلد پر ہوتا ہے۔
- **آب و ہوا (Climate)**: عرض البلد آب و ہوا کے راستوں اور علاقوں کے تعین میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مختلف عرض بلد پر ملنے والی سورج کی روشنی کی مقدار زمین کی درجہ حرارت کو متاثر کرتی ہے۔ خط استوا کے قریب کے علاقے براہ راست اور زیادہ سورج کی روشنی حاصل کرتے ہیں اور زیادہ گرم رہتے ہیں، جس سے گرم آب و ہوا (Tropical Climates) پیدا ہوتا ہے۔ اس کے برعکس، قطبوں (Poles) کے قریب کے علاقوں کو سورج کی روشنی کم ملتی ہے، جس کی وجہ سے زمین کے یہ علاقے سرد رہتے ہیں۔
- **سمت شناسی (Navigation)**: زمینی اور سمندر دونوں جگہوں پر، سمت شناسی کے لیے عرض البلد کا استعمال ضروری ہے، عرض البلد سے سمت اور فاصلے کا تعین کرنے میں مدد ملتی ہے۔ سمت شناسی (Navigation) کے آلات جیسے نقشے، چارٹ، اور GPS سسٹم، عرض البلد کا استعمال کرتے ہیں تاکہ مسافر اور ملاح سہی سمت میں سفر طے کر سکیں۔

عرض البلد کو سمجھنا عالمی جغرافیہ کی آب و ہوا کے نمونوں اور راہوں کی سمت کو سمجھنے کے لیے ایک مسلم حیثیت رکھتا ہے، جس سے جغرافیہ اور ارتھ سائنسز میں ایک بنیادی تصور قائم ہوتے ہیں۔

3.2.3 طول البلد(Longitudes)



Source:- https://www.britannica.com/science/latitude/images-videos

طول البلد(Longitudes)نقشہ پر ایک طرح کی عمودی(Vertical)لکیریں(Imaginary Lines)ہوتی ہیں جو قطب شمال سے قطب جنوب میں چلتی ہیں، یہ وہ لکیر ہے جو میری ڈیئن(Meridian)کو مشرق اور مغرب میں تقسیم کرتی ہیں اور پیمائش کے لیے استعمال ہوتی ہیں اور برابر طول البلد کے مختلف پوائنٹس کو جوڑتی ہیں، جنہیں میریڈیئن بھی کہا جاتا ہے۔ عرض البلد کے برعکس، جو خط استوا کے متوازی ہیں، طول البلد قطبوں (Poles)پر اکٹھے ہوتے ہیں۔ پرائم میریڈیئن، جو °0 طول البلد پر واقع ہے، مشرق اور مغرب کی پیمائش کے لیے شروعاتی جگہ کا آغاز کرتا ہے۔ طول البلد کو پرائم میریڈیئن کے مشرق یا مغرب میں °0 سے °180 مشرق یا مغرب تک ناپا جاتا ہے۔ طول البلد (Longitudes) کو نصف النہار بھی کہتے ہیں نصف النہار اولی(Prime meridian) انگلستان کے مقام گرین وچ(Greenwich)سے گزرتا ہے اور اسے صفر درجہ طول البدل مانا جاتا ہے جو 180 درجہ مشرق اور 180 درجہ مغرب کے طول البدل پر ایک دوسرے پر واقع ہوتے ہیں اور بین الاقوامی خط تاریخ بناتے ہیں۔

طول البلد وقت (گھڑی) ٹائم زونز(Time zones)کا تعین کرنے کے لیے اہم ہیں، زمین اپنے محور یا دھری(Axis)پر مغرب سے مشرق کی طرف گھومتے ہوئے 24 گھنٹے میں ایک چکر پورا کر لیتی ہے چونکہ اس کے دائرہ کے 360 درجے ہوتے ہیں اس لیے زمین کے گرد بھی 360 طول البدل کھینچے گئے ہیں جو شمال سے جنوب کی طرف واقع ہوتے ہیں اور یہ ہی اس کی خطوط ہوتے ہیں، تمام طول البدل نصف ڈائری شکل کے اور مساوی ہوتے ہیں، خط استوا پر ان کا باہمی فیصلہ 69 میل ہوتا ہے ہر چار منٹ کے بعد ایک طول البدل سورج کے سامنے ہوتا ہے یوں زمین ہر ایک گھنٹہ میں سورج کے سامنے 15 درجے طول البدل کا فاصلہ طے کر لیتی ہے اور 24 گھنٹوں میں 360 درجے مکمل کر کے پھر پہلی حالت پر آجاتی ہے۔

کسی سمت کو پہچاننے میں طول البلد کسی مقام کی مشرقی-مغربی سمت یا جگہ کا تعین کرنے کے لیے اہم ہیں، طول البلد درست نقشے بنانے اور سمت کو سمجھنے کی رہنمائی کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ طول البلد، عرض البلد کے ساتھ مل کر ایک گرڈ سسٹم بناتے ہیں جو ہمیں زمین کی سطح پر کسی بھی مقام کی نشاندہی کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ طول البلد کو سمجھنا نقشوں کی ترجمانی کرنے، دنیا کو نیویگیٹ کرنے اور عالمی سطح پر سرگرمیوں کو مربوط کرنے کے لیے اہم ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ عرض البلد، طول البلد کو نقشہ کی مدد سے سمجھ کر وضاحت کریں؟

3.2.4 زمین کی گردش(Earth Rotation)





Source:- https://in.pinterest.com/pin/earths-rotation--163607398953148514/ Source:- https://in.pinterest.com/pin/61220876174040344/

زمین کی گردش دو طرح کی ہوتی ہے۔(1)زمین کی اپنی محور پر گردش اور(2)زمین کی سورگ کے گرد گردش۔

زمین کی اپنی محور پر گردش :جب زمین اپنے محور پر(قطب شمالی سے قطب جنوبی تک جانے والی ایک خیالی لکیر)پر گھومتی ہے تو اسے زمین کی اپنی محور پر گردش کہا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے پاس دن اور رات ہے۔ جب زمین کا رخ سورج سے ہوتا ہے تو یہ روشن اور دھوپ دار ہوتا ہے، اور جب یہ سورج سے دور گھومتا ہے، تو اندھیرا ہو جاتا ہے، اور ہم چاند اور ستاروں کو دیکھتے ہیں .زمین کو ایک مکمل گردش پورا کرنے میں تقریبا 24 گھنٹے لگتے ہیں۔

زمین کی سورج کے گرد گردش :زمین سورج کے گرد بھی سفر کر رہی ہے،جب زمین سورج کے گرد ایک مکمل گردیش سفر پورا کرلیتی ہے،تو وہ اسے زمین کی سورج کے گرد گردش کہا جاتا ہے۔زمین کو سورج کے گرد چکر لگانے میں تقریبا 365 دن یا پورا ایک سال لگتا ہے۔ یہ گردش بہت اہم ہے کیونکہ یہی وجہ ہے کہ ہمارے پاس موسم گرما ، موسم سرما ، بہار اور خزاں جیسے موسم ہوتے ہیں۔ اس بات پر منحصر ہے کہ زمین سورج کے گرد اپنے راستے پر کہاں ہے ، ہم کم و بیش سورج کی روشنی حاصل کرتے ہیں ، جس سے یہ گرم یا ٹھنڈا ہوجاتا ہے۔

زمین کی گردش اس سیارے کا اپنے محور(Axis) پر گھومنا ہوتا ہے جب ہم نقشہ پر دیکھتے ہیں تو ایک خیالی لکیر جو قطب شمالی (North Pole)سے قطب جنوبی(South Pole)تک چلتی ہے۔زمین کی یہ گردش دن اور رات کے چکر کے لیے ذمہ دار ہے۔ زمین تقریباًہر 24 گھنٹے میں ایک مکمل گردش مکمل کرتی ہے، جس سے 24 گھنٹے کا دن بنتا ہے۔زمین کی گردش کا رخ مغرب(West) سے مشرق(East) کی طرف ہے جس کی وجہ سے سورج مشرق میں طلوع اور مغرب میں غروب ہوتا ہے۔زمین کی گردش (Earth

(Rotation)کی رفتار عرض بلد(Latitude) کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے، خط استوا(Equator)قطبوں(Poles) سے زیادہ تیزی سے حرکت کرتا ہے۔زمین کی گردش نہ صرف ہمیں دن اور رات فراہم کرتی ہے بلکہ سیارے کے موسمی نمونوں، سمندری دھاروں اور آسمان میں آسمانی اجسام کے رویے کو بھی متاثر کرتی ہے۔ سیارے کی متحرک نوعیت اور نظام شمسی(Solar System) میں زمین کی گردش کی جگہ کو سمجھنے کے لیے زمین کی گردش کا مطالعہ ایک بنیادی علم فراہم کرتا ہے۔

زمین کی گردش کی اہمیت(Importance of Earth Rotation): زمین کی گردش ہماری روزمرہ کی زندگی کے لیے بہت اہمیت رکھتی ہے، جس سے ہواؤں کا رخ، بارش، گرمی، سردی اور مختلف وجوہات اس میں شامل ہیں:

- **دن اور رات کی تخلیق(Creation of Day and Night)**: زمین کی گردش دن اور رات کے چکر کا سبب بنتی ہے، جو زمین پر زندگی کے لیے ضروری ہے۔ یہ سیارے کے درجہ حرارت، موسم کے نمونوں، پودوں اور جانوروں کے رویے کو متاثر کرتی ہے۔
- **وقت کی حفاظت(Protecting Time)**: زمین کی گردش زمین پر وقت کے تصور کی بنیاد ہے۔24 گھنٹے کا دن اپنے محور پر زمین کی ایک مکمل گردش سے ماخوذ ہوتا ہے، جس میں گرین وچ مین ٹائم(GMT-Greenwich Mean time) گرین وچ، لندن، جدید استعمال میں GMT کو اکثر کوآرڈینیٹڈ یونیورسل ٹائم(UTC- Universal Time Coordinated) کے ساتھ تبدیل کیا جاتا ہے، اگر صحیح طور پر کہا جائے تو UTC زیادہ درست ہوتا ہے کیونکہ یہ گھڑی کے وقت کو زمین کی گردش 1 کے ساتھ ہم آہنگ رکھنے کے لیے لیپ سیکنڈز کا اضافہ کرتا ہے۔
- **کوریولیس فورس (Coriolis Effect)**: زمین کی گردش "کوریولیس اثر" کا سبب بنتی ہے، جو حرکت پذیر اشیاء، جیسے ہواؤں اور سمندری دھاروں کو شمالی نصف کرہ میں دائیں اور جنوبی نصف کرہ میں بائیں طرف ہٹاتی ہے۔ یہ اثر عالمی ہوا کے نمونوں اور سمندری دھاروں کو متاثر کرتا ہے، جو زمین پر موسم اور آب وہوا کو متاثر کرتا ہے۔
- **زمین کی شکل(Shape of Earth)**: زمین کی گردش سے زمین کی سطح اس کو قطبوں پر قدرے چپٹی اور خط استوا پر ابھارنے کا سبب بنتی ہے، جس سے اسے ایک طولانی کرہ دار کی شکل ملتی ہے۔
- **سمت شناسی(Navigation)**: ہمیں اپنی سمت کو جاننے کے لیے زمین کی گردش بہت اہم ہے، کیونکہ یہ سمت (مشرق اور مغرب) اور وقت (طول البلد) کے تعین کے لیے ایک طریقہ اور راستہ فراہم کرتی ہے۔
- **مدو جزر یا جوار بھاٹا(Tides)**: زمین کی گردش، چاند اور سورج کی کشش ثقل کی قوتوں کے ساتھ، سمندری لہروں میں مدو جزر یا جوار بھاٹا پیدا کرنے کا سبب بنتی ہیں۔
- **خلائی تحقیق(Space Exploration)**: خلائی تخلیق کو سمجھنے کے لیے بھی زمین کی گردش ذمہ دار ہوتی ہے جب بھی ہم کسی چیز کو خلاء میں بھیجتے ہیں، جیسے کوئی جہاز کو اڑانے اور کسی سمت میں لے جانے کے لیے زمین کی گردش کو سمجھنا ضروری ہے، کیونکہ یہ رفتار اور اڑان کو متاثر کرتا ہے۔

اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ زمین کی گردش ہمارے سیارے پر زندگی کے بہت سے زندگی کے پہلوؤں کو سمجھنے کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہے اور زمین کے ماحول اور آب وہوا کی تشکیل میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ زمین کی گردش کیوں ضروری ہے؟

3.2.5 موسمیات(Climatology)

موسمیاتی سائنس آب وہوا(Climates)، موسمیاتی تغیرات(Climate Variability)اور موسمیاتی تبدیلیوں کا سائنسی مطالعہ ہے۔ موسمیاتی سائنس کا علم موسمی حالات میں طویل مدتی نمونوں اور رجحانات کو سمجھنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ دنیا کے کسی خاص علاقے، خطہ یا پوری دنیا میں درجہ حرارت(Temperature)، بارش یا بدلتے ہوئے موسم (Precipitation)، نمی (Humidity)، ہوا(wind)اور ماحولیاتی، دباؤ(Atmospheric Pressure) کو سمجھنے کے علم سے ہے، موسمیاتی ماہرین (Climatologists) تاریخی آب وہوا کے اعداد و شمار کا تجزیہ کرنے، موجودہ آب وہوا کے حالات کی نگرانی کرنے اور مستقبل کے موسمیاتی تناظر کو سمجھنے کے بارے میں اندازہ(Projections)لگانے کے لیے مختلف طریقے اور آلات کے استعمال سے سمجھتے ہیں۔ موسمیات میں دلچسپی رکھنے والے طلباء کے لیے علم جغرافیہ میں موسمیات کا مطالعہ زمین کے آب وہوا کے نظام سے متعلق موضوعات کی ایک وسیع رینج کو دریافت کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ مجموعی طور پر، ہم کہہ سکتے ہیں کہ موسمیات کا مطالعہ طلباء کو زمین کے آب وہوا کے نظام اور عالمی ماحولیاتی اور سماجی درپیش مسائل کو سمجھنے کے لیے اس کی اہمیت کے بارے میں ایک جامع تفہیم فراہم کرتا ہے۔ یہ ماحولیاتی سائنس، جغرافیہ، ماحولیات، معاشیات اور پالیسی اسٹڈیز جیسے شعبوں میں بین الضابطہ تحقیق اور تعاون کے مواقع فراہم کر سکتا ہے۔

3.2.6 درجہ حرارت(Temperature)

درجہ حرارت(Temperature) کسی مادہ یا چیز میں ذرات کی اوسط حرکی توانائی(Kinetic Energy)کا ایک پیمانہ ہے، جو اس چیز یا مادے کی گرمی یا سردی کی نشاندہی کرتا ہے۔ زندگی میں درجہ حرارت (Temperature) کی اہمیت بہت زیادہ ہے، جو ہمارے زندگی کے وجود کے مختلف پہلوؤں کو متاثر کرتی ہے۔ جانداروں میں حیاتیاتی عمل کو منظم کرنے سے لے کر آب وہوا اور موسم کے نمونوں کی تشکیل تک اس کی بہت اہمیت ہے۔ درجہ حرارت دنیاں میں ہمارے وجود کو قائم رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، یہ ماحولیاتی نظام کی حرکیات کو متاثر کرتا ہے، مختلف جانداروں(Species) کی تقسیم اور طرز عمل کو متاثر کرتا ہے اور اناج کی فصل کی نشو ونما اور مویشیوں کی صحت کو متاثر کرکے زرعی پیداواری صلاحیت کا تعین کرتا ہے۔ درجہ حرارت انسانی سکون، صحت اور صنعتی عمل کو بھی نمایاں طور پر متاثر کرتا ہے، جو درجہ حرارت کو ہماری روزمرہ کی زندگیوں میں ایک اہم عنصر بناتا ہے۔ مجموعی طور پر، درجہ حرارت ایک بنیادی ماحولیاتی عنصر ہے جو زمین پر زندگی کے تقریباً ہر پہلو کو متاثر کرتا ہے، اس کی تفہیم اور محتاط انتظام سے ہم اپنی زندگی کو مثبت طریقہ سے بسر کر سکتے ہیں۔

3.2.7 دباؤ، ہوایاباد، نمی(Pressure, Wind, Humidity)

دباؤ، ہوااور نمی زمین کے ماحول کے ضروری اجزاء ہیں، ہر ایک موسم کے نمونوں کی تشکیل اور زندگی کے مختلف پہلوؤں کو متاثر کرنے میں اہم کردارادا کرتاہے۔دباؤ سے مراد وہ قوت ہے جو کسی سطح پر ماحول کی طرف(Atmosphere on a Surface)سے لگائی جاتی ہے۔جس میں تغیرات(Variations)اعلی اور کم دباؤ والے نظاموں کی تشکیل کا باعث بنتے ہیں۔جو موسمی نظام کو چلاتے ہیں۔ زیادہ دباؤ والے علاقوں سے کم دباؤ تک ہوا کی نقل و حرکت، پورے کرہ ارض(Planet)میں گرمی اور نمی کو تقسیم کرتی ہے، جس سے درجہ حرارت، ورن اور آلودگی اور ہوا سے چلنے والے پیتھوجینز(Pathogens)(مرض پھیلانے والے جراثیم) کے پھیلاؤ کو متاثر کرتا ہے، جسے ہم بیرومیٹر سے ماپ سکتے ہیں۔

زیادہ دباؤ سے کم دباؤ والے علاقے کی جانب چلنے والی ہوا کی حرکات کو "باد"(Wind)کہتے ہے۔ کبھی ہوااس طرح چلتی ہے کہ سوکھی پتیاں اڑتی ہیں اور کبھی ہوا کی رفتار اتنی تیز ہوتی ہے کہ درختوں کو جڑ سے اکھاڑ دیتی ہے۔ ہوا کو بنیادی طور پر تین قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔(1)وہ ہوائیں جو پورے سال ایک خاص سمت میں چلتی ہے، جنہیں مستقل ہوائیں کہتے ہے، جیسے تجارتی ہوائیں، مغربی اور مشرقی ہوائیں۔(2)وہ ہوائیں جو مختلف موسموں میں اپنی سمت میں تبدیلی کرتی رہتی ہیں۔(3)وہ ہوائیں جو کسی چھوٹے علاقے میں دن کے کسی خاص وقت یاسال کے کسی خاص حصہ میں چلتی ہیں، جیسے نسیم برّی(Land Breeze) اور نسیم بحری(Sea Breeze)۔

زمین پر موجود پانی اور وسیع آبی ولاقوں کا پانی بھاپ بن کر بخارات کی شکل میں تبدیل ہو جاتاہے۔۔کسی وقت یا کسی جگہ پر فضا میں گیس کی شکل میں موجود بخارات کو نمی کہتے ہے۔ نمی ہوا میں پانی کے بخارات(Vapor)(شبنم)کی مقدار کو اس کی صلاحیت کے لحاظ سے ماپتی ہے، جو انسانی سکون، پودوں کی نشوونما اور موسمی مظاہر جیسے دھند اور بارش کو متاثر کرتی ہے۔ایک ساتھ، دباؤ، ہوا، اور نمی آب وہوا کو منظم کرنے، ماحولیاتی نظام کو قائم کرنے، زراعت پر اثرانداز ہونے اور انسانی سرگرمیوں کو شکل دینے کے لیے آپس میں ایک تعلق قائم رکھتے ہیں، جس سے دنیامیں انسانوں جانوروں اور پودھوں تمام کی زندگی متاثر ہوتی ہے، جو زمین پر زندگی کو برقرار رکھنے میں ان کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتے ہیں۔

3.2.8 علم مائیات(Hydrology)

ہائیڈرولوجی یا علم مائیات زمین اور دیگر سیاروں کے مختلف خطوں پر پانی کی نقل و حرکت اور اس کے تقسیم کے نظام کا سائنسی مطالعہ ہے، جس میں آبی چکر(Water Cycle)، آبی وسائل اور نکاسی آب کے طاس کی پائیداری شامل رہتی ہے۔ہائیڈرولوجی یا علم مائیات دنیا کے مختلف خطوں پر آبی چکر سمندر، ندیوں اور زمین پر پانی کی نقل و حرکت، تقسیم اور خصوصیات کا سائنسی مطالعہ ہے۔ علم مائیات میں ہم مختلف پہلوؤں جیسے ہائیڈرولوجک سائیکل(Cycle Hydrologic)، سطح کا پانی(Surface Water)،زمینی پانی (Groundwater)، پانی کا معیار اور پانی اور ماحول کے درمیان تعامل وغرہ کو شامل کرتے ہیں۔ آبی وسائل کو پائیدار طریقے سے منظم کرنے، پانی سے متعلق مسائل سے نمٹنے اور زمین پر زندگی کو بسر کرنے کے لیے علم مائیات کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔زندگی کی کشمکش میں علم

مائیات کی اہمیت کو درکنار نہیں کیا جاسکتا ہے۔دنیا میں ماحولیاتی نظام (Ecosystems) کو برقرار رکھنے اور مختلف اقسام کی حیاتیات (Biodiversity) سے لے کر پینے کے پانی، زراعت، صنعت اور صفائی کے لیے انسانی ضروریات کو پورا کرنے تک پانی ہر قسم کی زندگی کے لیے ضروری ہے،اس کو واضح کرتی ہے۔ علم مائیات پانی کے وسائل کے انتظام، سیلاب پر قابو پانے، خشک سالی کے خاتمے اور ماحولیاتی تحفظ سے متعلق فیصلہ سازی کے عمل سے آگاہی فراہم کرتی ہے۔ علم مائیات کا مطالعہ کرکے، سائنسدان پانی کی دستیابی، معیار اور تقسیم میں تبدیلیوں کی پیش گوئی اور مسائل کے حل دے سکتے ہیں، جس سے پانی کے نظام کی لچک اور پائیداری کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے۔ علم مائیات زمین کے آبی چکر کے توازن کو برقرار رکھنے اور قدرتی اور انسانی برادریوں، پیڑ پودھوں، جانوروں تمام کی فلاح و بہبود میں مدد فراہم کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ علم مائیات کیا ہے،اور ہم اس کا مطالعہ کیوں کرتے ہیں؟

3.2.9 بحری سائنس(Oceanography)

علوم سمندر(Oceanography) کو سمندری سائنس ، بحری سائنس، محیطیات اور ضخامت بھی کہا جاتا ہے ۔ بحری سائنس کو بعض اوقات علم البحر (Marine Science) بھی کہا جاتا ہے لیکن درحقیقت یہ بذات خود علم البحر کا ایک ذیلی مضمون ہے۔علوم سمندر کا دائرہ مختلف ذیلی علوم کو اپنے اندر سمولیتا ہے، مثال کے طور پر اس میں ساخت الطبقات (Plate Tectonics) سے لے کر جارات المحیط (Ocean Currents) اور بحری نامیوں (Marine Organisms) تک کا مطالعہ و تحقیق شامل رہتے ہیں، بحری سائنس عام طور پر دنیا میں موجود چھوٹے سمندروں(Seas)اور بڑے سمندروں(Oceans) کی اندرونی زندگی کا سائنسی مطالعہ ہے، جس میں سمندری حیاتیات(Marine Biology)، علم کیمیا(Chemistry)، ارضیات (Geology) اور طبیعیات(Physics) جیسے مختلف مضامین بھی شامل رہتے ہیں۔ یہ مضامین ان طبعی، کیمیائی، حیاتیاتی اور ارضیاتی عملوں کا جائزہ لیتا ہے جو سمندروں کو شکل دیتے ہیں، نیز زمین پر ماحول، زمین اور زندگی کے ساتھ ان کے تعاملات کو سمجھنے میں مدد کرتے ہے۔ بحری سائنس زمین پر موجود سمندری ماحول کو سمجھنے اور ان کے نظم و نسق میں اہم کردار ادا کرتی ہے، جو ہمارے سیارے کی سطح کے 70 فیصد سے زیادہ حصے پر موجود ہیں اور دنیا کے ماحولیاتی نظام اور وسائل کی ایک وسیع صف کی میزبانی بھی کرتے ہیں۔ زندگی میں سمندری علوم کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ سمندر عالمی آب و ہوا کے نمونوں کو منظم کرنے، گرمی کو جذب کرنے، تقسیم کرنے اور موسمی نظام کو متاثر کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ حیاتیاتی انواع واقسام(Marine Species) کا ایک بڑا ذریعہ بھی ہیں، جو کہ سمندری انواع کی وسیع اقسام کی حمایت بھی کرتے ہیں اور ضروری ماحولیاتی خدمات بھی فراہم کرتے ہیں جیسے کاربن کی تلاش، غذائی اجزاء کی سائیکلنگ اور آکسیجن کی پیداوار وغیرہ۔اس کے ساتھ ہی سمندر انسانی بہبود کے لیے بہت اہم ہیں، دنیا بھر میں اربوں لوگوں کو خوراک، توانائی، نقل و حمل اور تفریحی مواقع فراہم کرتے ہیں۔ علوم سمندر ماحولیاتی نظام کی پیچیدہ حرکیات، انسانی سرگرمیوں جیسے آلودگی، حد سے زیادہ ماہی گیری، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات، سمندری

زندگی اور ساحلی برادریوں کے لیے ممکنہ نتائج کو بہتر طور پر سمجھنے میں ہماری مدد کرتی ہے۔ سمندری علوم کا مطالعہ کرکے، سائنس دان پائیدار سمندری انتظام، سمندری تحفظ، آفات سے نمٹنے کی تیاری اور آب و ہوا کی موافقت، آنے والی نسلوں کے لیے ہمارے سمندروں کی صحت اور لچک کی حفاظت کے لیے حکمت عملی تیار کر سکتے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ سمندروں کے اندر موجود مختلف راز کھولنے، سمندری وسائل کی حفاظت اور زمین پر زندگی کی صحت اور خوشحالی کو فروغ دینے کے لیے بحری سائنس ضروری علم ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ بحری سائنس کی وضاحت کریں؟

3.3 خلاصہ(Summary)

لفظ(Geography) دو یونانی الفاظ (Geo+ Graphy) کو ملا کر بنایا گیا ہے جس میں Geo کا مطلب ہے ''زمین'' اور Graphy کا مطلب ہے ''تفصیل'' یا وضاحت، اس طرح دونوں لفظوں کو ملا کر(Geography) کا مطلب ہوتا ہے زمین کی تفصیل فراہم کرنا ہے۔ جغرافیہ مضمون کا آغاز بطور سائنس مصر و یونان میں ہوا، زمانہ قدیم کے جغرافیہ دانوں کی بعض تحریریں بڑی دلچسپ ہیں۔

عرض البلد(Latitudes) نقشہ پر ایک طرح کی افقی(Horizontal) لکیریں(Lines) ہوتی ہیں جو خط استوا(Equator) کے متوازی(Parallel) مشرق اور مغرب میں چلتی رہتی ہیں۔ طول البلد وقت (گھڑی) ٹائم زونز(Time zones) کا تعین کرنے کے لیے اہم ہیں، زمین اپنے محور یا دھری(Axis) پر مغرب سے مشرق کی طرف گھومتے ہوئے 24 گھنٹے میں ایک چکر پورا کر لیتی ہے۔

موسمیاتی سائنس آب و ہوا(Climates)، موسمیاتی تغیرات(Climate Variability) اور موسمیاتی تبدیلیوں کا سائنسی مطالعہ ہے۔

ہائیڈرولوجی یا علم مائیات زمین اور دیگر سیاروں کے مختلف خطوں پر پانی کی نقل و حرکت، تقسیم اور انتظام کا سائنسی مطالعہ ہے، جس میں آبی چکر(Water Cycle)، آبی وسائل، اور نکاسی آب کے طاس کی پائیداری شامل رہتی ہے۔

3.4 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کے مکمل ہونے کے بعد آپ نے درجہ ذیل باتیں سیکھیں:

- جغرافیہ کے بنیادی تصورات۔
- جغرافیہ کے انسانی زندگی کے تعلقات۔
- عرض البلد، طول البلد کی تقسیم۔
- زمین کی گردش، علم موسمیات، درجہ حرارت، دباؤ، ہوا، نمی، ہائیڈرولوجی اور بحری سائنس۔
- طلباء و طالبات کو علم جغرافیہ کی اہمیت کو عملی زندگی میں استعمال کرنا۔

3.5 فرہنگ(Glossary)

(Word)الفاظ	(Meaning)معنی
آبی چکر(Water Cycle)	آبی وسائل، اور نکاسی آب کے طاس کی پائیداری شامل رہتی ہے۔
کرہ ارض(Planet)	ہماری دنیا یا ہمارا سیارا
پیتھوجینز(Pathogens)	مرض پھیلانے والے جراثیم
ہائیڈرولوجک سائیکل (Hydrologic cycle)	پانی کا آبی چکر
خلائی تحقیق(Space Exploration)	دنیا کے باہر کا ماحول
مدوجزر یا جوار بھاٹا(Tides)	سمندری لہروں میں مدوجزر یا جوار بھاٹا (طوفان) پیدا کرنے کا سبب بنتی ہیں۔
سمت شناسی(Navigation)	ہمیں اپنی سمت کو جاننا۔

3.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Type Questions)

1۔ زمین اور اس کے ماحول کی طبعی خصوصیات(Physical Features) کے مطالعہ کو کہتے ہیں؟

a) حیاتیات b) جغرافیہ c) ارضیات(Geology) d) موسمیات

2۔ درجہ ذیل میں سے کون سی اصطلاح "عرض البلد" کی بہترین وضاحت کرتا ہے؟

a) پرائم میریڈیئن کا مشرق یا مغرب کا فاصلہ b) خط استوا کے شمال یا جنوب کا فاصلہ

c) زمین کے خط استوا کے شمال میں کسی جگہ کا فاصلہ d) پرائم میریڈیئن کے مشرق یا مغرب میں کسی جگہ کا فاصلہ

3۔ درجہ ذیل میں سے کون سا زمین کے چار نصف کرہ (Earth's Four Hemispheres) میں سے ایک نہیں ہے؟

a) شمالی نصف کرہ b) جنوبی نصف کرہ

c) مغربی نصف کرہ d) استوائی (Equatorial Hemisphere) نصف کرہ

4۔ زمین کی سطح پر، اوپر اور نیچے پانی کی مسلسل حرکت کو بیان کرنے کے لیے کون سی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے؟

a) ہائیڈرولوجی b) ہائیڈروگرافی

c) ہائیڈرواسپیئر d) ہائیڈرولوجک سائیکل(Hydrologic Cycle)

5۔ وہ خیالی لکیر کیا ہے جو زمین کو شمالی نصف کرہ اور جنوبی نصف کرہ میں تقسیم کرتی ہے؟

a)خطِ استوا b)ٹراپک آف کینسر(Tropic of Cancer) c)پرائم میریڈیئن d)آرکٹک سرکل

6۔ ماحولیاتی دباؤ(Atmospheric Pressure)کی پیمائش کے لیے کون سا آلہ استعمال کیا جاتا ہے؟

a)انیمومیٹر(Anemometer) b)بیرومیٹر(Barometer) c)ہائیگرومیٹر d)تھرمامیٹر

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سے عوامل بخارات کی شرح(Rate of Evaporation)کو متاثر کرتے ہیں؟

a) نمی b)ہوا کی رفتار c)درجہ حرارت d)مذکورہ بالا تمام

8۔ درجہ ذیل میں سے کون سی ہوا میں موجود پانی کے بخارات کی مقدار کا پیمانہ ہے اس کے مقابلے میں اس درجہ حرارت پر ہوا زیادہ سے زیادہ مقدار کو روک سکتی ہے؟

a)نمی b)رشتہ دار نمی(Relative humidity)

c)مطلق نمی(Absolute humidity) d)اوس پوائنٹ

9۔ زمین پر پانی اور اس کی حرکت، تقسیم اور خصوصیات کے مطالعہ کو کیا کہتے ہیں؟

a) ہائیڈرولوجی b)نمی c)موسمیات d)اوس پوائنٹ

10۔ گلف اسٹریم(Gulf Stream)کی ایک مثال ہے:

a) ایک ٹھنڈا سمندری کرنٹ

b)ایک گرم سمندری کرنٹ(A warm ocean current)

c)ایک گہرا سمندری کرنٹ(A deep ocean current)

d)ایک استوائی کرنٹ(An equatorial current)

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1۔ عرض البلد کی وضاحت کریں؟

2۔ طول البلد کیا ہے؟ وضاحت کریں؟

3۔ زمین کی گردش دن اور رات کا سبب کیسے بنتی ہے؟

4۔ موسم اور آب و ہوا کے درمیان فرق کی وضاحت کریں؟

5۔ کون سے عوامل کسی جگہ یا خطہ کے درجہ حرارت کو متاثر کرتے ہیں؟

6۔ ہوا کے دباؤ اور اونچائی کے درمیان تعلق بیان کریں؟

7۔ ہوا کیسے بنتی ہے؟

8۔ نمی کی وضاحت کریں اور وضاحت کریں کہ اس کی پیمائش کیسے کی جاتی ہے؟ واضح کریں۔

9۔ پانی کا چکر کیا ہے؟

10۔ بخارات(Evaporation)بننے کے عمل کی وضاحت کریں؟

طویل جوابی سوالات(Long Answer Type Questions)

1۔ زمین کی آب وہوا کو منظم کرنے میں سمندروں کی کیا اہمیت ہے؟

2۔ دریا، جھیل، سمندر اور گلیشئر میں کیا فرق ہے؟

3۔ پانی کا چکر زمین پر میٹھے پانی کی دستیابی میں کیسے اپنا کام کرتا ہے؟

4۔ ہائیڈرو ولوجیکل سائیکل میں گلیشیرز کا کیا کردار ہے؟

5۔ سمندر ساحلی علاقوں کی آب وہوا کو کیسے متاثر کرتے ہیں؟

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید(Answer Key of Objective Type Questions)

10	9	8	7	6	5	4	3	2	1	سوال نمبر
B	a	b	d	b	a	d	d	b	b	جواب

3.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

1۔ "Indian Geography" by Majid Husain: A comprehensive textbook covering all aspects of Indian geography, including physical, economic, and social dimensions.

2۔ Britannica, The Editors of Encyclopaedia. "latitude and longitude". *Encyclopaedia Britannica*, 6 Dec. 2023, https://www.britannica.com/science/latitude. Accessed 25 March 2024.

3۔ Clifford, Nicholas J.; Holloway, Sarah L.; Rice, Stephen P.; Valentine, Gill, eds. (2014). *Key Concepts in Geography* (2nd ed.). Sage. ISBN 978-1-4129-3022-2. Retrieved 22 January, 2023.

4۔ *Guidelines for Geographic Education: Elementary and Secondary Schools*. The Council. 1984. ISBN 9780892911851.

5- Ministry of Earth Sciences website: Provides reports, publications, and data related to Indian geography, including climate, oceanography, and natural resources, essential for in-depth study and research.
6- National Geographic website: Offers articles, maps, and videos providing insights into Indian geography, including geographical features, biodiversity, and cultural heritage.
7- NCERT Geography textbooks: Provide structured learning materials designed for students at various academic levels, offering a foundation in Indian geography.
8- Sarker, S. (2022). Fundamentals of climatology for engineers: Lecture note. *Eng*, *3*(4), 573-595.

اکائی 4۔ ہندوستانی جغرافیہ - جغرافیائی تقسیم، دریا اور زمین کی شکلیں

(Indian Geography – Geographical Divisions, Rivers and Land Forms)*

4.0 تمہید (Introduction)

4.1 مقاصد (Objectives)

4.2 ہندوستانی جغرافیہ - جغرافیائی تقسیم، دریا اور زمین کی شکلیں (Indian Geography – Geographical Divisions, Rivers and Land Forms)

4.2.1 ہندوستانی جغرافیہ (Indian Geography)

4.2.2 جغرافیائی تقسیم (Geographical Divisions)

4.2.3 دریا اور زمین کی شکلیں (Rivers and Land Forms)

4.3 خلاصہ (Summary)

4.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

4.5 فرہنگ (Glossary)

4.6 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

4.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

4.0 تمہید (Introduction)

لفظ (Geography) جغرافیہ یونانی زبان سے اخذ کیا گیا ہے۔ یہ دو یونانی الفاظ (Geo+ Graphy)(Geography) کو ملا کر بنایا گیا ہے جس میں Geo کا مطلب ہے ''زمین'' اور Graphy کا مطلب ہے ''تفصیل'' اس طرح دونوں لفظوں کو ملا کر (Geography) کا مطلب ہوتا ہے زمین کی تفصیل فراہم کرنا ہے۔ درس تدریسی عمل میں (Geography) جغرافیہ کا مضمون طلباء کو علم جغرافیہ کی تدریس سے انسانی زندگی اور زمین پر موجود ماحول سے انسانی زندگی کے تعلق کو بیان کرنا ہے اور اس انسانی ماحول اور زمین کے تعلق کو سب سے پہلے یونانی سکالر ہیکاٹس (Hecataeus) نے بتایا۔ ہیکاٹس نے اپنی کتاب (lies Periods) میں ان

* Dr. Mohd. Talib Ather Ansari, Associate Professor, MANUU CTE, Bidar

علاقوں کی زمینوں اور لوگوں کا زمینوں اور اس پر رہنے والے لوگوں کی طرز زندگی کو منظر عام پر رکھا۔ ہیکاٹس کو انہیں وجوہات کی بنیاد پر لوگ (Father of Geography) کہتے ہیں۔ اس طرح دنیا کے مختلف خطوں کی زمینوں اور انسانوں کی زندگی کی جغرافیہ کے رو سے وضاحتیں کی جاتی رہیں، یہاں تک کہ مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے علماء نے بھی زمینوں اور انسانوں کے تعلق کو بیان کیا، جس میں یونانی، رومی، فرانسیسی، جرمن، انگریز، پولش، امریکی، عرب، ہندوستانی، چینی وغیرہ شامل تھے ان سبھی نے بھی جغرافیہ علم کی اس شاخ میں دلچسپی لی۔ آج کے دور میں بھی ہم اپنی آنے والی نسل کو اپنے زمین کے علاقے اور دنیاں کے مختلف خطوں کی بناوٹ اور اس کے استعمال کے بارے میں وضاحت کے ساتھ سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس اکائی میں ہم ہندوستانی جغرافیہ - جغرافیائی تقسیم، دریا اور زمین کی مختلف شکلوں کے بارے میں علم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ، انسانی زندگی میں اس ماحول اور جغرافیہ کی تقسیم کے عوامل کو بھی سمجھیں گے۔

4.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کو پڑھنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ہندوستانی جغرافیہ سے روشناس ہو سکیں۔
- جغرافیا اور انسانی زندگی کے تعلق کو سمجھ سکیں۔
- ہندوستانی جغرافیائی تقسیم کو سمجھ سکیں۔
- ہندوستان کی مختلف زمین کے خطوں کو سمجھ سکیں۔
- ہندوستانی دریا اور زمین کی مختلف شکلوں کو سمجھ کر بیان کر سکیں۔

4.2 ہندوستانی جغرافیہ - جغرافیائی تقسیم، دریا اور زمین کی شکلیں

(Indian Geography – Geographical divisions, Rivers and Land Forms)

4.2.1 ہندوستانی جغرافیہ (Indian Geography)

ہندوستان ایشیاء براعظم میں مقیم ہے، ہندوستان کا بیشتر حصہ پانی سے تین اطراف سے گھرا ہوا ہے جو ہندوستان کو ایک جزیرہ نما شکل دیتا ہے، دنیا کا بلند ترین پہاڑی سلسلہ ہمالیہ اس کی شان ہے جو شمال میں واقع ہے۔ اس کے شمالی میدانی علاقے اس کو مختلف غزائوں سے زرخیز بناتے ہیں، اس کے ندیاں اس کے علاقوں کو سیر آب کرتی ہیں۔ جنوب مشرق کی سرحد خلیج بنگال سے ملتی ہے اور جنوب مغرب میں بحیرہ عرب سے ہندوستان محظوظ ہوتا ہے۔

ہندوستان کا زمینی خطہ وسیع پیمانے پر مختلف عرضوں پر مشتمل ہونے کی وجہ سے اپنے اندر تنوع (Diversity) رکھتا ہے، مغرب میں صحرائے تھر سے لے کر شمال مشرق میں جنگلوں تک کے وسیع علاقوں میں یہ اپنا رنگ بکھیرتا ہے۔ گنگا کا میدان کہلانے والا ایک زرخیز علاقہ شمالی ہندوستان کے زیادہ تر حصے پر محیط ہے۔ یہ تشکیل مٹی سے بنی ہے جو ہمالیہ سے بہنے والے دریاؤں کے ذریعے جمع کی گئی، کچھ جگہ

پر، گاد کی یہ تہہ 25,000 فٹ (7,620 میٹر) سے زیادہ گہری ہے۔ ہندوستان، اپنے وسیع پس منظر اور مختلف نوعیت کی جغرافیائی خصوصیات کے لیے جانا جاتا ہے۔ ہندوستان اپنے علاقہ کے اعتبار سے ایک متنوع جغرافیائی مطالعہ کے لیے بھی مشہور ہے، جس کی سطح پر پہاڑ، گھاٹیاں، میدانی علاقے، ندیاں اور ساحلی پٹی وغیرہ تمام کچھ شامل ہیں۔ ہندوستان کے جغرافیائی موقف میں، زمینی ساخت، دریائی نظاموں کی وسیع پیمانے پر سمجھنے کی ضرورت ہے۔ جنوبی ایشیا میں واقع، بھارت مغرب میں بحیرہ عرب، مشرق میں خلیج بنگال اور جنوب میں بحر ہند کے ساتھ ایک اہم اسٹریٹجک مقام پر موجود ہے۔ اس کی سرحدیں شمال مغرب میں پاکستان، شمال میں چین اور نیپال، شمال مشرق میں بھوٹان، اور مشرق میں بنگلہ دیش اور میانمار سے ملتی ہیں۔ ہندوستان کی سمندری حدود میں سری لنکا ، لکشادیپ، مالدیو اور انڈمان نکوبار واقع ہیں۔ ہندوستان کی سمندری سرحدیں پاکستان، بنگلادیش، برما، تھائی لینڈ اور انڈونیشیا سے ملتی ہیں۔ ہندوستان رقبہ کے اعتبار سے دنیا کا ساتواں سب سے بڑا ملک ہے اور آبادی کے اعتبار سے دنیا کا پہلا سب سے بڑا ملک ۔ اس کا کل رقبہ 3,287,263 کلومربع میٹر (1,269,219 مربع میل) ہے۔ شمال سے جنوب اس کی طوالت 3,214 کلومیٹر (1,997 میل) ہے اور مشرق سے مغرب اس کا عرض 2,933 کلومیٹر (1,822 میل) ہے۔ خشکی سرحد کی کل لمبائی 15,200 کلومیٹر (9,445 میل) اور سمندری سرحد 7,516.6 کلومیٹر (4,671 میل) پر مشتمل ہے۔ بھارت کے مغرب میں بحیرہ عرب واقع ہے۔ زمینی پر ہندوستان کی سرحدیں شمال مغرب میں پاکستان، شمال میں چین اور نیپال، شمال مشرق میں بھوٹان، اور مشرق میں بنگلہ دیش اور میانمار سے ملتی ہیں۔ ہندوستان کا جغرافیہ خط استواء equator کے قریب واقع اس کے مقام سے متاثر ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check Your Progress)
1۔ ہندوستان کی جغرافیہ کی تقسیم کی وضاحت کریں؟

4.2.2 جغرافیائی تقسیم (Geographical Divisions)

ہندوستانی جغرافیہ سے مراد برصغیر پاک و ہند کی جغرافیائی خصوصیات، زمین کی ساخت، آب و ہوا اور ماحول ہیں۔ جس میں عرضی (زمین) پس منظر کی متنوع ساخت شامل ہیں، جیسے پہاڑ، میدانی، سطح مرتفع، اور ساحلی خطوط، شمال میں ہمالیائی پہاڑی سلسلہ، اور آس پاس کے سمندر وغیرہ۔ ہندوستان کا جغرافیہ ہمارے کلچر و ثقافت، معیشت اور حیاتیاتی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہیں وجوہات کی بنیاد پر ہم ہندوستان میں موجود مختلف خطوں کی وضاحت کریں گے:

4.2.2.1 ہندوستانی ملک کی جسامت کی اہم خصوصیات (Main Physical Features of India)

ہندوستانی زمین کی ساخت کی جسامت کی خصوصیات کے مطابق ان کو چھ وسیع زمروں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے جس میں شامل ہیں:

- **ہمالیہ کے پہاڑ (Himalayan Mountains):** ملک کے شمالی میں ہمالیہ کے پہاڑ ہندوستان کو نمایا برتری فراہم کرتے ہیں۔ ہمالیہ کے پہاڑ دنیا میں سب سے اونچے اور ناہموار ہیں۔ چونکہ یہ شمال میں کشمیر سے شمال مشرق میں ارونا چل پردیش سے ہوتے ہوئے 2500 کلومیٹر تک کے رقبہ میں پھیلے ہوئے ہیں۔ یہ پہاڑ ایک شمال مشرق سے آنے والی وباؤں اور ٹھنڈی ہواؤں کو روکتے ہیں۔ اس کے

ساتھ ہی گریٹر ہمالیہ یا ہمادری کے پہاڑ، جس کی چوٹیوں کی اونچائی کی سطح سمندر سے 6000 - 4000 میٹر اوپر تک ہوتی ہیں، ہندوستان کی شمالی سرحد کے لیے بہت اہم ہیں۔

- **شمالی میدانی علاقے (Northern Plains)**: شمالی میدانی علاقے، ہندوستان کے تین بڑے دریائی نظام پر مشتمل ہیں جو کہ سندھو(India- Indus)، گنگا(Ganga)اور برہم پترا(Brahmaputra)اور ان کی معاون ندیوں کی شمولیت رکھتے ہوئے ہمالیہ کے میدانی علاقوں کو پانی سے سیر آب کرتے ہیں۔ ہندوستان کے یہ علاقے سینکڑوں سالوں سے ان ندیوں کی وجہ سے زرخیز ہوتے گئے اور شمالی میدانی علاقوں کی طرف بڑھتے چلے گئے۔ شمالی میدانی علاقوں کو ہم مزید تین حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں:

i. **پنجاب کے میدانی علاقے(The Punjab Plains)**: دریائے سندھ اور اس کی معاون ندیاں ان وسیع میدانوں کی تشکیل کا باعث بنتی ہیں، جن کا ایک بڑا حصہ اب پاکستان میں ہے۔

ii. **گنگا کا میدان(The Ganga Plains)**: یہ میدانی علاقہ شمالی ہندوستان، ہریانہ، اتر پردیش، بہار، جھارکھنڈ، دہلی اور مغربی بنگال کی ریاستوں میں پھیلا ہوا ہے۔

iii. **برہمپترا میدان(The Brahmaputra Plains)**: یہ علاقہ آسام اور دیگر شمال مشرقی ریاستوں پر محیط ہے۔

- **جزیرہ نما سطح مرتفع (Peninsular Plateau)**: یہ ہندوستان کا قدیم ترین زمینی علاقہ ہے جو کہ جزیرہ نما سطح مرتفع کئی علاقوں میں تقسیم ہے جس میں:

i. **وسطی پہاڑی علاقے(The Central Highlands)**: دریائے نرمدا کے شمال میں مالوا سطح مرتفع کے حصے پر مشتمل ہے۔

ii. **دکن سطح مرتفع(The Deccan Plateau)**: دریائے نرمدا کے جنوب میں واقع ایک تکونی جگہ ہے جو کہ مشرقی گھاٹ اور مغربی گھاٹ بالترتیب اس کے مشرقی اور مغربی اطراف میں سطح مرتفع دکن سے ملتے ہیں۔ جب کہ ست پورہ پہاڑی سلسلے اس کے شمالی حصے پر موجود ہیں، مغربی گھاٹوں کی زیادہ سے زیادہ اونچائی 1600 میٹر ہے۔ دوسری طرف، مشرقی گھاٹ زیادہ سے زیادہ 600 میٹر اونچائی تک محدود ہیں۔

- **ہندوستانی صحرا (Indian Desert)**: ہندوستان کی اراولی پہاڑیوں کے مغربی کنارے پر ریت کے ٹیلوں سے ڈھکے ہوئے ریتلی میدانوں میں ہندوستانی صحرا مشتمل ہیں۔ سالانہ 150 ملی میٹر تک کم بارش کے ساتھ، یہ خطہ ملک میں سب سے زیادہ خشک ہے اور اس طرح جگہ پر سبزہ کم ہے، اس میں راجستھان کی ریاستیں اور گجرات کے شمال مغربی حصے مل کر صحرائی خطہ بناتے ہیں۔

- **ساحلی میدان (Coastal Plains)**: ہندوستانی جزیرہ(Peninsula) نما کے بیرونی کناروں(Outer edges) کے دائیں طرف، ساحلی (Coastal) میدانوں کی تنگ پٹیاں واقع ہیں۔ یہ سمندری علاقے مشرق میں خلیج بنگال اور مغرب میں بحیرہ عرب کے ساحلوں پر مبنی ہیں۔ بحیرہ عرب کے ساتھ مغربی ساحل کو دوبارہ تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے، جس میں:

i. **کونکن ساحل(The Konkan Coast)** ساحلی علاقہ مہاراشٹرا اور گوا کا احاطہ کرتا ہے۔

ii. **کنڑ میدانی(The Kannada Plains)** یہ علاقہ کرناٹک کے ساحلوں پر محیط ہے۔

iii. مالابار ساحل(The Malabar Coast)یہ علاقہ کیرالہ کا احاطہ کرتا ہے۔



Source:-https://www.researchgate.net/figure/Map-showing-the-different-geographical-region-in-India_fig1_337329611

https://www.toppr.com/guides/geography/physical-features-of-india/main-physical-features-of-india/

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ ہندوستان کے سرحدی علاقوں کی وضاحت کریں؟

4.2.3 دریااور زمین کی شکلیں(Rivers and Land Forms)

ہندوستان، اپنے متنوع(Diverse) مناظر اور بھرپور جغرافیائی خصوصیات کے لیے جانا جاتا ہے اور ایک متنوع ٹپوگرافی Diverse topographyکا حامل ہے جس میں پہاڑ، میدانی، سطح مرتفع(Plateaus)اور ساحلی پٹیاں شامل ہیں۔اس مضمون میں برصغیر پاک وہند کی وضاحت کرنے والے جغرافیائی موقف، زمینی ساخت اور دریائی نظاموں پر نظر ثانی کی جارہی ہے۔

- **ہندوستان کا جغرافیائی موقف(Geographical Stand)**: جنوبی ایشیا میں واقع، بھارت مغرب میں بحیرہ عرب، مشرق میں خلیج بنگال اور جنوب میں بحر ہند کے ساتھ ایک اسٹریٹیجک مقام پر قابض ہے۔اس کی سرحدیں شمال مغرب میں پاکستان، شمال میں چین اور نیپال، شمال مشرق میں بھوٹان اور مشرق میں بنگلہ دیش اور میانمار سے ملتی ہیں۔
- **زمین کی شکلیں (Land Formations)**ہندوستان کی زمین کی مختلف شکلوں کو درج ذیل سے سمجھا جا سکتا ہے:

i. **ہمالیہ کے پہاڑ (Himalaya Mountains)**: ہمالیہ کا پہاڑی سلسلہ، جو دنیا کے سب سے نئے پہاڑی سلسلوں میں سے ایک ہے، ہندوستان میں اس کی شمالی سرحدوں تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ ماؤنٹ ایورسٹ سمیت دنیا کی چند بلند ترین چوٹیوں کو اپنے اندر سمائے ہوئے ہے۔ ہمالیہ شمال کی طرف سے ہندوستان کی ایک قدرتی رکاوٹ کے طور پر حفاظت کرتا ہے، جو ہندوستان کو وسطی ایشیا سے آنے والی سرد ہواؤں سے بھی بچاتا ہے۔

ii. **شمالی میدانی علاقہ(Northern Plains)**: ہمالیہ کے جنوب میں زرخیز شمالی میدانی علاقے ہیں، جو گنگا اور یمنا جیسی ندیوں کے تلچھٹ(مختلف تہہ)(sedimentary) کے ذخائر سے بنتے ہیں۔ یہ میدانی علاقے اپنی بھرپور زرعی پیداواری صلاحیت کے لیے مشہور ہیں اور یہ دہلی اور کولکتہ سمیت ہندوستان کے کچھ بڑے شہروں کو روح بخشتے ہیں۔

iii. **مغربی گھاٹ(Western Ghats)**: ہندوستان کے مغربی ساحل کے ساتھ ساتھ متوازی چلتے ہوئے، مغربی گھاٹ ہندوستان کا عالمی ثقافتی ورثہ ہے جس کو یونیسکو نے بھی درج کر رکھا ہے اور جو اپنی حیاتیاتی تنوع کے لیے جانا جاتا ہے۔ یہ پہاڑ خطے کی مون سون (monsoon climate)آب وہوا کو متاثر کرتے ہیں اور کئی اہم دریا یہاں سے نکلتی ہیں۔

iv. **سطح مرتفع دکن(Deccan Plateau)**: شمالی میدانی علاقوں کے جنوب میں اور مغربی گھاٹوں اور مشرقی گھاٹوں سے ملحقہ سطح مرتفع دکن واقع ہے۔اس سطح مرتفع کی خاصیت اس کے ناہموار علاقے ہیں اور یہ کوئلہ، لوہے اور باکسائٹ جیسے معدونیات سے مالامال ہے۔

v. **ساحلی میدان(Coastal Plains)**: ہندوستان کے پاس دو ساحلی میدان ہیں- بحیرہ عرب کے ساتھ مغربی ساحلی میدان اور خلیج بنگال کے ساتھ مشرقی ساحلی میدان۔ یہ میدانی علاقے زرخیز اور گنجان آباد ہیں، جن میں ممبئی اور چنئی جیسی اہم بندرگاہیں شامل ہیں۔

vi. **جزائر(Islands)**: ہندوستان میں کئی جزائر ہیں، جن میں سب سے قابل ذکر خلیج بنگال میں جزائر انڈمان اور نکوبار(Andaman and Nicobar)اور بحیرہ عرب میں لکشدیپ(Lakshadweep) جزائر ہیں۔ یہ جزیرے اپنے قدیم ساحلوں اور منفرد حیاتیاتی تنوع کے لیے مشہور ہیں۔

- **ہندوستانی دریاؤں کی تشکیل(River Formation)**: ہندوستان دریاؤں کی تشکیل کے لیے ایک مالامال ملک ہے اور یہاں دریاؤں کے نیٹ ورک موجود ہیں، جو ملک کی معیشت اور ثقافت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ہندوستان کے بڑے دریائی نظام میں درج ذیل شامل ہیں:

i. **گنگا(The Ganges)**: گنگا ہندوستان کے سب سے مقدس دریاؤں میں سے ایک ہے اور ہندوؤں کے ذریعہ اس کی تعظیم کی جاتی ہے۔ یہ ہمالیہ سے نکلتا ہے اور شمالی میدانی علاقوں میں بہتا ہے، شمالی میدانی علاقوں کے لیے زراعت کے لیے پانی مہیا کرتا ہے اور ایک بڑی آبادی کو سیر آب کرتے ہوئے سہارا دیتا ہے۔

ii. **یمنا(Yamuna)**: یمنا گنگا کی ایک بڑی معاون ندی ہے اور دہلی، ہریانہ اور اترپردیش کی ریاستوں سے گزرتی ہے۔ یہ ہندو دیوتا کرشنا کے ساتھ اپنی وابستگی کے لیے جانا جاتا ہے اور آبپاشی کے لیے پانی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔

iii. **برہم پترا(Brahmaputra)**: برہم پترا ندی ہمالیہ کے تبت(Tibet) سے نکلتی ہے اور بنگلہ دیش میں داخل ہونے اور خلیج بنگال میں گرنے سے پہلے ہندوستان میں بہتی ہے۔ یہ اپنی لٹ چینلز(Braided) کے لیے جانا جاتا ہے اور خطے کی زراعت اور معیشت کے لیے ایک اہم دریا ہے۔

iv. **گوداوری(Godavari):** گوداوری ہندوستان کا دوسرا سب سے طویل دریا ہے اور یہ مہاراشٹر، تلنگانہ، آندھراپردیش اور چھتیس گڑھ کی ریاستوں سے بہتا ہے۔ یہ اپنی قدرتی خوبصورتی کے لیے جانا جاتا ہے اور ہندوؤں کی طرف سے ایک مقدس دریا سمجھا جاتا ہے۔

v. **کرشنا(Krishna):** دریائے کرشنا مغربی گھاٹوں سے نکلتا ہے اور خلیج بنگال میں گرنے سے پہلے مہاراشٹر، کرناٹک اور آندھرا پردیش کی ریاستوں سے بہتا ہے۔ یہ آبپاشی اور پن بجلی پیدا کرنے کے لیے ایک اہم دریا ہے۔

آخر میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہندوستان کی جغرافیائی خصوصیات، ایک ایسی خصوصیات پر مبنی ہیں جو اپنے اندر مختلف اقسام کی متنوع(Diverse) زمینی ساخت اور دریا کے نظام کو واضح کرتی ہے۔ ہندوستان کی معیشت، ثقافت اور ماحول کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ملک کے بھرپور قدرتی وسائل اور حیاتیاتی تنوع ہندوستان ملک کو ایک منفرد اور دلکش جگہ بناتا ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ ہندوستان اپنے متنوع(Diverse) مناظر اور بھرپور جغرافیائی خصوصیات کے لیے کس وجہ سے جانا جاتا ہے؟

4.3 خلاصہ (Summary)

ہندوستان ایشیاء براعظم میں مقیم ہے، ہندوستان کا بیشتر حصہ پانی سے تین اطراف سے گھرا ہوا ہے، جو ہندوستان کو ایک جزیرہ نما شکل دیتا ہے۔ دنیا کا بلند ترین پہاڑی سلسلہ ہمالیہ اس کی شان ہے جو شمال میں واقع ہے۔ ہندوستان کا کل رقبہ 3,287,263 کلومربع میٹر (1,269,219 مربع میل) ہے۔ شمال سے جنوب اس کی طوالت 3,214 کلومیٹر (1,997 میل) ہے اور مشرق سے مغرب اس کا عرض 2,933 کلومیٹر (1,822 میل) ہے۔ خشکی سرحد کی کل لمبائی 15,200 کلومیٹر (9,445 میل) اور سمندری سرحد 7,516.6 کلومیٹر (4,671 میل) پر مشتمل ہے۔ بھارت کے مغرب میں بحیرہ عرب واقع ہے۔ ملک کے شمالی میں ہمالیہ کے پہاڑ و ہندوستان کو نمایا برتری فراہم کرتے ہیں۔ ہمالیہ کے پہاڑ دنیا میں سب سے اونچے اور ناہموار ہیں۔ ہندوستان کے بڑے دریائی نظام میں گنگا، یمنا، برہم پترا، گوداوری اور کرشنا وغیرہ ہیں۔

4.4 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کے مکمل ہونے کے بعد آپ نے درجہ ذیل باتیں سیکھیں:

- ہندوستانی جغرافیہ اور جغرافیائی تقسیم۔
- جعرافیا اور انسانی زندگی کے تعلق۔
- ہندوستانی ملک کی جسامت کی اہم خصوصیات۔
- ہندوستان کی مختلف زمین کے خطوں کو سمجھنا۔
- ہندوستانی دریا اور زمین کی مختلف شکلوں کو سمجھ کر بیان کرنا۔

4.5 فرہنگ (Glossary)

الفاظ (Word)	معنی (Meaning)
گنگا کا میدان (The Ganga Plains)	یہ میدانی علاقہ شمالی ہندوستان، ہریانہ، اترپردیش، بہار، جھارکھنڈ، دہلی اور مغربی بنگال کی ریاستوں میں پھیلا ہوا ہے۔
برہمپترا میدان (The Brahmaputra Plains)	یہ علاقہ آسام اور دیگر شمال مشرقی ریاستوں پر محیط ہے۔
جزیرہ نما سطح مرتفع (Peninsular Plateau)	یہ ہندوستان کا قدیم ترین زمینی علاقہ ہے، جو کہ جزیرہ نما سطح مرتفع کئی علاقوں میں تقسیم ہے۔
وسطی پہاڑی علاقے (The Central Highlands)	دریائے نرمدا کے شمال میں مالوا سطح مرتفع کے حصے پر مشتمل ہے۔
ہندوستانی صحرا (Indian Desert)	ہندوستان کی اراولی پہاڑیوں کے مغربی کنارے پر ریت کے ٹیلوں سے ڈھکے ہوئے ریتلی میدانوں میں ہندوستانی صحرا مشتمل ہیں۔

4.6 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Type Questions)

1۔ ہندوستان کا بلند ترین پہاڑی سلسلہ کون سا ہے؟

a) مغربی گھاٹ　b) مشرقی گھاٹ　c) ہمالیہ　d) اراولی رینج

2۔ کون سا دریا شمالی ہندوستان کی لائف لائن (زندگی) سمجھا جاتا ہے؟

a) گوداوری　b) جمنا　c) برہم پترا　d) کرشنا

3۔ سطح مرتفع دکن ہندوستان کے کس حصے پر محیط ہے؟

a) شمالی　b) مشرقی　c) مغربی　d) جنوبی

4۔ کون سا دریا گنگا کے ساتھ ''سندربن ڈیلٹا'' بناتا ہے؟

a) برہم پترا　b) گوداوری　c) کرشنا　d) مہاندی

5۔ مغربی ساحلی میدان کس پہاڑی سلسلے سے متصل ہیں؟

a) اراولی رینج　b) ہمالیہ　c) مغربی گھاٹ　d) مشرقی گھاٹ

6۔ وادی سندھ کی تہذیب کس دریا کے کنارے پروان چڑھی؟

a) گنگا　b) جمنا　c) سندھ　d) برہم پترا

7۔ کون سا جزیرہ خلیج بنگال میں واقع ہے؟

a) انڈمان اور نکوبار جزائر　b) لکشدیپ جزائر　c) مالدیپ　d) سیشلز

8۔ دریائے گوداوری کو اکثر "دکشن گنگا" کہا جاتا ہے۔ "دکشن" کا کیا مطلب ہے؟

a) شمال　b) جنوب　c) مشرق　d) مغرب

9۔ چھوٹا ناگپور سطح مرتفع ہندوستان کے کس حصے میں واقع ہے؟

a) شمالی　b) مشرقی　c) مغربی　d) مرکزی

10۔ کون سا دریا کرناٹک کی برہماگیری پہاڑیوں سے نکلتا ہے؟

a) جمنا　b) کاویری　c) نرمدا　d) تاپی

مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answer Type Questions)

1۔ ہندوستان کے جغرافیائی تقسیم پر مختصر نوٹ لکھیے۔

2۔ ہندوستان کے جغرافیہ میں ہمالیہ کے پہاڑی سلسلے کی اہمیت بیان کریں؟

3۔ ہندوستان میں دریاؤں کی اہمیت کی وضاحت کریں؟

4۔ صحرائے تھار کی اہم خصوصیات کیا ہیں اور لوگ اس کے سخت ماحول کو کیسے اپناتے ہیں؟

5۔ ہندوستان کے جغرافیہ میں مغربی گھاٹوں اور مشرقی گھاٹوں کی اہمیت پر بحث کریں؟

6۔ ہند گنگا کے میدانی علاقوں کی خصوصیات بیان کریں؟

7۔ سطح مرتفع کیا ہیں، اور وہ ہندوستان کی زمینی تزئین اور معیشت میں کیا کردار نبھاتے ہیں؟

8۔ ہندوستان میں ساحلی میدانوں کی تشکیل اور اہمیت کی وضاحت کریں؟

9۔ ہندوستان کے سمندری جغرافیہ اور حیاتیاتی تنوع میں جزائر انڈمان، نکوبار اور لکشدیپ پر بحث کریں۔

10۔ جغرافیائی خصوصیات جیسے دریا، پہاڑ اور سطح مرتفع ہندوستان میں زراعت، صنعت اور نقل و حمل جیسی انسانی سرگرمیوں کو کیسے متاثر کرتے ہیں؟

طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)

1۔ ہندوستان کے جغرافیہ، معیشت اور ثقافت میں ہمالیہ کے پہاڑی سلسلے کی اہمیت پر تبادلہ خیال کریں؟

2۔ زراعت، صنعت، نقل و حمل اور ثقافتی ورثہ پر غور کرتے ہوئے، گنگا، برہم پترا اور سندھ جیسے بڑے دریاؤں کے ہندوستان کی سماجی و اقتصادی ترقی پر اثرات کی وضاحت کریں؟

3۔ مختلف طریقہ کے ماحولیاتی نظام، رہائش گاہوں اور قدرتی وسائل کی حمایت میں پہاڑوں، سطح مرتفع، میدانی علاقوں، صحراؤں اور ساحلی علاقوں سمیت ہندوستان کی مختلف زمینی شکلوں کی ماحولیاتی اہمیت کا تجزیہ کریں؟

4۔ جیولوجیکل خصوصیات، ماحولیاتی اہمیت اور سماجی و اقتصادی اہمیت کے لحاظ سے مغربی گھاٹوں اور مشرقی گھاٹوں کا موازنہ کریں؟

5۔ ہندوستان کے جغرافیائی تناظر میں دریائی آلودگی، بین ریاستی آبی تنازعات، ڈیم کی تعمیر اور پائیدار پانی کے انتظام کے طریقوں کی وضاحت کریں؟

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید(Answer Key of Objective Type Questions)

سوال نمبر	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
جواب	c	b	d	a	c	c	A	b	d	a

4.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

1۔ "Indian Geography" by Majid Husain: A comprehensive textbook covering all aspects of Indian geography, including physical, economic, and social dimensions.

2۔ National Geographic website: Offers articles, maps, and videos providing insights into Indian geography, including geographical features, biodiversity, and cultural heritage.

3۔ NCERT Geography textbooks: Provide structured learning materials designed for students at various academic levels, offering a foundation in Indian geography.

4۔ Ministry of Earth Sciences website: Provides reports, publications, and data related to Indian geography, including climate, oceanography, and natural resources, essential for in-depth study and research.

5- "Geography of India" course on Coursera: Offers online lectures, quizzes, and assignments covering key topics in Indian geography, suitable for self-paced learning and exploration.
6- Sahu, Rakesh & Pervez, Shamsh & Matawle, Jeevan & Bano, Shahina & Pervez, Yasmeen. (2019). Physico-Chemical Characteristics and Sources of Ambient Aerosol in India During 2001-2015: A Review. Asian Journal of Chemistry. 31. 2707-2718. 10.14233/ajchem.2019.22309.
7- Sinha, Rajiv & Jain, Vikrant & Tandon, Sampat & Chakraborty, Tapan. (2012). Large River Systems of India. Proceedings of the Indian National Science Academy. 78.
8- Sinha, S., Suresh, N., Kumar, R., Dutta, S. and Arora, B.R. (2010), Sedimentologic and geomorphic studies on the Quaternary alluvial fan and terrace deposits along the Ganga exit. Quaternary, International, 227, 87-103.
9- Srivastava, P., Rajak, M.K., Sinha, R., Pal, D.K. and Bhattacharya, T. (2010) A high resolution micromorphological record of the Late Quaternary pleosols from Ganga-Yamuna interfluve: Stratigraphic and paleoclimatic implications. Quaternary International, 227, 127-142
10- https://kids.nationalgeographic.com/geography/countries/article/india
11- https://www.youtube.com/watch?v=sxBG1cdWtO4
12- https://www.youtube.com/watch?v=r9A03bX8YBE
13- https://www.researchgate.net/figure/Map-showing-the-different-geographical-region-in-India_fig1_337329611
14- https://www.toppr.com/guides/geography/physical-features-of-india/main-physical-features-of-india/

اکائی 5۔ علم سیاسیات کی نوعیت اور وسعت، اہم تصورات اور موجودہ رجحانات

(Nature and Scope of Political Science, Key Concepts and Current Trends)*

5.0 تمہید(Introduction)

5.1 مقاصد(Objectives)

5.2 علم سیاسیات کی نوعیت اور وسعت، اہم تصورات اور موجودہ رجحانات
(Nature and Scope of Political Science, Key Concepts and Current Trends)

5.2.1 علم سیاسیات کے معنی(Meaning of Political Science)

5.2.2 علم سیاسیات کی تعریف(Definition of Political Science)

5.2.3 علم سیاسیات کی نوعیت (Nature of Political Science)

5.2.4 علم سیاسیات کی وسعت (Scope of Political Science)

5.2.5 اہم تصورات اور موجودہ رجحانات(Key Concepts and Current Trends)

5.3 خلاصہ(Summary)

5.4 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

5.5 فرہنگ(Glossary)

5.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

5.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

5.0 تمہید(Introduction)

انسان کی سیاسی زندگی کا تعلق سماج یا ریاست سے ہے۔ ان کے ذریعے انسان اپنی تمام ضروریات پوری کرتا ہے۔ انسانوں کی یہ ضروریات معاشرے سے وابستہ ہیں۔ اسی تعلق کی وجہ سے سماجی علوم کے مختلف شعبے جیسے معاشیات، جغرافیہ، توریخ وغیرہ کا آغاز ہوا۔ ان تمام سماجی علوم میں علم سیاسیات بھی شامل ہے۔ علم سیاسیات، جسے اکثر سیاست کی سائنس کہا جاتا ہے، جس میں انسانی حقوق، انسانی فرائض، حکومت

* Dr. Jaki Mumtaj, Associate Professor, MANUU CTE, Bhopal

اور اس کے اجزء، حکمرانی کے طریقہ، سیاسی گروہ، سیاسی اور سماجی تنظیم وغیرہ شامل ہے۔ یہ ایک ایسا مضمون ہے جو سیاسی نظاموں، اداروں، رویے اور نظریات کی پیچیدگیوں کو سمجھنے، تجزیہ کرنے اور تشریح کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس باب میں، علم سیاسیات کے بنیادی پہلوؤں کو واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس اکائی میں آپ علم سیاسیات کے معنی، تعریف اور نوعیت کا مطالعہ کرین گے۔ اس اکائی میں آپ سیاسیات کی وسعت اور کلیدی تصورات کے بارے میں مطالعہ کرین گے۔ سیاسیات کی نوعیت، وسعت اور اسکے کلیدی تصورات کی وضاحت کے ذریعہ آپ کو سیاست اور حکمرانی کے بارے میں ایک جامع تفہیم فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

5.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کو مکمل کر لینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- علم سیاسیات کے معنی اور تعریف کو بیان کر سکیں گے۔
- علم سیاسیات کے روایاتی اور جدید نقطہ نظر کو سمجھ سکیں گے۔
- علم سیاسیات کے نوعیت کی وضاحت کر سکیں گے۔
- علم سیاسیات کی وسعت یا دائرہ کار کو بتا سکین گے۔
- علم سیاسیات کے اہم تصورات کو واضح کر سکیں گے۔

5.2 علم سیاسیات کے معنی، تعریف، نوعیت، وسعت، اہم تصورات اور موجودہ رجحانات

(Meaning, Definition, Nature, Scope and Key Concepts and Current Trends og Political Science)

درجہ ذیل میں علم سیاسیات کے معنی، تعریف، نوعیت، وسعت اور اہم تصورات و موھودہ رجحانات کے بارے میں وضاحت کی گئی ہے:

5.2.1 علم سیاسیات کے معنی(Meaning of Political Science)

علم سیاسیات جسے انگریزی میں پولیٹیکل سائنس کہتے ہے، دو الفاظ ایک پولیٹیکل اور دوسرا سائنس سے ملکر بنا ہے۔ سیاسی سے مراد طاقت اور اقتدار سے ہے اور سائنس سے مراد وہ علم جو منظم مطالعہ سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اس طرح یہ کہا جا سکتا ہے کہ سیاسی اداروں، انسانوں کے سیاسی رویے، سیاسی نظام، بین الاقوامی تعلقات اور اقتدار و اختیار سے متعلق تمام امور کا منظم مطالعہ علم سیاسیات ہے۔ عظیم سیاسی فلسفی اور مفکر ارسطو پہلے شخص تھے جنہوں نے سائنسی طریقوں سے سیاست کی تعریف کی اور سیاست جسے انگریزی میں Politics کہتے ہے، اس لفظ کا استعمال سب سے پہلے کیا۔ مغرب میں ارسطو کو سیاست کا بانی سمجھا جاتا ہے۔ جبکہ 'منو' کو ہندوستان کا پہلا سیاسی مفکر مانا جاتا ہے اور

ان کی مشہور کتاب "منوسمرتی" کو ہندوستان میں قانون کی پہلی کتاب مانا جاتا ہے۔ بعد میں چانکیہ نے ہندوستانی سیاسی سوچ کو تشکیل دی اور ہندوستانی سیاست کی ایک مشہور کتاب "کوٹیلیہ ارتھشاستر" کی تخلیق کی۔ سیاسی سائنس کی اصطلاح کا گہرا تعلق لفظ "سیاست" سے ہے۔ لفظی اعتبار سے اصطلاح Politics یونانی لفظ Polis سے آخذ ہے، جس کے معنی ایک شہری ریاست سے ہے کیونکہ قدیم یونانی سیاسی تنظیم کی سب سے مقبول شکل شہر تھی جو کہ ایک آزاد ریاست کی طرح تھی اور یہی وجہ ہے کہ افلاطون نے اپنی اہم تصنیف "The Republic" اور ارسطو نے اپنی تصنیف "The Politics" میں بنیادی طور پر شہر ریاستوں کے سیاسی مسائل کو بیان کیا ہے۔ اس طرح لفظ سیاست کے معنی شہری ریاست اور اس سے متعلقہ زندگی، واقعات، سرگرمیوں، رویے اور مسائل کا مطالعہ ہے۔ جس طرح وقت کے ساتھ ساتھ شہر کی ریاستیں بڑی بڑی سلطنتوں میں ترقی کرتی گئیں، اسی طرح سیاسی مضامین کا مطالعہ بھی ترقی کرتا گیا۔ جدید دور میں یہ موضوع ریاست، حکومت، انتظامیہ، فرد اور سماج کے درمیان مختلف تعلقات کا منظم مطالعہ کرتا ہے۔

علم سیاسیات، سماجی سائنس کا ایک حصہ ہے جس میں نظام حکومت، سیاسی ادارے، ریاست، عدلیہ، پارلیمنٹ، سیاسی پارٹی، سیاسی رویے وغیرہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے اور سیاسی سرگرمیوں کے خیالات اور سیاسی رویے کا تجزیہ کرتی ہے۔ اس میں تقابلی سیاست، بین الاقوامی تعلقات، سیاسی معیشت اور سیاسی طریقہ کار بھی شامل ہیں۔ اس کا تعلق سماجی سائنس کے دیگر مضامین جیسے تاریخ، سماجیات، فلسفہ، معاشیات وغیرہ سے بھی ہے۔ علم سیاسیات کا تعلق حکومت اور ریاست کے مطالعہ سے ہے۔ علم سیاسیات معاشرے میں لوگوں کو قوانین کو سمجھنے اور نظم وضبط قائم کرنے، اپنے ووٹ کے حق اور رہنماؤں کے انتخاب کرنے کے لیے ووٹ کے استعمال، معاشرے میں اپنے ذمہ داریوں کو سمجھنے میں مدد کرتی ہیں۔ علم سیاسیات کا مقصد طلبا کو ایک جمہوری اور ذمہدار شہری کے طور پر پوری طرح سے تیار کرنا اور عوام کو سیاسی تعلیم دینا ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ لفظی اعتبار سے اصطلاح Politics۔۔۔۔۔۔ لفظ Polis سے آخذ ہے؟ 2۔ علم سیاسیات کے بارے میں مختصر میں بتائے۔

5.2.2 علم سیاسیات کی تعریف(Definition of Political Science)

علم سیاسیات کی تعریف کے حوالے سے دو نقطہ نظر ہیں- پہلا، روایتی نقطہ نظر اور دوسرا جدید نقطہ نظر۔

علم سیاسیات کی روایتی نقطہ نظر: انیسویں صدی سے پہلے سیاسیات کے تمام تصورات روایتی نقطہ نظر سے تعلق رکھتے ہیں اور اس وقت کے تمام ماہر سیاسیات کو روایتی سیاسی سائنس دان کہا جاتا ہے۔ روایتی سیاسی سائنس دانوں کے مطابق، علم سیاسیات ریاست، حکومت اور دیگر سیاسی اداروں سے متعلق ہے۔ اس طرح روایتی نقطہ نظر میں سیاسیات کے ماہرین نے جو بھی مختلف تعریفیں پیش کی ہیں وہ اس بات کو واضع کرتی ہے کہ علم سیاسیات ریاست، حکومت اور ان دونوں کا مطالعہ ہے۔

علم سیاسیات کی چند تعریفیں: علم سیاسیات کی چند تعریفیں درج ذیل ہیں۔

ایک امریکی **پروفیسر گارنر (Garner)** نے ایک بار کہا تھا کہ 'سیاسی سائنس ریاست سے شروع ہوتی ہے اور ریاست پر ختم ہوتی ہے'۔ ان کی نظر میں، سیاسیات وہ سماجی سائنس ہے جو ریاست کی ابتدا اور نوعیت، سیاسی اداروں کی تاریخ اور سیاسی پیش رفت اور ترقی کے بارے میں کچھ طریقوں کا تعین کرتی ہے۔ لہذا روایتی نقطہ نظر ریاست کی ابتدا، نوعیت، نظریات اور مقاصد پر بحث کرتا ہے۔

آر جی گیٹل (R.G. Gettel) کے مطابق سیاسی سائنس اس بات کی ایک تاریخی تحقیقات ہے کہ ریاست کا آغاز کس طرح ہوا۔ ریاست کیا ہے؟ یہ ان باتوں کا ایک تجزیاتی مطالعہ ہے اور ریاست کو کیا ہونا چاہیے اس کی سیاسی-اخلاقی بحث ہے۔ اس طرح سیاسی سائنس ریاست کے ماضی، حال اور مستقبل، سیاسی تنظیموں اور سیاسی افعال، سیاسی اداروں اور سیاسی اصولوں اور یاسی نظریات کا مطالعہ کرتی ہے۔

جان رابرٹ سیلی (John Robert Seeley) کہتے ہے کہ "سیاسیات حکومت کے مظاہر کی تحقیقات کرتی ہے کیونکہ سیاسی معیشت دولت سے، حیاتیات زندگی سے، الجبرا اعداد کے ساتھ اور جیومیٹری خلا سے تعلق رکھتا ہے"۔

پال جینیٹ (Paul Janet) کا کہنا ہے کہ "سیاسیات سماجی سائنس کا وہ حصہ ہے جو ریاست کی بنیادوں اور حکومت کے اصولوں کی اصلاح کرتی ہے۔"

گیریز (Garies) کا ماننا ہے کہ "سیاسیات ریاستوں کی ابتداء، ترقی، مقصد اور تمام سیاسی مسائل سے نمٹتی ہے۔"

لارڈ ایکٹن (Lord Action) کہنا ہے کہ "سیاسیات کا تعلق ریاست اور اس کی ترقی کے لیے ضروری حالات سے ہے۔"

ڈیموک (Demock) کے مطابق سیاسیات کا تعلق ریاست اور حکومت سے ہے۔

آر این گلکرسٹ (R.N. Gilchrist) نے کہا ہے کہ سیاسیات کا تعلق ریاست اور حکومت کے عمومی مسائل سے ہے۔

لیکارک (Likark) کے مطابق، "سیاسی سائنس حکومت سے متعلق ہے۔

لاسکی (Laski) کے الفاظ میں، "سیاسی سائنس کا مطالعہ منظم ریاستوں سے متعلق انسانوں کی زندگی سے ہے۔"

ہرمن ہیلر (Herman Heller) کے الفاظ میں، "سیاسی سائنس کی جامع نوعیت کا تعین فرد سے متعلق بنیادی تصورات سے ہوتا ہے۔"

اگر روایتی سیاسی سائنس دانوں کی مندرجہ بالا تعریفوں کو غور سے پڑھیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ روایتی نقطہ نظر سے سیاسیات کی ہر تعریف ریاست اور حکومت تک محدود ہے۔ اگر ہم اوپر دی گئی تمام تعریفوں کا باریک بینی سے مطالعہ اور تجزیہ کریں تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ سیاسیات کے مطالعہ کا اصل موضوع ریاست اور حکومت ہے۔

روایتی نقطہ نظر کی بنیاد پر علم سیاسیات ہے:

علم سیاسیات صرف حکومت کے مطالعہ کا موضوع: بعض مفکرین کی رائے ہے کہ علم سیاسیات میں صرف حکومت کا مطالعہ کرنا بہتر ہوگا۔ ان کا خیال ہے کہ ریاست خود انسانوں کی تنظیم ہے جبکہ حکومت اس ریاست کو چلانے کا ایک طریقہ کار ہے۔ حکومت کی کوئی نہ کوئی شکل ہوتی ہے، یعنی حکومت ایک ٹھوس ادارہ ہے جو ریاست کی تمام سرگرمیاں مکمل کرتا ہے۔ ریاست کے تمام کام حکومت کے ذریعے ہی انجام پاتے ہیں۔ اس لیے سیاست میں حکومت کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

علم سیاسیات صرف ریاست کے مطالعہ کا موضوع: بعض مفکرین کی رائے ہے کہ علم سیاسیات ریاست کے مطالعہ کا موضوع ہے۔ کیونکہ ہر کام ریاست کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ ریاست انسانوں سے بنتی ہے اور ہر سیاسی ادارے کا بنیادی کام انسانوں یا ریاست کی فلاح و بہبود ہے۔ سیاست ریاست سے شروع ہوتی ہے اور ریاست پر ہی ختم ہوتی ہے۔ سیاسیات کا تعلق ریاست سے ہی ہے، اس میں یہ سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے کہ ریاست کے بنیادی عناصر کیا ہیں، ریاست کے مالیاتی پہلو کیا ہیں، ریاست کے ٹھوس پہلو (زمین، مکین)، اقتصادیات کیا ہیں؟ اس مقاصد سے مطالعہ کیا جاتا ہے۔ اس لیے سیاست کو ریاست کے مطالعہ کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔

علم سیاسیات ریاست اور حکومت دونوں کے مطالعہ کا موضوع: بعض علماء اور مفکرین نے علم سیاسیات کی تعریف ریاست اور حکومت دونوں کے مطالعہ سے کی ہے۔ یہ ایک جامع نقطہ نظر ہے۔ ان کا ماننا تھا کہ ریاست اور حکومت کے درمیان گہرا رشتہ ہے۔ ریاست اور حکومت دونوں ایک دوسرے پر منحصر ہیں۔ ریاست کو چلانے کے لیے حکومت جیسا نظام درکار ہوتا ہے اس لیے حکومت جیسے نظام کی اہمیت اسی وقت ممکن ہے جب ریاست ہو۔ سیاست میں ریاست کی بنیاد اور حکومت کے اصولوں کا مطالعہ شامل ہے۔

علم سیاسیات انسانی عنصر کے مطالعہ کا موضوع: بعض مفکرین نے مذکورہ تعریفوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسانی عنصر کے بغیر ریاست اور حکومت دونوں ہی بے مقصد ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ مذکورہ تصورات میں انسانی عنصر کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ جب انسانی عنصر موجود ہو تب ہی کوئی ریاست کی تشکیل کے بارے میں سوچا جاسکتا ہے کیونکہ ریاست صرف انسانوں کی تنظیم ہے اور حکومت کا ہر کام صرف انسانی عناصر کی فلاح و بہبود کے لیے ہے۔ اس لیے اس نے سیاست کو انسانی عنصر کے مطالعہ سے تعبیر کیا ہے۔

علم سیاسیات کی جدید نقطہ نظر: بین الاقوامی واقعات آج ہماری انفرادی اور قومی زندگی پر اثر ڈال رہے ہے۔ اس وجہ سے ریاستی سرگرمیاں بین الاقوامی واقعات سے متاثر ہوئے بنا نہیں رہ سکتی۔ سماج میں لوگوں کے سماجی اور سیاسی تعلقات، ریاست کے فرد کے ساتھ تعلقات، فرد کے ساتھ سماجی ادارے کے تعلقات اور مختلف ریاستوں کے باہمی تعلقات وغیرہ کو سیاسیات کے جدید نقطہ نظر میں شامل کیا گیا ہے۔

جدید سیاسی سائنس دانوں کا نظریہ بیسویں صدی کے آغاز میں سامنے آیا۔ جارج کیٹلن (George Catlin)، چارلس میریم (Charles Marriam)، المانڈ (Almond) اور پاول (Powell) جیسے جدید سیاسیات کے ماہرین کے مطابق، سیاسیات نہ صرف ریاست اور حکومت سے متعلق ہے۔ اس کا ایک وسیع علاقہ ہے جو فرد کے سیاسی رویے، سیاسی طاقت، معاشرہ، سیاسی ثقافت، بین الاقوامی قوانین، بین الاقوامی تعلقات، سیاسی نظام، سیاسی عمل اور دیگر سیاسی گروہوں سے بھی متعلق ہے۔

کیٹلن (Catlin) سیاست کو طاقت کی سائنس سمجھتے تھے۔

گلڈ اور پالمر (Guild and Palmer) کا خیال ہے کہ سیاست کو طاقت اور اختیار کے تعلقات کے لحاظ سے بہتر طور پر سمجھا جاسکتا ہے۔

میکس ویبر (Max Weber) کا کہنا ہے کہ سیاست اقتدار کی جدوجہد یا ان طاقتوں کو متاثر کرنا ہے۔

برٹرینڈ ڈی جوونیل (Bertrand D. Jovenel) کے مطابق، "سیاست سے مراد اس جدوجہد سے ہے جو فیصلہ کرنے سے پہلے ہوتی ہے اور وہ پالیسی جس پر عمل کیا جاتا ہے۔"

لاس ویل اور کپلن (Lasswell and Kaplan) کے مطابق،"سیاسی سائنس بطور تجرباتی تحقیقات طاقت کے تعین اور تقسیم کا مطالعہ ہے۔"

ہسجر اور سٹیونسن (Hasjar and Stevention) کے مطابق،"سیاسی سائنس وہ شعبہ ہے جو بنیادی طور پر طاقت کے تعلقات کا مطالعہ کرتا ہے۔"

جدید نقطہ نظر کی بنیاد پر علم سیاسیات ہے:

علم سیاسیات طاقت کے مطالعہ کے طور پر: اس تصور پر کیٹلن اور لاس ویل نامی مفکرین نے زیادہ زور دیا ہے۔ ان کا ماننا ہے کہ پولیٹیکل سائنس ادارے، ریاست یا حکومت کا مطالعہ ہے جو کنٹرول اور اثر و رسوخ کے جذبات کی بنیاد پر تخلیق کیا جاتا ہے۔ طاقت کا احساس انسان کی موثر ہونے کی خواہش میں ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ سیاست ایک جدوجہد ہے جسے انسان اپنا اختیار اور اثر و رسوخ قائم کرنے کے لیے کرتا ہے۔

علم سیاسیات سیاسی نظاموں کے مطالعہ کے طور پر: R. Kagan اور Almond نامی مفکرین اس تصور پر زور دیتے ہیں کہ سیاسیات سیاسی نظاموں کا مطالعہ ہے۔ ان کا خیال ہے کہ سیاسی نظام سماجی نظام کا ایک ذیلی نظام ہے، جس کے مختلف حصے ہیں۔ سیاسی نظام میں مختلف ڈھانچے یا ادارے ہوتے ہیں، جو اس سیاسی نظام کا لازمی حصہ ہیں، جن میں آئین، حکومت، عدلیہ نظام، رائے عامہ، پریشر گروپس، انتخابات، سیاسی جماعتیں وغیرہ شامل ہیں۔ ہم سیاسیات کا مطالعہ صرف ان تمام اداروں یا ڈھانچوں کے انسانی سیاسی زندگی سے تعلق کے تناظر میں کرتے ہیں۔

انسانی سرگرمیوں کے مطالعہ کے طور پر: اس نقطہ نظر کے مطابق سیاست، انسانی سیاسی زندگی، اس کے سیاسی رویے اور سیاسی اعمال کا مطالعہ ہے۔ انسانی رویے غیر سیاسی عناصر سے بھی متاثر ہوتے ہیں، جن کا مطالعہ ہم سیاسیات میں کرتے ہیں۔ اس لیے انسانی رویے کو اہمیت دیتے ہوئے انھوں نے رائے دی ہے کہ سیاسیات کو انسانی اعمال کے مطالعہ کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔

فیصلے کے عمل کے مطالعہ کے طور پر: کچھ مفکرین نے سیاست کو فیصلہ سازی کے عمل کے مطالعہ سے تعبیر کیا ہے۔ کسی شخص کی سیاسی زندگی میں حکمرانی کے ذریعے فیصلہ خود وہ شخص کرتا ہے۔ شخصیت، سیاسی نظریات، مذہب، ذات، شخص کی ذہنی سطح، ثقافت وغیرہ جیسے عناصر کسی شخص کے فیصلہ سازی کے عمل پر بہت زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس لیے سیاسیات میں فیصلہ سازی کے عمل یا فیصلہ سازی کا مطالعہ شامل ہونا چاہیے۔

علم سیاسیات کی نئی تعریفوں کے تناظر میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ علم سیاسیات، انسانی اعمال، طاقت، سیاسی نظام، فیصلے کے عمل کا مطالعہ ہے۔

اس کی کوئی عالمگیر تعریف نہیں ہے۔ لیکن سیاسیات کے روایتی اور جدید نقطہ نظر کی بحث سے اس کی ایک قابل قبول تعریف ہو سکتی ہے۔ علم سیاسیات سماجی سائنس کا ایک حصہ ہے جس میں ریاست اور سیاست کے فلسفیانہ، تنظیمی اور انتظامی سیاق و سباق، قومی اور بین الاقوامی، قانونی اور تنظیمی تعلقات کے تناظر اور متعدد سیاسی نظاموں کے تقابلی سیاق و سباق پر سائنسی طور پر بحث اور جائزہ لیا جاتا ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ کیٹلن(Catlin) نے۔۔۔۔۔۔کوطاقت کی سائنس سمجھتے تھے؟
2۔ علم سیاسیات کے روایتی اور جدید نقطہ نظر میں کیا فرق ہے؟

5.2.3 علم سیاسیات کی نوعیت(Nature of Political Science)

ایک طرف Aristotle, Bonda, Hobbes, Bryce, Laski, Blutsley, Montesquieu, وغیرہ علم سیاسیات کو سائنس کے طور پر قبول کرتے ہے۔ ان لوگوں کے مطابق سیاست ایک سائنس ہے جب کی Buckle, Comte, Baird, Caitlin, Mosca Buke اورMaitland وغیرہ سیاسی سائنس کو سائنس کے طور پر قبول نہیں کرتے ہے۔

سیاسیاست کو مندرجہ ذیل وجوہات کی بنیاد پر سائنس کے طور پر تصور کیا جاتا ہے۔

- سیاست کا مطالعہ بہت ہی منظم انداز میں کیا جاتا ہے۔ سائنس کی پہلی خصوصیت یہ ہے کہ اس کا تمام علم ایک منظم شکل میں ہوتا ہے۔ سیاسیات میں یہ خصوصیت پوری طرح موجود ہے۔
- مطالعاتی مواد کی بنیاد پر بھی سیاسیات کو بطور سائنس انکار نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اس کے مطالعاتی مواد میں سائنس کی طرح کسی حد تک استحکام اور یکسانیت ہے۔
- سیاسیات میں یقینی طور پر کچھ عالمی طور پر قبول شدہ حقائق موجو ہوتے دہیں۔
- علم سیاسیات میں بھی مشاہدہ اور جانچ ممکن ہے، حالانکہ اس مضمون میں مشاہدہ اور جانچ مادی علوم کی طرح نہیں ہو پاتا لیکن مشاہدے کے طریقہ کار کی بنیاد پر جمہوریت اور دیگر حکمرانی کے نظاموں کا مطالعہ کرتے ہوئے، ہم کچھ نہ کچھ عمومی نتیجہ اخذ کر سکتے ہے۔
- جہاں تک پیشین گوئی کرنے کی صلاحیت کا تعلق ہے تو علمِ سیاسیات میں قدرتی علوم کی طرح پیشین گوئیاں نہیں کی جاسکتیں، لیکن یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ اس مضمون میں بھی پیشین گوئی ممکن ہے، چاہے یہ پیشین گوئی ہمیشہ درست نہ ہو۔
- سیاست میں بھی سائنس کی طرح تجربات ہوتے ہے۔
- سیاسی سائنس میں دوسرے مادی علوم کی طرح آفاقی قوانین ہے۔
- علم سیاسیات میں کچھ اصول اور طریقہ ہے جس پر سیاسی مفکرین نے اتفاق کیا ہے۔

سیاست کو مندرجہ ذیل وجوہات کی بنیاد پر سائنس کے طور پر تصور نہیں کیا جاتا ہے۔

- علم سیاسیات میں آفاقی حقائق کی کمی پائی جاتی ہے۔
- وجوہات اور اسکے اثرات کے درمیان قطعی تعلق کا فقدان پایا جاتا ہے۔

- نگرانی اور جانچ کو سائنس کے طریقہ سے نہیں کیا جاسکتا ہے۔
- علم سیاسیات میں انسانی سیاسی رویہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے اور انسانی فطرت میں تبدیلی پائی جاتی ہے۔
- سائنس کی طرح درست پیائش نہین کی جاسکتی ہے۔
- علم سیاسیات میں سائنس کی طرح پیشن گوئی نہیں کی جاسکتی ہے،
- علم سیاسیات میں تعریف، اصطلاحات اور مطالعہ کے طریقوں کے بارے میں رائے میں فرق پایا جاتا ہے۔
- علم سیاسیات کی نوعیت سائنس کی طرح معروضی نہیں ہے۔
- سائنس کے مشاہدات اور تجرباتی حالات کو علم سیاسیات میں نافذ نہیں کیا جاسکتا۔

علم سیاسیات بطور فن: کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ کوئی بھی مطالعہ یا تو سائنس یا آرٹ کے زمرے میں آتا ہے، لیکن حقیقت میں ایسا سوچنا غلط ہے۔ ولیم ایسلنگر نے درست لکھا ہے کہ ''سائنس اور آرٹ کو متضاد نہیں ہونا چاہیے۔ آرٹ سائنس پر مبنی ہو سکتا ہے۔" یہ بات علم سیاسیات کے لیے مکمل طور پر صحیح ثابت ہوتی ہے۔

فن ایک ایسے علم کو کہا جاتا ہے، جس کا مقصد انسانی زندگی کو خوبصورت بنانا ہے۔ اس لحاظ سے علم سیاسیات بھی ایک فن ہے کیونکہ ریاست کو خوبصورت انداز میں کیسے چلایا جائے، کس طرح سے سیاسی تعلقات قائم کیے جاسکتے ہے، ان سب کا تعلق انسانی زندگی سے ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ کوئی دو اہم باتیں تحریر کیجیئے، جس کی بنیاد پر یہ کہا جاسکیں کی علم سیاسیات کی نوعیت سائنسی ہے۔ 2۔ کوئی دو اہم باتیں تحریر کیجیئے، جس کی بنیاد پر یہ کہا جاسکیں کی علم سیاسیات کی نوعیت سائنسی نہیں ہے۔

5.2.4 علم سیاسیات کی وسعت(Scope of Political Science)

علم سیاسیات کا دائرہ یا وسعت انتہائی وسع ہے اور اس کا تعین کرنا بھی بہت مشکل ہے کیونکہ فرد اور معاشرے کا شاید ہی کوئی ایسا پہلو ہو جو کہ اس سے جڑا نہ ہو۔ اس میں سیاسی فکر، سیاسی اصول، سیاسی فلسفہ، سیاسی نظریہ، تقابلی سیاست، عوامی انتظامیہ، بین الاقوامی تنظیم اور عوامی قانون وغیرہ شامل ہیں۔ علم سیاسیات کے مطالعہ کے دائرہ میں درج ذیل مواد آتے ہیں:

- **سیاست کے اصول**-ماضی اور حال کے سیاسی اصولوں اور نظریات کا مطالعہ۔
- **سیاسی ادارے**-آئین، قومی حکومت، علاقائی اور مقامی حکومت کا تقابلی مطالعہ۔
- **سیاسی جماعتیں، گروہ اور رائے عامہ**-سیاسی رویے کا مطالعہ اور سیاسی جماعتوں اور گروہوں کی رائے عامہ اور حکومت میں شہریوں کی شرکت کا عمل۔
- **بین الاقوامی تعلقات**-بین الاقوامی سیاست، بین الاقوامی تنظیم اور بین الاقوامی انتظامیہ کا مطالعہ۔
- مختلف روایتی سیاسی سائنس دانوں کا مطالعہ۔

- انسانی سیاسی زندگی کا مطالعہ۔
- ریاست اور حکومت اور انتظامیہ کا مطالعہ۔
- سیاسی نظریات کا مطالعہ
- سیاسی نظام کا مطالعہ
- کمیونٹی اور اداروں کا مطالعہ
- مختلف سیاسی نظریوں کا تقابلی مطالعہ
- مختلف حکومتوں کا تقابلی مطالعہ
- حقوق اور فرائض کا مطالعہ
- انسانی رویہ کا مطالعہ
- قیادت کا مطالعہ
- تنازعہ اور اختلاف کا مطالعہ۔
- سیاسی حرکیات (Political Dynamics) کا مطالعہ۔
- اس میں حکومت کے مختلف اداروں (مقننہ، عاملہ اور عدلیہ) کا بھی مطالعہ کیا جاتا ہے۔
- مقامی اور قومی مسائل اور ریاست کے بنیادی مسائل کا مطالعہ۔
- سیاسی نظریات کا مطالعہ۔
- حکومت اور سیاسی زندگی کے مختلف اداروں کے حقیقی کام کاج کا مطالعہ
- حکومتوں کی مختلف شکلیں یا اقسام، حکومتوں کے افعال اور انتظامیہ کا مطالعہ۔
- جنگ، امن اور بین الاقوامی رویے و مسائل وغیرہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔
- بین الاقوامی تعلقات کا مطالعہ
- سیاسی جماعتوں اور پریشر گروپس کا مطالعہ
- سیاسی فلسفہ کا مطالعہ
- بین الاقوامی قوانین کا مطالعہ
- مقامی، قومی اور بین الاقوامی مسائل کا مطالعہ
- انسان کے سیاسی پہلو کا مطالعہ
- عوام اور حکومت کے درمیان تعلقات کا مطالعہ
- افسر شاہی کے رویہ کا مطالعہ

- سیاسی رویہ اور تصور کا مطالعہ
- انتخابات اور انتخابات کے رویہ کے حالات کا مطالعہ
- ترقی پذیر ملک کا مطالعہ
- بین الاقوامی سیاست اور بین الاقوامی تنظیم کا مطالعہ

اس طرح علم سیاسیات کا دائرہ صرف انسان کے سیاسی رویے تک محدود نہیں ہے، یہ جامع ہے کیونکہ انسان کی سیاسی سرگرمیاں اس کی زندگی کی تمام سرگرمیوں جیسے سماجی، معاشی، مذہبی، اخلاقی وغیرہ پر اثرانداز ہوتی ہیں۔ کیٹلین نے بھی کہا کہ سیاست میں تمام چیزیں شامل ہیں جیسے خاندان کی تنظیم، انقلابات، بین الاقوامی سیاست، مذہبی اجتماعات، لیبر یونین اور ملازمین کی تنظیم وغیرہ۔ اس طرح علم سیاسیات کا دائرہ یا وسعت بہت ہی وسیع ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ علم سیاسیات کی وسعت پر مختصر میں نوٹ لکھئے۔

5.2.5 اہم تصورات اور موجودہ رجحانات(Key Concepts and Current Trends)

علم سیاسیات کے کچھ اہم تصورات درج ذیل ہیں:

ریاست(State): سیاسیات کے مطالعہ کا مرکزی نقطہ ریاست ہے۔ سیاسیات میں لفظ "ریاست" بہت سے معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ لیکن سیاسیات میں لفظ "ریاست" کا درست استعمال چار عناصر کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ علاقہ، آبادی، حکومت، خودمختاری۔ میکیاولی (Machiavelli) نے سب سے پہلے 'ریاست' کا نظریہ پیش کیا۔

شولزے(Schulz) نے کہا ہے کہ لفظ ریاست کے اتنی ہی تعریفیں ہیں جتنے کہ سیاست کے مصنفین ہیں۔ ریاست کی جو تعریفیں مختلف علماء نے دی ہیں وہ حسب ذیل ہیں۔

ارسطو(Aristotle) کے مطابق، "ریاست خاندانوں اور دیہاتوں کی ایک انجمن ہے جس کا مقصد ایک مکمل، خود انحصاری کی زندگی کا حصول ہے، جس کی اہمیت ایک خوش باوقار انسانی زندگی ہے۔"

ہالینڈ(Holland's) کے الفاظ میں، "ریاست انسانوں کے اس گروہ یا برادری کو کہا جاتا ہے جو عام طور پر کسی علاقے میں آباد ہو اور جس میں کسی ایک طبقے یا اکثریت کی مرضی باقی سب کے مقابلے میں عمل میں آتی ہو"۔

سیسیرو(Cicero) کے مطابق، "ریاست ایک ایسا معاشرہ ہے جس میں انسان باہمی فائدے اور نیکی کے مشترکہ احساس کی بنیاد پر ایک دوسرے کے ساتھ بندھے ہوئے ہیں۔"

گلکرسٹ (Gilchrist) کے مطابق، "ایک ریاست وہ ہوتی ہے جہاں کچھ لوگ ایک مخصوص علاقے میں ایک حکومت کے تحت منظم ہوتے ہیں۔ یہ حکومت اندرونی معاملات میں اپنے لوگوں کی خود مختاری کا اظہار کرتی ہے اور بیرونی معاملات میں دوسری حکومتوں سے آزاد ہوتی ہے۔"

ولسن (Wilson) کے مطابق، "ریاست ان لوگوں کا نام ہے جو کسی مخصوص علاقے کے اندر حکمرانی یا قانون کے ذریعے منظم ہوں۔"

افلاطون (Plato) کے مطابق، "ریاست فرد کی عظیم الشان شکل ہے۔"

کارل مارکس (Karl Marx) کے مطابق "ریاست محض ایک مشین ہے جس کے ذریعے ایک طبقہ دوسرے کا استحصال کرتا ہے"۔

بیتل (Bethel's) کے الفاظ میں، "ریاست انسانی معاشرے یا سیاسی ادارے کی وہ شکل ہے جو اپنے اختیارات کے امتزاج سے مشترکہ بھلائی کی تلاش کرتی ہے۔"

ریاست کے عناصر (Element of State): گارنر کے مطابق ریاست کے مندرجہ ذیل 4 ضروری عناصر ہیں۔

1۔ **آبادی (Population)**: ریاست میں آبادی کا ہونا بہت ضروری ہے۔ جہاں پر کوئی آبادی نہ ہو وہاں کسی ریاست کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ اس لیے کسی ریاست کو ریاست اسی وقت کہا جا سکتا ہے جب اس کی ایک خاص آبادی ہو۔ آبادی کے حوالے سے کوئی قطعی اصول نہیں بنایا جا سکتا، آبادی میں اضافہ یا کمی ریاست کے دیگر عناصر پر منحصر ہے۔ لیکن ایک مثالی ریاست میں آبادی کیا ہونی چاہیے یہ بات قابل غور ہے۔ افلاطون نے "ریپبلک" میں مثالی ریاست کی آبادی 5040 بتائی ہے۔ اسی طرح ارسطو نے بھی کہا ہے کہ آبادی نہ بہت زیادہ ہونی چاہیے اور نہ بہت کم۔ آبادی اتنی ہونی چاہیے کہ اسے سہارا مل سکے اور ریاست بھی اس سے محفوظ رہ سکے۔

2۔ **طے شدہ علاقہ (Definite Territory)**: ریاست کے لیے ایک مخصوص علاقہ ہونا ضروری ہے۔ مخصوص علاقہ ریاست کا دوسرا لازمی عنصر ہے، آبادی کی طرح ریاست کا تصور بھی علاقے کے بغیر نہیں کیا جا سکتا۔ لوگ اس وقت تک وہاں نہیں رہ سکتے جب تک کوئی یقینی زمین یا رقبہ موجود نہ ہو۔ اس لیے ریاست کے وجود کے لیے ایک قطعی علاقہ ضروری ہے۔

3۔ **حکومت (Government)**: ریاست کا تیسرا اہم عنصر ریاست میں حکومت یا حکمرانی کی موجودگی ہے۔ حکومت کو ریاست کی روح کہا جاتا ہے۔ کسی مخصوص سرزمین پر رہنے والے لوگ اس وقت تک ریاست نہیں کہلا سکتے جب تک وہاں حکومت نہ ہو۔ ایسا ادارہ ہونا ضروری ہے جس کے احکامات پر عمل کرنا ہر شخص کے لیے ضروری ہو۔ ریاست کی خواہشات اور جذبات کی پیروی صرف حکومت کرتی ہے۔ حکومت کے اندر ایسے حکام ہوتے ہیں، جو حکومت کے کام انجام دیتے ہیں، جیسے قوانین بنانا اور نافذ کرنا اور خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دینا وغیرہ۔

4۔ **خود مختاری (Sovereignty)**: خود مختاری ریاست ہونے کی پہچان ہے۔ اگر کسی معاشرے میں باقی تین عناصر موجود ہوں لیکن خود مختاری نہ ہو تو وہ ریاست نہیں بن سکتی۔ خود مختاری ریاست کا لازمی حصہ ہے۔ آزادی حاصل کرنے سے پہلے ہندوستان کی اپنی آبادی،

مخصوص علاقہ اور حکومت تھی لیکن خود مختاری نہ ہونے کی وجہ سے اسے ریاست نہیں کہا جاتا تھا۔ خود مختاری کا مطلب یہ ہے کہ ریاست داخلی نقطہ نظر سے مکمل طور پر خود مختار ہے۔ ریاست کے اندر کوئی فرد یا برادری ایسا نہیں ہے جو اس کے احکامات پر عمل نہ کرے۔ خارجی نقطہ نظر سے خود مختاری کا مطلب یہ ہے کہ ریاست خارجہ تعلقات کا تعین کرنے کے قابل ہو۔ یہ مکمل طور پر خود مختاری ہے، لیکن اگر ریاست رضاکارانہ طور پر اپنے اوپر کوئی پابندی قبول کرلے، تو ریاست کی خود مختاری پر کوئی پابندی نہیں ہے۔

طاقت (Power): افراد یا گروہوں کی دوسروں کے رویے پر اثر انداز ہونے یا ان کو کنٹرول کرنے کی صلاحیت کو طاقت کہا جاتا ہے۔

سیاسی نظریات (Political Ideologies): عقائد اور اقدار کے مجموعے جو سیاست، معاشرے اور حکومت کے کردار کے بارے میں افراد یا گروہوں کے خیالات کو تشکیل دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر لبرل ازم، قدامت پسندی، سوشلزم اور فاشزم وغیرہ۔

سیاسی ادارے (Political Institutions): سیاسی نظام کے اندر وہ ڈھانچے اور تنظیمیں جو قانون سازی، انتظامیہ اور فیصلہ سازی جیسے کام کو انجام دیتی ہیں جیسے مجلس عاملہ، مجلس مقننہ اور عدلیہ شامل ہیں۔

سیاسی شرکت (Political Participation): سیاسی عمل میں افراد کی شمولیت، بشمول ووٹنگ، سرگرمی، احتجاج اور عہدے کے لیے انتخاب۔

سیاسی ثقافت (Political Culture): مشترکہ عقائد، اقدار، رویے اور طرز عمل جو معاشرے کے اندر افراد کے سیاسی رویے کو تشکیل دیتے ہیں۔

عوامی پالیسی (Public Policy): سماجی مسائل کو حل کرنے، وسائل مختص کرنے اور رویے کو منظم کرنے کے لیے حکومتوں کے ذریعے کیے گئے فیصلے اور اقدامات۔

سیاسی نظریہ (Political Theory): سیاسی نظام اور رویے کے تحت اصولوں، نظریات اور تصورات کا مطالعہ، جو اکثر انصاف، مساوات اور قانونی حیثیت کے سوالات کو تلاش کرتے ہیں۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check Your Progress)
1۔ گارنر کے مطابق ریاست کے ضروری عناصر کتنے ہیں اور مختصر میں ان پر ایک نوٹ لکھیے۔

5.3 خلاصہ (Summary)

آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ علم سیاسیات میں ریاست، حکومت، حکومت کے اجزء، آئین ہند، سیاسی نظریات، سیاسی رویہ، سیاسی تعلقات، حکمرانی سیاسی اور سماجی تنظیم وغیرہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ علم سیاسیات کے معنی، تعریف، نوعیت، دائرہ کار اور کلیدی تصورات کی تحقیق کے ذریعے، ہم نے اس مضموں کی کثیر جہتی نوعیت کے بارے میں بصیرت حاصل کی ہے اور اسکی پیچیدگیوں کو بھی سمجھا۔ سیاسی نظاموں اور اداروں کے امتحان سے لے کر سیاسی رویے اور نظریات کے تجزیے تک، سیاسیات ہمیں حکمرانی کے دائرے میں انسانی تعامل کی پیچیدگیوں کو سمجھنے کے لیے ایک فریم ورک فراہم کرتی ہے۔

مزید برآں، سیاسیات کی اہمیت بہت زیادہ ہے کیونکہ عوامی گفتگو، پالیسی سازی، اور فیصلہ سازی کے عمل کو مقامی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر حکومت کے ذریعہ ہی تشکیل دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ ہم عالمی چیلنجوں مثال کے طور پر عدم مساوات، موسمیاتی تبدیلی اور جغرافیائی سیاسی تناؤ سے نمٹنے میں سیاسی سائنس ہمیں صحیح سمت میں رہنمائی کرتی ہے۔

5.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپنے درجِ ذیل باتیں سیکھیں:

- علم سیاسیات جسے انگریزی میں پولیٹیکل سائنس کہتے ہے یہ دوالفاظ ایک پولیٹیکل اور دوسرا سائنس سے ملکر بنا ہے۔ سیاسی سے مراد طاقت اور اقتدار سے ہے اور سائنس سے مراد وہ علم جو منظم مطالعہ سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اس طرح یہ کہا جا سکتا ہے کہ سیاسی اداروں، انسانوں کے سیاسی رویے، سیاسی نظام، بین الاقوامی تعلقات اور اقتدار اور اختیار سے متعلق تمام امور کا منظم مطالعہ علم سیاسیات ہے۔
- علم سیاسیات، سماجی سائنس کا ایک حصہ ہے جو نظام حکومت، سیاسی ادارے، ریاست، عدلیہ، پارلیمنٹ، سیاسی پارٹی، سیاسی رویے وغیرہ کا مطالعہ کرتی ہے اور سیاسی سرگرمیوں کے خیالات اور سیاسی رویے کا تجزیہ کرتی ہے۔
- جدید سیاسیات کے ماہرین کے مطابق، سیاسیات نہ صرف ریاست اور حکومت سے متعلق ہے۔ اس کا ایک وسیع علاقہ ہے جو فرد کے سیاسی رویے، سیاسی طاقت، معاشرہ، سیاسی ثقافت، سیاسی سماجی کاری، بین الاقوامی قوانین، اور بین الاقوامی تعلقات، سیاسی نظام، سیاسی عمل، اور دیگر سیاسی گروہوں سے بھی متعلق ہے۔
- ایک طرف Aristotle, Bonda, Hobbes, Bryce, Laski, Blutsley, Montesquieu, وغیرہ علم سیاسیات کو سائنس کے طور پر قبول کرتے ہے۔ ان لوگوں کے مطابق سیاست ایک سائنس ہے جب کی Buckle, Comte, Baird, Caitlin, Mosca Buke اور Maitland وغیرہ سیاسی سائنس کو سائنس کے طور پر قبول نہیں کرتے ہے۔
- علم سیاسیات کا دائرہ انتہائی وسیع ہے اور اس کا تعین کرنا بھی بہت مشکل ہے کیونکہ فرد اور معاشرے کا شاید ہی کوئی ایسا پہلو ہو جو کہ اس سے جڑا نہ ہو۔ اس میں سیاسی فکر، سیاسی اصول، سیاسی فلسفہ، سیاسی نظریہ، تقابلی سیاست، عوامی انتظامیہ، بین الاقوامی تنظیم اور عوامی قانون وغیرہ شامل ہیں۔
- سیاسیات کے مطالعہ کا مرکزی نقطہ ریاست ہے۔ سیاسیات میں لفظ "ریاست" بہت سے معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ لیکن سیاسیات میں لفظ "ریاست" کا درست استعمال چار عناصر کی بنیاد پر کیا جاتا ہے - علاقہ، آبادی، حکومت، خود مختاری۔

5.5 فرہنگ(Glossary)

الفاظ(Word)	معنی(Meaning)
علم سیاسیات (Political Science)	سیاسی اداروں، انسانوں کے سیاسی رویے، سیاسی نظام، بین الاقوامی تعلقات اور اقتدار اور اختیار سے متعلق تمام امور کا منظم مطالعہ علم سیاسیات ہے۔
ریاست (State)	ریاست سیاسی طور پر لوگوں کا ایک منظم ادارہ ہے جو ایک مقررہ علاقے پر حکومت کرتا ہے اور خود مختاری کا استعمال کرتا ہے۔
آبادی(Population)	آبادی سے مراد کسی مخصوص علاقے یا ملک میں رہنے والے لوگوں کی کل تعداد سے ہے۔
علاقہ(Territory)	علاقہ سے مراد حکومت کے زیر کنٹرول جغرافیائی علاقہ ہے۔
خود مختاری (Sovereignty)	خود مختاری سے مراد ریاست کا اعلیٰ اختیار اور طاقت ہے جس سے وہ بیرونی مداخلت کے بغیر خود پر حکومت کر سکے۔

5.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Type Questions)

1۔ ہندوستان کا پہلا سیاسی مفکر مانا جاتا ہے:

(a) چانکیہ (b)منو (c) امرتیہ سین (d)ان میں سے کوئی نہیں

2۔ ”The Republic“ کس کی تصنیف ہے:

(a) افلاطون (b)ارسطو (c)روسو (d)ان میں سے کوئی نہیں

3۔ ”The Politics“ کس کی تصنیف ہے:

(a) افلاطون (b)ارسطو (c)روسو (d)ان میں سے کوئی نہیں

4۔ علم سیاسیات کا تعلق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے:

(a) معاشیات (b) تاریخ (c)سماجی سائنس (d)ان میں سے کوئی نہیں

5۔ کس کے کہا ریاست کے 4 عناصر ہوتے ہے:

(a) گارنر (b)ولسن (c)کارل مارکس (d)ارسطو

6۔ روایتی نقطہ نظر سے علم سیاسیات کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا مطالعہ نہیں مانا جاتا ہے:

(a) حکومت (b)ریاست (c)حکومت اور ریاست (d)**انسانی سرگرمیوں**

7۔ گارنرز کے مطابق ان میں سے کون ریاست کا عناصر نہیں ہے:

(a) آبادی (b)طاقت (c)خود مختاری (d)حکومت

8۔ کس نے کہا کہ "ریاست فرد کی عظیم الشان شکل ہے۔":

(a)ارسطو (b)کارل مراکس (c)افلاطون (d)ولسن

9۔ ریاست کا نظریہ سب سے پہلے کس نے دیا:

(a)میکیاویلی (b)ارسطو (c) گلکرسٹ (d)ان میں سے کوئی نہیں

10۔ کس نے کہا کہ سیاسی سائنس حکومت سے متعلق ہے:

(a)میکیاویلی (b)ارسطو (c) گلکرسٹ (d) لیکارک

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1۔ علم سیاسیات کے معنی مختصر میں بتائے۔

2۔ علم سیاسیات کی کوئی دو تعریف لکھیئے؟

3۔ علم سیاسیات کے روایتی نقطہ نظر کی تشریح کیجئے۔

4۔ علم سیاسیات کے جدید نقطہ نظر کی تشریح کیجیئے۔

5۔ کوئی دہ وجوہات بتائے، جس کے بنیاد پر علم سیاسیات کو سائنس کہا جاسکیں۔

6۔ کوئی دہ وجوہات بتائے، جس کے بنیاد پر علم سیاسیات کو فن کہا جاسکیں۔

7۔ علم سیاسیات کے دائرہ یا وسعت پر مختصر نوٹ لکھیئے۔

8۔ آوامی پالیسی کسے کہتے ہے، مختصر میں نوٹ لکھیئے۔

9۔ حکومت کو مختصر میں واضح کیجئے۔

10۔ حکومت کی خود مختاری سے کیا مراد ہے۔

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answer Type Questions)

1۔ علم سیاسیات سے کیا سمجھتے ہے؟اس کی کچھ تعریف لکھتے ہوئے اسکے تصور کو واضح کیجیئے۔۔

2۔ علم سیاسیات کی نوعیت کے بارے میں تفصیل سے بتائے۔

3۔ علم سیاسیات کی وسعت کے بارے میں تفصیل سے بتائے۔

4۔ علم سیاسیات کے کچھ اہم تصورات کو واضح کیجئے۔

5۔ علم سیاسیات کے روایتی اور جدید نقطہ نظر میں فرق کی تفصیل سے بیان کیجیے۔

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید (Answer Key of Objective Type Questions)

سوال نمبر	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
جواب	b	a	c	a	a	a	b	C	a	d

5.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

1۔ Hussain, M.A. (2018). Pedagogy of Social Studies (In Urdu), B.Ed. (ODL)SLM. Hyderabad, DDE and DTS, Maulana Azad National Urdu University

2۔ Khan, M.S. (2015). Pedagogy of Social Studies (In Urdu), Ghaziabad, MNS Publishing House

3۔ Kazmi, G. and Kazmi, T. J. (2013). Political Science (Maharashtra Board of Secondary and Higher Secondary Education), Mumbai, Saifee Book Agency

4۔ Kochhar, S.K. (1992). Methods & Techniques of Teaching, New Delhi, Sterling Publishers Private Limited.

5۔ Mishra, R.M. (2010). Teaching Technology and Evaluation, Lucknow, Alok Prakashan

6۔ Sharma, R.A. (2012). Teaching of Social Science, Meerut, R.Lal Book Depot.

7۔ Sharma, R.L. (2006). The Teaching of Social Studies, Agra, Vinod Pustak Mandir

8۔ Singh, H. (2015). Hand Book of Political Science, New Delhi, Jain Book Agency

9۔ Thessarsery, I. (2012). Teaching of Social Science for the 21st Century, New Delhi, Kanishka Publishers & Distributors

10۔ http://www.samaj-thesociety.blogspot.in/2010/08/new-trends-in-political-theory.html

اکائی 6۔ ہندوستان کا آئین

(Indian Constitution)*

6.0 تمہید (Introduction)

6.1 مقاصد (Objectives)

6.2 ہندوستان کا آئین (Indian Constitution)

6.2.1 بنیادی حقوق اور فرائض (Fundamental Rights and Duties)

6.2.1.1 بنیادی حقوق (Fundamental Rights)

6.2.1.2 بنیادی فرائض (Fundamental Duties)

6.2.2 حکومت کے اجزاء (Organs of Governments)

6.2.2.1 مجلس مقنّنہ (Legislature)

6.2.2.2 مجلس عاملہ (Executive)

6.2.2.3 عدلیہ (Judiciary)

6.3 خلاصہ (Summary)

6.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

6.5 فرہنگ (Glossary)

6.6 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

6.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

6.0 تمہید (Introduction)

ہندوستانی آئین ملک کی مختلف ثقافتوں کے تصور اور جمہوریت پر مبنی ہے۔ یہ حکومت کے سیاسی اصولوں، ڈھانچے اور اختیارات کے ساتھ ساتھ شہریوں کے حقوق اور فرائض کی وضاحت کرتا ہے۔ اسے آئین ساز اسمبلی کے ذریعہ تیار کیا گیا اور 26 نومبر 1949 کو منظور کیا

* Dr. Jaki Mumtaj, Associate Professor, MANUU CTE, Bhopal

گیا، یہ 26 جنوری 1950 کو نافذ ہوا، جس سے ملک کی جمہوریہ میں منتقلی ہوئی تھی۔ یہ حکومت اور اس کے شہریوں دونوں کے کردار، ذمہ داریوں اور حقوق کو بیان کرتے ہوئے، بہتر حکمرانی کے لیے فریم ورک تیار کرتا ہے۔اس آئینی فریم ورک کے مرکزی حصے میں بنیادی حقوق اور بنیادی فرائض کے تصورات ہیں، جو جمہوریت اور شہریت کے ستون کے طور پر کام کرتے ہیں۔اس اکائی میں، ہم ہندوستانی آئین کے بارے میں مطالعہ کریں گے۔ آئین میں جن انسانی بنیادی حقوق اور بنیادی فرائض کی بات کی گئی ہے ان کا مطالعہ بھی کریں گے۔اس کے ساتھ اس اکائی میں آپ حکومت کے اجزاء جیسے مجلس مقننہ، مجلس عاملہ اور عدلیہ اور انکے افعال کے بارے میں بھی معلومات حاصل کریں گے۔

6.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کو مکمل کرنے کے بعد، آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ہندوستان آئین کو مختصر میں بیان کر سکیں گے۔
- ہندستانی آئین میں دیے گیے بنیادی حقوق کی وضاحت کر سکیں گے۔
- ہندوستانی آئین میں دیے گیے بنیادی فرائض کی تشریح کر سکیں گے۔
- بنیادی حقوق اور بنیادی فرائض کے درمیان فرق کو سمجھ سکیں گے۔
- مجلس مقننہ، مجلس عاملہ اور عدلیہ کے افعال کو سمجھ سکیں گے۔

6.2 ہندوستان کا آئین (Indian Constitution)

ہندوستانی آئین ملک کے لیے ایک اعلی قانون کی حثیت رکھتا ہے، جو ملک کی حکمرانی کے لیے فریم ورک کے طور پر کام کرتا ہے۔ملک کا حکومتی نظام ملک کے آئین کے مطابق انجام پاتا ہے۔ملک کی نظم و نسق کے لیے بنائے گئے تمام ضابطے (قوانین) جس کتاب میں یکجا ہیں، اسے ہندوستان کا آئین کہتے ہیں۔اس میں سرکاری اداروں کے ڈھانچے، طریقہ کار، اختیارات اور فرائض کے ساتھ ساتھ شہریوں کے لیے بنیادی حقوق اور ہدایتی اصولوں، حکومتی اداروں کی تشکیل اور ان کے اختیارات کی معلومات درج ہے۔آئین ہند ہمارے عوامی نمائیدوں کو حکومتی کام کرنے میں رہنمائی کرتا ہیں اور انھیں اپنے اختیارات کا غلط استعمال کرنے سے روکتا ہے۔آئین میں درج دفعات ہی شہریوں کے حقوق کی ضمانت دیتے ہیں اور حکومت میں عوام کا تعاون بھی بڑھاتا ہے۔آئین کے مطابق نظام حکومت چلانے سے جمہوریت مستحکم ہوتی ہے۔

آزادی سے قبل ہندوستان میں انگریزوں کا قانون تھا، جس سے ہندوستانی عوام اتفاق نہیں رکھتی تھی۔جب یہ طئے ہو گیا کے ہمارے ملک کو آزاد کر دیا جائے گا تو تحریک آزادی کے رہنمائوں نے اپنے ملک کے نظام حکومت کے لیے خود قوانین بنائے کے بارے میں سوچا اور 9 دسمبر 1946 میں مجلس آئین کی پہلی نشست ہوئی اور دستور سازی کا عمل شروع ہوا۔ڈاکٹر راجندر پرساد کو مجلس آئین کا صدر بنایا گیا۔اس مجلس میں 389 ممبران تھے۔ مجلس آئین میں مشہور اور ماہر قانوداں، مہاراجائوں اور نوابوں کی ریاست کے نمائندے اور عورتوں کی طرف سے نمائندے بھی شامل کیے گئے۔ بہت ساری کمیٹی بنائی گئی جس میں آئین کا خاکہ تیار کرنے کے لیے سب سے اہم ڈرافٹنگ کمیٹی بھی بنائی گئی

۔ڈرافٹنگ کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر تھے۔اس کمیٹی نے آئین کے خاص مسودہ کو تیار کیا۔ مجلس آئین نے مکمل آئین 26 نومبر 1949 کو منظور کیااور یہ طئے کیا گیا کے 26 جنوری 1950 سے یہ آئین دستور نافذ کیا جائے گا۔

آئین ہند کی تمہید کی ابتدا 'ہم بھارت کے عوام' ان لفظوں سے ہوتی ہے اور اختتام 'یہ آئین ہم اپنے آپ پر نافذ کرتے ہے' ان لفظوں سے ہوتی ہے اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ آئین بھارتیوں کا تیار کردہ ہے۔ہندوستان کے آئین کی تمہید میں عوامی جمہوری، سماج واد (سوشلزم)، غیر مذہبی حکومت (سیکولر حکومت)، مساوات، آزادی، انصاف اور بائی چارے کی بات کی گئی ہے۔

ہندوستان کا آئین کی تمہید کی کچھ اہم باتیں اور خصوصیات: ہم بھارت کے عوام نے یہ پختہ عہد کیا ہے کہ بھارت کو ایک خود مختار، سماجوادی، غیر مذہبی، عوامی جمہوریہ بنائیں گے اور اس کے تمام شہریوں کو انصاف (سماجی، معاشی اور سیاسی)، آزادی، (خیال، اظہار، یقین، عقیدہ اور عبادت کی)، مساوات (حثیت اور مواقع میں) اور فرد کے وقار اور ملک کے اتحاد اور سالمیت کی ضمانت دیں۔

ہندوستانی آئین کے بارے میں کچھ اہم نکات درجِ ذیل ہیں:

- ہندوستانی آئین دنیا کے سب سے طویل تحریری آئینوں میں سے ایک ہے، جس میں 448 آرٹیکل ہیں، 25 حصوں اور 12 فہرست (شیڈولز) میں تقسیم ہیں۔
- گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ (1935) کی جگہ پر 26 جنوری 1950 کو ہندوستان کا آئین کو نافذ کیا گیا۔
- یہ مختلف ذرائع سے متاثر ہوتا ہے، جس میں گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ (1935)، برطانوی پارلیمانی نظام، امریکی آئین، آئرش آئین اور مختلف دیگر آئین شامل ہیں۔
- ہندوستان میں ایک مضبوط وفاقی نظام حکومت ہے۔اختیارات کو مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے درمیان تقسیم کیے جاتے ہیں، لیکن مرکزی حکومت کے پاس کچھ معاملات میں اختیارات کی بالادستی ہوتی ہے۔
- آئین اپنے شہریوں کو کئی بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، بشمول مساوات کا حق، آزادی اظہارِ رائے، مذہب کا حق اور آئینی میں ترمیم کا حق۔اس کے ساتھ ہی آئین میں شہریوں کے لیے فرائض بھی بتائے گئے ہے۔
- یہ حکومت کے لیے ایک منصفانہ معاشرہ قائم کرنے کے لیے رہنمائی کرتا ہیں۔اگرچہ عدالتوں کے ذریعے نافذ نہیں کیا جاسکتا، لیکن وہ ملک کی حکمرانی کے لیے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔
- ہندوستان پارلیمانی نظام حکومت کی پیروی کرتا ہے، جس میں صدر ملک کے سربراہ اور وزیر اعظم حکومت کے سربراہ کے طور پر ہوتے ہے۔
- ہندوستانی آئین سپریم کورٹ کے ساتھ ایک آزاد عدلیہ قائم کرتا ہے، جس کا کام آئین کو برقرار رکھنے اور شہریوں کے حقوق کے تحفظ کرنا ہے۔
- بدلتے ہوئے حالات کے مطابق ڈھالنے کے لیے آئین اپنی ہی ترمیم فراہم کرتا ہے۔ ترمیم کے لیے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں یا بعض صورتوں میں ریاستی مقننہ کے نصف کی توثیق کے ساتھ خصوصی اکثریت کی ضرورت ہوتی ہے۔

- ہندوستان ایک سیکولر ریاست ہے، جس کا مطلب ہے کہ اس کا کوئی سرکاری مذہب نہیں ہے۔ آئین مذہبی آزادی فراہم کرتا ہے اور مذہب کی بنیاد پر امتیازی سلوک کی ممانعت کرتا ہے۔
- کچھ وفاقی ممالک کے برعکس، ہندوستان واحد شہریت کے اصول پر عمل کرتا ہے، جہاں ہر شہری صرف اپنی ریاست کا نہیں بلکہ پورے ملک کا شہری ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ ہندوستان کا آئین کی تمہید میں کن اہم باتون کو کہا گیا ہے۔ 2۔ ہندوستان کے آئین کی کوئی دو اہم باتوں کو تحریر کیجیئے۔

6.2.1 بنیادی حقوق اور فرائض(Fundamental Rights and Duties)

درج ذیل میں آئین میں دیے گیے بنیادی حقوق اور فرائض کے بار میں وضاحت کی گئی ہے۔

6.2.1.1 بنیادی حقوق(Fundamental Rights)

شہریوں کے وہ حقوق جو آئین میں شامل ہیں 'بنیادی حقوق' کہلاتے ہیں۔ حقوق انساں کی فلاح و بہودی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ انساں کی انفرادی ترقی کے لیے یہ بہت اہم ہے۔ یہ حکومت کے اختیارات کو بھی محدود کرتا ہے۔ حکومت کوئی بھی ایسا قانون نہیں بنا سکتی جس سے یہ بنیادی حقوق سلب کیے جا سکیں۔ آئین ساز نے بنیادی حقوق کی حفاظت کی ضرورت کو شدت سے محسوس کیا ہے، اس لیے آئین نے شہریوں کی بنیادی حقوق کی حفاظت کی ذمہ داری عدلیہ کو دیا ہے۔ بنیادی حقوق جو آئین کی فہرست میں شامل ہیں اس کا تحفظ ضروری ہے۔ یہ حقوق بنیادی اس لیے ہیں کیونکہ آئین نے اسے الگ سے تیسرے حصے میں تحریر کیا ہے۔ آئین کے ذریعہ حکومت پر پابندی عائد کر دی گئی ہے، کوئی بھی حکومت بنیادی حقوق پر حملہ نہیں کر سکتی آئین کے ذریعہ بنیادی حقوق کو تحفظ دیا گیا ہے اور اس کی گارنٹی دی گئی ہے۔ کوئی بھی حق تلفی کا شکار فرد عدالت میں مقدمہ دائر کر سکتا ہے۔ حقوق، آئین کا بنیادی ڈھانچہ ہے۔ یہ تب ہی بدل سکتے ہے جب آئین پوری طرح تبدیل کیا جائے گا۔ حقوق لا محدود نہیں ہیں، حقوق کے استعمال کے طریقے واضح طور پر تحریر کر دیے گئے ہے۔ ایک فرد یا جماعت کو اپنے اظہار خیال کا حق حاصل ہے۔

آئین ہند کا حصہ سوم ہندوستانیوں کے حقوق کی ضمانت دیتا ہیں۔ آئین میں سات بنیادی حقوق فراہم کیے گئے تھے: مساوات کا حق، آزادی کا حق، استحصال کے خلاف حق، مذہب کی آزادی کا حق، ثقافتی اور تعلیمی حقوق، جائداد کا حق اور آئینی میں ترمیم کا حق۔ تاہم جائداد کے حق کو سال 1978ء میں 44ویں ترمیم کے ذریعہ آئین کے تیسرے حصہ سے ہٹا دیا گیا۔ اب ہندوستانی آئین میں چھ بنیادی حقوق ہیں۔ ذیل میں ان کا تذکرہ ان سے متعلق آئین کی دفعہ کے ساتھ درج ذیل ہے:

- مساوات کا حق (آرٹیکل 14-18)
- آزادی کا حق (آرٹیکل 19-22)

- استحصال کے خلاف حق (آرٹیکل 23-24)
- مذہب کی آزادی کا حق (آرٹیکل 25-28)
- ثقافتی اور تعلیمی حقوق (آرٹیکل 29-30)
- آئینی میں اصلاح کا حق (آرٹیکل 32)

موجودہ آئین کے تیسرے حصے میں اب بنیادی حقوق سے متعلق جو دفعات، ہیں وہ چھ قسم کی ہے۔

مساوات کا حق (آرٹیکل 14-18): اس میں قانون کی نظر میں مساوات، مذہب، خاندان، نسل، ذات پات، جنس، یا جائے پیدائش کی بنیاد پر کسی کے ساتھ امتیازی سلوک کی ممانعت، چھوت اچھوت کا خاتمہ اور عوامی ملازمت کے معاملات میں تمام شہریوں کو سرکاری روزگار کے یکساں مواقع کی ضمانت دی گئی ہے۔ ریاست کسی کے ساتھ اُسکی نسل، زبان، مذہب وعلاقائیت وغیر کی بنیاد پر فرق نہیں کرسکتی ہے۔ کسی بھی فرد کو عوامی جگہ جیسے ہاسپٹل، اسکول، سینماگھر، کھیل کا میدان، نل، ندی، تلاب اور کنواں وغیرہ پر جانے سے نہیں روکا جاسکتا۔ ہر ایک کو عوامی سہولت حاصل کرنے کا حق ہے۔ انگریزی حکومت میں انعامات کے طور پر خاص لوگوں کو خطابات سے نوازہ جاتا تھا جیسے رائے صاحب، رائے بہادر، دیوان صاحب خان۔ خان بہادر وغیرہ اس طرح کے خطابات پر پابندی عائد کردی گئی ہیں، جس کی وجہ سے لوگوں میں اعلی اور ادنہ کا جذبہ پیدا نہ ہو۔

آزادی کا حق (آرٹیکل 19-22): آزادی کسی بھی فرد کی ہمہ جہتی ترقی کا ذریعہ ہے۔ آزادی کا مطلب یہ نہیں ہیں کہ کوئی فرد اپنی مرضی سے جو چاہے وہ کرے۔ آزادی کا مطلب ہیں کہ کوئی بھی شخص اپنی آزادی کا استعمال قانونی کے دائرے میں رہے کر کریں اور دوسروں کی آزادی پر کسی طرح کا کوئی اثر نہ پڑے۔ اس میں تقریر اور اظہار کی آزادی، بغیر ہتھیار کے ایک جگہ جمع ہونے کی آزادی، انجمن، تنظیم، یونین اور ادارے قائم کرنے کی آزادی، ہندوستان کے خطے میں آزادانہ سفر کرنے یا، نقل وحرکت کا حق، ہندوستان کے کسی بھی حصہ میں رہائش کا حق، کسی بھی پیشے، تجارت، یا کاروبار کو کرنے کا حق اور جینے اور ذاتی آزادی کا حق شامل ہے۔

استحصال کے خلاف حق (آرٹیکل 23-24): اس کے تحت شہریوں کو استحصال کے لیے مخالفت کرنے کا حق دیا گیا ہے۔ آئین نے انسانوں کی خرید وفروخت، غلامی، بندھوا مزدوری جیسے بُرے رواج کی ممانیت کے ساتھ ساتھ پاپندی عائد کردی گئی ہے۔ اس طرح 14 سال سے کم عمر کے بچہ کو کارخانوں، کھیتوں اور دوسرے خطرناک کاموں میں نہیں لگایا جاسکتا۔ ان سے کام کرانے پر پابندی عائد کی گئی ہے جس کے نہ ماننے پر کام کرانے والے کو سزا ہوسکتی ہے۔ 2006 میں اسی قانون کو اور وسعت دی گئی اور اب بچوں سے کرائی جانے والی ہے ہر قسم کی مزدوری کو قانونی جرم قرار دیا گیا ہے۔

مذہب کی آزادی کا حق (مضامین 25-28): ہندوستان ایک سیکولر ملک ہے۔ جس میں مختلف مذہب کے ماننے والے اور مختلف فرقوں کے لوگ آباد ہے۔ ہر شخص کو اپنے مذہب کے اصلوں پر چلنے اور عبادت کرنے کی آزادی ہے۔ حکومت کا کوئی اپنا مذہب نہیں ہے اور اُس نے سبھی مذہبوں کو برابری کا حق دیا ہے اور اُسے شہریوں کا ذاتی مسلہ قرار دیا ہے۔ کوئی بھی شہری کسی بھی مذہب کو ماننے کا حق رکھتا ہے۔ ہر ایک مذہب کو اپنا ادارا کھولنے اور تبلیغ کرنے کا حق حاصل ہے۔ وہ اپنی مذہبی جائزات جیسے مسجد، مدرسہ، خانقاہ، قبرستان مذہبی تعلیمی ادارے وغیرہ کے

لیے زمین حاصل کر سکتے اور قائم کر سکتے ہیں لیکن حکومت اُن کے مالی امداد و خرچ کا حساب لے سکتی ہے۔ شہریوں کو تمام مذہبی آزادی حاصل ہے لیکن مذہب کے نام پر ہونے والے غیر انسانی رسم ورواج، غلط طریقے، اندھے عقائد پر حکومت پابندی عائد کر سکتی ہے۔

ثقافتی اور تعلیمی حقوق (آرٹیکلز 29-30): یہ ثقافت، زبان اور تعلیم کے لحاظ سے اقلیتوں کے مفادات کے تحفظ کو فراہم کرتے ہیں۔ ہمارے ملک میں مختلف مذہب کے ماننے والے اور فرقوں کے لوگ موجود ہے۔ مختلف زبانیں اور بولیاں بولی جاتی ہے، جس کی وجہ سے ہندوستان میں مختلف ثقافتی یک جہتی پائی جاتی ہے۔آئین نے شہریوں کو تہذیبی اور تعلیمی حقوق دیئے ہیں تاکہ اپنی تہذیبی اور ثقافتی روایت کو قائم رکھ سکے اور اپنی مخصوص زبانوں کو ترقی دے سکے۔ اقلیتوں کو اپنی زبان، تہذیب اور اپنی رسم ورواج کی حفاظت کرنے اور انھیں فروغ دینے کا حق دیا گیا ہے اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے اقلیتوں کو اپنی زبان کے تعلیمی ادارے قائم کرنے کا حق بھی حاصل ہے۔ان کو منظوری اور مالی امداد دینے میں حکومت مذہب کی بنیاد پر فرق نہیں کرے گی۔

آئین میں اصلاح کا حق (آرٹیکل 32): یہ افراد کو اپنے بنیادی حقوق کے نفاذ کے لیے سپریم کورٹ جانے کا حق دیتا ہے۔اسے آئین کا "دل اور روح" سمجھا جاتا ہے۔ بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے یہ بڑا اہم طریقہ ہے۔ کوئی بھی سپریم کورٹ یا ہا کورٹ میں جا کر عرضی دے سکتا ہے اور بنیادی حقوق کو تقویت پہنچانے کے لیے اصلاحی مشورہ دے سکتا ہے اور اُس پر نظر ثانی کے لیے عدالت میں گزارش کر سکتا ہے۔ اگر آئینِ ہند میں درج شہریوں کے حقوق پامال ہو رہے ہوں یا اسے اُس کے حق سے انکار کیا جا رہا ہو تو شہریوں کو عدالت سے انصاف مانگنے کا حق حاصل ہے ۔عدالت کی طرف سے بنیادی حقوق کی حفاظت کے لیے جو فرمان جاری کیا جاتا ہے اُسے Writ کہتے ہیں۔

آرٹیکل 21A: تعلیم کے بنیادی حقوق: آئین (86ویں ترمیم) ایکٹ، 2002 کے تحت آرٹیکل 21 کے بعد ایک نیا آرٹیکل 21A کو جوڑا گیا ہے جو 6 سے 14 سال کی عمر کے تمام بچوں کے لیے تعلیم کے بنیادی حق کی پیروی کرتا ہے۔اس میں کہا گیا ہے کہ "ریاست 6 سے 14 سال کی عمر کے تمام بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم فراہم کرے گی۔"

مذکورہ بالا بنیادی حقوق کا مقصد انفرادی آزادی اور اُن جمہوری اصولوں کا تحفظ ہے، جو معاشرے کے تمام افراد کو حاصل ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check Your Progress)
1۔ آئین میں ۔۔۔۔۔۔۔بنیادی حقوق فراہم کیے گئے ہے۔ 2۔ حقوق کو آئین کا "دل اور روح" سمجھا جاتا ہے۔

6.2.1.2 بنیادی فرائض (Fundamental Duties)

جس طرح ہندوستان کے ہر شہری کو بنیادی حقوق حاصل ہے ٹھیک اُسی کے ساتھ ان کے کچھ بنیادی فرائض بھی ہے۔ اپنے حقوق کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم اپنے بنیادی فرائض سے آگاہ رہیں اور انہیں دیانتداری سے پورا کریں۔

ایمرجنسی (1975-1977) کے دوران، کانگریس پارٹی نے 1976 میں سردار سوارن سنگھ کمیٹی قائم کی۔ کمیٹی نے آئین میں بنیادی فرائض سے متعلق ایک الگ باب شامل کرنے کی سفارش کی۔اس نے شہریوں کو اپنے حقوق کے ساتھ ساتھ اپنے فرائض کو پہچاننے کی

اہمیت پر بھی زور دیا۔ کمیٹی کی سفارشات کو قبول کرتے ہوئے، کانگریس حکومت نے 1976 میں 42ویں آئینی ترمیمی ایکٹ کو نافذ کیا اور حصہ IV-A آئین میں شامل کیا گیا، جس میں آرٹیکل A51 متعارف کرایا گیا۔ اس آرٹیکل نے شہریوں کے لیے دس بنیادی فرائض کا خاکہ پیش کیا، جس کا آئین میں واضح ذکر ہے۔ سوارن سنگھ کمیٹی نے ابتدائی طور پر آٹھ بنیادی فرائض تجویز کیے، 42ویں آئینی ترمیمی ایکٹ نے فہرست کو دس تک بڑھادیا۔ اس کے بعد 2002 میں تعلیم کی ذمہ داری سے متعلق آرٹیکل 51(k) کا اضافہ کیا گیا، جس میں کہا گیا کہ یہ ہر شہری، جو والدین یا سرپرست ہے ان کا بنیادی فرض ہے، ایسے بچے کو مفت اور لازمی تعلیم کے مواقع فراہم کرنا جس کی عمر 6 سے 14 سال کے درمیان ہو۔

بنیادی فرائض اخلاقی ذمہ داریوں کا ایک مجموعہ ہیں، جو ہندوستان کے آئین کے حصہ IV-A (آرٹیکل A51) میں درج ہیں۔ ابتدائی طور پر، ہندوستانی آئین میں بنیادی فرائض کے بغیر صرف بنیادی حقوق شامل تھے۔ تاہم، 1976 میں، ہندوستانی آئین کے بنیادی فرائض شہریوں کے لیے شامل کیے گئے۔ بنیادی فرائض سابق USSR کے آئین سے لیے گئے ہیں۔ ہندوستانی آئین 11 بنیادی فرائض کا خاکہ پیش کرتا ہے جو شہریوں کے لیے رہنما اصول کے طور پر کام کرتے ہیں۔

1۔ آئین کی پاسداری اور اس کے نظریات اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرنا۔

2۔ ان عظیم نظریات کی قدر کریں اور ان کی پیروی کریں جس کے ذریعہ آزادی کی تحریک کے لیے جدوجہد کی گئی تھی۔

3۔ .ہندوستان کی خودمختاری، اتحاد اور سالمیت کو برقرار رکھنا اور اس کی حفاظت کرنا۔

4۔ ملک کی حفاظت کرنا اور جب ایسا کرنے کے لیے کہا جاتا ہے تو قومی خدمت کرنا۔

5۔ مذہبی، لسانی اور علاقائی یا طبقاتی تنوع سے بالاتر ہو کر ہندوستان کے تمام لوگوں کے درمیان ہم آہنگی اور مشترکہ بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دینا؛ خواتین کے وقار کے لیے انکی اہمیت کو سمجھنا اور انکے استحصال کو روکنا۔

6۔ ملک کی جامع ثقافت کے بھرپور ورثے کی قدر کرنا اور اسے محفوظ رکھیں۔

7۔ جنگلات، جھیلوں، دریاؤں، درخت اور جنگلی جانوروں سمیت قدرتی ماحول کی حفاظت کرنا اور انسے محبت کرنا اور جانداروں کے لیے ہمدردی کرنا۔

8۔ سائنسی مزاج، روجحان پیدا کرنا اور تحقیقات کے جذبے کو فروغ دینا۔

9۔ عوامی املاک کی حفاظت اور تشدد کو ترک کرنا۔ عوامی دولت کی حفاظت کرنا اور اُس پر ہونے والے حملہ کو روکنا جیسے سڑک، ریلوے اسٹیشن، ایرپورٹ، گارڈن، ہاسپٹل اور اسکول وغیرہ کی حفاظت کرنا۔

10۔ انفرادی اور اجتماعی سرگرمیوں کے تمام شعبوں میں حصہ لینا اور انفرادی اور اجتماعی دونو طریقوں سے اپنے ملک کے تمام خطے کے لیے بہترین کارناموں کو انجام دینا۔

11۔ چھ سے چودہ سال کی عمر کے بچوں کو تعلیم کے مواقع فراہم کرنا۔(یہ فرائض 86ویں آئینی ترمیمی ایکٹ، 2002 کے ذریعے شامل کی گئی تھی)۔ والدین اور سرپرست کو اس بات کی سہولت دی گئی وہ اپنے 6 سے 14 سال تک کے بچوں کو مفت اور لازمی ابتدائی تعلیم کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے چاہیے اور اس کام کو فرض سمجھ کر کرنا چاہیے۔

بنیادی حقوق اور فرائض کی تکمیلی نوعیت: آرٹیکل 21A اور آرٹیکل 51(k) کا باہمی تعلق بنیادی حقوق اور فرائض کے درمیان تکمیلی تعلق کو اجاگر کرتا ہے۔

آرٹیکل 21A تعلیم کے حق کی ضمانت دیتا ہے، جبکہ آرٹیکل 51(k) والدین اور سرپرستوں پر یہ فرض عائد کرتا ہے کہ وہ 6 سے 14 سال کی عمر کے بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم فراہم کریں۔

بنیادی فرائض کو نظرانداز کرنا: افراد اکثر اپنے فرائض کو نظرانداز کرتے ہوئے اپنے حقوق پر توجہ دیتے ہیں۔ آزادی اظہار کے حق کے نام پر لوگ بعض اوقات تشدد کو بھڑکاتے ہیں اور غلط خبریں پھیلاتے ہیں لیکن یہ بھول جاتے ہے کہ سماجی ہم آہنگی اور اتحاد کو برقرار رکھنا ہمارا فرض ہے۔

سیاسی رہنما اور مذہبی تقسیم: بہت سے سیاسی رہنما مذہبی وابستگیوں کا استحصال کرتے ہوئے ووٹ حاصل کرتے ہیں، اس طرح آرٹیکل 51 A (c) میں بیان کردہ اپنے بنیادی فرض کو نظرانداز کرتے ہیں - ملک کے ہر فرد کو یہ سمجھنا چاہیئے کہ ملک کی خودمختاری، اتحاد اور سالمیت کی حفاظت کرنا ہم سبھی کا فرض ہے۔

فرائض کی تکمیل کے ذریعے جمہوریت کو تقویت دینا: جمہوریت کے پھلنے پھولنے کے لیے شہریوں کو اپنے بنیادی حقوق کے استعمال کے ساتھ مل کر اپنے بنیادی فرائض کی ادائیگی کی اہمیت کو تسلیم کرنا چاہیے۔

اس طرح ہر شخص کو جس طرح کچھ حقوق حاصل ہے اُسی طرح اُس پر کچھ فرائض بھی عائد ہوتے ہے۔ ہر شہری کو یہ احساس ہونا چاہیے کہ حقوق اور فرائض کو علیحدہ نہیں کیا جاسکتا۔ حقوق کی بنیاد پر ہماری فلاح و بہبودی ممکن ہوتی ہے۔ فرائض کی پابندی سے سماج کے کام خوشگوار طریقہ سے انجام پاتے ہے۔ اپنے حقوق سے فیض اٹھانا اور اپنے فرائض کو پورا کرنا بہتر شہری کی پہچان ہے۔ اس لیے یہ بہت ضروری ہے کی ہمیں اپنے حقوق سے فائدہ اُٹھانے کا مزاج رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنے فرائض کی ادائیگی کے سبھی احساس رکھیں۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ کوئی تین بنیادی فرائض کی تحریر کیجیئے۔
2۔ 86ویں آئینی ترمیمی ایکٹ، 2002 کے ذریعے کس بنیادی فرائض کو شامل کیا گیا تھا۔

6.2.2 حکومت کے اجزاء(Organs of Governments)

ہندوستان میں وفاقی طرز حکومت یا دوہری حکمت کا طریقہ رائج ہے۔ ایک مرکزی حکومت اور دوسری صوبائی حکومت یا ریاستی حکومت۔ ہندستان میں حکومتی کام کو انجام دینے کے لیے حکومتی ادارے قائم کیے گئے ہے۔ حکومت کے نظام کو چلانے کے لیے مجلس

مقننہ، مجلس عاملہ اور عدلیہ حکومت کے تین ادارے ہیں اور یہ تینوں ادارے ہندوستانی جمہوریت کے تین ستون ہے۔ ہر ایک کے الگ الگ افعال ہیں۔ مجلس مقننہ کے ذریعہ قانون بنائے جاتے ہیں، مجلس عاملہ کے ذریعہ ان قوانین پر عمل درآمد کرایا جاتا ہے یا نہیں نافذ کرایا جاتا ہیں اور پھر عدلیہ کے ذریعہ ان قوانیں کی نگرانی کی جاتی ہے۔ آیئے حکومت کے ان تینوں اداروں اور ان کے افعال کے بارے میں مزید تفصیلات پڑھیں۔ حکومت کے تین ادارے درجِ ذیل ہے۔

1۔ مجلس مقننہ / قانون ساز ادارے(Legislative)

2۔ مجلس عاملہ /انتظامیہ(Executive)

3۔ عدلیہ(Judiciary)

6.2.2.1 مجلس مقنّنہ(Legislature)

اسے قانون ساز ادارہ بھی کہتے ہے کیونکہ اس کا بنیادی کام قوانین بنانا ہے۔ یہ قوانین بھی پاس کرتا ہے اور انتظامیہ اور قرار دادوں کا مزید جائزہ بھی لیتا ہے۔ یہ دوسرے دو اجزاء مجلس عاملہ اور عدلیہ کے کام کی بنیاد ہے۔ بعض اوقات تینوں اجزاء میں پہلا مقام بھی اسے ہی دیا جاتا ہے کیونکہ عوامی کی فلاح و بہبود کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ نئے قوانین بناتا ہے اور جب تک قوانین بنایا نہیں جائے گا تب تک اس قوانین کا نفاذ اور اطلاق نہیں ہو سکتا۔

مرکزی حکومت کی مجلس مقننہ کو سنسد یا پارلیمنٹ کہتے ہے۔ اس کی تشکیل صدر جمہوریہ، لوک سبھا اور راجیہ سبھا سے ملکر ہوتی ہے۔ ہندوستان کی پارلیمنٹ دوہرے گھر والی ہے، ایک راجیہ سبھا جسے اپر ہاوس (Upper House) اور دوسرا لوک سبھا جسے لوور ہاوس (Lower House) کہتے ہے۔ صدر جمہوریہ کسی بھی ہاوس کا ممبر نہیں ہوتا ہے، لیکن وہ مجلس کا خاص حصہ ہوتا ہے، جب تک بل پر صدر جمہوریہ کی دستخط نہیں ہو گی وہ بل قانون نہیں مانا جائیگا۔ وہ مجلس مقننہ کی سبھا کو بولاتا ہے اور حکم جاری کرتا ہے۔ جس طرح مرکزی حکومت میں مجلس مقننہ ہوتی ہے ٹھیک اُسی طرح ہر ایک ریاستوں یا صوبوں میں صوبائی مجلس مقننہ ہوتی ہے۔ مرکزی حکومت میں مجلس مقننہ کے دو ہاوس (لوک سبھا اور راجیہ سبھا) ہوتے ہے جب کی صوبائی حکومتوں میں (، بہار، جموں کشمیر، کرناٹک، مہاراشٹر اور اتر پردیش وغیرہ) ہی ایسی ریاستیں ہیں جہاں دو ہاؤس (ویدھان سبھا اور ویدھان پریشد) ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
حکومت کے تین ادارے کون سے ہے؟ اپر ہاوس (Upper House) کو۔۔۔۔۔۔۔اور لوور ہاوس (Lower House) کو۔۔۔۔۔۔۔ بھی کہتے ہے۔

6.2.2.2 مجلس عاملہ(Executive)

اس میں صدر جمہوریہ یا گورنر اور وزیر اعظم یا وزیر اعلی مرکزی یا ریاستی سطح پر وزراء کی کونسل، انتظامیہ کے ساتھ مل کر مجلس مقننہ کے بنائے ہوئے قوانین کو نافذ کرتی ہے۔ مجلس عاملہ وہ ادارہ ہے جو مقننہ کے وضع کردہ قوانین کو نافذ کرتا ہے۔ مجلس عاملہ حکومت کا انتظامی

سر براہ ہے۔ مرکزی حکومت کی مجلس عاملہ میں صدرے جمہوریہ، وزیر اعظم اور اُس کی کابینہ کے ممبران شامل رہتے ہے جب کہ صوبائی سطح پر وزیر اعلیٰ، گورنرز اور وزراء کی کونسل یا کابینہ کے ممبران اس کا حصہ ہوتے ہیں۔ یہ ایک طرح سے انتظامی سر براہ کا کام کرتے ہے۔

صدر جمہوریہ ملک کا آئین سر براہ ہوتا ہے۔ وہ ہندوستان کا پہلا شہری ہوتا ہے۔ مرکزی حکومت کے مجلسِ عاملہ کا اختیار صدر کے پاس ہوتا ہے۔ پورے ملک کا کام کاج صدر کے نام سے انجام پاتا ہے۔ یہ دیکھنا صدر کی ذمہ داری ہے کی ملک کا انتظام، حکومت آئین کے مطابق انجام پا رہا ہے یا نہیں۔ عہدہ قبول کرتے وقت صدر آئین کے تحافظ کے عہد کرتا ہے۔ صدر کا انتخاب بلاواسطہ طریقہ سے ہوتا ہے۔ لوک سبھا، راجیہ سبھا اور ریاستی حکومتوں کی ویدھان سبھا کے تمام ممبران کے ذریعہ صدر جمہوریہ کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ وزیر اعظم اپنی کابینہ کا سر براہ ہوا ہے، وہی کابینہ کا ممبران کا انتخاب کرتا ہے۔ انھیں عہدے تقسیم کرتا ہے اور وہی تمام محکموں کے کام کاج میں ربطہ اور تال میل قائم کرتا ہے۔ وزیر اعظم ہی اپنی کابینہ کا اجلاس کی صدارات کرتا ہے وہ صدر اور کابینہ کے درمیان کڑی کا کام کرتا ہے۔ کابینہ کے فیصلوں، قوانین بنانے سے متعلق نئی تجویزوں سے صدر جمہوریہ کو آگاہ کرنا بھی وزیر اعظم کا کام ہے۔ ملک کی خارجہ پالیسی بنانے میں وزیر اعظم کا بہت اہم کردار ہوتا ہے۔

صوبائی حکومت کے لیے الگ سے آئین نہیں بنایا گیا ہے۔ سبھی صوبوں کے لیے ایک ہی آئین ہے، اس لیے کام بھی تمام صوبوں کے لیے ایک جیسے ہے۔ گورنر صوبے کے لیے سر براہ ہوتے ہے اور وزیر اعلیٰ صوبائی حکومت کا سر براہ ہوتے ہے۔ جیسا کی مرکزی حکومت پارلیمنٹ کے سامنے جوابدہ ہے اُسی طرح صوبائی حکومت صوبائی مجلس مقننہ کے سامنے جوابدہ ہے۔ مرکزی حکومت وزیر اعظم اور وزراء کونسل کے ذریعہ چلتی ہے۔ ٹھیک اُسی طرح صبوائی حکومت وزیر اعلیٰ اور وزراء کونسل کے ذریعہ چلتی ہے۔ مرکزی حکومت کی طرح صوبے میں بھی وزیر اور نائب وزیر ہوتے ہے۔ وزیر اعلیٰ اکثریت پارٹی کا لیڈر ہوتا ہے جو بہت سے وزیر کو چنتا ہے جو ویدھان سبھا کے ممبر ہوتے ہیں اور عوامی ووٹ کے ذریعے چنے جاتے ہے۔ وزیر اعلیٰ کی تقرر گورنر کے ذریعے کی جاتی ہے اور دیگر وزراء کی تقرر وزیر اعلیٰ کے مشورے سے گورنر کرتا ہے۔ کسی بھی صوبے میں وزیر اعلیٰ اور وزراء کونسل ہی حقیقی عاملہ ہے اور صوبائی طاقت کا مرکز ہے جو صوبے کی تمام پالیسی کو تیار کرتے اور سوبے کے اندر نافذ کرتے ہے۔ وزیر اعلیٰ اور وزیراء کی کونسل اجتماعی طور پر اسمبلی کے سامنے ذمہ دار ہے ٹھیک ویسا ہی جیسے مرکزی حکومت میں وزیر اعظم اور وزیر کونسل سنسد یا پارلیمنٹ کے سامنے ذمہ داری ہوتی ہے۔ جب انتخابی عمل میں کسی پارٹی کو اکثریت حاصل نہیں ہوتی ہے تو ملی جولی حکومت کی تشکیل کی جاسکتی ہے۔

مجلس عاملہ کو قوانین سے انکار کرنے، فوج کو حکم دینے، فیصلے کرنے، آرڈیننس پاس کرنے اور اعلانات کرنے، مجر موں پر رحم کرنے وغیرہ کے وسیع اختیارات ہیں لیکن مجلس عاملہ اپنے افعال کے لیے مجلس مقننہ کے سامنے جوابدہ ہے۔ مجلس عاملہ کی طرف سے منظور کردہ نوٹس، قواعد اور آرڈیننس صرف عام قوانین بن جاتے ہیں جب اسے مجلس مقننہ کے ذریعے منظور کر لیا جاتا ہے، لہذا مجلس مقننہ مجلس عاملہ کے اختیارات کو روکتا ہے۔ چونکہ ہندوستان پارلیمانی طرز حکومت کی پیروی کرتا ہے، اس لیے مجلس عاملہ کے اختیارات محدود ہیں۔ ہندوستانی سیاسی نظام میں چیک اینڈ بیلنس(Check and Balance)کا ایسا نظام بنایا گیا ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تیں میں سے کوئی بھی

اجزاء ضرورت سے زیادہ طاقت نہیں رکھتا۔ سپریم کورٹ کے ججوں کے پاس صدر کے حوالے سے مشاورتی دائرہ اختیار بھی ہوتا ہے جہاں صدر اہم معاملات پر سپریم کورٹ سے مشورہ کر سکتے ہیں۔

6.2.2.3 عدلیہ (Judiciary)

مجلس مقننہ قانون سازی کا کام کرتی ہے اور مجلس عاملہ ان پر عمل کراتی ہے اور عدلیہ اُس پر نگرانی کرتی ہے، کیونکہ قانون بنانا ہی کافی نہیں ہے بلکہ اُس کو نافذ کرنا اور اُس کی نگرانی کرنا اور قانون توڑنے والے کو سزا دینا، قانون کی تشہیر کرنا بھی ضروری ہے۔ عدلیہ حکومت کی وہ شاخ ہے جو قانون کی تشریح کرتی ہے، تنازعات کو حل کرتی ہے اور تمام شہریوں کو انصاف فراہم کرتی ہے۔ عدالت یہ بھی دیکھتی ہے کہ حکومت کے کوئی بھی ادارے اپنے اختیار کا غلط استعمال تو نہی کر رہے ہے کہیں آئین کی خلاف ورزی تو نہیں ہو رہی ہے۔ جمہوری سماج میں قانونی ڈھانچہ ایک اہم مقام رکھتا ہے اور عدلیہ اس کو یقینی بناتی ہے۔ اس لیے عدلیہ کو جمہوریت کی نگہبان اور آئین کی محافظ بھی سمجھا جاتا ہے۔ ہندوستان میں سپریم کورٹ، ہائی کورٹ اور اُن کی ماتحت عدالتیں ایک دوسرے سے زنجیر کی طرح جوڑی ہوئی ہے۔ سب سے اوپر کی سطح پر سپریم کورٹ ہوتی ہے اور سب سے نیچے کمیونٹی کورٹس ہوتے ہے۔ عدلیہ میں سپریم کورٹ، ہائی کورٹس، ضلعی عدالتیں اور نچلی سطح پر دیگر ماتحت عدالتیں شامل ہیں۔ عدلیہ کے اس نظام میں سپریم کورٹ کا سب سے اونچا مقام حاصل ہے۔ سپریم کورٹ نئی دہلی میں واقع ہے۔ سپریم کورٹ میں ایک چیف جسٹس اور 25 دیگر ماتحت جج ہوتا ہے جن کا تقرر صدر جمہوریہ کرتا ہے۔ ہندوستان میں جتنی بھی کورٹ ہے وہ سب سپریم کورٹ کے زیر نگران ہے۔ آئین عدلیہ کو آزادی فراہم کرتا ہے جو کہ ہماری جمہوریت کی ایک خوبی ہے۔ عدلیہ کا بنیادی کردار انصاف کو دیکھنا ہے۔ اس طرح عدلیہ کے کام کاج کا انحصار مجلس عاملہ پر ہے۔ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے جج کا معقول بنیادوں پر ان کو اپنے عہدہ سے ہٹانے کا اختیار مجلس مقننہ کو ہے۔

تمام صوبوں میں ہائی کورٹ کے ماتحت معاون کورٹ قائم ہے۔ تمام صوبوں کو نظام و نسق کے نقطہ نظر سے بہت سے ضعلوں میں تقسیم کیا جاتا ہے اور ہر ایک ضلع میں تین طرح کے کورٹ قائم کیے جاتا ہے۔ جس پر ہائی کورٹ کا کنٹرول اور نگرانی قائم رہتی ہے۔ (1) سویل کورٹ جو کہ دیوانی معاملہ جیسے جائداد کا معاملہ شادی اور طلاق کا معاملہ، دیوالیا اور نابالغ بچوں کی سرپرستی کے معاملہ وغیرہ مقدموں کی سنوائی کرتا ہے۔ (2) فوجداری کورٹ جو کہ مارپیٹ، لڑائی، جھگڑے، قتل، چوری، ڈکیتی، وغیرہ جیسے مقدموں کی سنوائی کرتا ہے۔ (3) ہر ایک ضلع میں محصول عدالت ہوتی ہے اس میں جو سب سے نچلی عدالت سمجھا جاتا ہے وہ ہے تحصیلدار کی عدالت۔ اُس کو اختیار دیا جاتا ہے کی وہ زمین و جائداد کے ٹیکس کی وصولی کا کام کریں اور اُس سے مطابق دیگر معاملات کی نگرانی کرے اور فیصلہ کرے۔

اس کے الاوہ بھی کورٹ میں جتنے بھی رکے ہوئے مقدمہ ہے، جن پر جلد سے جلد فیصلہ کیا جا سکیں اس مقصد سے لوک عدالت کو بھی قائم کیا گیا۔ گائوں کی سطح کا مقدمہ لوک عدالت میں پیش کیے جاتے ہے۔ سبھی صوبہ میں لوک عدالت کا نظم نہیں کیا گیا ہے۔ گراہک کی عدالت جس میں خریدار اور بیچنے والے کے درمیان جھگڑے کا مقدمہ اس کورٹ میں پیش کیا جاتا ہے۔ یہ عدالت گراہکوں کے حقوق کی حفاظت کے لیے قائم کی گئی ہے۔ بچوں کی عدالت، جس میں بچوں کے معاملات کو دیکھا جاتا ہے۔ ایسے بچے جو گھر سے بھاگ جاتے ہے، یتیم

بچے، گھر والوں کی طرف سے نظر انداز کیے گئے بچے، بکھاری بچے، ایسے بچے جن کا استحصال کیا گیا ہو، ان سب کو تحفظ دینے کے لیے یہ عدالت کام کرتی ہے اور بچوں کے حقوق کی حفاظت کرتی ہے۔

اس طرح آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ مجلس مقننہ لوک سبھا اور راجیہ سبھا پر مشتمل ہے۔ جیسا کہ پہلے کہا گیا ہے، اس کا بنیادی کام قوانین بنانا اور وضع کرنا ہے۔ یہ ٹیکس بھی عائد کرتا ہے، قرض لینے کی اجازت دیتا ہے اور بجٹ کی تیاری اور نفاذ وغیرہ کرتا ہے۔ قانون سازی کے اختیارات پارلیمنٹ کو دیے گئے ہیں اور اس کے اختیارات کی کوئی حد نہیں ہے۔ عدلیہ اور مجلس عاملہ کو اس کے کام انجام دینے میں مدد کرتے ہیں۔ عدلیہ آئین کی تشریح کرتی ہے اور اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ پارلیمنٹ کے پاس کردہ قوانین آئینی طور پر درست ہوں۔ یہ پارلیمنٹ کے کاموں کا عدالتی جائزہ لیتی ہے اور پارلیمنٹ کی قانون سے متعلق کاموں پر نظر رکھتا ہے۔ وزیر اعظم اور اس کی وزراء کی کونسل کو قانون سازی کی مدد کے لیے نوٹس اور آرڈیننس کے ذریعے قانون بنانے کا اختیار ہے اور قوانین سے انکار کرنے کا اختیار بھی ہے (صدر کے ویٹو کے ذریعے)۔ ایسا نہیں ہے کہ مجلس عاملہ کی طاقت پارلیمنٹ کی بالادستی کرتی ہے، یا اس کے برعکس، صرف یہ ہے کہ مجلس مقننہ کا انحصار مجلس عاملہ اور عدلیہ پر ہے۔ عدلیہ مقننہ کے اختیارات کے دائرہ کار اور نوعیت کے حوالے سے تنازعات کو بھی حل کرتی ہے اور اہم معاملات پر فیصلہ کرتے وقت رہنما اصول اور سفارشات بھی جاری کر سکتی ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check Your Progress)
1۔ عدلیہ کے کوئی دو کام بتائیے۔ 2۔ مار پیٹ، لڑائی، جھگڑے، قتل، چوری، ڈکیتی وغیرہ معاملات کون سی عدالت دیکھتی ہے۔ اس عدالت کے کاموں پر مختصر نوٹ لکھیے۔

6.3 خلاصہ (Summary)

اس اکائی میں، ہم نے ہندوستانی آئین، بنیادی حقوق، بنیادی فرائض اور حکومت کے اہم اداروں مجلس مقننہ، مجلس عاملہ اور عدلیہ کا جائزہ لیا۔ ہم نے بنیادی حقوق کی اہمیت کا جائزہ لیا، جو ہندوستانی شہریوں کو ضروری آزادی کی ضمانت دیتے ہیں اور بنیادی فرائض، جو قوم کے تئیں شہریوں کی ذمہ داریوں کا خاکہ پیش کرتے ہیں۔ مزید برآں، ہم نے حکومت کے تینوں اداروں کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ مجلس مقننہ قانون سازی کے لیے ذمہ دار ہے؛ مجلس عاملہ، جو قوانین اور پالیسیوں کو نافذ کرنے کا کام کرتا ہے؛ اور عدلیہ کو آئین کی تشریح اور انصاف کو یقینی بنانے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ اس طرح حکومت کے تین ادارے مجلس مقننہ، مجلس عاملہ اور عدلیہ ہیں۔ جمہوریت نظام کے مؤثر طریقے سے کام کرنے کے لیے اس کے ان تینوں اجزاء کو مؤثر طریقے سے قوانین بنانا اور ان پر عمل درآمد کرنے کی ضرورت ہے۔ ہندوستانی آئین نے حکومت کی تین شاخوں کے درمیان ایک مناسب توازن برقرار رکھا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ان میں سے کوئی بھی ضرورت سے زیادہ یا من مانی طاقت کا استعمال نہ کرے۔ یہ ایک طرح سے چیک اینڈ بیلنس اور ایک دوسرے پر انحصار کا ایک مناسب نظام ہے۔ یہ تینوں ادارے ایک دوسرے اداروں کی ضرورت ہے تاکہ وہ آسانی سے کام کریں اور جمہوریت کو مستحکم بنائے۔

6.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپنے درجِ ذیل باتیں سیکھیں:

- ہندوستانی آئین ملک کے لیے ایک اعلی قانون کی حثیت رکھتا ہے، جو ملک کی حکمرانی کے لیے فریم ورک کے طور پر کام کرتا ہے۔
- ملک کا حکومتی نظام ملک کے آئین کے مطابق انجام پاتا ہے۔ ملک کی نظم ونسق کے لیے بنائے گئے تمام ضابطے (قوانین) جس کتاب میں یکجاہیں اسے ہندوستان کا آئین کہتے ہیں۔
- آئین میں سرکاری اداروں کے ڈھانچے، طریقہ کار، اختیارات اور فرائض کے ساتھ ساتھ شہریوں کے لیے بنیادی حقوق اور ہدایتی اصولوں، حکومتی اداروں کی تشکیل اوران کے اختیارات کی معلومات درج ہے۔
- آئین ہند ہمارے عوامی نمائیدوں کو حکومتی کام کرنے میں رہنمائی کرتا ہیں اور انھیں اپنے اختیارات کا غلط استعمال کرنے سے روکتا ہے۔آئین میں درج دفعات ہی شہریوں کے حقوق کی ضمانت دیتاہیں۔
- مجلس آئین نے مکمل آئین 26 نومبر 1949ء کو منظور کیااور یہ طئے کیا گیا کے 26 جنوری 1950 سے یہ آئین دستور نافذ کیا گیا۔
- شہریوں کے وہ حقوق جو آئین میں شامل ہیں 'بنیادی حقوق' کہلاتے ہیں حقوق انساں کی فلاح وبہودی کے لیے نہایت ضروری ہے انساں کی انفرادی ترقی کے لیے یہ بہت اہم ہے یہ حکومت کے اختیارت کو بھی محدود کرتا ہے۔
- ہندوستانی آئین میں چھ بنیادی حقوق ہیں۔ مساوات کا حق (آرٹیکل 14-18)، آزادی کا حق (آرٹیکل 19-22)، استحصال کے خلاف حق (آرٹیکل 23-24)، مذہب کی آزادی کا حق (آرٹیکل 25-28)، ثقافتی اور تعلیمی حقوق (آرٹیکل 29-30)، آئینی علاج کا حق (آرٹیکل 32)۔
- سوارن سنگھ کمیٹی نے ابتدائی طور پر آٹھ بنیادی فرائض تجویز کیے، 42ویں آئینی ترمیمی ایکٹ نے فہرست کو دس تک بڑھادیا۔ اس کے بعد 2002 میں تعلیم کی ذمہ داری سے متعلق آرٹیکل 51(k) کا اضافہ کیا گیا، جس میں کہا گیا کہ یہ ہر شہری کا بنیادی فرض ہے جو والدین یا سرپرست ہے، ایسے بچے کو مفت اور لازمی تعلیم کے مواقع فراہم کرنا جس کی عمر 6 سے 14 سال کے درمیان ہو۔
- مرکزی حکومت اور دوسری صوبائی حکومت ہندستان میں حکومتی کام کو انجام دینے کے لیے حکومتی ادارے قائم کیے ہے۔ حکومت کے نظام کو چلانے کے لیے مجلس مقننہ، مجلس عاملہ اور عدلیہ حکومت کے تین ادارے ہیں اور یہ تینوں ادارے ہندوستانی جمہوریت کے تین ستون ہے۔ ہر ایک کے الگ الگ افعال ہیں۔
- مجلس مقننہ کے ذریعہ قانون بنائے جاتے ہیں، مجلس عاملہ کے ذریعہ ان قوانین پر عمل درآمد کرایا جاتا ہے یا انہیں نافذ کرایا جاتا ہیں، اور پھر عدلیہ کے ذریعہ ان قوانین کی نگرانی کی جاتی ہے۔

6.5 فرہنگ(Glossary)

(Word)الفاظ	(Meaning)معنی
تعین قدر (Evaluation)	کسی چیز کے معیار، قدر یا اہمیت کو جانچنے کا ایک منظم عمل۔ تعین قدر کی بنیاد پر حاصل نتائج کی بنیاد پر طلبا مضمون کو کس حد تک سیکھ پایا ہے۔
اندازہ قدر (Assessment)	اندازہ قدر ایک طرح کا تخمینہ سازی کا عمل ہے۔اس کا استعمال طلبا کی کامیابیوں کا تخمینہ لگایا جاتا ہے۔
پیمائش (Measurement)	پیمائش کے عمل کے ذریعہ کسی شئے کسی قدر ہونے کا تعین کیا جاتا ہے۔ طبعی چیزیوں کی پیمائش ان کی جسامت، وزن اور مقدار کی بنیاد پر۔ تعلیمی عمل میں پیمائش کے ذریعہ طلبا کی علم ، مہارت اور صلاحیتوں کی پیمائش کی جاتی ہے۔
امتحان(Examination)	مجلس مقننہ حکومت کا ایک ادارہ ہے جو قوانین بنانے کا کام کارتا ہے۔اسلیے اسے قانون ساز ادارہ بھی کہتے ہے۔
معیار (Quality)	عدلیہ وہ ادارہ ہے جو قوانین کی نگرانی کرنے، قانون کی تشہری کرنے اور تنازعات کو حل کرنے، تمام شہریوں کو انصاف فراہم کرنے کا کام کرتی ہے۔
مجلس عاملہ (Executive)	مجلس عاملہ حکومت کا ایک ادارہ ہے جو قوانین نافذ کرنے کا کام کارتا ہے۔

6.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Type Questions)

1۔ آئین ساز اسمبلی کے ذریعہ تیار کیا گیے آئین کو کب منظور کیا گیا :

(a)26 جنوری، 1950　(b)26 نومبر، 1950　(c) 15 اگست، 1947　(d)ان میں سے کوئی نہیں

2۔ ہندوستانی آئین میں کل۔۔۔۔۔۔آرٹیکل ہے:

(a)448　(b)386　(c)442　(d)ان میں سے کوئی نہیں

3۔ ہندوستانی آئین میں کل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فہرست ہے:

(a)8　(b) 10　(c)12　(d)ان میں سے کوئی نہیں

4۔ بنیادی حقوق کا تعلق آئین ہند کے کس حصہ سے ہے:

(a)1　(b)2　(c)3　(d)4

5۔ ہندوستان کے آئین کے 44وی ترمیم کے ذریعہ جائداد کے حق کو کس سال ہٹادیا گیا:

(a) 1976 (b)1978 (c)1980 (d)ان میں سے سبھی

6۔ آرٹیکل 23-24 کا تعلق کس بنیادی حقوق سے ہے:

(a) استحصال کے خلاف حق (b)آزادی کا حق (c)مساوات کا حق (d)مذہب کا حق

7۔ 6سے14 سال کی عمر کے تمام بچوں کے تعلیم کے بنیادی حق کا تعلق ہے:

(a)16 (b)**17** (c)21 (d) 21 A

8۔ آئین ہند میں کل کتنے بنیادی فرائض کا ذکر کیا گیا ہے:

(a)8 (b)9 (c)10 (d)11

9۔ درجِ ذیل میں سے کون سا ادارہ کانون سازی کا کام کرتا ہے:

(a) مجلس مقننہ (b) مجلس عاملہ (c)عدلیہ (d)ان میں سے کوئی نہیں

10۔آرٹیکل 14-18 کا تعلق کس بنیادی حقوق سے ہے:

(a) استحصال کے خلاف حق (b)آزادی کا حق **(c)**مساوات کا حق (d)مذہب کا حق

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1۔ آئین ہند کی تمہید میں کہی گئی باتوں کی خصوصیات بتائے۔

2۔ ہندوستا آئین کی کوئی دہ اہم باتوں کو تحریر کیجیئے۔

3۔ مساوات کے حق پر مختصر نوٹ لکھیئے۔

4۔ مذہب کی آزادی کے حق سے آپ کیا سمجھتے ہے۔

5۔ تعلیم کے حق پر مختصر میں روشنی ڈالیئے۔

6۔ مجلس مقننہ کے کاموں کو واضح کیجیئے۔

7۔ مجلس عاملہ سے کیا مراد ہے، واضع کیجئے۔

8۔ عدلیہ کیوں ضوری ہے۔اس کی وضاحت کیجیئے۔

9۔ سیول عدالت اور فوجداری عدالت کے کاموں میں کیا فرق ہے۔واضح کیجیئے۔

10۔ بنیادی فرائض کسے کہتے ہے؟ کوئی دو بنیادی فرائض کی تحریر کیجیئے۔

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answer Type Questions)

1۔ ہندوستانی آئین کے بارے میں بتائے اور اسکی کچھ اہم باتوں کو تحریر کیجیئے۔

2۔ آئین میں دیے گئے بنیادی حقوق کے بارے میں تفصیل میں بتائے۔

3۔ آئین میں درج بنیادی فرائض پر تفصیل میں روشنی ڈالے۔

4۔ حکومت کے اجزاء سے کیا سمجھتے ہے۔انہیں تفصیل سے بیان کیجیئے۔

5۔ عدلیہ سے کیا سمجھتے ہے اور اس کے کاموں کو بتائے۔

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید(Answer Key of Objective Type Questions)

سوال نمبر	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
جواب	b	a	c	c	b	A	d	d	b	c

6.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

1۔ Khan, M.S. (2015). Pedagogy of Social Studies (In Urdu), Ghaziabad, MNS Publishing House Hussain, M.A. (2018). Pedagogy of Social Studies (In Urdu), B.Ed. (ODL)SLM. Hyderabad, DDE and DTS, Maulana Azad National Urdu University

2۔ Khan, M.S. (2015). Pedagogy of Social Studies (In Urdu), Ghaziabad, MNS Publishing House

3۔ Kazmi, G. and Kazmi, T. J. (2013). Political Science (Maharashtra Board of Secondary and Higher Secondary Education), Mumbai, Saifee Book Agency

4۔ Kochhar, S.K. (1992). Methods & Techniques of Teaching, New Delhi, Sterling Publishers Private Limited.

5۔ Mishra, R.M. (2010). Teaching Technology and Evaluation, Lucknow, Alok Prakashan

6۔ Sharma, R.A. (2012). Teaching of Social Science, Meerut, R.Lal Book Depot.

7۔ Sharma, R.L. (2006). The Teaching of Social Studies, Agra, Vinod Pustak Mandir

8۔ Singh, H. (2015). Hand Book of Political Science, New Delhi, Jain Book Agency

9۔ Thessarsery, I. (2012). Teaching of Social Science for the 21st Century, New Delhi, Kanishka Publishers & Distributors

10۔ https://www.ballbhandoutnotes.wordpress.com/political science

اکائی 7۔ معاشیات کے معنی، نوعیت اور وسعت

(Meaning, Nature and Scope of Economics)*

7.0 تمہید (Introduction)

7.1 مقاصد (Objectives)

7.2 علم سیاسیات کی نوعیت اور وسعت، اہم تصورات اور موجودہ رجحانات

(Nature and Scope of Political Science, Key Concepts and Current Trends)

7.2.1 معاشیات کے معنی (Meaning of Economics)

7.2.2 معاشیات کی تعریف (Definition of Economics)

7.2.2.1 مائیکرو معاشیات (Micro Economics)

7.2.2.2 مائیکرو معاشیات کی خصوصیات (Characteristics of Micro Economics)

7.2.2.3 میکرو معاشیات (Macro Economics)

7.2.2.4 مختصر میں میکرو معاشیات (Characteristics of Micro Economics)

7.2.3 معاشیات کی نوعیت (Nature of Economics)

7.2.4 معاشیات کی وسعت (Scope of Economics)

7.2.5 اہم تصورات اور موجودہ رجحانات (Key Concepts and Current Trends)

7.3 خلاصہ (Summary)

7.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

7.5 فرہنگ (Glossary)

7.6 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

7.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

* Dr. Jaki Mumtaj, Associate Professor, MANUU CTE, Bhopal

7.0 تمہید (Introduction)

معاشیات ہماری سماجی اور معاشی زندگی سے گہرا تعلق رکھتا ہے۔اس کے ذریعے ہم وسائل کی تقسیم، اسکے استعمال اور معاشی سرگرمیوں اور معاشی اداروں کی کی پیچیدگیوں کا جائزہ لیتے ہیں۔ معاشیات ملک کی اقتصادی ترقی، معاشی پالیسی، پیداوار، تقسیم، کھپت، روزگار، آمدنی، مارکٹ اور صارفین کو براۓراسط متاثر کرتی ہے۔اس کی بنیادی معلومات اوراہم تصورات سے واقفیت بہت ضوروری ہے۔اس سے معاشیات سے زیادہ سے زیادہ افادیت حاصل کرنے اور صحیح فیصلہ لینے میں آسانی ہوگی۔اس اکائی میں آپ معاشیات کے معنی، اسکی تعریف، وسعت، نوعیت اوراہم قلیدی تصورات کے باری میں مطالعہ کریں گے۔

7.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کے مکمل کرلینے کے بعد آپ اس قابل ہوسکیں گے کہ

- معاشیات کے معنی بتاسکیں گے۔
- معاشیات کی تعریف بیان کرسکیں گے۔
- معاشیات کی نوعیت کی وضاحت کرسکیں گے۔
- معاشیات کی وسعت کو بیان کرسکیں گے۔
- معاشیات کے اہم قلیدی تصورات کو واضع کرسکیں گے۔

7.2 علم سیاسیات کے معنی، تعریف، نوعیت، وسعت معشیات کے اہم تصورات اور موجودہ رجحانات

(Meaning, Definition, Nature, Scope and Key Concepts and Current Trends of Economics)

درجہ ذیل میں علم سیاسیات کے معنی، تعریف، نوعیت، وسعت اوراہم تصورات و موھودہ رجحانات کے بارے میں وضاحت کی گئ ہے:

7.2.1 معاشیات کے معنی (Meaning of Economics)

معاشیات انگریزی لفظ Economics کا اردو ترجمہ ہے۔ معاشیات سماجی سائنس کا ایک حصہ ہے جس میں پیداوار، تقسیم، سامان اور خدمات کی کھپت، صنعتوں، معاشی سرگرمیوں، کاروباراو، دولت حاصل کرنے کے ذرائع یا وسائل، دولت کے استعمال وغیرہ کا مطالعہ کیاجاتاہے۔ارتھشاستر ایک سنسکرت کالفظ ہے جس میں ارتھ کامطلب پیسہ یادولت اور شاستر کامطلب ہے اس کی منصوبہ بندی، انتظام یامطالعہ۔اس طرح معاشیات کامطلب ہے دولت کاانتظام یامطالعہ۔ معاشیات کوبنیادی طور پر دولت کا مطالعہ کہاجاتاہے۔دستیاب وسائل اور

دولت کا مطالعہ اس لیے کیا جاتا ہے کہ اس کی بنیاد پر یہ منصوبہ بندی کی جاسکیں کہ دولت کا استعمال کیسے کیا جائے۔ چانکیا کو ہندوستان میں معاشیات کا بانی سمجھا جاتا ہے۔ جدید معاشیات کا بانی ایڈم کو کہا جاتا ہے۔

معاشیات ایک سماجی سائنس ہے جو اس بات کا مطالعہ کرتی ہے کہ لوگ کس طرح اپنی روزی کماتے ہیں، خرچ کرتے ہیں اور معاشرے میں دوسرے لوگوں کے ساتھ بات چیت کرتے اور تعلقات قائم کرتے ہیں۔ یہ سامان اور خدمات کی پیداوار، کھپت، تقسیم وغرہ کا مطالعہ کرتا ہے۔

جدید معاشیات کا آغاز 1776ء میں ایڈم اسمتھ کی کتاب Wealth of Nation کی اشاعت سے ہوا۔ اس سائنس کے وجود کے وقت اس کو ریاستی معاشیات یا سیاسی معاشیات کے نام سے جانا جاتا ہے۔ ایک صدی تک یہ نام چلتا رہا۔ 1980ء میں پروفیسر الفریڈ مارشل نے اپنی مشہور کتاب Principles of Economic شائع کی۔ اس کے بعد اس علم کا نام معاشیات کا اصول ہو گیا۔ آج عالم گیریت کے دور میں معاشیات کی جگہ پر معاشی تجربہ کا استعمال کیا جانے لگا ہے۔ Applied Economics نام بھی موجودہ دور میں کافی مشہور ہے۔ معاشیات کو دولت کے حصول اور حاصل شدہ دولت سے ضرورتوں کی تکمیل کے مطالعے کے طور پر کیا جاتا ہے۔ معاشیات دونوں قسم کے عمل کا مطالعہ کرتا ہے۔ اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ معاشیات ان اعمال کا مطالعہ ہے۔ جن کے ذریعے ضرورتوں کی تکمیل ممکن ہے۔

معاشیات کا لفظ لاطینی لفظ "oikonomia" سے اخذ ہے، جس کا تعلق گھریلو انتظام سے ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ گھر میں رہنے والے لوگ کس طرح اپنی روزی کماتے ہیں اور اسے اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے خرچ کرتے ہیں۔ اس کے بعد، اس کا دائرہ ریاستی سطح تک پھیل گیا جہاں اس نے مطالعہ کیا کہ کس طرح ریاست میں لوگ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے پیسہ کماتے ہیں۔ شروع میں، معاشیات مطالعہ کا الگ شعبہ نہیں تھا۔ اسے سیاسیات کا حصہ سمجھا جاتا تھا اسی وجہ سے اسے سیاسی معیشت کہا جاتا تھا۔ لیکن وقت کے ساتھ اور مختلف فلسفیوں اور ماہرین کی کوششوں سے یہ مطالعہ کا ایک الگ شعبہ بن کر ابھرا جس کی مختلف شاخیں ہیں۔ معاشیات کی دو بڑی شاخیں ہیں یعنی مائیکر معاشیات اور میکرو معاشیات۔ مائیکر و امعاشیات، معیشت کی انفرادی اکائیوں جیسے صارف، فرم اور گھریلو سے متعلق ہے جبکہ میکرو معاشیات قومی آمدنی، بے روزگاری، افراط زر اور اقتصادی ترقی وغیرہ کی صورت میں مجموعی طور پر معیشت کا مطالعہ کرتی ہے۔ معاشیات کے دیگر اہم شعبوں میں پبلک فنانس، بین الاقوامی تجارت، اقتصادیات، ماحولیاتی معاشیات اور ریاضیاتی معاشیات شامل ہے۔ مائیکر و اور میکرو معاشیات کے بارے میں آگے تفصیل سے مطالعہ کریں گے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check Your Progress)
1۔ معاشیات کے معنی کو مختصر میں واضح کریں؟

7.2.2 معاشیات کی تعریف (Definition of Economics)

معاشیات وہ سائنس ہے جس میں پیسہ (دولت)، سیاست، عوامی رویے وغیرہ جیسے مضامین کا مطالعہ کیا جاتا ہے لیکن علماء نے ان کی مختلف تعریفیں دی ہیں۔ ایڈم سمتھ کلاسیکل اسکول آف اکنامکس کے بانی تھے۔ انہوں نے 1776 میں اپنی مشہور کتاب "ویلتھ آف

نیشنز(Wealth of Nation)" شائع کی جس میں اس نے باضابطہ طور پر معاشیات کی سائنس کی بنیاد رکھی۔ایڈم سمتھ نے اپنی کتاب میں معاشیات کو ایک الگ علم کہا ہے۔ایڈم سمتھ(Adam Smith) نے معاشیات کی تعریف درج ذیل الفاظ میں کی ہے۔"معاشیات دولت کی ایک سائنس ہے جو دولت کی پیداوار، دولت کی کھپت، دولت کی تقسیم اور دولت کے تبادلے کا مطالعہ کرتی ہے۔"

مارشل(Marshall) کے مطابق معاشیات لوگوں کی مادی بہبود کی سائنس ہے۔انہوں نے کہا کہ "معاشیات زندگی میں انسان کا مطالعہ ہے کہ وہ اپنی آمدنی کیسے حاصل کرتا ہے اور اسے کیسے استعمال کرتا ہے۔ یہ انفرادی اور سماجی عمل کے اس حصے کا جائزہ لیتا ہے، جس کا سب سے زیادہ گہرا تعلق حصول اور فلاح و بہبود کی مادی ضروریات کے استعمال سے ہے۔ یہ ایک طرف دولت کا مطالعہ ہے اور دوسری طرف اور زیادہ اہم انسان کے مطالعہ کا حصہ ہے۔"

رابنسن(Robbins) نے اپنی کتاب "Nature and Significance of Economic Science" میں ڈاکٹر مارشل کی تعریف پر تنقید کی اور اپنی معاشیات کی تعریف پیش کی۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ انسانی خواہشات لامحدود ہیں اور وسائل محدود ہیں۔ اس لیے معاشیات کا مقصد محدود وسائل سے لامحدود خواہشات کی تکمیل کا راستہ تلاش کرنا ہے۔ یہ لامحدود خواہشات اور محدود وسائل کے درمیان تعلق کا مطالعہ کرتا ہے۔

رابن کے مطابق، معاشیات نہ صرف لوگوں کے رویے کا مطالعہ کرتی ہے جو دولت کی تخلیق اور مادی بہبود سے متعلق ہے بلکہ اس میں لوگوں کے رویے بھی شامل ہیں جو خدمات سے متعلق ہیں۔ چنانچہ اس نے معاشیات کا دائرہ وسیع کیا اور اسے ایک مثبت سائنس قرار دیا جو اپنے دائرہ کار کو پورے معاشرے تک پھیلاتا ہے۔

بینہم(Benham) نے وضاحت کی، "معاشیات روزگار اور معیار زندگی کو متاثر کرنے والے عوامل کا مطالعہ ہے۔"

ہارپر(Haper) کے مطابق، "معاشیات ایک سماجی سائنس ہے جو سامان اور خدمات کی پیداوار، تقسیم، اور کھپت کا تجزیہ کرتی ہے۔"

جے بی ساؤ(J. B. Saw) کہتے ہیں، "معاشیات وہ سائنس ہے جو دولت سے متعلق ہے۔"

جے ایس مل(J.S. Mill) کے مطابق، "معاشیات دولت کی پیداوار کی عملی سائنس ہے۔"

پیگو(Pigou) کے الفاظ میں، "معاشیات سماجی بہبود کے عمل کے ایک حصے کے طور پر معاشی بہبود کا مطالعہ ہے۔"

معاشیات کو دو اہم حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

7.2.2.1 مائیکرو معاشیات(Micro Economics)

یہ ایک انفرادی اکائی کے معاشیاتی عمل کا مطالعہ ہے۔اس میں اندازہ صرف ایک فرد کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ آج ایک شخص کی زندگی اس کے کام سے متاثر ہوتی ہے اور اس کے ملک اور دنیا کی معاشیات بھی متاثر ہوتی ہے۔ایسی حالت میں اس شخص یا اس کی معاشیات کا مطالعہ کرنا، اس کے کام کو دیکھنا، اس کی طرف سے چیزیں خریدنا، ان کا استعمال وغیرہ سب مائیکرو معاشیات کا حصہ ہیں۔اس کا تعلق کسی فرد کی کسی چیز

میں سرمایہ کاری اوراس کے استعمال سے ہے۔ مائیکرو معاشیات کے ذریعے یہ دیکھا جاتا ہے کہ کس قسم کی مصنوعات تیار کرنی ہیں یا کس قسم کی خدمت کس قسم کے شخص کے لیے موزوں ہوگی۔

مائیکر معاشیات کے تحت،ایک مخصوص شخص، مخصوص فرم، مخصوص صنعت یا مخصوص قیمت کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔دوسرے الفاظ میں،مائیکرو معاشیات کا تعلق انفرادی اکائیوں کے مطالعہ سے ہے۔مائیکرو معاشیات میں انفرادی اکائیوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

ہینڈرسن اور کوانٹ(Henderson and Quant) کے مطابق، "مائیکرو معاشیات افراد کی معاشی سرگرمیوں اور افراد کے اچھی طرح سے طے شدہ گروہوں کا مطالعہ کرتی ہے۔

گارڈنر ایکلے(Gardner Ackley) کے مطابق، "مائیکرو معاشیات صنعتوں، مصنوعات اور فرموں کے درمیان کل پیداوار کی تقسیم اور مسابقتی صنعتوں کے درمیان وسائل کی تقسیم کا مطالعہ ہے۔ یہ آمدنی کی تقسیم کے مسئلے کا مطالعہ کرتی ہے۔ یہ مخصوص اشیاء کی قیمتوں اور خدمات کے تعین سے متعلق ہے۔

چیمبرلین (Chamberlains) کے الفاظ میں، "مائیکرو معاشیات مکمل طور پر ذاتی تشریح پر مبنی ہے اور اس کا تعلق باہمی تعلقات سے بھی ہے۔"

مائیکرو معاشیات میں صرف انفرادی اکائیوں اور ان کے گروہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے، لیکن یہ گروہ پوری معیشت سے متعلق نہیں ہیں بلکہ معیشت کا ایک چھوٹا حصہ ہے۔ مختصراً ہم کہہ سکتے ہیں کہ مائیکرو معاشیات معاشی تجزیہ کی وہ شاخ ہے جو مخصوص اقتصادی اکائیوں اور معیشت کے چھوٹے حصوں،ان کے رویے اور ان کے خاندانی تعلقات کا مطالعہ کرتی ہے۔

7.2.2.2 مائیکرو معاشیات کی خصوصیات(Characteristics of Micro Economics)

مختصر میں مائیکرو معاشیات کی خصوصیات درج ذیل ہیں-

- اس میں انفرادی اکائیوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔مائیکرو معاشیات ذاتی آمدنی،ذاتی پیداوار اور ذاتی کھپت کی وضاحت میں مدد کرتا ہے۔
- مائیکرو معاشیات میں،ایک یونٹ کا سائز اتنا چھوٹا ہوتا ہے کہ اس سے ہونے والی تبدیلیاں پوری معیشت پر کوئی خاص اثر نہیں ڈالتی ہیں۔
- مائیکرو معاشیات کو قیمت یا قدر کا نظریہ بھی کہا جاتا ہے۔اس کے تحت طلب اور رسد(demand and supply) کے لحاظ سے مختلف اشیاء کی انفرادی قیمتوں کا تعین کیا جاتا ہے۔
- مائیکرو معاشیات میں چھوٹے متغیرات کا مطالعہ کیا جاتا ہے،ان متغیرات کا اثر اتنا کم ہوتا ہے کہ ان کی تبدیلیاں پوری معیشت پر اثر انداز نہیں ہوتیں۔
- مائیکرو معاشیات میں کسی ایک اکائی کے معاشی رویے کی جانچ اور تجزیہ کرتے ہوئے ملک کی پوری معیشت سے متعلق چیزیں، جیسے کہ قومی آمدنی، قیمت کی سطح، ملک کی کل سرمایہ کاری، کل بچت اور حکومت کی معاشی پالیسی وغیرہ کو مستحکم سمجھا جاتا ہے۔

7.2.2.3 میکرو معاشیات (Macro Economics)

معاشیات کی وہ شاخ جو ترقی، بے روزگاری، افراط زر اور تجارتی توازن جیسے وسیع مسائل پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ ملک یا معاشرہ کیسے کام کر رہا ہے، وہاں کون کس شعبے میں کام کر رہا ہے، وہاں کس قسم کے وسائل ہیں اور ان کا استعمال کیسے ہو رہا ہے، وہاں کی فی فرد آمدنی کیا ہے، اس ملک کی حیثیت کیا ہے، اس کی مالیت کیا ہے؟ وہاں کی اقتصادی ترقی کی شرح کیا ہے وغیرہ۔ تمام اعداد و شمار یا مطالعات کو میکرو معاشیات کے تحت شمار کیا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسی معاشیات جس کا اثر کسی ایک فرد پر نہیں بلکہ پورے معاشرے، ملک اور دنیا پر پڑتا ہے۔ ملک کی پالیسی کا تعین کرنے کے لیے میکرو معاشیات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں پوری قوم کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ اس کے تحت مرکزی حکومت منصوبے بناتی ہے جس سے کی قوم ترقی کر سکے۔

انگریزی لفظ "macro-economics" یونانی لفظ 'makros' سے ماخوذ ہے جس کا مطلب ہے 'بڑھا'۔ معاشیات کا وہ حصہ جو بڑے گروہوں اور اوسط کے درمیان تعلق کو سمجھتا ہے میکرو معاشیات کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر، کسی ملک کی کل قومی آمدنی، کل قومی کھپت، کل قومی پیداوار، کل طلب، کل رسد، میکرو قیمت کی سطح وغیرہ کیسے بنتی ہیں اور کن وجوہات کی وجہ سے اس میں اضافہ اور کمی ہوتی ہے، ان سب کا مطالعہ میکرو معاشیات کے تحت کیا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، میکرو معاشیات کسانوں، کاروباریوں، تاجروں، کارکنوں، ملازمین وغیرہ کا اجتماعی مطالعہ ہے۔

اسٹینلے (Stanley) کے مطابق، "میکرو معاشیات کا تعلق لوگوں کے گروہ کے معاشی رویے کو سمجھنے سے ہے۔"

گارڈنر ایکل (Gardner Eccles) کے الفاظ میں، "میکرو معاشیات کا تعلق ایسے متغیرات جیسے کسی معیشت کی پیداوار کا کل مقدار، سامان کی کھپت کی حد، قومی آمدنی کی بنیاد اور مشترکہ بنیادی سطح سے ہے"

جے ایل ہینسن (J.L. Hanson) کے مطابق، "میکرو معاشیات، معاشیات کی وہ شاخ ہے، جو روزگار، کل آمدنی اور بچت، قومی آمدنی اور اخراجات کے باہمی تعلق پر غور کرتی ہے۔"

کے کے ڈیوڈ (KK David) کے مطابق، "میکرو معاشیات کو آمدنی کے نظریہ کے طور پر بھی سمجھا جا سکتا ہے، جو سبھی پیداوار کی سطح کو بتاتا ہے اور یہ بھی بتاتا ہے کہ یہ سطح کیوں بڑھتی اور گھٹتی رہتی ہے۔"

7.2.2.4 مختصر میں میکرو معاشیات (Characteristics of Micro Economics)

مختصر میں میکرو معاشیات کی خصوصیات درج ذیل ہیں۔

- بین الاقوامی تجارت کے میدان میں، میکرو معاشیات برآمدات اور درآمدات کے مسائل، ادائیگیوں کے توازن اور غیر ملکی مسائل کا مطالعہ کرتی ہے۔
- . میکرو معاشیات پیسے کے نتائج کے نظریہ، عام قیمت کی سطح پر افراط زر وغیرہ کے اثرات کا مطالعہ کرتی ہے۔
- میکرو معاشیات کاروباری چکر کے میدان میں روزگار پر سرمایہ کاری کے اثرات کا تجزیہ فراہم کرتا ہے۔
- میکرو معاشیات میں قومی آمدنی، کل پیداوار، کل روزگار، عام قیمت کی سطح وغیرہ کو متغیر کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔

- آخر میں، میکرو معاشیات ان عوامل کا مطالعہ کرتی ہے جو اقتصادی ترقی میں رکاوٹ ہیں۔
- جب ہم پوری معیشت کا تجزیہ کرتے ہیں۔ یہ پوری معیشت کو ایک نقطہ نظر سے دیکھتا ہے۔
- میکرو معاشیات ملک کے بے روزگاری کے مسائل سے نمٹتا ہے۔اس کے اندر بے روزگاری اور اس کے عوامل کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔
- میکر معاشیات میں پوری معیشت سے متعلق پالیسیوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ ان میکرو پالیسیوں کا اثر کسی انفرادی اکائی پر نظر نہیں آتا، پورے معاشرے پر پڑنے والے اثرات کا تجزیہ صرف میکرو کے تحت کیا جاتا ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ مائیکرو معاشیات اور میکر معاشیات کی کوئی ایک تعریف لکھئے ؟ 2۔ مائیکرو معاشیات اور میکر معاشیات کی کوئی دو-دو خصوصیات لکھئے ؟

7.2.3 معاشیات کی نوعیت(Nature of Economics)

معاشیات کی نوعیت کی بات کرتے ہے تو یہ سوال سامنے آتا ہے کہ معاشیات فن ہے یا سائنس یا دونوں ہے۔سائنس وہ ہے جس میں مشاہدہ اور تجربہ کے ذریعہ قدرتی واقعات کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ یہ مطالعہ بہت منظم اصول و ضوابط کے مطابق ہوتا ہے۔ یہ اصول ایسے ہونے چاہیے جو نظریوں کی تشکیل کرے اور اصول صحیح اور عالمی طور پر تسلیم کئے جانے والا ہونا چاہیے۔ فن کا مطلب ہوتا ہے کسی کام کو بہترین انداز میں انجام دینا۔ سائنس نظریے کی نمائندگی کرتا ہے اور فن اس نظریے کو عمل میں لاتی ہے جو حقیقی اور مثالی دونوں طرح کی سائنس کو ملاتا ہے۔ یہاں معاشیات کی نوعیت کی وضاحت اسکے سائنس اور فن یا دونوں ہونے کی بنیاد پر کی گئی ہے۔

معاشیات سائنس کے طور پر: کچھ ماہرین معاشیات کو سائنس مانتے ہیں کیونکہ جس طرح سائنس میں وجوہات اور اثرات کا باہمی تعلق پایا جاتا ہے اسی طرح معاشی عوامل کا تجزیہ کریں تو ان کے درمیاں بھی وجوہات اور اثرات کا تعلق پایا جاتا ہے۔اس میں وجوہات اور نتائج میں بحث و مباحثہ کی جاتی ہے اور عالمی اصولوں کو قائم کیا جاتا ہے۔اس خلاصے کی بنیاد پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ سائنسی طریقوں اور تجربوں کے نتائج معاشیات کو سائنس کے درجہ میں رکھا جاسکتا ہے۔ کیونکہ یہ ایک خالص سائنس نہیں ہے۔ یہ ایک حقیقی سائنس تو ہے کیونکہ یہ انسان کی معاشی سرگرمیوں کے وجوہات اور نتائج میں تعلق قائم کرتا ہے۔ معاشیات ایک مثبت سائنس کے طور پر دو متغیرات کے درمیان تعلق کی جانچ کرتی ہے لیکن یہ کوئی قدر کا فیصلہ پیش نہیں کرتی بلکہ 'کیا ہے' کا بیان کرتا ہے۔ جبکہ معاشیات معیاری سائنس کے طور پر قدر کے فیصلے کو منتقل کرتی ہے اور اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ 'کیا ہونا چاہیے۔'

معاشیات ایک فن کے طور پر: کچھ ماہرین معاشیات کو سائنس نہیں مانتے ہیں کیونکہ اس میں کچھ بھی متعین نہیں ہے۔ معاشیات مختلف حالات کے مطابق بدلتی رہتی ہے۔ معاشیات کے اعداد و شمار تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔اسی وجہ سے اس میں سائنس کی شرح اصول نہیں بن پاتے ہیں۔ فن ہمیشہ ایک متعین اصول کو بیان کرتی ہے اور مخصوص مسائل کے حل نکالتی ہے۔ جہاں سائنس نظریاتی ہوتا ہے وہیں فن ہمیشہ عملی ہوتا ہے۔اس طرح معاشیات ایک فن بھی ہے۔ کیونکہ یہ ہمیں معاشی مسائل کے لیے عملی رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ موجودہ دور میں عملی

معاشیات کی اہمیت اس کی فنی نوعیت کی وجہ سے بڑھتی ہے۔ فنی نوعیت کی وجہ سے اس کی سائنسی نوعیت پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ایک فن کے طور پر معاشیات کے متعدد حصے ہیں جیسے کہ تخلیق، ترسیل، کھپت، مالیات، اور معیاری قواعد وضوابط کا نفاذ، جو معاشرے کے پیچیدہ مسائل اور سوالات کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

معاشیات ایک سائنس ہے یا ایک فن: اس سلسلے میں ماہرین معاشیات کی رائے مختلف ہے۔ کلاسیکی مکتبہ فکر کے ممتاز ماہرین معاشیات بشمول ایڈم اسمتھ، ڈیوڈ ریکارڈو، جے ایس۔ مل اور مالتھس معاشیات کو طبیعیات، کیمسٹری اور ریاضی جیسی مثبت سائنس سمجھتے ہیں۔ پروفیسر رابنز اور کینز نے بھی معاشیات کو ایک مثبت سائنس قرار دیا جس میں حقائق کا غیر جانبداری سے مطالعہ کیا جاتا ہے۔ نو کلاسیکل ماہرین معاشیات، ڈاکٹر مارشل اور پروفیسر پیگو نے معاشیات کو ایک مثبت اور معیاری سائنس کے طور پر بیان کیا جس میں نہ صرف حقائق کا مطالعہ کیا جاتا ہے جیسا کہ وہ ہیں بلکہ اس بارے میں تجاویز بھی پیش کرتے ہیں کہ انہیں کیسے ہونا چاہیے۔

معاشیات سائنس اور فن دونوں ہے: معاشیات سائنس اور فن دونوں ہے۔ معاشیات میں اصول وضوابط پائے جاتاہیں اس لیے یہ ایک سائنس بھی ہے۔ یہ فن بھی ہے کیونکہ مختلف مسائل کو حل کرنے کا طریقہ بتاتا ہے۔ سائنس اور فن سائنس کو ایک دوسرے کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ دونوں ایک دوسرے کے معاون بھی ہے۔

معاشیات تحقیق پر مبنی نئے علم کی تجویز پیش کرتا ہے اور اس طرح کے علم کو حقیقی دنیا کے منظر ناموں میں مسائل کے حل کے لیے نافذ کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر، مہنگائی ایک بڑا مسئلہ ہے جو غریب لوگوں کے معیار زندگی کو کافی حد تک گرا دیتا ہے۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے، ماہرین معاشیات افراط زر کی بنیادی وجوہات کی چھان بین کرتے ہیں اور ان نتائج کی بنیاد پر پالیسی سفارشات پیش کرتے ہیں۔ حکومت مہنگائی پر قابو پانے کے لیے ماہرین معاشیات کی دی ہوئی پالیسیوں پر عملاً عمل درآمد کرتی ہے۔ وجوہات اور پالیسی سفارشات کی چھان بین کا تعلق سائنس سے ہے اور تجویز کردہ اقدامات پر عمل درآمد کا تعلق فن سے ہے۔ لہذا، معاشیات ایک سائنس اور ایک فن دونوں ہے.

لہذا، معاشیات کو سائنس اور فن دونوں کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ سائنس اپنے طریقہ کار کے لیے اور فنون اس کے استعمال کے لیے پیشہ ورانہ اور عملی دونوں پہلوؤں میں ان معاشی مسائل کا جن کا ہم ہر روز سامنا کرتے ہیں۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ معاشیات سائنس ہے یا فن اس پر دلائل پیش کیجئے۔

7.2.4 معاشیات کی وسعت(Scope of Economics)

اس سے قبل معاشیات کا دائرہ کار لوگوں اور معاشرے کی ضروریات اور خواہشات کو پورا کرنے کے لیے محدود وسائل کے استعمال تک محدود تھا۔ لیکن اب دھیرے دھیرے معاشیات کا دائرہ بہت سے شعبوں تک وسیع ہوتا جا رہا ہے۔ معاشیات کی وسعت یا دائرہ کار درج ذیل ہے:

مائیکرو اکنامکس	میکرو اکنامکس	بین الاقوامی معاشیات	عوامی سرمایہ کاری

ویلفیئر اکنامکس	صحت معاشیات	ماحولیاتی معاشیات	شہری اور دیہی معاشیات
قومی آمدنی کی تشخیص	قیمت	روزگار	خزانہ اور نقدی پالیسیوں کا کردار
معاشی فروغ	ترقی یافتہ معاشیات	ترقی/پائیدار ترقی	بنیادی معاشیات
فیصلہ لینے اور قیمت پر فائدے کا تجزیہ	مزدوری اور مہارت کی تقسیم	معاشی ادارے	معاشی نظام
دولت	جائیداد کے حقوق	تجارت اور آزادانہ باہمی لین دین	مجموعی فراہمی
بجٹ اور عوامی قرض	کاروباری سائیکل	معاشی ترقی	روزگار اور بیروزگاری
مالی حکمت عملی	مجموعی ملکی پیداوار	مانیٹری پالیسی اور فیڈرل پالیسی	مقابلہ اور بازار کی ساخت
صارفین	مطالبہ	کاروباری افراط	حکومت کی ناکامی/عوامی انتخاب کا تجزیہ
آمدنی کی تقسیم	بازار کی ناکامی	بازار اور قیمتیں	پیداوار
منافع	کھپت	حکومت کا کردار	تجارت اور ادائیگی کا توازن
تجارت میں آنے والی رکاوٹیں	تجارت کے فوائد	معاشی ترقی	غیر ملکی کرنسی بازار/شرح مبادلہ
ذاتی خزانہ معاشیات	کریڈٹ	بجٹ	انسانی سرمایہ
بیمہ کاری	بجٹ اور سرمایہ کاری		

7.2.5 اہم تصورات اور موجودہ رجحانات (Key Concepts and Current Trends)

معاشیات کے کچھ اہم تصورات درج ذیل ہے:

پیداوار (Product): کسی فیکٹری میں تیار کیے گیے اشیاء، جس کا استعمال کیا جاتا ہے اسے پیداوار کہتے ہیں۔

تقسیم (Distribution): جس اشیاء یا پروڈکٹ کو تیار کیا جاتا ہے، اس کی تقسیم بھی ضروری ہوتی ہے۔ تقسیم میں اشیاء کو بیچنے کا عمل شامل ہے، یعنی اسے بازار میں لوگوں کے لیے دستیاب کرانا۔ اس طرح اشیاء کو جس مقصد کے لیے تیار کیا جارہا ہے، اسے لوگوں تک پہنچانے کا عمل تقسیم ہے۔

کھپت (Consumption): کھپت سے مراد تیار شدا پروڈکٹ کو جب بازار میں تقسیم کرنے کے بعد اس کے استعمال سے ہے۔ یہ معاشیات کا آخری مرحلہ ہوتا ہے۔

تبدیل کرنا (Exchange): اشیاء کو پیدا کرنا، اس کی تقسیم کرنا اس کے بعد استعمال کیا جاتا ہے۔ بہت سی جگہ پر اشیاء کے تقسیم کے عمل میں آپ کو کچھ لینے کے بدلے پیسے دینا ہوتا ہے لیکن کبھی بدلے میں آپ کو اپنا کچھ اشیاء بھی دینا ہوتا ہے۔ اشیاء کا اشیاء سے تبادلہ تبدیل کرنا کہلاتا ہے۔

عوامی سرمایہ کاری (Public Finance): معاشی تصورات کا اطلاق عوامی اشیا کے استعمال سے حکومت کے ٹیکسوں کی وصولی کے ساتھ ساتھ عام لوگوں میں ان اشیاء کی پیداوار اور تقسیم پر ہونے والے اخراجات کا اندازہ لگانے کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔

فلاہی معاشیات (Welfare Economics): معاشی نظریات اور تصورات کو کم آمدنی والے ممالک کی ترقی کا تجزیہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے کم ترقی یافتہ اور ترقی پذیر معاشروں میں لوگوں کی مختلف سہولیات اور افادیت جیسے صحت اور تعلیم کی سہولیات اور کام کے اچھے حالات کی ضروریات کو سمجھ کر ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔

صحت معاشیات (Health Economics): مختلف ممالک میں صحت کو فروغ دینے میں درپیش مسائل کا جائزہ لینے کے لیے بھی معاشی تصورات لاگو ہوتے ہیں۔ یہ تصورات حکومت کو عام لوگوں کے لیے صحت کے مناسب پیکجوں اور پروگراموں کی وضاحت کے لیے فیصلے کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

ماحولیاتی معاشیات (Environmental Economics): قدرتی وسائل کے استعمال اور ان کی کمی کا تجزیہ کرنے کے لیے معاشیات کے تصورات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مزید یہ کہ، ان کا اطلاق معاشرے پر بڑھتے ہوئے ماحولیاتی عدم توازن کے اثرات کا مطالعہ کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

بین الاقوامی معاشیات (International Economics): 'بین الاقوامی معاشیات' عمومی معاشیات کی وہ شاخ ہے جو قومی حدود سے باہر ہونے والے تمام معاشی لین دین سے متعلق ہے۔ اس کے تحت دونوں ممالک کے درمیان معاشی لین دین کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ بین الاقوامی معاشیات کا تعلق بنیادی طور پر بین الاقوامی تجارت سے ہے جس کے تحت مختلف ممالک کے درمیان پائے جانے والے معاشی اور تجارتی تعلقات اور ان سے پیدا ہونے والے مسائل کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
معاشیات کے وسعت پر مختصر نوٹ لکھئے۔ معاشیات میں تقسیم اور کھپت کے تصور کو واضح کیجئے۔

7.3 خلاصہ (Summary)

معاشیات ایک شعبہ ہے جو انسانی معیشت کے حوالے سے تجزیہ اور تعلیم فراہم کرتا ہے۔ اس اکائی میں معاشیات کے معنی اور تعریف کو واضح کرنے سے لے کر اس کی نوعیت، دائرہ کار اور کلیدی تصورات کو بتانے کی کوشش کی گئی ہے۔ معاشیات ایک طاقتور عینک کے طور پر کام کرتی ہے جس کے ذریعے ہم وسائل کی تقسیم کے دائرے میں انسانی رویے اور سماجی تنظیم کی پیچیدگیوں کو سمجھتے اور ان کا تجزیہ کرتے ہیں۔ یہ محدود وسائل اور لامحدود انسانی خواہشات کے درمیان ایک توازن قائم کرتی ہے۔ مائیکرو اکنامکس انفرادی ایجنٹوں کے رویے اور بازاروں کے اندر ہونے والے تعاملات کا مطالعہ کرتی ہے، طلب اور رسد کی حرکیات، قیمتوں کا تعین کرنے کے طریقہ کار، اور وسائل کی تقسیم پر روشنی

ڈالتی ہے۔اس کے برعکس، میکرواکنامکس ایک وسیع تر نظریہ اختیار کرتی ہے، مجموعی اقتصادی متغیرات اوران قوتوں کا جائزہ لیتی ہے جو مجموعی اقتصادی کارکردگی پراثرانداز ہوتی ہیں۔

7.4 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپنے درجِ ذیل باتیں سیکھیں:

- معاشیات سماجی سائنس کاایک حصہ ہے جس میں پیداوار، تقسیم، سامان اور خدمات کی کھپت، صنعتوں، معاشی سرگرمیوں، کاروباراو ,دولت حاصل کرنے کے ذرائع یاوسائل، دولت کے استعمال وغیرہ کا مطالعہ کیاجاتاہے۔
- ارتھشاستر ایک سنسکرت کا لفظ ہے جس میں ارتھ کا مطلب پیسہ یا دولت اور شاستر کا مطلب ہے اس کی منصوبہ بندی، انتظام یا مطالعہ۔اس طرح معاشیات کا مطلب ہے دولت کاانتظام یامطالعہ۔ معاشیات کوبنیادی طورپر دولت کا مطالعہ کہاجاتاہے۔
- ایڈم سمتھ(Adam Smith)نے معاشیات کی تعریف درج ذیل الفاظ میں کی ہے۔"معاشیات دولت کی ایک سائنس ہے جو دولت کی پیداوار، دولت کی کھپت، دولت کی تقسیم اوردولت کے تبادلے کامطالعہ کرتی ہے۔"معاشیات کودواہم حصوں مائکرواور میکرومعاشیات میں تقسیم کیاگیاہے
- یہ ایک انفرادی اکائی کے معاشیاتی عمل کا مطالعہ ہے۔اس میں اندازہ صرف ایک فرد کی بنیادپر کیا جاتاہے۔آج ایک شخص کی زندگی اس کے کام سے متاثرہوتی ہےاوراس کے ملک اوردنیاکی معاشیات بھی متاثرہوتی ہے۔ایسی حالت میں اس شخص یااس کی معاشیات کامطالعہ کرنا،اس کے کام کودیکھنا،اس کی طرف سے چیزیں خریدنا،ان کااستعمال وغیرہ سب مائیکرو معاشیات کاحصہ ہیں۔
- معاشیات کی وہ شاخ جوترقی، بےروزگاری، افراط زراور تجارتی توازن جیسے وسیع مسائل پرتوجہ مرکوز کرتی ہے۔ملک کی پالیسی کا تعین کرنے کے لیے میکرو معاشیات کااستعمال کیا جاتاہے۔اس میں پوری قوم کا مطالعہ کیاجاتاہے۔اس کے تحت مرکزی حکومت منصوبے بناتی ہے جس سے کی قوم ترقی کرسکے۔
- معاشیات سائنس اور فن دونوں ہے: معاشیات سائنس اور فن دونوں ہے۔معاشیات میں اصول وضوابط پائے جاتاہیں اس لیے یہ ایک سائنس بھی ہے۔یہ فن بھی ہے کیونکہ مختلف مسائل کو حل کرنے کاطریقہ بتاتاہے۔سائنس اور فن سائنس کوایک دوسرے کی ضرورت ہوتی ہےاور یہ دونوں ایک دوسرے کے معاون بھی ہے۔
- معاشیات کادائرہ کار بہت سے شعبوں تک وسیع ہوتاجارہاہے جس میں مائیکرواکنامکس، میکرو اکنامکس، بین الاقوامی معاشیات، عوامی سرمایہ کاری، فلاہی معاشیات، صحت معاشیات، ماحولیاتی معاشیات، شہری اور دیہی معاشیات، قومی آمدنی کی تشخیص، قیمت، روزگاروغیرہ شامل ہے۔
- معاشیات کے کچھ اہم تصورات میں، پیداوار(Product)، تقسیم (Distribution)، کھپت(Consumption)، تبدیل کرنا (Exchange)، عوامی سرمایہ کاری(Public Finance)، فلاہی

معاشیات (Welfare Economics)، صحت معاشیات(Health Economics)، احولیاتی معاشیات، بین الاقوامی معاشیات (International Economics)وغیرہ۔

7.5 فرہنگ(Glossary)

(Word) الفاظ	(Meaning) معنی
معاشیات(Economics)	معاشیات میں اس بات کا مطالعہ کیا جاتا ہے کہ کس طرح سے سماج کی لا محدود خواہشات کو محدود وسائل میں پورا کیا جائے۔ اس میں پیداوار، تقسیم، سامان اور خدمات کی کھپت، صنعتوں، معاشی سرگرمیوں، کاروباراو، دولت حاصل کرنے کے ذرائع
مائکرو معاشیات (Micro Economics)	یہ ایک انفرادی اکائی کے معاشیاتی عمل کا مطالعہ ہے جیسے صارفین اور فرموں، اور مخصوص بازاروں میں ان کے معاشی سرگرمی کا جائزہ لیتی ہے۔
میکرو معاشیات (Macro Economics)	اس میں پوری قوم کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ اس میں پوری معیشت کے رویے اور کارکردگی پر توجہ مرکوز کرتے ہے، بشمول افراط زر، بے روزگاری، اقتصادی ترقی، اور مالیاتی پالیسی جیسے عوامل۔
بین الاقوامی معاشیات International) (Economics	اس میں کسی ملک کا دیگر ممالک کے ساتھ معاشی لین دین کا مطالعہ کیا جاتا ہے

7.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Type Questions)

1۔ معاشیات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا ایک حصہ ہے :

(a) سماجی سائنس (b)تاریخ (c) شہریت (d)ان میں سے کوئی نہیں

2۔ معاشیات کا تعلق ہے:

(a) پیداوار (b)تقسیم (c) خپت (d)ان میں سے سبھی

3۔ جدید معاشیات کا آغاز ہوا:

1776 (a) 1780(b) 1790(c) 1876(d)

4۔ کتاب'Wealth of Nation' کے مصنف۔۔۔۔۔۔۔تھے۔

(a) الفریڈ مارشل (b)ایڈم سمتھ (c) جان ڈی وی (d)ان میں سے کوئی نہیں

5۔ کتاب 'Principles of Economics' کے مصنف۔۔۔۔۔۔ تھے۔

(a) الفریڈ مارشل (b) ایڈم سمتھ (c) جان ڈی وی (d) ان میں سے کوئی نہیں

6۔ کس نے کہا کہ معاشیات دولت کی ایک سائنس ہے:

(a) الفریڈ مارشل (b) ایڈم سمتھ (c) جان ڈی وی (d) کارل مارکس

7۔ کس کے کہا کہ معاشیات لوگوں کی بہبودی کی سائنس ہے:

(a) الفریڈ مارشل (b) ایڈم سمتھ (c) جان ڈی وی (d) کلپیٹرک

8۔ کتاب 'Nature and Significance of Economics' کے مصنف۔۔۔۔۔۔ تھے۔

(a) الفریڈ مارشل (b) ایڈم سمتھ (c) جان ڈی وی (d) رابنسن

مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answer Type Questions)

1۔ معاشیات کے معنی بتائے۔

2۔ معشیات کی کوئی دو تعریفیں لکھیئے۔

3۔ مائیکرو معاشیات سے کیا سمجھتے ہے۔

4۔ میکرو معاشیات سے کیا سمجھتے ہے۔

5۔ مائیکرو معاشیات کی کوئی دو خصوصیات لکھیئے۔

6۔ میکرو معاشیات کی کوئی دو خصوصیات لکھیئے۔

7۔ بین الاقوامی معاشیات سے آپ کیا سمجھتے ہے۔

8۔ عوامی سرمایہ کاری سے کیا مراد ہے؟

9۔ معاشیات میں پیداوار، تقسیم اور کھپت سے کیا سمجھتے ہے۔

10۔ صحت معاشیات سے کیا مراد ہے۔

طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)

1. معاشیات کے معنی اور تصور کو واضح کیجیئے۔

2. معاشیات سائنس ہے یا فن یا دونوں، تفصیل میں بیان کریں۔

3. معاشیات کی وسعت کو تفصیل میں بتائے۔

4. مائیکرو معاشیات سے کیا سمجھتے ہے۔ اسکی تعریف اور اہم خصوصیات کو بتائے۔

5. میکرو معاشیات سے کیا سمجھتے ہے۔ اسکی تعریف اور اہم خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید (Answer Key of Objective Type Questions)

سوال نمبر	1	2	3	4	5	6	7	8
جواب	a	d	a	b	a	b	a	d

7.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

1۔ Hussain, M.A. (2018). Pedagogy of Social Studies (In Urdu), B.Ed. (ODL)SLM. Hyderabad, DDE and DTS, Maulana Azad National Urdu University

2۔ Khan, M.S. (2015). Pedagogy of Social Studies (In Urdu), Ghaziabad, MNS Publishing House

3۔ Kazmi, G. and Kazmi, T. J. (2013). Political Science (Maharashtra Board of Secondary and Higher Secondary Education), Mumbai, Saifee Book Agency

4۔ Kochhar, S.K. (1992). Methods & Techniques of Teaching, New Delhi, Sterling Publishers Private Limited.

5۔ Sharma, R.A. (2012). Teaching of Social Science, Meerut, R.Lal Book Depot.

6۔ Sharma, R.L. (2006). The Teaching of Social Studies, Agra, Vinod Pustak Mandir

7۔ Singh, H. (2015). Hand Book of Political Science, New Delhi, Jain Book Agency

8۔ Thessarsery, I. (2012). Teaching of Social Science for the 21st Century, New Delhi, Kanishka Publishers & Distributors

Websites:

9۔ https://www.investopedia/terms/economics

10۔ hhttps://www.htips.in/economics

11۔ http://www.samaj-thesociety.blogspot.in/2010/08/new-trends-in-political-theory.html

12۔ https://www.techuhelp.com/arthashastra

اکائی 8۔ علم سیاسیات اور معاشیات کی تدریسی حکمت عملیاں

(Teaching Strategies of Political Science and Economics)*

8.0 تمہید(Introduction)

8.1 مقاصد(Objectives)

8.2 علم سیاسیات اور معشیات کی تدریسی حکمت عملیاں
(Teaching Strategies of Political Science and Economics)

8.2.1 حکمت عملیاں(Teaching Strategies)

8.2.2 لیکچر کا طریقہ(Lecture Method)

8.2.3 بحث ومباحثہ کا طریقہ(Discussion Method)

8.2.4 مظاہرے کا طریقہ(Demonstration Method)

8.2.5 سوالات پوچھنا(Questioning)

8.2.6 مسائل حل کا طریقہ(Problem Solving Method)

8.2.7 ڈرامہ کا طریقہ(Dramatization)

8.2.8 فیلڈ ٹرپس(Field Trips)

8.2.9 کہانی طریقہ کار(Story Telling Method)

8.2.10 مشاہدہ کا طریقہ(Observation Method)

8.2.11 منصوبائی طریقہ(Project Method)

8.2.12 تفویض(Assignment)

8.2.13 سیمینار(Seminar)

8.2.14 ورکشاپ(Workshop)

8.3 خلاصہ(Summary)

8.4 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

8.5 فرہنگ(Glossary)

* Dr. Jaki Mumtaj, Associate Professor, MANUU CTE, Bhopal

8.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

8.7 تجویز کردہ کتابیں(Suggested Reading Materials)

8.0 تمہید(Introduction)

تدریسی عمل میں حکمت عملیوں کی افادیت طلباء کی تفہیم اور تنقیدی سوچ کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں اہمیت کی حامل ہے۔ اساتذہ علم سیاسیات اور معاشیات کو پڑھانے کے لیے مختلف طریقوں کا استعمال کرتے ہے جس سے طلبا کی تدریس میں دلچسپ میں اضافہ ہوتا ہے اور تدریس موثر ہو جاتی ہے۔اس اکائی میں علم سیاسیات اور معاشیات کی تدریسی کے لیے خصوصی طور پر اپنائی جانے والی حکمت عملیوں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔آپ اس اکائی میں روایتی طریقہ تدریس جیسے لیکچر کے طریقہ کار اور بحث کے طریقہ کار سے لے کر طلبا مرکوز طریقہ جیسے مسئلہ حل کرنے، منصوبائی طریقہ اور ڈرامہ کاری وغیرہ حکمت عملیوں کا مطالعہ کریں گے۔مزید برآں،اس اکائی میں آپ فیلڈ ٹرپس کہانی سنانے کے طریقہ کا بھی مطالعہ کریں گے۔

8.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کو مکمل کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- علم سیاسیات اور معاشیات کی حکمت عملیوں کو بیان کر سکیں گے۔
- علم سیاسیات اور معاشیات کی تدریس کے روایتی طریقہ جیسے لیکچر طریقہ،بحث ومباحثہ کے طریقوں کو سمجھ سکیں گے۔
- علم سیاسیات اور معاشیات کی تدریس کے نئے طریقہ جیسے مسائل حل کا طریقہ، منصوبہ اور ڈرامہ کے طریقوں کو سمجھ سکیں گے۔
- سیمینار اور ورکشاپ کی وضاحت کر سکیں گے۔

8.2 علم سیاسیات اور معاشیات کی تدریسی حکمت عملیاں

(Teaching Strategies of Political Science and Economics)

علم سیاسیات اور معاشیات کی تدریس طریقوں کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے کیونکہ دونوں ہی مضمون سماجی اور معاشی اصول سے وابستہ ہیں۔عام طور پر ان حکمت عملی کا استعمال آزادانہ طور پر نہیں ہوتا بلکہ کسی نہ کسی طریقہ کار کا استعمال کیا جاتا ہے۔علم سیاسیات اور معاشیات میں تدریس میں عنوان کی نوعیت، طلبا کی ضرورت اور کمرہ جماعت کی سطح کی بنیاد پر سیکھنے کے مقاصد کے حصول کے لیے مختلف تدریسی حکمتِ عملی کا استعمال کیا جاتا ہے۔علم سیسایات اور اور معشیات کی تدریس میں استعمال کے جانے والی مختلف حکمت عملیوں کے بارے میں آگے تفصیل دی گئی ہے۔

8.2.1 حکمت عملیاں(Teaching Strategies)

تدریسی حکمت عملی وہ طریقے ہیں جن کو اساتذہ تدریس کے لیے استعمال کرتے ہیں، اس سے طلباء کی تدریس میں توجہ اور دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔ طلبا کی تدریس میں شمولیت ہو اور وہ جو بھی سیکھے دل لگا کر سیکھے۔ اساتذہ عنوان کی نوعیت، درجہ کی سطح، طلبا کی ذہنی سطح، کلاس کے سائز، اور کلاس روم کے وسائل کے مطابق موزوں تدریسی حکمت عملی کا انتخاب کرتے ہیں۔ تدریسی حکمت عملی وہ طرز عمل ہیں جو اساتذہ اس لیے اپناتا ہے کہ اس سے طلباء بہتر طریقے سے سیکھ سکیں اور اکتسابی عمل میں مشغول رہیں۔ ان سے سیکھنے میں دلچسپی اور تجسس بنا رہتا ہے اور سیکھنے کے ماحول کو مثبت انداز میں فروغ دیا جا سکیں۔ جس سے تدریسی مقاصد کو جلد سے جلد اور بہتر طریقے سے حاصل کیا جا سکیں۔ اس لیے اساتذہ کو اپنی تدریس میں کس حکمت عملیوں کا استعمال کرنا ہے، اس کو اس بات کا تجزیہ کرنا چاہیئے۔

اساتذہ کو ایک ہی کمرہ جماعت میں مختلف، شخصیت، صلاحیت اور ذہنوں والے طلبا کو پڑھانا ہوتا ہے۔ ایسے میں اسے موثر انداز میں تدریس کے لیے مناسب حکمت عملی کا انتخاب کرنا ہوگا۔ اس کے لیے تدریس کی متعدد تدریسی حکمت عملی ہیں، جن کو وہ اپنا سکتا ہے۔ اس طرح کہہ سکتے ہے کہ تدریس کے وہ اہم طریقے جن کے ساتھ مختلف تدریسی تکنیک کو استعمال کیا جاتا ہے انہیں تدریسی حکمت عملی کہتے ہیں۔ یہ تدریسی حکمت عملی تدریس کو متاثر اور جاندار بناتی ہے۔

علم سیسایات اور اور معشیات کی تدریس میں درجِ ذیل میں سے کوئی موزون حکمت عملی کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ علم سیاسیات اور معاشیات میں درس وتدریس کے لیے خاص طریقوں کو استعمال کیا جاتا ہے، جو تدریس کو موثر بناتی ہیں۔ درجِ ذیل میں درس وتدریس کے کچھ طریقے دیے ہیں جو اس طرح سے ہے:

8.2.2 لیکچر کا طریقہ(Lecture Method)

یہ سب سے قدیم تدریسی طریقہ ہے۔ جو کہ تدریس میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ مواد کی پیشکش پر زور دیتا ہے، اس میں اساتذہ زیادہ فعال ہوتا ہے اور طلباء غیر فعال ہوتے ہیں، لیکن وہ کلاس میں انہیں توجہ دلانے کے لیے سوال جوابات کا استعمال کرتا ہے۔ مواد کو وسعت دیتا ہے اور طلباء کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اساتذہ لیکچر دیتے وقت، اپنے چہرے کے تاثرات، اشاروں اور لہجوں سے ان باتوں کو بتانا چاہتا ہے جو وہ تدریس عمل میں انجام دے رہا ہے۔

علم سیاسیات اور معاشیات کے لیے اس طریقے کا استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ تدریس کا قدیم ترین طریقہ ہے۔ اس میں استاد معلومات فراہم کرتا رہتا ہے اور طلباء سنتے اور نوٹس لیکھتے رہتے ہیں۔ یہ طریقہ بڑی کلاسوں کے طلبا کے لیے بہترین ہوتا ہے۔ اس طریقے میں طلباء سن کر سیکھتے ہیں۔ کم وقت میں زیادہ سے زیادہ نصاب کو مکمل کیا جا سکتا ہے اور طلباء کے وقت اور توانائی کو بچایا جا سکتا ہے۔ دوسری طرف، لیکچر کے طریقہ کار کی خامیاں یہ بھی ہیں کہ اس میں طلبا کمرہ جماعت میں سرگرم نہیں رہتے بلکہ غیر فعال سامعین کی طرح لیکچر سنتے رہتے ہے۔ اسے طریقہ سے سبھی عنوانات کو مؤثر انداز میں تدریس نہیں کیا جا سکتا ہے۔ مواد کی ایک بڑی مقدار کی مختصر مدت میں احاطہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایک روایتی تدریسی طریقہ ہے جس میں ایک استاد کلاس کے سامنے کھڑا ہوتا ہے، کسی خاص موضوع پر تقریر کرتا ہے۔ اس طریقہ کار میں عام طور پر

بات چیت کی ایک طرفہ شکل شامل ہوتی ہے، جہاں اساتذہ زیادہ تر بات کرتا ہے جب کہ طلباء سنتے ہے۔آج مختلف نئے تدریسی طریقوں کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے باوجود بھی لیکچر کا طریقہ وسیع پیمانے پر استعمال ہونے والا تدریسی طریقہ ہے۔

8.2.3 بحث ومباحثہ کا طریقہ (Discussion Method)

یہ طریقہ زمانہ قدیم سے درس وتدریس کے عمل میں استعمال ہوتا رہا ہے۔بحث و مباحثہ میں خیالات کا تبادلہ ہوتا ہے اور حقائق کی بنیاد پر بحث کی جاتی ہے اور اس کے بعد اتفاق رائے سے مسئلے کے حل کو تلاش کیا جاتا ہے۔بحث و مباحثہ میں طلبا کے دونوں گروہ اپنی بات کو واضح انداز میں اور پوری دلیل کے ساتھ پیش کرتے ہے۔ تمام طالب علم موضوع پر خصوصی طور پر اپنا خیال ظاہر کرتے ہیں اور مسئلے پر مل کر سبھی لوگ سوچ سمجھ کر حل نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔اس طریقہ تدریس میں فیصلہ اتفاق رائے سے لیا جاتا ہے۔اس میں سبھی کی شراکت ہوتی ہے اور سبھی کو اپنی بات رکھنے کی آزادی ہوتی ہے۔ سبھی کو سوالات پوچھنے اور جوابات دینے کے یکساں مواقع فراہم ہوتے ہے۔یہ تدریس کا ایک جمہوری طریقہ ہے۔اس عمل میں طلبا جوش و خروش سے حصہ لیتے ہیں اور سرگرم رہتے ہے۔بحث و مباحثہ دو طرح کے ہوتے ہیں۔ رسمی اور غیر رسمی۔بحث و مباحثہ سے پہلے اساتذہ اسکے لیے تیاری کراتا ہے،اس کے بعد بحث کو منعقد کراتا ہے اور آخر میں اس بحث کا تعین قدر کرتا ہے۔اس طریقہ میں اساتذہ کو طلبا کو صحیح طریقے سے رہنمائی دینا ہوتی ہے۔اس سے طلبہ میں اظہار خیال، بولنے کی مہارت، خود اعتمادی اور فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کو فروغ ملتا ہے۔علم سیاسیات اور معاشیات مضمون میں معاشی اور سماجی مسائل پر بحث و مباحثہ کرایا جاسکتا ہے، جیسے نوٹ بندی کے منفی اور مثبت پہلو، اعلیٰ تعلیم کا نجی کاری ہونا، موجودہ دور میں عورتوں کا اختیار وغیرہ مضمون بحث و مباحثہ کروا کر تدریس کی جاسکتی ہے۔اس طریقہ تدریس سے طلبا میں ایک دوسرے کا احترام، صحت مند سوچ،، خیالات کے اظہار اور مشترکہ فیصلہ لینے کی صلاحیت کی نشو نما ہوتا ہے۔

8.2.4 مظاہرے کا طریقہ (Demonstration Method)

مظاہرے کا طریقہ ایک ایسا تدریسی عمل ہے، جو نہایت منظم طریقے سے انجام دیا جاتا ہے۔ مظاہرہ کے طریقہ کا استعمال اکثر اس وقت ہوتا ہے جب طلباء مضمون سے متعلق کوئی نظریاتی تصور کو سمجھنے سے قاصر ہوتے ہے۔اس طریقہ میں اساتذہ تدریسی اشیاء، چارٹس، حقیقی نمونہ یا ماڈل کا استعمال کرتے ہوئے موضوع کی پیچیدہ باتوں یا مشکل سے مشکل تصور کو آسان اور دلچسپ انداز میں طلبا کو سمجھا سکتے ہے۔اس بات کو یقینی بنانے کے لیے مظاہرہ کا طریقہ کامیاب ہے،اس میں تین چیزوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔پہلا مظاہرے کے طریقہ کار کے دوران دکھائی جانے والی اشیاء بہت چھوٹی نہیں ہونی چاہیے، دوسرہ مظاہرے کے طریقہ کار کے دوران، آسان اور سادہ زبان استعمال کی جانی چاہیے تاکہ طلبا تصورات کو آسانی سے سمجھ سکیں اور تیسری بات یہ ہے کہ طلبا کو سوالات پوچھنے کے مواقع بھی فراہم کیا ے جائے جس سے وہ اپنی مشکلات کو دور کر سکیں اور موضوع کو صحیح اور مکمل طرح سے سمجھ سکیں۔اس طریقہ میں اساتذہ اور طلبا دونوں کی شمولیت ہوتی ہے اور انکی دلچسپی برقرار رہتی ہے۔

8.2.5 سوالات پوچھنا(Questioning)

اس طریقہ میں اساتذہ سوال پوچھتا ہے۔ یہ سلسلہ اساتذہ کے سوالات پوچھنے اور ایک طلبا کے سوال کا جواب دینے کے ساتھ جاری رہتا ہے۔اس لیے سوال وجواب ایک ایسا عمل ہے جس کے تحت اساتذہ سوال پوچھتا ہے اور طلبا جواب دیتا ہے اور دوسرا سوال پوچھتا ہے، جس کا جواب دوسرے طلبا دیتے ہے۔ سوال اور جواب کا طریقہ پورے اسباق یا مطالعے کے کچھ حصے میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ طریقہ طلباء کے علم کی وسعت اور گہرائی کو جانچنے میں مدد کرتا ہے۔ یہ عمل طلباءاور اساتذہ دونوں کو متحرک رکھتا ہے۔

علم سیاسیات و معاشیات کی تدریس میں اس طرح کے سوالات پوچھے جانے چاہیے جو طلبا کے ساتھ تجربات کی بنیاد پر ہو۔اس طرح کے سوالات سابقہ معلومات کی جانچ کرتے ہے۔ یہ بھی خیال رکھنا ضروری ہے کہ سوال مضمون اور موجودہ تجربات سے متعلق ہو،اس طرح کے سوال چھوٹے اور واضح ہونے چاہیے۔ سوالوں کو پوچھنے میں زیادہ وقت نہیں لگنا چاہیے اور سوالات سلسلہ وار بھی ہونے چاہیے۔

8.2.6 مسائل حل کا طریقہ(Problem Solving Method)

تدریس میں مسائل حل کے طریقہ کا استعمال بھی کیا جاتا ہے۔ یہ ایک انتہائی موثر تدریسی حکمت عملی ہے، جو طلباء کو تنقیدی سوچ، کھوج کرنے کی مہارت اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے میں مدد کرتا ہے۔اس میں طلباء کو علم سیاسیات یا معاشیات سے متعلق کسی خصوصی مسائل کو دیا جاسکتا ہے اور طلبا سے خود سے اس کا حل تلاش کرنے کو کہا جاتا ہے۔ طلبا اپنے علم، مہارت اور تخلیقی صلاحیتوں کی بنیاد پر مسائل حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔اس میں طلبا کی شمولیت ہوتی ہے اور اساتذہ ان کی رہنمائی کرتے ہے اور تعاون بھی کرتے ہے۔ طلبا معلومات کو اکٹھا کرتے ہے، اس کا تجزیہ کرتے ہے اور غور وخوص کر کے کچھ ممکن حل تلاش کرتے ہے۔اس طریقہ میں سب سے پہلے مسئلے کا انتخاب کیا جاتا ہے، اس کے بعد مفروضہ بنا کر اس کی جانچ کی جاتی ہے اور نتیجہ اخذ کیے جاتے ہے۔ یہ طریقہ کار انفرادی فرق پر مبنی ہے اسلیے یہ نفسیاتی اصولوں کے تقاضون کو پورا کرتے ہے۔ یہ طریقہ طلباء کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، طلبا کی اس بات میں رہنمائی کرتا ہے کہ اپنے علم اور تخلیقی صلاحیتوں کو ایسے حل تیار کرنے کے لیے استعمال کریں جو موثر اور عملی ہوں۔ مسائل حل کے طریقہ میں سب سے پہلے مسائل کی شناخت کی جاتی ہے اور اس پر تبادلہ خیال کیا جاتا ہے۔اس کے بعد مسائل حل کے لیے عمل کا آغاز کیا جاتا ہے اور مسائل کے تعلق سے معلومات اکٹھا کی جاتی ہے اور ان کا تجزیہ اور موازنہ کرتے ہوئے ممکنہ حل کی تلاش کی جاتی ہے۔

8.2.7 ڈرامہ کا طریقہ(Dramatization)

علم سیاسیات اور معاشیات کے مضمون سے متعلق موضوع کی تدریس کے لیے یہ ایک نہایت مؤثر ترین طریقہ ہے۔ ڈرامہ کے ذریعہ مضمون کو دلچسپ انداز میں پڑھایا جاسکتا ہے اور اس کے ذریعہ تجرباتی طور پر مسائل کا جائزہ لیا جاتا ہے۔اس میں طلبا سرگرم رہتے ہیں اور اپنی سمجھ کا اظہار آزادانہ طور پر کرتے ہے۔ جس سے ان میں خوداعتمادی آتی ہے۔اس طریقہ میں طلبا کی شمولیت جسمانی، جذباتی اور ذہنی طور پر بہت زیادہ ہوتی ہے۔ جب کوئی موضوع یا سبق خشک ہوتا ہے تو ایسے میں ڈرامہ کا طریقہ طلباء میں تدریس کے لیے دلچسپی پیدا کرتا ہے اور توجہ

مرکوز کرتا ہے۔ یہ ایک براہ راست طریقہ ہے جس میں طلبا مشغول رہتے ہیں اور تعلیمی سرگرمیوں میں زیادہ فعال ہو سکتے ہیں۔ ڈرامہ کے طریقہ کے ذریعہ طلبا میں دوسروں کی رائے کے احترام کرنے، طلبا کے درمیان تعاون کا رویہ، مطلوبہ مہارتوں کی نشوونما، خود اعتمادی جیسے اقداروں کو فروغ دیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ تدریس طلبا کو اپنے اظہار کا موقع فراہم کرتی ہے۔ اس طریقہ کے ذریعہ طلبا اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کی مہارت کو حاصل کرتے ہے۔ ڈرامہ میں طلبہ مختلف کردار نبھاتے ہیں۔ کردار کا موضوع آسان اور واضح ہونا چاہیے، پہلے سے منصوبہ بند ہو تو بہت اچھا رہے گا۔ معلم کی رہنمائی اس میں بہت ضروری ہے۔ معلم اس طریقے کا استعمال کر کے طلبا سے مختلف موضوع جیسے پارلیمانی کارروائی، عدلیہ، انتخابی عمل، بازار اور دیہی مسائل جیسے مضمون پر ڈرامہ کے ذریعہ آسان طریقے سے درس وتدریس کرائی جاسکتی ہے۔

8.2.8 فیلڈ ٹرپس(Field Trips)

فیلڈ ٹرپس میں طلبا کمرہ جماعت کے باہر جا کر مضموں سے متعلق تمام باتوں کو تجربات اور مشاہدہ کر کے سیکھتا اور ضروری تفتیش بھی کرتا ہے۔ اساتذہ کو اپنے طلبا کو اسکول کے قریبی علاقے میں دستیاب مختلف مٹی، پودوں، ندی صنعتوں وغیرہ جیسی چیزیں کے مشاہدہ کرنے کے لیے لے جانا چاہیئے۔ فیلڈ ٹرپس سے حاصل ہونے والے تجربات طلباء کے لیے زیادہ معنی خیز ہوتے ہیں کیونکہ یہ حقیقی زندگی سے وابستہ ہوتے ہیں۔ فیلڈ ٹریپ کے تین مراحل ہیں: فیلڈ ٹریپ کی تیاری، فیلڈ ٹرپ بذات خود اور فیلڈ ٹرپ کے بعد اس کی تشریح اور اس پر رپورٹ۔ فیلڈ ٹرپ کی تیاری میں اساتذہ کو اس بات کو طے کرنا ہوتا ہے کہ وہ کہاں جارہے ہے، اس کا مقصد کیا ہے اور اس علاقے کے بارے میں تمام ممکنہ معلومات اکٹھی کرنی چاہیے جس کا دورہ کیا جائے گا اور ٹرانسپورٹ، رہائش وغیرہ کا انتظام کرنا چاہیئے۔ اس کے بعد فیلڈ ٹرپس پر جانا اور پھر فیلڈ ٹرپ کے دوران حاصل کردہ معلومات پر ایک رپورٹ تیار کرنا۔ اس پر بحث و مباحثہ کرنا اور سفر کے دوران جمع کیے گئے نمونوں اور خاکوں کی نمائش لگانا۔

فیلڈ ٹرپ تاریخ، معاشیات اور سیاسیات کے موضوعات کے لیے بہت ہی موزوں ہے جیسے ہمارا ماحول، انسان اور اس کی اقتصادی سرگرمیاں وغیرہ۔ فیلڈ ٹرپ طلبا کے اکتسابی عمال پر بہت زیادہ اثر ڈالتی ہے، لیکن اس میں اساتذہ اور طلبا دونوں کی بہت زیادہ توانائی اور وقت خرچ ہوتا ہے۔

8.2.9 کہانی طریقہ کار(Story Telling Method)

سماجی علوم کی تدریس میں یہ ایک اہم ترین طریقہ ہے۔ یہ طریقہ طلبا میں مضموں سے دلچسپی اور محبت پیدا کرتا ہے۔ اس کے ذریہ سے طلبا کو زندگی کے تمام سماجی اور معاشی پہلوؤں سے آغاہ کیا جاسکتا ہے۔ یہ ایک ایسا فن ہے جو اساتذہ کو طلباء کے دل کے بہت قریب آنے کے قابل بناتا ہے اور اس طرح وہ ان کی توجہ اپنی طرف مبذول کرواتا ہے۔ کچھ اساتذہ کہانی سنانے کے فن میں بہت زیادہ ماہر ہوتے ہے۔ اس فن کا مقصد طلباء کے سامنے تقریر طور پر واضح طور پر اور ترتیب وار واقعات کو اس طرح پیش کرنا ہے کہ طلبا واقعات اور تجربات کو مکمل طور پر سمجھ سکیں۔ کہانی سنانے کا طریقہ اسباق کو جاندار اور دلچسپ بنادیتا ہے۔ علم سیاسیات اور معاشیات سے وابستہ عظیم ہستیوں، دریافت کرنے

والوں سائنسدانوں وغیرہ کی کہانیاں طلبا کو سنائی جاسکتی ہے۔ کہانی طلبا میں کردار کو سنوارنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ کہانی کے ذریہ سے طلبا میں مختلف اقداروں جیسے امانداری، صدقہ، پاکیزگی، سچائی اور تعاون کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔اس طریقہ کار میں طلبا تھکتے نہیں ہیں اور کہانی کے ذریعے مواد مضمون کو سمجھ لیتے ہے۔

8.2.10 مشاہدہ کا طریقہ (Observation Method)

مشاہدہ سیکھنے کا ایک تجرباتی عمل ہے۔ مشاہدہ سیکھنے کا ایک ایسا طریقہ ہے جس میں طلبہ سرگرم رہتا ہے اور مشاہدے کے ذریعہ علم حاصل کرتا ہے۔ یہ بجا طور پر مانا جاتا ہے مشاہدہ سیکھنے میں بہت مؤثر طریقہ ہوتا ہے اور سیکھے گئے حقائق، مہارت اور طرز عمل کو زیادہ طویل مدت تک برقرار رکھا جاتا ہے۔ مشاہدہ سیکھنے کا ایک براہ راست طریقہ ہے۔ یہ وہ طریقہ ہے جس میں طلباء کو دیکھنے، سننے، جانچنے اور ڈیٹا اکٹھا کرنے کا مواقع فراہم کرتے ہیں۔اس طرح کے تجربات سیکھنے کے لیے سب سے زیادہ سازگار ہوتے ہیں۔ مشاہدہ سماجی علوم کے موضوع کو جاندار بناتا ہے۔

علم سیاسیات و معاشیات سے متعلق موضوعات کے مشاہدہ، فیصلہ، غور و فکر، خود فہمی، آزادانہ اظہار کرنے کو فروغ ملتا ہے۔ معلم کو مشاہدہ کرتے وقت طلباء کو رہنمائی کرنا چاہیے۔ طلباء کے ذہنی سطح اور دلچسپی کا خیال رکھنا چاہیے۔ مشاہدہ کرنے کے لیے انتخاب کئے ہوئے حالات طلبہ کی زندگی سے متعلق ہونی چاہیے۔ معلم کو بذات خود بھی مشاہدہ سے متعلق موضوعات، انتخاب کرنے کا تجربہ ہونا چاہیے۔ مشاہدہ کرنے کے بعد معلم کو اچھی طرح سے طلباء کا تعین قدر کروانا چاہیے۔اس کے پہلے خود بھی مضمون کی گہرائی اور تفصیل غور و فکر کرنی چاہیے۔ علم سیاسیات اور معاشیات میں مشاہدے کے لیے بہت مواقع فراہم ہوتے ہیں۔ بینک کا انتظام بازار کا نظام، گھر بنانا، میونسپل کی اجلاس اور گرام پنچایت کے کاموں جیسے مضمون کا مشاہداتی طریقے سے تدریس کی جاتی ہے۔

8.2.11 پروجیکٹ کا طریقہ یا منصوبائی طریقہ (Project Method)

پروجیکٹ ایک ایسا ترتیب وار خاکہ ہے جس کے ذریعے طلبا کو تجرباتی ماحول میں سیکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ امریکی فلسفی اور ایک مشہور ماہرین تعلیم جان ڈی وی نے اپنی کتاب 'عملی تعلیمی فلسفہ' سے منصوبائی طریقہ کار وجود میں آیا۔ اس طریقہ تدریس کی تعلیمی اہمیت ہوتی ہے۔ علم سیاسیات اور معاشیات سے متعلق مسائل کو منصوبہ کے ذریعے آسانی سے تدریس کی جاسکتے ہیں۔ علم سیاسیات اور معاشیات کی بہت ساری ایسی مسائل ہے جن کی تدریس میں اس طریقہ کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ طلبا کو پروجیکٹ کا کام انفرادی اور گروہی طور پر دیا جاسکتا ہے۔ معاشیات اور علم سیاسیات میں دونوں طرح کے پروجیکٹ استعمال میں لائے جاسکتے ہیں۔اس طریقہ کار سے طلبا میں خود سے پڑھنے کی عادت کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔اس طریقہ کار کا مقصد ہے کہ طلبا حقیقی حالات میں جاکر مسئلے کو حل کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔ گڈ کا کہنا ہے کہ پروجیکٹ کس عمل کی ایک ضروری اکائی ہے، جس کی تعلیمی اہمیت ہوتی ہے۔ اس میں مسائل کی تلاش اور حل شامل رہتا ہے۔ پروجیکٹ میں عام طور پر طبعیاتی ذرائع کا استعمال کیا جاتا ہے۔ معلم اور طلباء کے ذریعہ تصوراتی زندگی اور حقیقی زندگی سے اس کی منصوبہ بندی اور حل کیا جاتا

ہے۔پروجیکٹ سے طلبا میں تعاون، سوچنے، سمجھنے، معاشرے سے جڑے مختلف مضامین ہم آہنگی قائم کرنے، کام کرنے اور محنت کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔اس میں طلبا اپنی صلاحیت اور دلچسپی و قابلیت کے مطابق کام لیتے ہیں اور اپنی -اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہیں۔ منصوبہ کئی طرح کے ہوتے ہے جیسے تشکیلی منصوبہ، فنکاری منصوبہ، مسائل پر مرکوز منصوبہ، انفرادی منصوبہ اور گروہی منصوبہ۔اس میں منصوبہ کا مضموں اور موضوع کی نوعیت کی بنیاد پر انتخاب کیا جاتا ہے،اس کے بعد منصوبہ کی تیاری کی جاتی ہے، منصوبہ کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے اور منصوبہ کا تعین قدر کرکے اسکی ریکارڈنگ کی جاتی ہے۔

8.2.12 تفویضات(Assignment)

تفویض کے ذریعہ طلبا کے باقاعدہ مطالعہ کی عادت میں اضافہ ہوتا ہے۔طلبا کو فرست کے اوقات سے استفادہ کا موقع فراہم ہوتا ہے۔گھر پر کام کرنے سے انکو مشق کا موقع ملتا ہے۔کمزور طلبا کے لیے اصلاح کا مواقع فراہم کرتا ہے۔طلبا کو علم سیاسیات و معاشیات کے مضمون سے متعلق تفویضات کا کام دے کر طلبہ کو تدریسی عمل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔اس کا استعمال شروعات اور آخر دونوں میں کیا جاسکتا ہے۔ یہ عمل درسی کتابوں کی بنیاد پر بھی ہو سکتا ہے جو کہ طلبا کی دلچسپی، صلاحیت اور ضروریات سے جڑا ہونا ضروری ہے۔تفویضات درسی کتب میں دئے گئے حقیقی کام کی بنیاد پر مبنی ہوتے ہیں۔علم سیاسیات و معاشیات مضمون میں کس کام کو روزانہ و موجودہ زندگی سے جوڑ کر اس میں دلچسپی پیدا کر کے طلبہ کو دیا جاسکتا ہے۔علم سیاسیاست و معاشیات میں طلبہ کو منصوبوں، مسائل،اکائیوں کی فہرست میں اپنی دلچسپی اور ضرورت کے مطابق انتخاب کرنے کا موقع فراہم کرنا چاہیے۔کسی بھی کام میں طلبا کو غور و فکر کرنے کا موقع دینا چاہیے۔کام ایسا ہونا چاہیے جس سے طلبہ کو غور و فکر کرنے کا موقع فراہم کیا جائے۔آج آئی سی ٹی کے دور میں کئی طرح کے تخلیقی کام طلبا کو دیئے جاسکتے ہیں۔اس طرح علم سیاسیات اور معاشیات مضمون کے تدریس کو دلچسپ بنایا جاسکتا ہے۔اساتذہ کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ طلبا پر تفویض کا زیادہ بوجھ نہیں ہونا چاہیئے۔ جس سے ان کو کام کو مکمل کرنے میں دشواری ہو اور وہ نقل کریں یا چھوٹ بولیں۔تفویضات میں طلبا کی دلچسپی اور انفرادی صلاحیت کا لحاظ رکھا جانا چاہیئے۔

8.2.13 سیمینار(Seminar)

سمینار ایک میٹنگ یا کانفرنس ہے جو عام طور پر کسی خاص موضوع کے لیے منعقد کی جاتی ہے۔تعلیم میں، سیمینار کا استعمال کسی موضوع پر اپنے علم حاصل کرنے، دیگر معلومات میں اضافہ کرنے،اس پر مختلف پہلوؤں سے غور وفقر کرنے اور ان پر تبادلہ خیلات کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔یہ مختلف ذرائع سے کسی موضوع پر علم کو وسیع طور پر حاصل کرنے کا ایک مؤثر طریقہ ہیں۔

یہ طریقہ اعلی درجہ میں پڑھنے والے طلبا کے لیے استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔اساتذہ کمرے جماعت میں علم سیاسیات اور معاشیات کے کسی مضمون پر سیمینار منقد کرا سکتے ہے۔اس کے لیے کسی عنوان کا انتخاب کر کے سبھی طلبا سے اس پر غور و فکر کرنے اور اس پر اپنا ایک تحقیقی مضموں لکھنے کے لیے کہا جاتا ہے۔اس میں کسی خاص موضوع پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے اور ہر موجود شرکاء سے شمولیت کی توقہ کی جاتی

ہے۔ سیمینار کے ذریعہ بنیادی طور پر طلبا کو موضوع سے متعلق نئی- نئی باتیں سیکھنے کا مواقع ملتا ہے اور وہ ایک دوسرے سے ساجھا کرتے ہے اور مسائل کے لیے تجویز پیش کی جاتی ہے۔اس عمل میں تجزیہ اور تنقیدی صلاحیت ’ترکیب‘ تعین قدر ’اقتدار‘ مشاہدہ اور تجربات کے پیش کش کی صلاحیت دوسروں کے نظریوں کو عزت دینا وغیرہ جیسے باتوں کو طلبا سیکھ پاتے ہیں۔ سیمینار کو کسی ایک کالج کی سطح پر یا پھر علاقائی یا صوبائی یا قومی اور بین الاقوامی سطح پر منعقد کیا جا سکتا ہے۔ سیمینار میں طلبا کو آزادانہ طور پر اپنی بات کرنے،اپنے مقالہ کو پڑھنے اور اس پر سوال—جواب کرنے کا مواقع دیے جاتے ہے۔

اس طرح کے سیمینارز کا بنیادی مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ طلبا موضوع میں اضافی معلومات حاصل کریں۔ سیمینار میں مہمان کے طور پر علم سیاسیات یا معاشیات کے ماہرین کو بلایا جائے،انکا خیر مقدم کیا جائے،ان کا تعارف کرایا جائے اور اس کو موضوع کے پسمنظر پر بات کرتے ہوئے اس سے متعلق نئی معلومات اور مسائل سے طلبا کو متارف کرایا جائے۔ مہمان خصوصی اور طلبا آپس میں اس موضوع پر بات کر سکتے ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ میٹنگ میں کچھ دیر کے بعد وقفے ہوں جس سے طلبا بتائی جانے والی معلومات پر مسلسل توجہ مرکوز کر سکیں۔ پورے سیشن کے بعد، سوالات اور تبادلہ خیال کے لیے بھی کچھ وقت ہونا چاہیے تاکہ سوالات اٹھائے جا سکے اور مباحث کیے جا سکے۔

8.2.14 ورکشاپ(Workshop)

ورکشاپ سے مراد کسی مسائل کے حل کے لیے عملی طور پر کی جانے والی سرگرمی سے ہے۔ طلبا کو کسی مخصوص علم کو حاصل کرنے کے لیے یا مسائل کے حل کے لیے عملی کام بھی کرایا جاتا ہے۔ شرکاء ایک ساتھ اکٹھے ہوتے ہیں اور مسئلے کا حل تلاش کرتے ہیں۔اس کے لیے وہ ایک دوسرے سے بحث و مباحثہ کرتے ہے، تبادلہ خیال کرتے ہے اور انفرادی یا اجتماعی طور پر غور و فکر کے ساتھ مسائل کا حل تلاش کرتے ہے۔ اساتذہ اکثر اپنے طلباء کے ساتھ ورکشاپس کا انعقاد کرتے ہیں۔ورکشاپ ایک پریزنٹیشن ٹریننگ ہے جہاں لوگ ایک مخصوص موضوع سیکھتے ہیں یا کسی خاص کام کو مکمل کرتے ہیں۔اس کے علاوہ، ورکشاپ میں ہینڈ آن ٹریننگ بھی شامل ہوتا ہے، جس کا مطلب ہے کہ شرکاء سیکھنے کے عمل میں فعال طور پر شامل ہوتے ہیں۔ورکشاپ میں عام طور پر ایک تھیم، موضوع یا مخصوص سوالات ہوتے ہیں جن پر شرکاء کو پوری ورکشاپ میں بحث اور جواب دینا چاہیے۔مزید برآں، موضوعات کو قابل رسائی انداز میں پیش کیا جاتا ہے تاکہ آپ نئی مہارتیں اور آئیڈیاز لے سکیں۔

یہ ایک انٹرایکٹو میٹنگ ہے، جس میں طلبا کسی مسئلے کو حل کرنے یا کسی پروجیکٹ پر کام کرنے کے لیے مسلسل سرگرم رہتے ہے جب تک کہ اس کا حل نہیں مل جاتا۔ ورکشاپس کی قیادت اکثر ایک سہولت کار کے ذریعہ کی جاتی ہے اور یہ چند گھنٹوں سے لے کر کئی دنوں تک ہو سکتی ہے۔اس طرح ورکشاپ کو کسی موضوع پر گہری بات چیت کرنے کے لیے مشترکہ دلچسپی رکھنے والے لوگوں کو اکٹھا کرنے کے طریقے کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔اس سے طلبا میں سوچنے کی صلاحیتوں کی نشو و نما ہوتی ہے۔ ورکشاپ کے طریقہ کار کے ذریعے طلبا کو موضوع کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔ ورک شاپ سے علم سیاسیات و معاشیات سے متعلق مسائل کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔ یہ تدریس کو اہم مقاصد کی حصولیابی میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ایک گروہ کے ساتھ مل کر کام کرنا اور تعاون کرنے کا جذبہ بھی پیدا ہوتا ہے۔ نئے تصورات سے روشناس

ہو کر انہیں واضح طور پر سمجھا جاسکتا۔ دوسروں کے تجربوں اور حکمت عملی سے حقیقی علم حاصل ہوتی ہے۔ ورکشاپ میں منظم اور صدر ماہرین اور حصہ لینے والے زیر تربیت طلبا وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ ورکشاپ کا مقصد واضح ہونی چاہیے اس کی تیاری پہلے ہونی چاہیے اور اس کے انتظامی پہلوؤں پر زیادہ زور دینا چاہیے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check Your Progress)
1۔ ورکشاپ اور سمینار میں فرق کو واضح کیجیئے۔

8.3 خلاصہ (Summary)

اس اکائی میں سیاسی سائنس اور معاشیات کے لیے مختلف تدریسی حکمت عملیوں کی وضاحت کی گئی ہے، جس میں روایتی طریقوں جیسے لیکچر، بحث ومباحثہ کے طریقہ کار، منصوبائی طریقہ، سیمینار، ورک شاپ اور مسئلہ حل کرنے کے طریقہ کو شامل کیا گیا ہے۔ اس میں تدریس کے جدید طریقوں جیسے ڈرامہ کا طریقہ، فیلڈ ٹرپس، کہانی سنانے اور مشاہداتی طریقوں پر روشنی ڈالی گئی ہے، جو طلباء کو مواد کو سمجھنے، تدریس کے دوران سرگرم رہنے اور طلبا کی مضمون میں تفہیم کو فروغ دینے میں ان کی افادیت پر زور دیتا ہے۔ مزید برآں سیاسیات اور معاشیات مضمون میں طلباء کی سیکھنے اور تنقیدی سوچ کی مہارتوں کو بڑھانے کے لیے منصوبہ بندی، سیمینار منعقد کرنے اور ورکشاپس کے انعقاد کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتا ہے۔

آخر میں، اس باب نے خاص طور پر سیاسیات اور معاشیات کے مضامین کے لیے تیار کردہ تدریسی حکمت عملیوں پر غور وفکر کی گیا ہے۔ ان حکمتِ عملیوں کو تدریس میں اپنانے سے طلبا کا سیکھنے کا عمل دلچسپ، بہتر تجربات اور مواد میں بہتر سمجھ، تنقیدی سوچ کی صلاحیتوں اور طلبا کی شمولیت کو فروغ دیتا ہے۔

8.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ درجِ ذیل باتیں سیکھیں گے :

- تدریسی حکمت عملی وہ طریقے ہیں جس میں اساتذہ تدریس کے لیے استعمال کرتے ہیں جس سے طلباء کی تدیس میں توجہ اور شمولیت ہو وہ جو بھی سیکھے دل لگا کر سیکھے۔
- اساتذہ عنوان کی نوعیت، درجہ کی سطح، طلبا کی ذہنی سطح، کلاس کے سائز اور کلاس روم کے وسائل کے مطابق موزوں تدریسی حکمت عملی کا انتخاب کرتے ہیں۔
- تدریسی حکمت عملی وہ طرز عمل ہیں جو اساتذہ اس لیے اپناتا ہے کہ اس سے طلباء بہتر طریقے سے سیکھ سکیں اور اکتسابی عمل میں مشغول رہیں ان کی سیکھنے میں دلچسپی، تجسس بنا رہے اور حوصلہ افزائی کی جاسکیں اور سیکھنے کے ماحول کو فروغ دیا جاسکیں۔

- علم سیاسیات اور معاشیات میں تدریس میں عنوان کی نوعیت، طلبا کی ضرورت اور کمرہ کماعت کی سطح کی بنیاد پر سیکھنے کے مقاصد کے حصول کے لیے موزون حکمت عملی کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- لیکچر طریقہ مواد کی پیشکش پر زور دیتا ہے، اس میں اساتذہ زیادہ فعال ہوتا ہے اور طلباء غیر فعال ہوتے ہیں، لیکن وہ کلاس میں انہیں توجہ دلانے کے لیے سوال جوابات کا استعمال کرتا ہے۔
- بحث و مباحثہ میں خیالات کا تبادلہ ہوتا ہے اور حقائق کی بنیاد پر بحث کی جاتی ہے اور اس کے بعد اتفاق رائے سے مسئلے کے حل کو تلاش کیا جاتا ہے۔ بحث و مباحثہ میں طلبا کے دونوں گروہ اپنی بات کو واضح انداز میں اور پوری دلیل کے ساتھ پیش کرتے ہے۔
- سوالت پوچھنا ایک ایسا طریقہ ہے جس کے تحت اساتذہ سوال پوچھتا ہے اور طلبا جواب دیتا ہے اور دوسرا سوال پوچھتا ہے جس کا جواب دوسرے طلبا دیتے ہے۔ سوال اور جواب کا طریقہ پورے اسباق یا مطالعے کے کچھ حصے میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- مسئل حل کا طریقہ انتہائی موثر تدریسی حکمت عملی ہے جو طلباء کو تنقیدی سوچ، کوج کرنے کی مہارت اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے میں مدد کرتا ہے۔
- ڈرامہ کے ذریعہ مضمون کو دلچسپ انداز میں پڑھایا جا سکتا ہے اور اس کے ذریہ تجرباتی طور پر مسائل کا جائزہ لیا جاتا ہے۔۔اس میں طلبا سر گرم رہتے ہیں اپنی سمجھ کا اظہار آزادانہ طور پر کرتے ہے۔
- فیلڈ ٹرپس میں طلبا کمرہ جماعت کے باہر جکر مضموں سے متعلق تمام باتوں کو تجربات اور مشاہدہ کر کے سیکھتا اور ضروری تفتیش بھی کرتا ہے۔
- مشاہدہ سیکھنے کا ایک تجرباتی عمل ہے۔ مشاہدہ سیکھنے کا ایک ایسا طریقہ ہے جس میں طلبہ سر گرم رہتا ہے اور مشاہدے کے ذریعہ علم حاصل کرتا ہے۔
- پروجیکٹ کا بریقہ ایک ایسا ترتیب وار خاکہ ہے جس کے ذریعے طلبا کو تجرباتی ماحول میں سیکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے اس کا واضح مقاصد ہوتے ہیں جس کے حصول کے لیے مکمل طور پر کوشش کی جاتی ہے۔
- تفویض کے ذریعہ طلبا کے باقاعدہ مطالعہ کی عادت میں اضافہ ہوتا ہے۔ طلبا کو فرست کے اوقات سے استفادہ کا موقع فراہم ہوتا ہے۔ گھر پر کام کرنے سے انکو مشق کا موقع ملتا ہے۔ کمزور طلبا کے لیے اصلاح طکا مواقع فراہم کرتا ہے
ورکنگ ماڈلس (Working Models): ورکنگ ماڈل کسی شئی کی طبعی نمائندگی یا نمونہ ہوتے ہیں جو کسی سسٹم، ڈیوائس، مشین یا تصور کی فعالیت یا عمل کو ظاہر کرتے ہیں۔ یہ ماڈلز اس چیز کے حقیقی دنیا کے رویے کی نقل کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں جس کی وہ نمائندگی کرتے ہیں، یہ دیکھنے والوں کو یہ سمجھنے کی اجازت دیتے ہیں کہ یہ مختلف حالات میں کیسے کام کرتا ہے، تعامل کرتا ہے یا برتاؤ کرتا ہے۔ ورکنگماڈلس سے مراد ایسے ماڈلس سے ہے جو حقیقی معنوں میں حقیقی اشیاء کی طرح کام کرتے ہیں۔ عام طور پر ورکنگماڈلس کا استعمال ان حقیقی اشیاء کے لیے کیا جاتا ہے جن کو درجہ جماعت لا پانا مشکل ہو یا جو ہماری پہونچ سے دور ہوں۔ جیسے سیاروں کا ایک دوسرے کا چکر لگانا، دل کا خون کو سپلائی کرنا وغیرہ۔

جامد ماڈلس (Still Models): جامد ماڈلس سے عام طور پر جامد، غیر حرکت پذیر اشیاء یا ڈھانچہ سے ہوتا ہے جو اس سے ملتی جلتی حقیقی اشیاء کی نمائندگی کرتی ہیں۔ یہ ورکنگماڈلس کے برعکس ہوتے ہیں۔ یہ عمل کی فعالیت کو ظاہر نہیں کرتے بلکہ یہ بالکل ساکت ہوتے ہیں اور کسی بھی متحرک چیز کی نمائش نہیں کرتے۔ جامد ماڈلس سے مراد اس طرح کے ماڈلس ہیں جن کو ہم چھو کر دیکھ سکیں یا جو ورکنگ نہ ہوں بلکہ کسی بلڈنگ یا پہاڑوں کی طرح ٹھہرے ہوئے ہوں جیسے کسی تہذیب کی جھلک، کسی تاریخی عمارت کا ماڈلس وغیرہ۔

ڈائروماماڈلس(Diorama): ڈائروماماڈل مناظر، ماحول، یا ترتیبات کی تین جہتی نمائندگی ہیں، جو عام طور پر ایک باکس نما ساخت کے اندر بند ہوتے ہیں۔ یہ ماڈل تاریخی واقعات اور قدرتی مناظر سے لے کر خیالی منظر ناموں یا فنکارانہ تشریحات تک ایک مخصوص موضوع کی عکاسی کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔ Diorama ماڈل بڑے پیمانے پر اور پیچیدگی میں مختلف ہو سکتے ہیں، اور وہ اکثر تعلیمی مقاصد، عجائب گھر کی نمائشوں، شوق کے منصوبوں، یا پیشہ ورانہ نمائشوں کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

12.2.3.2 ماڈلس کے استعمال کے فوائد(Advantages of Using Models)

- ماڈل پیچیدہ سماجی مظاہر کو قابل فہم فریم ورکس میں آسان بنانے میں مدد کرتے ہیں اور طلباء کی تجریدی تصورات کی سمجھ کو بڑھاتے ہیں۔
- ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے، طلباء کی تنقیدی سوچ کی مہارتوں کو فروغ دیا جاسکتا ہے ساتھ ہی نتائج کی پیشین گوئی کرنے اور مختلف سماجی حرکیات کے مضمرات کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کیجاسکتی ہے۔
- ماڈلز طالب علموں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ سماجی مظاہر میں کردار ادا کرنے والے مختلف عوامل کا تجزیہ اور جائزہ لیں ساتھ ہی اپنے اندر گہرے فہم اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دیں۔
- سماجی سائنس کے بہت سے ماڈلز نفسیات، معاشیات، سماجیات، اور سیاسیات جیسے متعدد شعبوں کے اصولوں پر مبنی ہوتے ہیں، جس سے طلباء کو مطالعہ کے مختلف شعبوں کے باہمی ربط کو پہچاننے میں مدد ملتی ہے۔

- ماڈلز بحث و مباحثہ کے لیے ایک مشترکہ زبان اور ڈھانچہ فراہم کرتے ہیں، جو طلبہ کو نتیجہ خیز مباحثوں اور خیالات کے تبادلے میں مشغول ہونے کے قابل بناتے ہیں۔
- سماجی سائنس کے ماڈلز میں اکثر عملی ایپلیکیشنز ہوتے ہیں، جو طلباء کو نظریاتی تصورات کو حقیقی دنیا کے منظر ناموں پر لاگو کرنے اور سماجی چیلنجز سے نمٹنے میں ان کی مطابقت کو سمجھنے کی اجازت دیتے ہیں۔
- ماڈلز اکثر تجرباتی ثبوتوں اور ڈیٹا کے تجزیہ پر انحصار کرتے ہیں، جس سے طلباء کو ڈیٹا کی تشریح، شماریاتی تجزیہ، اور تحقیقی طریقہ کار میں مہارت پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- سماجی سائنس کے ماڈلز کو سمجھنے اور سمجھانے کے عمل کے ذریعے، طالب علم پیچیدہ خیالات کو واضح اور قائل کرنے کے لیے زبانی اور تحریری طور پر اپنی صلاحیت کو بہتر بناتے ہیں۔
- سماجی سائنس کے ماڈلز کے ساتھ مشغول ہونا طالب علموں کو تنقیدی انداز میں سوچنے، مختلف تصورات کے درمیان ربط پیدا کرنے، اور منطقی استدلال کی مہارتیں تیار کرنے کے لیے چیلنج کرکے علمی ترقی کو تحریک دیتا ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ ورکنگ ماڈلس سے کیا مراد ہے؟
2۔ ماڈلس کا استعمال سے تدریس پر کیا اثر پڑتا ہے؟

12.3 خلاصہ (Summary)

تدریسی و اکتسابی امدادی اشیاء وہ ذرائع ہیں جنہیں ہم آنکھ سے دیکھ سکتے ہیں اور کان سے سن سکتے ہیں، اور وہ تمام وسائل جو بصری اور سمعی حواس کی فعالیت کے ساتھ سیکھنے کے عمل میں شامل ہوں، انہیں تدریسی و اکتسابی معاون اشیاء کہا جاتا ہے۔ سمعی و بصری اشیاء کے ذریعے معلم نئے تصورات کو مؤثر اور دلکش انداز میں پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ طلبہ کو بہتر فہم حاصل ہو۔ یہ امدادی اشیاء طلبہ کی ذہنی، جذباتی اور نفسیاتی ضروریات کو پورا کرتی ہیں اور انہیں تدریسی و اکتسابی عمل میں فعال شرکت کے لیے متحرک کرتی ہیں۔

چارٹس تدریسی عمل میں ایک نہایت کارآمد بصری ذریعہ ہیں۔ یہ ایک سادہ اور فلیٹ ڈسپلے ہوتے ہیں جن پر مختلف تصاویر یا معلومات بصری انداز میں پیش کی جاتی ہیں۔ چارٹ دراصل مواد کو گرافیکل یا تصویری انداز میں پیش کرنے کا ایک مؤثر طریقہ ہے۔ ان کی کئی اقسام ہیں جیسے پائی چارٹ، لائن چارٹ، پکٹوریل چارٹ، ٹیبر چارٹ اور ڈائیگریمیٹک چارٹ وغیرہ۔ چارٹس کے استعمال سے سیکھا گیا علم دیرپا اور زیادہ واضح طور پر ذہن نشین ہوتا ہے۔

اسی طرح، گراف بھی مقداری اعداد و شمار کو بصری انداز میں ظاہر کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ ہیں۔ گراف کی مختلف اقسام ہیں جیسے کرونولوجی گراف، پائی گراف، بار گراف اور پکٹوریل گراف وغیرہ۔ گراف ڈیٹا کو سمجھنے اور پیش کرنے کے عمل کو آسان بناتے ہیں اور مختلف

اکائیوں جیسے سال، مہینے یا دیگر پیمانوں کے ساتھ اعداد و شمار کی نمائندگی میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ یہ معلومات کو Diagrammatic انداز میں پیش کرتے ہیں جس سے تجزیہ اور موازنہ آسان ہو جاتا ہے۔

ماڈلز تدریسی امداد کی ایک اور اہم شکل ہیں جو کسی بھی شے یا تصور کو حقیقی اور ٹھوس شکل دینے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ ماڈلز کو تین جہتی بصری اشیاء بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ کسی تصور یا شے کی ساخت، صورت یا عمل کو عملی طور پر دکھاتے ہیں۔ ماڈلز کی تین بنیادی اقسام ہیں: ورکنگ ماڈل، اسٹل ماڈل، اور ڈایوراما ماڈل۔ یہ تمام اقسام سیکھنے کے عمل کو مؤثر، دل چسپ اور تجرباتی بنانے میں مدد فراہم کرتی ہیں۔

12.4 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ درجِ ذیل باتیں سیکھیں گے:

- پیچیدہ تصورات کو طالب علموں کے لیے مزید قابل رسائی اور پرکشش بنا کر سیکھنے کے تجربے کو بڑھانے میں تدریسی امداد کے کردار کو سمجھ سکتے اور واضح کر سکتے ہے۔
- مختلف قسم کے تدریسی آلات کی شناخت کریں اور ان کی درجہ بندی کریں، بشمول چارٹ، ماڈل، اور گراف، اور مختلف تعلیمی سیاق و سباق میں ان کے مخصوص اطلاقات اور افعال کو سمجھیں۔
- تدریسی امداد کے استعمال کی اہمیت اور فوائد کی وضاحت کریں، جیسے بہتر فہم، طالب علم کی مصروفیت میں اضافہ، اور سیکھنے کے مختلف انداز کو پورا کرنے کے لیے متنوع فارمیٹس میں معلومات پیش کرنے کی صلاحیت۔
- مختلف قسم کے چارٹس، گرافس اور ماڈلز سے واقفیت حاصل کریں، بشمول ان کی خصوصیات، استعمالات، اور وہ منظر نامے جن میں وہ سب سے زیادہ مؤثر ہیں۔
- تدریسی اہداف کو سہارا دینے کے لیے چارٹس، ماڈلز، اور گرافس جیسی تدریسی امداد تیار کریں اور ان پر عمل درآمد کریں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ وہ متعلقہ، درست اور سیکھنے والوں کی ضروریات کے مطابق ہیں۔
- مختلف تدریسی امداد کے فوائد اور حدود کا اندازہ کریں، بشمول وضاحت، رسائی، اور حد سے زیادہ آسان بنانے یا غلط تشریح کے امکانات پر غور کرنا۔
- پڑھائی اور سیکھنے کے عمل میں چارٹس، ماڈلز اور گرافس کو مؤثر طریقے سے لاگو کریں، موضوع کو سمجھنے اور برقرار رکھنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ان کی طاقتوں کا استعمال کریں۔

12.5 فرہنگ(Glossary)

(Word)الفاظ	(Meaning)معنی
چارٹ(Chart)	**چارٹس** ایک بصری تدریسی امدادی اشیاء ہے جو ڈیٹا کو واضح اور جامع انداز میں ترتیب دینے اور ڈسپلے کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں
گراف(Graph)	**گراف** مختلف متغیرات کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتے ہیں۔ سماجی علوم میں، گراف طلباء کو ڈیٹا کا تجزیہ اور تشریح کرنے، رجحانات اور نمونوں کی شناخت کرنے اور باخبر فیصلے کرنے میں مدد کرتے ہیں
ماڈلس (Models)	**ماڈل** حقیقی دنیا کی اشیاء، نظام یا تصورات کی سہ جہتی نمائندگی ہیں۔ سماجی علوم میں، ماڈل طالب علموں کو پیچیدہ تصورات، جیسے کہ جغرافیائی خصوصیات، تاریخی واقعات، یا ثقافتی طریقوں کو دیکھنے اور سمجھنے میں مدد کرتے ہیں۔
کرونولوجی گراف Cronological) (Graph	کرونولوجی گراف ایک قسم کا گراف ہوتا ہے جسے ٹائم لائن گراف بھی کہا جاتا ہے۔ یہ وقتی دورانیوں کی ترتیب کو بطور ایک خط یا دائرے کی مدد سے ظاہر کرتا ہے۔

12.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Type Questions)

1۔ ماڈلس ہوتے ہیں۔

(a) تین جہتی آڈیو ایڈز (b)نوعیت کے اعتبار سے بیانیہ (c) تین جہتی بصری اشیاء (d) اس میں سے کوئی نہیں

2۔ چارٹ ہوتا ہے؟

(a)سادہ تصویر (b)سادہ فلیٹ ڈسپلے (c)سادہ کاغذ (d)اس میں سے کوئی نہیں

3۔ معنویت کے اعتبار سے چارٹ کا مفہوم ہوتا ہے

(a)مواد کو عام پیش کش (b)مواد کا گرافیکل پیش کش (c)مواد کو بصری انداز میں لانا (d)اس میں سے کوئی نہیں

4۔ تدریسی امدادی اشیاء میں کس کا استعمال ہوتا ہے؟

(a) سمعی حس (b)بصری حس (c) سمعی و بصری دونوں (d)اس میں سے کوئی نہیں

5۔ گراف میں کس طرح کے ڈیٹا کو پیش کیا جاتا ہے؟

(a)مقداری (b)معیاری (c)دونوں طرح کے (d)اس میں سے کوئی نہیں

6۔ گراف کی کل کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟

(a)5 (b)6 (c)7 (d)10

7۔ ہسٹوگرام کو سب سے پہلے کس نے متعارف کرایا؟

(a)کارل پیئرسن (b)جارج روفر (c)کارل فرائل (d)اس میں سے کوئی نہیں

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1۔ چارٹ کی خصوصیات کو واضح کیجیے۔

2۔ چارٹ اور ماڈلس کے استعمال سے تدریسی عمل میں کیا فائدہ ہوتا ہے؟

3۔ تدریسی میں عمل چارٹ، گراف اور ماڈلس کا استعمال کرنا کیوں ضروری ہے؟

4۔ ورکنگماڈلس کی وضاحت کیجیے۔

5۔ پکٹوریل گراف اور بار گراف کے فرق کو واضح کیجیے۔

6۔ چارٹس کے استعمال کے فائدہ بتائے۔

7۔ گراف کے استعمال کے فائدہ بتائے۔

8۔ جامدماڈلس(Still Models)کے بارے مین مختصر میں بتائے۔

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answer Type Questions)

1۔ ماڈلس کے مختلف اقسام کے بارے میں تفصیل سے بیان کریں۔

2۔ چارٹ کیا ہوتا ہے؟اس کی کتنی قسمیں ہیں اور تدریسی عمل میں اس کا استعمال کس لیے کیا جاتا ہے؟

3۔ گراف اور اس کے قسموں کی وضاحت کیجیے۔

4۔ چارٹس، گراف اور ماڈل کا سماجی علوم کی تدریس میں اہمیت بتائے۔

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید(Answer Key of Objective Type Questions)

سوال نمبر	1	2	3	4	5	6	7
جواب	c	B	b	C	a	c	a

12.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

1۔ Basha, S.A.S. and Rao, D.B. (2004): *Methods of Teaching Geography,* New Delhi, India, Discovery Publishing House.

2۔ Basha, S.A.S. and Rao, D.B. (2004): *Methods of Teaching Geography,* New Delhi, India, Discovery Publishing House.

3۔ Kochar, S.K. (1996): Teaching of History, New Delhi, Sterling Publishers Private Limited.

4۔ Mangal, S. K. and Mangal, U.(2009): Essentials of Educational Technology, New Delhi, PHI Learning Private Limited.

5۔ Pathak, S.P.(2007): Teaching of History The Paedo-Centric Approach, New Delhi, Kanishka Publishers Distributors.

6۔ Choudhury K. P. (1975) : The Effective Teaching of History in India, NCERT, New Delhi.

7۔ Moffait, M. P. (1955): Social Studies Instruction, Prentice-Hall, New York.

اکائی 13۔ تعین قدر کے معنی، نوعیت اور خصوصیات

(Meaning, Nature and Characteristics of Evaluation)*

13.0 تمہید(Introduction)

13.1 مقاصد(Objectives)

13.2 تعین قدر کے معنی، نوعیت اور خصوصیات
(Meaning, Nature and Characteristics of Evaluation)

13.2.1 سماجی علوم میں تعین قدر کے مقاصد
(Objectives in Evaluation of Social Studies)

13.2.2 سماجی علوم میں تعین قدر(Evaluation in Social Studies)

13.2.3 تعین قدر کا مفہوم اور تعریف(Meaning and Definition of Evaluation)

13.2.3.1 تعین قدر کی معنی(Meaning of Evaluation)

13.2.3.2 تعین قدر کی تعریف(Definition of Evaluation)

13.2.4 آزمائش/امتحان، پیمائش اور اندازہ قدر
(Test/Examination, Measurement and Assessment)

13.2.5 تعین قدر کی نوعیت(Nature of Evaluation)

13.2.6 تعین قدر کی خصوصیات(Characteristics of Evaluation)

13.3 خلاصہ(Summary)

13.4 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

13.5 فرہنگ(Glossary)

13.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

13.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

* Dr. Mozaffar Islam, Assistant Professor, MANUU CTE, Darbhanga

13.0 تمہید(Introduction)

سماجی علوم میں طلبا کی کارکردگی کا تعین قدر کرنا ایک ضروری سرگرمی ہے۔ تعین قدر ایک ایسا عمل ہے، جس کے ذریعے یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ طلبا نے سماجی علوم کی تدریس کے مقاصد کس حد تک حاصل کئے ہیں۔ تعین قدر عموماً سند کی اجرائی (Certification) اور ملازمت کی فراہمی (Placement) کیلئے کی جاتی ہے لیکن تدریسی مقاصد کے بہتر حصول کیلئے تعین قدر اس سے کہیں زیادہ ضروری ہے۔ اس غرض سے جو تعین قدر کی جاتی ہے وہ مسلسل اور جامع طرز پر ہونی چاہیئے۔ سماجی علوم کے معلم کو یہ جان لینا ضروری ہے کہ طلبا کی کارکردگی کی تعین قدر کیلئے کون سے طریقے اور ذرائع کا استعمال کرنا چاہیئے۔ تعین قدر کرنے کے لیے سماجی علوم کے معلم کو اسکے معنی، مقصد، نوعیت اور خصوصیات کے بارے میں معلومات ہونا ضروری ہے۔ اس غرض سے خاص طور پر سماجی علوم کے حوالے سے تعین قدر کے معنی، نوعیت اور خصوصیات وغیر ان تمام پہلوؤں پر اس اکائی میں روشنی ڈالی جائے گی۔

13.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سماجی علوم میں تعین قدر کے معنی اور تعریف کی وضاحت کر سکیں۔
- تعین قدر کے مقاصد اور اس کی نوعیت کو بیان کر سکیں۔
- آزمائش، پیمائش، اندازہ قدر اور تعین قدر کے درمیان فرق کو سمجھ سکیں۔
- تعین قدر کی خصوصیات کی تشریح کر سکیں۔

13.2 تعین قدر کے معنی، نوعیت اور خصوصیات

(Meaning, Nature and Characteristics of Evaluation)

تعلیمی نظام میں تعین قدر بہت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ معلم کو اس کے تصور کو سمجھ کر تعین قدر کے عمل کو بہتر طریقے سے انجام دے سکتا ہے۔ درج ذیل میں تعین قدر سے متعلق اہم باتوں کی قضاحت کی گئی ہے۔

13.2.1 سماجی علوم میں تعین قدر کے مقاصد(Objectives in Evaluation of Social Studies)

تعلیمی عمل میں تعین قدر ایک اہم اور لازمی جزو کی حیثیت رکھتا ہے۔ خاص طور سے اسکولی تعلیم کے مرحلہ میں تعین قدر کے نقطہ نظر سے سماجی علوم ایک اہم مضمون ہے۔ اس مضمون کے معلم کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ تعین قدر کے عمل کو بہتر انداز میں انجام دیں تاکہ جن مقاصد کیلئے سماجی علوم کی تدریس کی جارہی ہے ان کے حصول کا علم ہو سکے۔ سماجی علوم میں تعین قدر کے مقاصد درجہ ذیل ہے:

1۔ تعین قدر کا مقصد معلم کو سماجی علوم مضمون میں طلبا کی کارکردگی کے بارے میں پتا لگانا ہے۔

2۔ سماجی علوم میں طلباء کی ترقی کو جاننا۔

3۔ -تعین قدر کے ذریعہ اس بات کو جاننا کہ سماجی علوم کے مقاصد کس حد تک حاصل ہوئے ہیں۔

4۔ تعین قدر کے ذریعہ سماجی علوم کے مضمون میں معلم کو اسکی تدریس کے بارے میں معلوم ہو پاتا ہے کہ وہ کیسی تدریس کر رہا ہے۔

5۔ طلباء کو سماجی علوم کے مضمون میں اپنی کمزوریوں کو جاننے اور بہتر بنانے کے لیے رہنمائی کرنا جس سے طلبا اس مضمون میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں۔

6۔ تعین قدر کی بنیاد پر ہی معلم کو اپنی خامیوں کا علم ہوتا ہے اور وہ اپنی تدریس کو بہتر بنانے کی کوشش کرتا ہے۔

7۔ طلبا کو سماجی علوم مضامین میں ترقی کرنے میں مدد کرنا۔

8۔ طلبا کی سماجی علوم میں حاصل کردہ علم کی جانچ کرنا۔

9۔ طلبا کی سماجی علوم مضمون سے متعلق تعلیمی ترقی میں رکاوٹ بننے والے عوامل کو جاننا اور دور کرنا۔

10۔ طلبا کی سماجی علوم مضمون سے متعلقہ خامیوں اور مشکلات کو جاننا اور ان کو حل کرنا۔

11۔ طلبا کو سماجی علوم مضمون میں سیکھنے کی ترغیب دینا۔

12۔ سماجی علوم میں اہلیت کی بنیاد پر طلبا کی درجہ بندی کرنا۔

13۔ سماجی علوم میں ترقی کی بنیاد پر درجہ بندی کے لیے اور ملازمت کے لیے تعلیمی قابلیت کا سرٹیفکیٹ فراہم کرنا۔

13.2.2 سماجی علوم میں تعین قدر (Evaluation in Social Studies)

تعین قدر کا عمل تدریسی عمل کا اہم حصّہ ہے کیونکہ اس کے ذریعے یہ معلوم ہوتا ہے کہ طلبا نے کتنا سیکھا اور سماجی علوم کے مقاصد کی تکمیل کس حد تک ہوئی ہے۔ تعین قدر کی اہمیت صرف تدریس عمل میں ہی میں نہیں ہے بلکہ زندگی کے ہر شعبے میں ہے۔ تعین قدر کے ذریعے، طالبا کو سماجی علوم کے مضمون میں اپنی ترقی اور اپنی کمزوریوں کے بارے میں معلوم ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ مستقبل میں اس مضمون میں صحیح سمت میں محنت کرنے کے اپنی کارکردگی کو بہتر کر سکتے ہیں اور ان کے کامیاب ہونے کے امکانات میں اضافہ ہوتا ہے۔ تعین قدر، تعلیم کے میدان میں بہتری اور تعلیم کے معیار کی بہتری میں مدد کرتا ہے۔ ہماری پوری زندگی میں تعین قدر کا عمل شامل ہے اور اس کی مدد سے ہم آگے بڑھتے ہیں۔ تعین قدر کے ذریعے ہم اپنی کمزوری اور مضبوطی کو سمجھ پاتے ہیں سماجی علوم میں تعین قدر کا مقصد ہوتا ہے سماجی علوم کے مقاصد کی تکمیل اور طلبا کو اگلے درجہ میں ترقی یا پروموشن دینا۔ سماجی علوم کے معلم کے لیے تعین قدر بہت اہم ہے کیونکہ وہ اس کے ذریعے طلبا کی صلاحیت اور قابلیت کو جانچتا ہے اور اسی کے مطابق اپنی تدریس میں تبدیلی لاتا ہے۔ معلم تعین قدر کے ذریعے طلبا کے طرزِ عمل میں تبدیلی کا پتہ لگاتا ہے اور طلبا کی رہنمائی کرتے ہوئے تشخیص کرتا ہے اور پھر ان کے لئے الگ سے تدریس کا انتظام کرتا ہے تاکہ طلبا سماجی علوم کے تدریسی مقاصد کو حاصل کر سکیں۔

13.2.3 تعین قدر کا مفہوم اور تعریف (Meaning and Definition of Evaluation)

تعین قدر کے ذریعہ تدریسی و اکتسابی عمل میں طلباء اور معلم کی کامیابیوں کا جائزہ لیا جاتا ہے اور طلبا کی درجہ بندی کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

یہ ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے سیکھنے کے حالات اور سیکھنے کے تجربات میں استعمال ہونے والے تمام طریقوں اور تکنیکوں کی افادیت کی جانچ کی جاتی ہے۔اس کا استعمال اسکول کے پروگرام، نصاب، تعلیمی مواد، معلم اور طلباء کی جانچ پڑتال کے لیے کیا جاتا ہے۔اس کے ذریعے تدریسی مقاصد، سیکھنے کے تجربات اور نتائج کے درمیان گہرا تعلق قائم ہوتا ہے۔تعین قدر میں، مندرجہ ذیل چیزوں کے حوالے سے فیصلے کیے جاتے ہیں۔

1۔ تدریسی مقاصد کس حد تک حاصل ہوئے؟

2۔ مضمون کے مقاصد کے حصول میں طریقہ کار کتنا موثر تھا۔

3۔ کلاس روم میں سیکھنے کے تجربات کتنے موثر تھے۔

13.2.3.1 تعین قدر کی معنی (Meaning of Evaluation)

تعین قدر ایک مسلسل چلنے والا عمل ہے۔اس کے ذریعہ طلبا کی مضمون میں حصول کی پیمائش کی جاتی ہے۔تعین قدر کی بنیاد پر طلبا مضمون کو کس حد تک سیکھ پایا ہے، اس بات کو یقین کے ساتھ بتایا جاسکتا ہے اور یہ بھی بتایا جاسکتا ہے کہ تعلیم میں کس طرح کی بہتری کیے جانے کی ضرورت ہے۔اس کے ذریعے صرف طلبا کی تعلیمی حصول کو ہی نہیں بلکہ ان کے جسمانی، سماجی اور شخصیت سے متعلقہ صلاحیتوں کا تعین کیا جاسکتا ہے۔

13.2.3.2 تعین قدر کی تعریف (Definition of Evaluation)

قیولین اور حنا (Hanna and Quilen) کے مطابق اسکول میں تمام طلباء کے رویے میں ہونے والی تبدیلیوں کے متعلق ثبوت کو جمع کرنے اور ان کی تشریح کرنے کے عمل کو تعین قدر کہتے ہے۔

این ایم ڈانڈیکر (N. M. Dandekar) کے مطابق، تعین قدر اس بات کی معلومات حاصل کرنے کے ایک منظم عمل کے طور پر بیان کیا جاسکتا ہے کہ طلبا نے تعلیمی مقاصد کو کس حد تک حاصل کیا ہے۔

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (NCERT-National Council of Educational Research and Training) نے تعین قدر کے تصور کو واضع کرتے ہوئے کہا کہ یہ مسلسل اور منظم طریقے سے چلنے والا ایک ایسا عمل ہے جو درج ذیل باتوں کو ویقینی بنانے کی کوشش کرتا ہے کہ

1۔ خصوصی تعلیمی مقاصد کس حد تک حاصل کیے گئے ہے۔

2۔ کمرہ جماعت میں دیے گئے اکتسابی تجربات کس حد تک موثر اور موزون تھے۔

3۔ دیے گئے اکتسابی تجربات سے طلبا کے تعلیمی برتاؤ میں کس حد تک تبدیلی ہوئی



13.2.4 آزمائش/امتحان، پیمائش اور اندازہ قدر (Test/Examination, Measurement and Assessment)

تعلیم میں آزمائش، پیمائش اور اندازہ قدر ان تمام اصطلاحات کا استعمال کیا جاتا ہے۔حالانکہ ان سبھی اصطلاحات میں عملی طور پر بڑا فرق ہے، جو درج ذیل ہے:

آزمائش/امتحان(Test/Examination): یہ ایک قدیم طریقہ ہے، جس کا استعمال طلبا کی تعلیمی کامیابیوں کو جاننے کے لیے کیا جاتا ہے۔اس کے ذریعہ سے طلبا کی مضمون میں علم ومہارت اوراسکی ذہنی صلاحیت کی جانچ کی جاتی ہے۔اس میں زیادہ تر معلومات پر ہی زور دیا جاتا ہے۔امتحان کے دوران زبانی، تحریری، یا عملی کارکردگی کے ذریعہ طلبا کے علم وصلاحیتوں کی جانچ کی جاتی ہے۔

پیمائش(Measurement): پیمائش کے عمل کے ذریعہ کسی شئے کسی قدر ہونے کا تعین کیا جاتا ہے۔طبعی چیزیوں کی پیمائش ان کی جسامت، وزن اور مقدار کی بنیاد پر راست طور پر کی جاسکتی ہے، جیسے لمبائی، چوڑائی، طول، رقبہ یاوزن کو گنتی یا اعداد کی شکل میں پیمائش کرنا۔تعلیمی عمل میں پیمائش کے ذریعہ طلبا کی علم، مہارت اور صلاحیتوں کی پیمائش کی جاتی ہے۔اس میں زبانی، تحریری یا عملی کارکردگی کے ذریعہان کی صلاحیتوں کی پیمائش کی جاتی ہے۔

اندازہ قدر(Assessment): اندازہ قدر ایک طرح کا تخمینہ سازی کا عمل ہے۔اس کا استعمال طلبا کی کامیابیوں کا تخمینہ لگایا جاتا ہے۔اندازہ قدر کے ذریعہ طلبا کی تعلیمی سرگرمیوں میں کامیابیوں کا اندازہ لگانے کے لیے مختلف طریقوں کا استعمال کر کے معلومات کو جمع کیا جاتا ہے اور تدریس واکتساب کی کمزوریوں کو دور کیا جاتا ہے۔اندازہ قدر ایک جامع لفظ ہے جس میں آزمائش اور پیمائش بھی شامل ہے۔

اس طرح تعلیم میں تعین قدر کے عمل کے بارے میں ہم پہلے پڑھ چکے ہیں اور آزمائش، پیمائش اور اندازہ قدر ان تمام اصطلاحات کا مطالعہ کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ تعین قدر کا تصور آزمائش، پیمائش اور اندازہ قدر سے زیادہ وسیع ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ تعین قدر کے معنی بتائے؟
2۔ تعین قدر کی کوئی ایک تعریف تحریر کیجیے۔

13.2.5 تعین قدر کی نوعیت(Nature of Evaluation)

تعین قدر ایک منظم عمل کی پیروی کرتا ہے اور مختلف طریقوں کا استعمال کرتا ہے۔ تعین قدر کی درجہ بالا خصوصیات اس کی پیچیدہ اور کثیر جہتی نوعیت کو اجاگر کرتی ہیں۔ ان خصوصیات کو سمجھ کر، ماہرین تعلیم میں تعین قدر کی پیروی کرتے ہے جو جامع، منظم، اور معلوماتی ہوں اور بالآخر تدریس واکتساب کے عمل کو بہتر بنائیں۔ تعین قدر کی نوعیت درجہ ذیل ہے:

- تعین قدر میں تسلسلی طریقہ کار ہاتا ہے اور یہ ایک جامع عمل ہے۔
- تعین قدر کی نوعیت طلبا کی تعلیمی ترقی اور دیگر پہلوں کو بہتر بنانا ہے۔
- تعین قدر متعدد پہلوؤں، نقطہ نظر اور معیار پر غور کرتا ہے۔
- تعین قدر میں کسی چیز کے معیار، قدر یا اہمیت کے بارے میں فیصلے کرنا شامل ہے۔
- تعین قدر اصلاحی تدریس کو منظم کرتا ہے اور اس کے کے ذریعے سے تعلیمی معیار کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔
- تعین قدر معلم کو تدریس اور متعلم کو اکتساب میں، دونوں کے لیے بازرسائی کے کام میں مدد فراہم کرتا ہے۔
- تعین قدر ایک منظم، تسلسلی فیصلہ سازی کا عمل ہے، جو اس بات کا فیصلہ کرتا ہے کہ کمرہ جماعت میں موثر اکتسابی تجربات کے ذریعہ جن تعلیمی مقاصد کی شناخت کی گئی تھی، انکا حصول کس حد تک ہوا۔
- تعین قدر اپنی نوعیت کے اعتبار سے اور مقاصد کی بنیاد پر کئی طرح کے ہوتے ہیں جیسے تشکیلی تعین قدر (Formative Evaluation) اور تلخیصی تعین قدر (Summative Evaluation)، خارجی (External Evaluation) اور داخلی (Internal Evaluation) تعین قدر، مقداری (Quantitative) اور معیاری (Qualitative) تعین قدر وغیرہ۔
- تعین قدر کے ذریعہ حاصل نتائج کی بنیاد پر پیشن گوئی کی جاسکتی ہے۔
- یہ عمل بھی ہے اور ماحاصل بھی ہے۔

13.2.6 تعین قدر کی خصوصیات(Characteristics of Evaluation)

تعلیمی نظام میں تعین قدر کی بہت ہی اہمیت ہے۔ اس میں درجہ ذیل خصوصیات ہیں، جو کہ اس طرح ہے:

- تعین قدر مسلسل جاری رہنے والا عمل ہے۔

- تعین قدر ایک پیچیدہ عمل ہے۔
- تعلیم کے مطلوبہ مقاصد کو پورا کرنے والا عمل ہے۔
- تعین قدر معلم کو اپنے تدریس طریقہ کار میں اصلاح کرنے میں مدد کرتی ہے۔ تعین قدر کے ذریعے سے اس بات سے بھی واقفیت ہو پاتی ہے کہ معلم نے موثر تدریس کی ہے یا نہیں اور موزون تدریسی حکمتِ عملیوں کا استعمال کیا ہے کہ نہیں۔
- تعین قدر موزون مقاصد کی تشکیل میں مددگار ہوتا ہے اور اس کی بنیاد پر معلم اور طلبا دونوں اس بات سے واقف ہو پاتے ہیں کہ تعلیمی مقاصد کس حد تک حاصل ہوئے ہیں۔
- تعین قدر ایک جامع عمل ہے، اس میں جانچ اور پیمائش دونوں کام شامل ہیں۔
- تعین قدر کا دائرہ وسیع ہے اور یہ طلبا کی تعلیمی سطح کی نشاندہی کرتا ہے۔
- تعین قدر کا تعلق طلباء کی ہمہ جہت ترقی سے ہے۔
- تعین قدر کا تعلیم کے مقاصد سے گہرا تعلق ہے۔ یہ پورے تعلیمی نظام کا ایک لازمی حصہ ہے۔
- تعین قدر ایک مکمل اور قابل اعتبار عمل ہے۔
- تعین قدر طلبا کی تمام صلاحیتوں اور مہارتوں کی جانچتا ہے۔
- تعین قدر طلبا کو انفرادی اور وسیع مطالعہ کے لئے متحرک کرتا ہے۔
- تعین قدر کے ذریعے سے طلبا کی کارکردگی، اسکے طرزِ عمل میں ہونے والی تبدیلیوں کی جانچ اور تشریح کرتی ہے۔
- تعین قدر کے ذریعے سے تعلیمی معیار کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔
- تعین قدر سے اسکول کے موثر انتظام میں مدد ملتی ہے اور یہ طلبا کی رہنمائی اور مشاورت میں بہت مفید ہے۔
- تعین قدر نصاب کی تدوین میں مدد کرتا ہے۔
- تعین قدر کا عمل سیکھنے والوں کی ضروریات کا اندازہ لگانے میں مدد کرتا ہے۔
- تعین قدر کرنے والے کو تعین قدر کی مختلف تکنیکوں کی حدود کا علم ہونا چاہیے اور اسے یہ واضح طور پر بیان کیا جانا چاہئے کہ کیا کیا جانا ہے اور کیا نہیں اس اہمیت پر زور دیتے ہیں۔
- تعین قدر سے طلبا کی صرف رہنمائی ہی نہیں ہوتی بلکہ وہ اپنی خامیوں اور خوبیوں سے بھی واقف ہوتے ہے۔
- تعین قدر کے ذریعہ طلبا میں مسابقت کا جزبہ پروان چڑھتا ہے، جو ان میں ترقی کے لیے تحریک پیدا کرتا ہے۔
- تعین قدر سے معلم کو بھی طلبا کی صلاحیتوں، قابلیتوں اور ذوق وشوق کا اندازہ ہو پاتا ہے۔
- تعین قدر سے طلبا کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں جیسے عادات، رجحانات، مہارت، دلچسپی وغیرہ کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی ہے اور طلبا کے کردار میں مطلوبہ تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔
- تعین قدر کرنے کے دوران نصابی اور غیر نصابی دونوں طرح کے مضامین اور سرگرمیوں کو شامل کیا جاتا ہے۔

- تعلیم کے معیار میں بہتری لانے میں تعین قدر کا بہت ہی اہم رول ہے۔ یہ اس مقصد سے ضروری اقدامات اور موزون فیصلہ سازی میں مدد کرتا ہے۔
- طلبا کی اکتسابی دشواریوں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔
- تعین قدر کے ذریعے سے تدریس و اکتسابی عمل کا جائزہ لیا جا سکتا ہے اور موزون اکتسابی تجربات کی منصوبہ بندی میں مدد ملتی ہے۔
- تعین قدر نصاب، تدریسی حکمتِ عملی اور طریقہ تدریس میں بہتری کے لیے بازرسائی فراہم کرتا ہے۔ جس کی بنیاد پر نصاب کی تدوین ، موادِ مضمون، درسی کتاب اور طریقہ تدریس کے معیار کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔
- تعین قدر کے ذریعے سے طلبا کی تعلیمی پیش رفت اور تعلیمی ترقی کی صورت حال سے والدین کو واقف کرایا جا سکتا ہے۔
- تعین قدر میں آزمائش (Test)، پیمائش (Measurement) اور اندازہ قدر (Assessment) شامل ہے۔

اس طرح سے تعین قدر کی اتنی خصوصیات ہیں کہ تعلیمی نظام میں اس کی ضرورت اور اہمیت کو انکار نہیں کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایک ایسا تعاون مرکوز عمل ہے جس میں معلم، طلبا اور سرپرست سبھی لوگ شامل ہوتے ہیں اور سبھی کی مجموعی کوششوں کا مقصد تعلیمی نظام کو بہتر بنانا اور ر علیمیم مقاصد کی تکمیل ہوتا ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check Your Progress)
تعین قدر کی کوئی دو خصوصیات کو تحریر کیجیئے۔

13.3 خلاصہ (Summary)

یہ اکائی سماجی علوم میں تعین قدر کے تصور کو متعارف کرایا ہے، اس کے معنی، نوعیت اور خصوصیات کو اجاگر کرتا ہے۔ تعین قدر کسی چیز کے معیار، قدر یا اہمیت کو جانچنے کا ایک جامع عمل ہے۔ امتحان، پیمائش، اندازہ قدر اور تعین قدر میں تعین قدر وسیع ہے اور اپنے آپ میں سبھی کو شامل کیے ہے۔ یہ باب میں ان تصورات کے منفرد مقاصد اور نقطہ نظر پر زور دیتا ہے۔ تعین قدر ایک پیچیدہ اور مسلسل جاری رہنے والے عمل ہے لیکن اس کے ساتھ-ساتھ کئی بہت ساری خصوصیات ہیں جو تدریسی و اکتسابی عمل میں اہمیت رکھتی ہے۔ تعین قدر اور دیگر متعلقہ تصورات کے ساتھ اس کے فرق کو سمجھنے سے، طلباء تنقیدی سوچ اور باخبر فیصلہ سازی کی مہارتوں کو سماجی علوم کے مختلف سیاق و سباق میں لاگو کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

13.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپنے درجِ ذیل باتیں سیکھیں:

- تعین قدر ایک مسلسل چلنے والا عمل ہے اور اس کے ذریعہ تدریسی و اکتسابی عمل میں طلباء اور معلم کی کامیابیوں کا جائزہ لیا جاتا ہے اور طلبا کی درجہ بندی کرنے کی کوشش کی جاتی ہے

- پیمائش کے عمل کے ذریعہ کسی شئے کسی قدر ہونے کا تعین کیا جاتا ہے۔
- اندازہ قدر ایک طرح کا تخمینہ سازی کا عمل ہے۔اس کا استعمال طلبا کی کامیابیوں کا تخمینہ لگایا جاتا ہے۔
- امتحان قدیم طریقہ ہے، جس کا استعمال طلبا کی تعلیمی کامیابیوں کو جاننے کے لیے کیا جاتا ہے۔
- پیمائش، اندازہ قدر اور امتحان یہ سبھی تعین قدر میں شامل ہیں۔
- تعین قدر میں بہت ساری خصوصیات پائی جاتی ہیں۔
- نوعیت کی بنیاد پر تعین قدر ایک تسلسلی، اصلاحی، منظم، معیاری نوعیت کا عمل ہے۔

13.5 فرہنگ(Glossary)

(Word)الفاظ	(Meaning)معنی
تعین قدر (Evaluation)	کسی چیز کے معیار، قدر یا اہمیت کو جانچنے کا ایک منظم عمل۔ تعین قدر کی بنیاد پر حاصل نتائج کی بنیاد پر طلبا مضمون کو کس حد تک سیکھ پایا ہے۔
اندازہ قدر (Assessment)	اندازہ قدر ایک طرح کا تخمینہ سازی کا عمل ہے۔اس کا ستعمال طلبا کی کامیابیوں کا تخمینہ لگایا جاتا ہے۔
پیمائش (Measurement)	پیمائش کے عمل کے ذریعہ کسی شئے کسی قدر ہونے کا تعین کیا جاتا ہے۔ طبعی چیزیوں کی پیمائش ان کی جسامت، وزن اور مقدار کی بنیاد پر۔ تعلیمی عمل میں پیمائش کے ذریعہ طلبا کی علم، مہارت اور صلاحیتوں کی پیمائش کی جاتی ہے۔
امتحان(Examination)	مجلس مقننہ حکومت کا ایک ادارہ ہے جو قوانین بنانے کا کام کرتا ہے۔اس لیے اسے قانون ساز ادارہ بھی کہتے ہیں۔
معیار (Quality)	معیارات یا بینچ مارکس کسی چیز کے معیار یا قدر کا فیصلہ کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

13.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Type Questions)

1۔ سماجی علوم میں تعین قدر کا مقصد ہے:

(a)سماجی علوم میں طلبا کی ترقی کو جاننا (b) سماجی علوم کے مقصد کس حد تک حاصل ہوئے ہیں۔

(c)طلبا میں سماجی علوم کو سیکھنے کی ترغیب دینا (d)درجہ بالا سبھی

2۔ درجِ ذیل میں کس نے کہا کہ تعین قدر کو ایک ایسے منظم عمل کے طور پر بیان کیا جاسکتا ہے کہ تعلیمی مقاصد کس حد تک حاصل ہو رہے ہیں:

(a) Quilen & Hanna (b) N.M. Dandekar (c) NCERT (d) Reemer

3۔ تعین قدر کے عمل کا تعلق نہیں ہے:

(a) تعلیمی مقاصد (b) اکتسابی تجربات (c) طلبا کے برتاؤ میں تبدیلی (d) والدین

4۔ درجِ ذیل میں سے کس کی پیائش راست طور پر کی جاسکتی ہے:

(a) وزن (b) لمبائی (c) کھیت کا رقبہ (d) طلبا کی ذہانت

5۔ درجِ ذیل میں سے کس عمل کو تخمینہ سازی کا عمل کہا گیا ہے:

(a) امتحان (b) اندازہ قدر (c) پیائش (d) تعین قدر

6۔ درجِ ذیل میں سے کون تعین قدر کی قسم ہے:

(a) داخلی (b) خارجی (c) تشکیلی (d) درجہ بالا سبھی

7۔ درجِ ذیل میں سے کون سی بات تعین قدر کے تعلق سے صحیح ہے:

(a) تعین قدر معیاری ہوتا ہے (b) تعین قدر مقداری ہوتا ہے (c) دونوں ہوتا ہے (d) ان میں سے کوئی نہیں

8۔ درج ذیل میں سے کس کی نوعیت سب سے وسیع ہے:

(a) تعین قدر (b) پیائش (c) اندازہ قدر (d) امتحان

مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answer Type Questions)

1۔ تعین قدر کیسے کہتے ہے؟ واضع کیجیئے۔

2۔ تعین قدر کی کوئی دو تعریفیں لکھیئے۔

3۔ تعین قدر اور پیائش کے درمیان فرق کو واضح کیجیئے۔

4۔ پیائش اور اندازہ قدر کے درمیان فرق کو واضح کیجیئے۔

5۔ اندازہ قدر اور امتحان کے درمیان کیا فرق ہے۔

6۔ تعین قدر کی نوعیت پر مختصر نوٹ لکھیئے۔

طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)

1۔ تعین قدر، پیائش، اندازہ قدر اور امتحان کے درمیان فرق کو واضح کیجیئے۔

2۔ تعین قدر کی خصوصیات کو بیان کیجیے۔
3۔ تعین قدر کی نوعیت کی وضاحت کیجیے۔
4۔ تعین قدر کے مقاصد کو بتائے اور اسکی اہمیت وضرورت کو واضح کیجیے۔

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید(Answer Key of Objective Type Questions)

سوال نمبر	1	2	3	4	5	6	7	8
جواب	d	b	d	d	b	d	c	a

13.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

1۔ Hussain, M.A. (2018). Pedagogy of Social Studies (In Urdu), B.Ed. (ODL)SLM. Hyderabad, DDE and DTS, Maulana Azad National Urdu University

2۔ Khan, M.S. (2015). Pedagogy of Social Studies (In Urdu), Ghaziabad, MNS Publishing House

3۔ Kazmi, G. and Kazmi, T. J. (2013). Political Science (Maharashtra Board of Secondary and Higher Secondary Education), Mumbai, Saifee Book Agency

4۔ Kochhar, S.K. (1992). Methods & Techniques of Teaching, New Delhi, Sterling Publishers Private Limited.

5۔ Khan, M.S. (2015). Pedagogy of Social Studies (In Urdu), Ghaziabad, MNS Publishing House

6۔ Mishra, R.M. (2010). Teaching Technology and Evaluation, Lucknow, Alok Prakashan

7۔ Sharma, R.A. (2012). Teaching of Social Science, Meerut, R.Lal Book Depot.

8۔ Sharma, R.L. (2006). The Teaching of Social Studies, Agra, Vinod Pustak Mandir

9۔ Singh, H. (2015). Hand Book of Political Science, New Delhi, Jain Book Agency

10۔ Thessarsery, I. (2012). Teaching of Social Science for the 21st Century, New Delhi, Kanishka Publishers & Distributors

اکائی 14۔ تعین قدر کے اقسام

(Types of Evaluation)*

14.0 تمہید (Introduction)

14.1 مقاصد (Objectives)

14.2 تعین قدر کے اقسام (Types of Evaluation)

14.2.1 تشکیلی اور مجموعی تعین قدر

(Formative Evaluation and Summative Evaluation)

14.2.2 داخلی تعین قدر اور خارجی تعین قدر

(Internal Evaluation and External Evaluation)

14.2.3 نارم ریفرنسڈ تعین قدر اور کرائی ٹیرین ریفرینسڈ تعین قدر

(Norm Referenced Evaluation and Criterion-Referenced Evaluation)

14.2.4 معیاری تعین قدر اور مقداری تعین قدر

(Qualitative Evaluation and Quantitative Evaluation)

14.3 خلاصہ (Summary)

14.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

14.5 فرہنگ (Glossary)

14.6 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

14.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

* Dr. Mozaffar Islam, Assistant Professor, MANUU CTE, Darbhanga

14.0 تمہید(Introduction)

تعلیم کا مقصد طلبا کی ہمہ جہت نشو نما ہے۔ تعلیم کے عمل میں طلبا کی ادراکی، جذباتی اور نفسی حرکی پہلوؤں کی نشو نما کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ تعین قدر دراصل تدریس واکتساب کا ایک اہم جز ہے۔اس کے ذریعے طلبا کی نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں اور تمام تر پہلوؤں کی جانچ کی جاتی ہے۔ تعین قدر ایک مسلسل جاری رہنے والا عمل ہے۔ جس کے ذریعے سے طلبا کی حصولیابی، کسی نصاب یا تعلیمی پروگرام کی اہمیت وضرورت اور تدریسی معیار کا جائزہ لیا جاسکتا ہے اور اسکے تعلق سے مناسب فیصلہ لیا جاسکتا ہے۔ تعین قدر کے مختلف اقسام ہوتے ہے جو مختلف مقاصد کی تکمیل کرتے ہے۔اس اکائی میں آپ تعین قدر کی مختلف اقسام جیسے تشکیلی اور مجموعی، داخلی تعین قدر اور خارجی تعین قدر، نارم ریفرنسڈ تعین قدر اور کرائی ٹیرین ریفرینسڈ تعین قدر، معیاری تعین قدر اور مقداری تعین قدر وغیرہ کا مطالعہ کریں گے۔ تعین قدر کے ان تمام اقسام کو سمجھنا معلم کو اپنے مخصوص سیاق وسباق کے لیے موزوں ترین نقطہ نظر کا انتخاب کرنے کے لیے بااختیار بناتا ہے، بالآخر طلبا کے لیے اکتسابی عمل کو بہتر بناتا ہے۔

14.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- تعین قدر کے مختلف اقسام کی وضاحت کر سکیں۔
- تشکیلی اور مجموعی تعین قدر کے کے درمیان فرق کو بیان کر سکیں۔
- داخلی تعین قدر اور خارجی تعین قدر میں فرق کو سمجھ سکیں۔
- نارم ریفرنسڈ تعین قدر اور کرائی ٹیرین ریفرینسڈ تعین قدر کی تشریح کر سکیں۔
- معیاری تعین قدر اور مقداری تعین قدر کی وضاحت کر سکیں۔

14.2 تعین قدر کے اقسام(Types of Evaluation Tools)

تعین قدر سے مراد تعلیم کے میدان میں مختلف اشیاء یا عمل جیسے کہ تدریس کا طریقہ، نصاب،، تعلیمی مقاصد، تعلیمی پروگرام اور تعلیمی مواد وغیرہ کی موزونیت کو جاننے کا عمل ہے۔ بلاشبہ تعین قدر کا بنیادی مقصد تعلیمی فیصلے کرنے میں مدد کرنا ہے۔ لہذا، تعین قدر کا حتمی مقصد تعلیم کو بہتر بنانا ہے۔ تعین قدر کے مختلف اقسام ہیں اور بطور معلم ہمارے لیے یہ ضروری ہے کہ ہم تعین قدر کے مختلف طریقون سے اچھی طرح واقف ہوتا کہ مقاصد اور حالات کی بنیاد کے تحت مناسب طریقوں کو استعمال کر سکیں۔ تعین قدر کے مختلف اقسام درجِ ذیل ہے۔

14.2.1 تشکیلی اور مجموعی تعین قدر (Formative Evaluation and Summative Evaluation)

1967 میں تعین قدر کی عملی کارکردگی پر بحث کرتے ہوئے، مائیکل سکریوین (Michael Scriven) نے تعین قدر کو دو حصوں میں تقسیم کیا۔ تشکیلی تعین قدر اور مجموعی تعین قدر

تشکیلی تعین قدر (Formative Evaluation): تشکیلی تعین قدر سے مراد کسی بھی تعلیمی پروگرام، منصوبہ بندی کے عمل، تدریسی مواد یا طلبا کی کامیابی وغیرہ کا اس طرح جائزہ لینا ہے کہ تعین قدر کی بنیاد پر بہتری لانا ممکن ہو۔ اس طرح، اگر تعین قدر کسی تعلیمی پروگرام، منصوبہ بندی کے عمل، تدریسی مواد یا طلبا کی کامیابی وغیرہ میں اصلاح یا بہتری کے مقصد کے ساتھ کیا جارہا ہے، تو اسے تشکیلی تعین قدر کہا جائے گا۔ اس تعین قدر کا مقصد خامیوں کی نشاندہی کرنا اوران پر قابو پانے یادور کرنے کے لیے اقدامات تجویز کرنا ہوتا ہے۔

اس تعین قدر کے کا اہم مقصد معلم اور طلبا کو مسلسل بازرسی فراہم کرنا ہے اور اس بات کی جانچ کی جاتی ہے کہ طلباء کس حد تک تدریس سے استفادہ حاصل کررہے ہے۔ اس طرح انہیں اپنی کامیابی اور ناکامی سے واقف کرایا جاتا ہے۔ طلبا کو وقت رہتے اپنی غلطیوں اور کمزوریوں سے بھی واقف کرایا جاتا ہے اور اصلاح کرنے کا موقع فراہم کرایا جاتا ہے۔ اسکے ذریعے سے سیکھنے کی ترقی میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔ یہ طلبا کی اکتسابی پیش رفت کی جانچ کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔ اس تعین قدر کا مقصد تدریسی واکتسابی عمل کو موثر بنانا ہوتا ہے۔ تشکیلی تعین قدر کے ذریعے طلبا کی کامیابی کی جانچ کے ساتھ معلم کی تدریسی صلاحیت اور نصاب کی موثریت کا بھی اندازہ لگایا جاتا ہے۔ اس طرح معلم بھی اپنی تدریس میں بہتری لا سکتے ہے۔

تشکیلی تعین قدر کا مقصد ایسے شعبوں کی نشاندہی کرنا ہوتا ہے، جن میں ابتدائی طور پر بہتری کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس تعین قدر کی بنیاد پر طلبا کی غلطیوں اور کمزوریوں کی نشاندہی کرکے ان کی حصولیابی کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔ یہ قیمتی معلومات فراہم کرتا ہے جو ترقی یا عمل درآمد کے عمل کو تشکیل دینے اور بہتر بنانے میں مدد کرسکتی ہے۔ یہ تعین قدر اس بات کو یقینی بنانے میں بھی مدد کرتا ہے کہ مطلوبہ ضروریات کو پورا کیسے کریں جس سے زیادہ اطمینان اور کامیابی ہوسکیں۔ تشکیلی تعین قدر ایک جاری رہنے والا عمل جو کہ سیکھنے کے عمل کے دوران ہوتی ہے۔ اس کا مقصد طلبا کے سیکھنے کی نگرانی کرنا اور مسلسل فیڈ بیک فراہم کرنا ہے جسے معلم اپنی تدریس کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں اور طلبا اپنی تعلیم حصولیابی کے اضافہ کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔

تشکیلی تعین قدر کے مقاصد:

تشکیلی تعین قدر پروگرام کی تعین قدر کرنے کا ایک نقطہ نظر ہے جو کسی پروگرام کی ترقی اور نفاذ کے دوران اس کی تاثیر کو بہتر بنانے کے مقصد کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ تشکیلی تشخیص کے چند اہم مقاصد اور اہداف یہ ہیں۔

- **بازرسی فراہم کرنا:** اس تعین قدر میں طلبا کو معلم کو تدریس واکتساب کے بارے میں، کسی پروگرام کے بارے میں بازرسی فراہم کرنے پر مرکوز ہے تاکہ جاری پروگرام کی ترقی اور بہتری کی جاسکیں۔
- **مسائل کی نشاندہی کرنا:** پروگرام کے ڈیزائن، نفاذ، اور ترسیل میں بہتری کے لیے مسائل اور شعبوں کی نشاندہی کرنے کے لیے تشکیلی تعین قدر کا استعمال کیا جاتا ہے، تاکہ ان کا بروقت اور مؤثر طریقے سے حل کیا جاسکے۔

- **پیشرفت کی نگرانی کرنا:** تشکیلی تعین قدر کا استعمال پروگرام کی پیشرفت اور ترقی اور عمل درآمد کے پورے عمل میں نتائج کی نگرانی کے لیے کیا جاتا ہے، تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ پروگرام اپنے مطلوبہ اہداف کو پورا کرنے کے لیے راستے پر ہے۔
- **پروگرام کے ڈیزائن کو بہتر بنانا:** پروگرام کے اجزاء، جیسے پروگرام کے مواد، ترسیل، اور عملے کی طاقتوں اور کمزوریوں کی نشاندہی کرکے پروگرام کے ڈیزائن کو بہتر بنانے کے لیے تشکیلی تعین قدر کا استعمال کیا جاتا ہے۔
- **پروگرام کے نتائج کو بہتر بنانا:** پروگرام کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے تشکیلی تعین قدر کا استعمال پروگرام کی تاثیر کو بہتر بنانے کے لیے حکمت عملیوں کی نشاندہی کے ذریعے کیا جاتا ہے، جیسے کہ پروگرام کے اجزاء یا ترسیل کے طریقوں میں ترمیم کر کے۔پروگراموں اور اقدامات کی تاثیر کو بہتر بنانے کے لیے تشکیلی تعین قدر ایک کلیدی ذریعہ ہے اور اس کا استعمال بازرسی فراہم کرنے، بہتری کے لیے شعبوں کی نشاندہی کرنے، اور پروگرام کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے کیا جاتا ہے۔

تشکیلی تعین قدر کی خصوصیات:

مسلسل تعامل: تشکیلی تعین قدر میں معلم اور طلباء کے درمیان باقاعدگی سے، اکثر یا روزانہ ایک دوسرے سے گفتگو ہوتی ہے۔

تعمیری بازرسی: اس تعین قدر میں تعمیری بازرسی بھی فراہم کی جاتی ہے جسے طلباء اپنی سمجھ اور مہارت کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

غیر رسمی طریقے: اس میں اکثر غیر رسمی تعین قدر کے طریقے استعمال کرتا ہے جیسے کوئز، گروپ ورک، اور کلاس ڈسکشن۔

موافقت پذیر تعلیم: معلم جمع کی گئی معلومات کو اپنے طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنی تدریسی حکمت عملیوں کو اپنانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

تشکیلی تعین قدر کے فوائد

فعال سیکھنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے: طلباء اپنے سیکھنے کے عمل میں شامل ہوتے ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ اپنی ترقی دیکھ سکتے ہیں۔

سیکھنے کے خلاء کی نشاندہی کرتا ہے: یہ ان علاقوں کی نشاندہی کرنے میں مدد کرتا ہے جہاں طلباء جدوجہد کر رہے ہیں۔

اضطراب کو کم کرتا ہے: مسلسل تشکیلی تعین قدر کی وجہ سے امتحانات کا دباؤ کم ہو جاتا ہے۔

ذاتی رائے: طلباء انفرادی رائے حاصل کرتے ہیں، جو مخصوص ضروریات کو پورا کرنے میں زیادہ مؤثر ہے۔

مجموعی تعین قدر (Summative Evaluation): مجموعی تعین قدر سے مراد پہلے سے تیار کردہ تعلیمی پروگرام، منصوبہ یا مواد کی مجموعی مطلوبہ اہمیت کا پتہ لگانے کے عمل سے ہے۔ مجموعی تعین قدر سے مراد ایسے تعین قدر سے ہے جس میں پہلے سے منظور شدہ پروگراموں، تعلیمی نصاب، تعلیمی مواد کو قبول کرنے اور انہیں مستقبل میں جاری رکھنے کے بارے میں فیصلہ لیا جاتا ہے۔ استعین قدر کے ذریعے یہ جاننے کی کوشش کی جاتی ہے کہ طلبا نے کس حد تک کامیابی حاصل کی ہے اور کسی پروگرام کے اختتام پر بنیادی طور پر طلبا کو گریڈ یا ڈویژن دینے کا کام کیا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے طلبا کو کمرہ جماعت کے گروپ میں اپنے مقام کا پتہ چل جاتا ہے اور اس طرح اس میں مسابقت کا جذبہ بھی پیدا ہوتا ہے۔

مجموعی تعین قدر تدریس واکتساب کے عمل مین آخری مرحلے پر کیا جاتا ہے اور اس بات کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ کس حد تک مقاصد حاصل ہوئے ہیں اور طلبا نے کس حد تک علم اور مہارت حاصل کی ہے اور اس کی بنیاد پر کامیابی یا ناکامی کے بارے میں درست فیصلے کیے جاتے ہے۔

مجموعی تعین قدر سیزن کے آخری کھیل کی طرح ہے۔ یہ اس علم، ہنر، اور قابلیت کا اندازہ لگاتا ہے جو طلباء نے ایک مدت کے دوران حاصل کیے ہیں۔ اس قسم کا تعین قدر عام طور پر اکائی، مدت، یا تعلیمی سال کے اختتام پر ہوتی ہے اور اسے گریڈ دینے یا طلبا کی کامیابیوں کی تصدیق کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مجموعی تعین قدر ایک ایسا تعین قدر ہے جو کسی پروگرام یا پروجیکٹ کے اختتام پر کی جاتی ہے، جس کا مقصد اس کی مجموعی تاثیر کا اندازہ لگانا ہے۔ مجموعی تعین قدر کی بنیادی توجہ اس بات کا تعین کرنا ہے کہ یہ پروگرام یا پروجیکٹ نے اپنے اہداف اور مقاصد کس حد تک حاصل کیے ہیں۔ مجموعی تعین قدر پروگرام یا پروجیکٹ کی بازرسی جاری رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مجموعی تعین قدر کئی وجوہات کی بناء پر اہم ہے۔ سب سے پہلے، یہ کسی پروگرام یا پروجیکٹ کی مجموعی تاثیر کا ایک جامع جائزہ فراہم کرتا ہے، جو مستقبل کی ترقی اور نفاذ کے بارے میں فیصلوں سے آگاہ کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ دوسرا، یہ ان شعبوں کی نشاندہی کرنے میں مدد کر سکتا ہے جہاں پروگرام کی ترسیل میں بہتری لائی جا سکتی ہے، جیسے کہ پروگرام کے ڈیزائن یا نفاذ میں۔ تیسرا، یہ اس بات کا تعین کرنے میں مدد کر سکتا ہے کہ یہ پروگرام یا پروجیکٹ ایک قابل قدر سرمایہ کاری ہے اور آیا یہ اسٹیک ہولڈرز کی ضروریات کو پورا کر رہا ہے۔

مجموعی تعین قدر کی خصوصیات:

ایک مخصوص مدت کے بعد: مجموعی تعین قدر مسلسل نہیں ہوتی بلکہ تعلیمی کیلنڈر میں مخصوص مدت کے بعد ہوتی ہے۔

درجہ بندی اور سرٹیفیکیشن: اس تعین قدر میں حاصل نتائج کو اکثر درجہ بندی، رپورٹنگ، اور طلبا کی کامیابیوں کی تصدیق کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

رسمی طریقے: اس میں رسمی جائزے شامل ہیں جیسے معیاری ٹیسٹ، فائنل پروجیکٹس، اور امتحانات۔

بازرسی پر کم زور: اگرچہ فیڈ بیک فراہم کیا جا سکتا ہے، لیکن یہ مجموعی تشخیص کا بنیادی فوکس نہیں ہے۔

مجموعی تعین قدر کے فوائد:

کامیابی کی پیمائش: اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ طلباء نے کورس کے آغاز میں طے شدہ سیکھنے کے مقاصد کو کس حد تک پورا کیا ہے۔

بینچ مارکنگ: مجموعی تعین قدر مختلف اداروں یا خطوں میں تعلیمی نتائج کا موازنہ کرنے میں مدد کرتا ہے۔

جوابدہی: یہ طلباء اور معلم کو سیکھنے اور سیکھانے کے لئے جوابدہی طے کرتی ہے۔۔

قابلیت: مجموعی تعین قدر کی بنیاد پر طلبا جو قابلیتحاصل ہوتی ہے وہ اسے مزید تعلیم یا ملازمت کے لیے ضروری ہیں۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
تشکیلی تعین قدر کے کوئی دو اہم مقاصد تحریر کیجیئے؟ مجموعی تعین قدر کے کوئی دو فائدے بتائیے؟

14.2.2 داخلی تعین قدر اور خارجی تعین قدر(Internal Evaluation and External Evaluation)

طلبا کی کارکردگی کی جانچ کرنے کے لیے زمانہ قدیم سے امتحان لینے کا طریقہ اپنایا جاتا رہا ہے اور آج بھی یہ ایک اہم ذریعہ مانا جاتا ہے۔ اس طرح کسی بھی طلبا کی تعلیمی کارکردگی کی جانچ کرنے کے لیے معلم امتحان کا انقعاد کرتا ہے جس میں زبانی، تحریری اور عملی طور پر امتحانات لیے جاتے ہیں۔عام طور پر امتحان کو دو قسموں میں درجہ بندی کی گئی ہے۔داخلی تعین قدر اور خارجی تعین قدر ۔ یہ دونوں تعین قدر ایک دوسرے کی تکمیل کرتے ہے اور طلبا کی کارکردگی کی ایک مکمل اور جامع تصویر پیش کرتے ہے۔داخلی اور خارجی تعین قدر میں سے ہر ایک کی اپنی خصوصیات،اہمیت اور حدود ہیں۔ان طریقوں کا محتاط طریقہ سے استعمال طلباء کے تعلیمی سفر کو نمایاں طور پر تشکیل دے سکتا ہے،جو انہیں نہ صرف تعلیمی کامیابی بلکہ ذاتی ترقی اور زندگی بھر سیکھنے کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔یہ واضح ہے کہ ایک مؤثر تعلیمی نظام بنانے کے لیے، ہمیں انکے منفرد فوائد اور چیلنجوں پر غور کرنا چاہیے۔

داخلی تعین قدر(Internal Evaluation): داخلی تعین قدر ایک ایسا عمل ہے جس کا انتظام خود تعلیمی ادارے میں ہوتا ہے۔یہ عام طور پر معلم کے ذریعہ منعقد کیا جاتا ہے اور اسے تدریس اور سیکھنے کے دونوں تجربات کی مسلسل نگرانی اور بہتر بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

داخلی تعین قدر ایک ایسا تعین قدر ہے جس میں تدریسی عمل کو انجام دینے والا معلم اپنی تدریسی مقاصد کے حصول اور اپنے طلبا کی تعلیمی حصولیابی کی جانچ کے لیے اپنے مضمون کے تعلق سے ٹیسٹ تیار کرتا ہے اور انکا امتحان لیتا ہے۔ تعین قدر کے اس عمل میں زبانی، تحریری، عملی، تفویظی اور دیگر سرگرمیاں اور تماما کارگذاریاں شامل ہیں۔داخلی تعین قدر اس لیے بہتر ہوتا ہے کیونکہ اس میں معلم اپنے طلبا کا تعین قدر ایک ممتحن کے طور پر خو کرتا ہے اور وہی اپنے طلبا کی معیار کو طے کرتا ہے۔ معلم اپنے طلبا سے واقف ہونے اور جماعتی سرگرمیوں میں براہراست شامل ہونے کی وجہ سے تعین قدر کے حق کو صحیح طرح سے ادا کر پاتے ہے۔طلبا کا تعین قدر بہتر طریقے سے ہو سکیں اسلیے موجودہ وقت میں خارجی تعین قدر کے ساتھ-ساتھ بیشتر کورسیز میں داخلی تعین قدر کو بھی لازمی طور پر شامل کیا جارہا ہے۔اس میں معلم اپنے طلبا کا تیسٹ لیتے ہے اور انکے تفویظی کام، پروجیکٹ ورک اور دیگر سرگرمیوں کی جانچ کرکے داخلی تعین قدر کے عمل کو انجام دیتے ہے۔

داخلی تعین قدر ایک ایسا تعین قدر ہے جو کسی تعلیمی ادارے یا تنظیم کے اندر، عام طور پر اس کے اپنے عملے یا فیکلٹی ممبران کے ذریعے کی جاتی ہے۔اس نقطہ نظر میں خود کی عکاسی، خود تعین قدر، اور مسلسل بہتری شامل ہے، جو معلم کو اپنے پروگراموں، پالیسیوں اور طریقوں کی جانچ کرنے کے قابل بناتا ہے۔داخلی تعین قدر تدریسی حکمت عملیوں، نصاب کے ڈیزائن، اور ادارہ جاتی کارروائیوں کی تاثیر کے بارے میں

قیمتی بصیرت فراہم کرتے ہیں۔ داخلی مہارت اور علم سے فائدہ اٹھاتے ہوئے، داخلی تجزیے خود کو بہتر بنانے، جوابدہی اور ملکیت کے کلچر کو فروغ دیتے ہیں، بالآخر طالب علم کی تعلیم اور ادارہ جاتی فضیلت کو بڑھاتے ہیں۔

داخلی تعین قدر کی خصوصیات(Characteristics of Internal Evaluation): داخلی تعین قدر کی چند اہم خصوصیات درجِ ذیل ہے:

- داخلی تعین قدر میں تدریسی عمل کو انجام دینے والا معلم ہی ممتحن ہوتا ہے اسلیے اس بات کے امکانات زیادہ ہوتے ہے کہ وہ طلبا کی سبھی سر گرمیوں سے براہراست شامل ہونے کی وجہ سے تعین قدر زیادہ بہتری کے ساتھ کر سکیں گے۔
- داخلی تعین قدر میں طلبا اور معلم ایک دوسرے سے واقف ہوتے ہے اسلیے طلبا میں امتحان کو لیکر کسی طرح کا خوف نہیں ہوتا۔
- تعین قدر کے عمل کو قابل اعتماد اور شفافیت کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔
- معلم اپنے طلبا کی سبھی کار کردگیوں اور سر گرمیوں سے واقف ہوتا ہے اس لیے اس کام کو صحیح بریقے سے انجام دے سکتے ہے۔
- طلبا اپنی تعلیمی حصولیابی سے واقف ہوتے ہیں اور اسے برقرار رکھنے یا بہتر بنانے کے لیے کوشش کر سکتے ہیں۔
- داخلی تعین قدر مسلسل جاری رہنے والا عمل ہے جو طلباء کو فوری طور پر بازرسی فراہم کرتا ہے۔
- معلم انفرادی طور پر طلباء کی ضروریات اور پیشرفت کے مطابق اپنی رائے دے سکتے ہیں۔
- یہ ایک طرح سے تشکیلی تعین قدر ہے جو طلبا کو سیکھنے کے خلا کی نشاندہی کرنا اور تعلیمی عمل کو بہتر بناتا ہے۔
- داخلی تعین قدر میں معلم خود ممتحن ہاتا ہے اسلیے وہ تعین قدر کے ذریعے سے طلبا کی ہمہ جہتی نشو نما جیسے اسکے ادراکی، جذباتی اور نفسی حرکی پہلووں کا تعین قدر بھی کرتا ہے جبکہ خارجی تعین قدر میں ممتحن ایک ایسا معلم ہوتا ہے جس سے طلبا کا براہ راست کوئی تعلق نہیں ہاتا ہے اس لیے خارجی تعین قدر کے ذریعے طلبا کے تمام پہلوؤں کا تعین قدر کرنا ممکن نہیں ہوتا ہے۔

خارجی تعین قدر(External Evaluation): خارجی تعین قدر ایک ایسا تعین قدر ہے جس میں طلبا کی تعلیمی پیش رفت کی جانچ وہ تعلیمی ادارہ نہیں کرتا جس میں طلبا تعلیم حاصل کر رہا ہے بلکہ کوئی دیگر تعلیمی ادارہ یا ایجنسی امتحان منعقد کراتی ہے۔ اسکول کے بورڈ کے ذریعے لیے جانے والے امتحانات خارجی تعین قدر کی مثال ہے۔ اس میں مختلف اداروں میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کی تعین قدر دیگر ایجنسی یا بورڈ کے ذریعے کی جاتی ہے۔ خارجی تعین قدر میں امتحان کے لیے پرچہ بنانے، انکی جانچ کرنے اور تعین قدر کرنے کا کام ان معلم کے ذریعے کیا جاتا ہے، جن کا تعلق براہ راست طلبا سے نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ معلمین ان طلبا کو پڑھانے کے کام کو انجام دیتے ہے۔ تعین قدر سمیسٹر یا سال کے آخر میں زبانی، تحریری اور عملی امتحانات کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ خارجی تعین قدر میں طلبا کو پڑھانے والے معلم تعین قدر کے عمل میں شامل نہیں ہوتے ہیں۔ اس طرح یہ کہا جا سکتا ہے کہ خارجی تعین قدر میں تدریسی عمل کو انجام دینے والے معلم کوئی اور جبکہ تعین قدر کرنے والے معلم دوسرے ہوتے ہے۔

خارجی تعین قدر ان افراد یا ایجنسیوں کے ذریعہ منظم طریقہ کار سے انعقاد کیا جاتا ہے جو تعلیمی ادارے کا حصہ نہیں ہیں۔ اس قسم کے تعین قدر کا استعمال بنیادی طور پر اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا جاتا ہے کہ تعلیمی معیارات مکمل اور برقرار ہیں۔

خارجی تعین قدر یک ایسا تعین قدر ہے جس میں تعین قدر، بیرونی ماہرین، تنظیموں یا ایجنسیوں کے ذریعے کی ج جاتی ہے۔ خارجی تعین قدر میں تعلیمی معیار کی آزادانہ چھان بین، توثیق اور تصدیق شامل ہے، اکثر معیاری معیارات اور بینچ مارکس کا استعمال کرتے ہوئے۔

خارجی تعین قدر کی خصوصیات(Characteristics of External Evaluation): خارجی تعین قدر کی چند اہم خصوصیات درجِ ذیل ہے:

- تعین قدر کے عمل میں تدریسی عمل کو انجام دینے والے معلم شامل نہیں ہوتے ہے۔
- تعین قدر کا کام کسی دوسری ایجنسی کے ذریعے کیا جاتا ہے۔
- خارجی تعین قدر میں طلبا میں مسابقتی جذبہ پیدا کرتی ہے۔
- خارجی تعین قدر سمیسٹر یا سال کے آخری میں ہوتا ہے۔
- خارجی تعین قدر کی بنیاد پر طلبا کو فائنل گریڈ یا سرٹیفیکٹ دیے جاتے ہے۔
- خارجی تعین قدر کا مقصد طلبا کی کامیابی اور اسکول کی کارکردگی پر ایک غیر جانبدارانہ نقطہ نظر فراہم کرنا ہے۔
- خارجی تعین قدر کے ذریعے اسکول اور معلم کو اسٹیک ہولڈرز، بشمول والدین، حکومتوں، اور منظوری دینے والے اداروں کے سامنے جوابدہ ٹھہرایا جاتا ہے۔
جب سوالات موضوعی قسم کے ہوتے ہے تو، نمبر دینے کا عمل کچھ زیادہ پیچیدہ ہو سکتا ہے۔ مارکنگ کے عمل کو آسان اور زیادہ قابل اعتماد بنانے کے لیے معلم کو درج ذیل حکمت عملیوں کا استعمال کر سکتے ہیں:

معیاری جوابات تیار کرنا: معلم اپنی مارکنگ کی رہنمائی کے لیے ایک ماڈل جواب بنا سکتے ہیں۔

اسکورنگ کلید(Key) کا استعمال کرنا: اسکورنگ کلید(Key) معلم کو مخصوص معیار کی بنیاد پر مارکنگ کرنے میں مدد کرتی ہے۔

ممتحن کو ہدایت دی جائے کہ سماجی علوم کے پرچہ میں معمولی غلطیوں جیسے لسانی غلطی وغیرہ پے نمبر کاٹنے سے گریز ترنا۔ معلم کو قوائد کی غلطیوں کے بجائے مواد پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے، کیونکہ مقصد سماجی علوم کے تصورات کی تفہیم کا تعین کرنا ہے۔

2۔ معیاری تعین قدر (درجہ بندی/ گریڈنگ)

اس طرح کے تعین قدر میں صرف نمبروں کے بجائے طلباء کے سیکھنے کے معیار کو بھی دیکھتا ہے۔ اس قسم کی تعین قدر غیر علمی نتائج جیسے کہ طلبہ کے رویے، اقدار اور مہارت کا جائزہ لینے کے لیے استعمال کیے جاتے ہے۔ مثال کے طور پر، ایک معلم اس بات کا اندازہ لگا سکتا ہے کہ ایک طالب علم مختلف ثقافتوں کے لیے کتنی اچھی طرح سے رواداری کا مظاہرہ کرتا ہے یا کسی گروپ میں باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے کی ان کی صلاحیت کیسی ہے؟ معیار کی تعین قدر میں، معلم اکثر سخت مارکنگ کے بجائے گریڈنگ کا استعمال کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ طلباء کی کارکردگی کا ایک پیمانے پر جائزہ لیتے ہیں (جیسے 11 نکاتی پیمانہ) جو ان کی مجموعی سمجھ اور مہارت کو ظاہر کرتا ہے۔ درجہ بندی ایک طالب علم کی صلاحیتوں کے بارے میں زیادہ باریک بینی سے دیکھنے کی سہولت اور اس کی ترقی کی واضح تصویر فراہم کرتی ہے۔

سماجی علوم میں بعض تعلیمی نتائج کا اظہار طلبہ میں سیکھنے کی کیفیت میں اضافہ سے ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر دیگر مذاہب، زبانوں، علاقوں کے متعلق رواداری، تحسین اور احساسِ ذمہ داری، نقشہ سازی کی صلاحیت وغیرہ کا تجزیہ کیفیت اور معیار کے اعتبار سے ہی کیا جا سکتا ہے۔ اسطرح کی صلاحیتوں کا شمار کرنا اور ان پر نمبر دینا بہت مشکل ہے۔ یہ استاد کی ذمہ داری ہے کہ وہ طلبہ میں ان امور کا مشاہدہ کرے اور ایک خاص مقصد کو مد نظر رکھتے ہوئے طلبہ کا تقابل کر کے ان کی درجہ بندی کرے مذکورہ بالا صلاحیتوں کے علاوہ ادراکی اکتساب کے وہ نتائج، جن کا اظہار طلبہ طویل تحریری جوابات کی شکل میں کرتے ہیں، ان کا بھی کیفیتی اندازہ قدر کیا جا سکتا ہے۔ اس لئے کہ طویل جوابی سوالات میں درجہ بندی، نمبر دہی سے زیادہ قابل اعتبار مانی جاتی ہے۔

درجہ بندی: یہ سوال بڑا اہم ہے کہ درجہ بندی کیسے کی جائے؟ درجہ بندی کیلئے کیا پیمانہ ہو؟ اس میں کن امور کو شامل کیا جائے؟ کتنے نکات پر مشتمل یہ پیمانہ ہو؟ اس مقصد کیلئے عموماً 0تا10 یعنی 11 نکات پر مشتمل ایک پیمانہ نہایت موزوں ہو سکتا ہے۔ اس کے ذریعہ ہم طلبہ کی صلاحیتوں کو سامنے رکھ کر ان کی درجہ بندی کر سکتے ہیں اور اسی درجہ بندی کو فیصد میں بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔

3۔ طلباء کی کارکردگی کی معیاری تشریح:

طلباء کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے بعد، نتائج کی معیاری تشریح کرنا ضروری ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ طلباء کے سیکھنے کے لحاظ سے درجات یا اسکور کا کیا مطلب ہے۔ مثال کے طور پر، اعلیٰ گریڈ اس بات کی نشاندہی کر سکتا ہے کہ طالب علم سماجی علوم کے تصورات کی مضبوط سمجھ رکھتا ہے، جبکہ کم گریڈ ان علاقوں کی تجویز کر سکتا ہے جہاں طالب علم کو بہتری کی ضرورت ہے۔ معیاری تشریح سے معلم اور طلباء

دونوں کو نتائج کی اہمیت کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ اسکورز کے لیے سیاق وسباق فراہم کرتا ہے اور مستقبل کی سیکھنے اور تدریسی حکمت عملیوں کی رہنمائی کر سکتا ہے۔

طلبہ کو جو درجہ اور نمبرات دئے جاتے ہیں وہ اسی وقت با معنٰی ہو سکتے ہیں جب ان کی کیفیتی توضیح کی جائے اس توضیح کے ذریعہ طلبہ کی انفرادی کارکردگی کی سطح بھی معلوم ہو سکتی ہے۔ سماجی علوم میں طلبہ کی کارکردگی کی درجہ بندی کیلئے اگر 11 نکاتی پیمانہ کا استعمال کیا جائے تو اس کیلئے حسبِ ذیل درجات، درجہ کے نشانات، کیفیتی توضیح، مساوی فی صد پر مشتمل ایک جدول تجویز کیا جارہا ہے۔

درجہ	نشانات درجہ	کیفیتی توضیح	مساوی فیصد
A+	10	غیر معمولی امتیاز کے ساتھ درجہ اول	96-100
A	9	عمدہ امتیاز کے ساتھ درجہ اول	86-95
A-	8	اچھے امتیاز کے ساتھ درجہ اول	76-85
B+	7	اچھا درجہ اول	66-75
B	6	اوسط سے کچھ بہتر	56-65
B-	5	اوسط	45-55
C+	4	قابل اطمینان	36-45
C	3	قابل اطمینان نہیں	26-35
C-	2	کمزور	16-25
D	1	بہت کمزور	6-15
E	0	انتہائی کمزور	0-5

خلاصہ یہ کہ سماجی علوم میں طلباء کی کارکردگی کا اندازہ کرنے میں مقداری اور معیاری دونوں طرح کے تعین قدر کے طریقے شامل ہوتے ہیں۔ مقداری تعین قدر، اسکور اور درستگی پر توجہ مرکوز کرتا ہے، جب کہ معیاری تعین قدر سیکھنے کے معیار کو دیکھتا ہے اور طلباء کی صلاحیتوں اور پیشرفت کے بارے میں گہری سمجھ فراہم کرتا ہے۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
1۔ انٹرویؤاور مشاہدہ کت درمیان فرق کو واضح کیجیئے؟ 2۔ سماجی علوم میں طلباء کی کارکردگی کا اندازہ کیسے لگاتے ہے؟

15.3 خلاصہ (Summary)

طلبا کے تعین قدر کے مقداری اور معیاری آلات کا ایک جامع جائزہ فراہم کرتا ہے۔تدریس و اکتساب کے عمل میں تعین قدر کی اہمیت اور تعین قدر کی مختلف اقسام ہے۔ جیسے مقداری (کمیتی) اور معیاری (کیفیتی) تعین قدر۔ مقالاتی قسم کے ٹیسٹ، معروضی قسم کے ٹیسٹ، عملی امتحانات، اور دیگر مقداری آلات۔ بہتری کے لیے تجاویز کے ساتھ ان میں سے ہر ایک ٹول کی خوبیوں اور خامیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔اس اکائی میں مجموعی ریکارڈز، اینک ڈوٹل ریکارڈ، انٹرویوز، مشاہدات، اور دیگر کوالٹیٹو ٹولز وغیرہ اہے۔

15.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

- اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ درج ذیل باتیں سیکھیں گے :
- مقداری اور معیاری تعین قدر کے مختلف قسم کے مقداری ٹولز کی شناخت اور ان کی وضاحت کریں، بشمول مضمون قسم کے ٹیسٹ، مقصدی قسم کے ٹیسٹ، اور عملی امتحانات۔
- تعین قدر کے ہر مقداری اور معیاری آلات کی خوبیوں اور خامیوں پائی جاتی ہے۔
- طلبا کے سیکھنے اور کامیابی کو بہتر بنانے میں تعین قدر کے کردار کی وضاحت کریں۔
- تعین قدر کی مختلف اقسام کی شناخت کریں اور ان کی وضاحت کریں۔

15.5 فرہنگ (Glossary)

الفاظ (Word)	معنی (Meaning)
معیاری آلات (Qualitative Evaluation)	تعین قدر کے معیاری آلات تعین قدر کے غیر عددی طریقوں کا حوالہ دیتے ہیں، جیسے مشاہدات، انٹرویوز، اینک ڈوٹل ریکارڈ، کیو مولیٹو ریکارڈ، درجہ بندی کے پیمانے، اور سوشیو میٹرک پیمانے وغیرہ۔
مقداری آلات (Quantitative Evaluation)	مقداری تعین قدر سے مراد طلباء کے سیکھنے کی پیمائش اور اندازہ لگانے کے لیے عددی طریقوں اور شماریاتی تجزیہ کا استعمال ہے، جیسے مضمون کے ٹیسٹ، معروضی ٹیسٹ، اور عملی امتحانات۔
مقالاتی سوالات (Essay Type Examination)	مقالاتی قسم کا امتحان مقداری تعین قدر کی ایک قسم ہے جہاں طلباء کو اپنے علم، تفہیم، اور تنقیدی سوچ کی مہارتوں کا اندازہ لگاتے ہوئے کسی سوال کا تفصیلی اور مربوط جواب لکھنا ہوتا ہے۔

معروضی سوالات (Objective Type Examination)	معروضی قسم کے سوالات مقداری تعین قدر کی ایک قسم ہے جہاں طلباء کو متعدد انتخابی سوالات، صحیح/غلط سوالات یا خالی جگہ پور کرنا وغیرہ دیے جاتے ہے۔ جن کے لیے مخصوص، درست جواب کی ضرورت ہوتی ہے، ان کے علم، یاد کرنے اور پہچاننے کی مہارتوں کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔

15.6 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Type Questions)

1۔ عملی امتحانات کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(a) طلبا کے علم کا اندازہ لگانا (b) طالبا کی مہارتوں کا اندازہ لگانا

(c) طلباء کے رویوں کا اندازہ لگانا (d) طلبا کی اقدار کا اندازہ لگانا

2۔ درج ذیل میں سے کس قسم کی تعین قدر میں عددی اسکور اور شماریاتی طریقوں کا استعمال شامل ہے؟

(a) مقداری تعین قدر (b) معیاری تعین قدر (c) تشکیلی تعین قدر (d) مجموعی تعین قدر

3۔ طلبا کی تعلیم کو زیادہ معروضی اور عددی انداز میں جانچنے کے لیے کس قسم کی تعین قدر کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(a) معیاری تعین قدر (b) مقداری تعین قدر (c) تشکیلی تعین قدر (d) مجموعی تعین قدر

4۔ تعین قدر میں مشاہدہ کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(a) طلبا کی سمجھ کا اندازہ لگانا (b) طلبا کی مہارتوں کا اندازہ لگانا

(c) طلبا کے رویوں کا اندازہ لگانا (d) مذکورہ بالا سبھی

5۔ طلبا کی تعلیم کا اندازہ لگانے کے لیے کس قسم کی تشخیص میں چیک لسٹ کا استعمال شامل ہے؟

(a) معیاری تعین قدر (b) مقداری تعین قدر (c) تشکیلی تعین قدر (d) مجموعی تعین قدر

6۔ مقالاتی قسم کے امتحان کے بنیادی فائدہ کیا ہے؟

(a) ان کا انتظام کرنا آسان ہے (b) وہ طلبا کے سیکھنے کی ایک جامع تصویر فراہم کرتے ہیں

(c) وہ معروضی ہیں (d) ان میں سے کوئی نہیں

7۔ معروضی قسم کے امتحان کا بنیادی نقصان کیا ہے؟

(a) ان کا انتظام کرنا مشکل ہے (b) وہ طالب علم کے سیکھنے کی ایک محدود تصویر فراہم کرتے ہیں

(c) یہ معروضی نہیں ہوتے (d) ان میں سے کوئی نہیں

8۔ طلبا کی علمی مہارتوں اور کمزوریوں کی شناخت کے لیے درج ذیل میں سے کس ٹیسٹ کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(a) تحصیلی ٹیسٹ (b) اہلیت کا ٹیسٹ (c) تشخیصی ٹیسٹ (d) ذہانت ٹیسٹ

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1۔ مقالاتی قسم کے امتحان پر مختصر نوٹ لکھیے۔

2۔ مقالاتی سوالات کو بہتر بنانے کے لیے تجویزات پیش کیجیئے۔

3۔ معروضی قسم کے امتحان پر مختصر نوٹ لکھیے۔

4۔ معروضی قسم کے امتحان کی خوبیوں اور خامیوں کو بتائے۔

5۔ معروضی سوالات کی قسمیں بتائے۔

6۔ پریکٹیکل امتحان کے بارے میں لکھیے۔

7۔ انٹرویؤاور مشاہدہ پر مختصر نوٹ لکھیے

8۔ درجہ بندی کے پیمانےاور سوشیومیٹرک اسکیل کے بارے میں بتائے۔

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answer Type Questions)

1۔ تعین قدر کے مقداری (کمیتی)آلات کی خوبیوں اور خامیوں کو تحریر کیجیئے۔

2۔ تعین قدر کے مختلف مقداری (کمیتی)آلات کو تفصیل میں روشنی ڈالے۔

3۔ سماجی علوم میں طلباء کی کارکردگی کا اندازہ کس طرح لگایا جاسکتا ہے۔

4۔ مقالاتی قسم کے امتحان کی خوبیوں اور خامیوں کو بتائے۔

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید(Answer Key of Objective Type Questions)

8	7	6	5	4	3	2	1	سوال نمبر
c	b	b	a	c	b	a	b	جواب

15.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

1۔ Aggarwal,J.C. (2007). Elements of Educational Technology and Management. Vinod Pushtak Mandir, Agra-2

2۔ Aggarwal, J.C. (2006). Teaching of Social Studies. Vikas Publishing house PVT.LTD.

3۔ Airasian, Peter W.; Cruikshank, Kathleen A.; Mayer, Richard E;. Pintrich, Paul R.; Raths.James; Wittrock, Merlin C.(2000). Anderson, Lorin W.; Krathwohl,

David R., eds. A taxonomy for learning, teaching, and assessing: A revision of Bloom's taxonomy educational objectives. Allyn and Bacon.

4- Batra, Poonam . E ditor(2010). Social science Learning in Schools. Perspactive and Challenges. Sage Publishers Private Limited, new Delhi-110002

5- Baldwin, J.W.(1949): Teaching the Social Studies in Units by the Laboratory Method, The Social Studies Vol. XL(2), Pp.58-63.

6- Best. W. John&Kahn. V. James (1995) Research in Educational. Printice Hall of india Private Ltd. New delhi 110001

7- Bhushan,Anand.Ahuja,Malvinder. Educational Technology Theory and Practice in Teaching learning Process. Vivek Publishers Meerut india.

8- Bloom, B. S.; Engelhart, M. D.; Furst, E. J.; Hill, W. H;. Krathwohl, D. R. (1956). Taxonomy of educational objectives: The classification of educational goals. Handbook l: Cognitive domain new York: David McKay Company.

9- Bloom ,B. S. (1994). Reflections on the Development and use of the taxonomy . in Rehage, Kenneth J,: Anderson, lorin W:, Sosniak, Lauren A. "Bloom's taxonomy: A Forty-years retrospective".Yearbook of the National Socity for the Study of Education (Chicago: National Society for the Study of Education)

10-Clark, Donald R.(1999). "Bloom's Taxonmy of Learnin Domains". Retrieved 28 jan 2014.

11-Dave, R. H. (1975). Armstrong, R. J., ed. Developing and writing behavioral objectives. Tucson: Educational Innovators Press.

12-Ediger Marlow Digumarti Bhaskara Rao (2011).Essays on Teaching Social' Studies . DiscoveryPublishing House Pvt Ltd. New Delhi

13-Edward Porter Alexander, Mary Alexander; Alexander, Mary; Alexander, Edward Porter (September 2007). Museums in motion: an introduction to the history and functions of museums. Rowman & Littlefield, 2008, Retrieved-2009 06-10

14- Encyclopaedia Britanica Vol. 10 Page 923, 15th Edition (2007) Printed in USA.

15- Frequently Asked Questions- The World Museum Community

16- Findlen, Paula (1989). "the Museum: its classical etymology and renaissance genealogy". Journal of the History of Collections 1 (1): 59-78. doi:10.1093/jhc/1.1.59. Retrieved 2008-04-05.

17- Hussain, Syed. Ashgar. Educational Techcology and Computer Education. Deccan Traders Educational Publishers, Hyderabad

18- Kapoor, Urmila.(1995). Educational Techcology. Sahitya Prkashan Aapka Bazar, Hospital Road, Agra-3

19- Khan. M. Saheel.(2009). Concept of Social Science.Alok Prakashan, Lucknow&Allahabad.

20- Kocher,S.K.(1984). The Teaching of Social Studies,Sterling Publishers Private Limited,New Delhi

21- Kocher,S.K.(1970).Secondary School Administration, Sterling Publishers Private Limited,New Delhi

22- Mehta,D.D. The Teaching of Social Studies.Tandon Publishers Ludhiana.

23- Musa, Mulk Md., Shazia Rasheed and Rubina Meiraj; Educational Techcology, Jardan Publication Lahore, Pakistan.

24- Ruhela, S.P.(2007). Teaching of Social Sciences.Neelkamal PublicationPvt.Ltd. Sultan Bazar, Hyderabad

25- Rawat,S.C. Essentials of Educational Twchnology. Vinay Rakheja C/o. R.Lall Book. Depott, Meerut, U.P. India

26- Shaida.B.D.&Sharma.J.C.(1992).Teaching of Geography,Dhanpal Rai &Sons, Jullundhar-Delhi.

27- Sharma,R. A. (2005). The Teaching of Social Sciences. Vinay Rakheja c/o R. lall Book Depot Near Govt. Inter College Meerut

28-Sharma , R.A. Teacher Training Technology Managing Classroom Acticties, Surya Publicaton Meerut .U.P. India

29-Sharma,R. L.(2006). The Teaching of Social Studies. Vinod Pushtak Mandir,Rangeya Raghava Marg, Agra

30-Sharma,T.C.(2007). The Teachig of Social Studies.Sarup& Sons Ansari road, Daryagang New Delhi

31-Singh,A.K.(1997). Tests,Measurements and Research Methods in Behavioural sciences. Bharti Bhawan, Patna

32-Singh, Harnarayan. (1989).Teaching of Geography.Dhanpat Rai &sons.Jullundur-Delhi.

33-Yiyagi,Gurusaran Das.(2009). Samajik Addayan ka shijshan.Vinod Pushtaq mandir,Agra

34-Ptolemy I Soter, The First King of Ancient Egypt's Ptolemaic Dynasty". Tour Egypt. Retrieved 2008-04-05.

35-Harrow, Anita J. (1972).A Taxonomy of the Psychomotor Domain: A Guide for Developing Behavioral Objectives. New York: David Mckay Company.

36-Urdu Encyclopadia Volume II National Council for Promotion of urdu Language, New Delhi, India.

37-Mohammed Ibrahim Khaleel (Method of Teaching Social Studies Deccan Traders Educational Publishers Hydrabad.

38-Teaching of Social Studies Directorate of Distance Education Manuu Hydrabad.

39-Dr Mohammad Saheel Khan (Pedagogy of Social Studies)MNS Publishing House DLF Enclave, Ankur Vihar Gaziabad (U.P.)

اکائی 16۔ سماجی مطالعات میں احتساب کے لیے مسلسل اور جامع تعین قدر ماڈل

(Continuous and Comprehensive Evaluative Model of Assessment in Social Studies)*

16.0 تمہید(Introduction)

16.1 مقاصد(Objectives)

16.2 مسلسل اور جامع تعین قدر(Continuous and Comprehensive Evaluation)

16.2.1 مسلسل اور جامع تعین قدر کے مقاصد (Objectives of Continuous and Comprehensive Evaluation)

16.2.2 مسلسل اور جامع تعین قدر کے فائدے (Benefits of Continuous and Comprehensive Evaluation)

16.2.3 مسلسل اور جامع تعین قدر کے پیرامیٹر (Parameter of Continuous and Comprehensive Evaluation)

16.2.4 مسلسل اور جامع تعین قدر کے نفاذ کے لیے معلم کا کردار (Role of Teacher for Implementing Continuous and Comprehensive Evaluation)

16.3 خلاصہ(Summary)

16.4 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

16.5 فرہنگ(Glossary)

16.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

16.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

* Dr. Mozaffar Islam, Assistant Professor, MANUU CTE, Darbhanga

16.0 تمہید(Introduction)

تعلیم میں تعین قدر کے روایتی انداز پر طلبا کی تعلیمی ترقی کے متعلق ایک جامع تصویر فراہم کرنے میں اپنی حدود کی وجہ سے طویل عرصے سے تنقید کی جاتی رہی ہے۔ تعین قدر کے روایتی انداز میں کسی کورس یا پروگرام کے اختتام پر طلبا کے اکتساب کے احتساب پر ہی زور دیا جاتا تھااور جو کہ صرف طلبا کی ادراکی کارکردگیوں پر مرکوز ہوتا تھا۔ روایتی تعین قدر کا طریقہ طلبا کے سیکھنے اور کامیابی کو فروغ دینے میں ناکافی پایا گیا۔ روایتی تعین قدر کی کمی کو دور کرنے کے لیے اس طرح کے تعین قدر کے طریقے کی ضرورت تھی جو طلبا کی تعلیمی ترقی کی مجموعی اور جامع معلومات فراہم کریں۔ ایسے میں مسلسل اور جامع تعین قدر(Continuous and Comprehensive Evaluation) طلبا کی تعلیم ترقی کا جائزہ لینے کے لیے ایک زیادہ جامع اور موثر طریقہ کے طور پر سامنے آیا ہے۔ CCE میں تدریس واکتساب کے کے پورے عمل کے دوران طلباء کی تعلیمی ترقی کی مسلسل جانچ کی جاتی ہے جس کا مقصد طلباء کے سیکھنے اور کامیابی کو فروغ دینا اور بہتر بنانا ہے۔ اس اکائی میں CCE اور اس کے مقاصد، فوائد، پیرامیٹرز، اور CCE کے نفاذ میں معلم کے کردار کا ایک جائزہ فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ CCE کے کلیدی پہلوؤں کو دریافت کرتے ہوئے، اس اکائی کا مقصد معلم کو طلباء کے سیکھنے اور کامیابی کو فروغ دینے میں CCE کی اہمیت کے بارے میں فہم پیدا کرنا ہے۔

16.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- مسلسل اور جامع تعین قدر کی وضاحت کر سکیں۔
- مسلسل اور جامع تعین قدر کے فائدے کو بیان کر سکیں۔
- مسلسل اور جامع تعین قدر کے پیرامیٹر کو سمجھ سکیں۔
- مسلسل اور جامع تعین قدر کے نفاذ میں معلم کے کردار کی تشریح کر سکیں۔

16.2 مسلسل اور جامع تعین قدر

(Comprehensive and Continuous Evaluation (CCE))

مسلسل اور جامع تعین قدر(Continuous and Comprehensive Evaluation) تعین قدر کا ایک ایسا نظام ہے جو طلباء کی کارکردگی کو جامع اور مسلسل انداز میں جانچنے کے لیے سنٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن(CBSE) نے 2009 میں کلاس IX-X کے لیے متعارف کرایا تھا۔ جسے بعد میں، کلاس VI-VIII تک بھی استعمال کیا جانے لگا۔ یہ طلبا کی ہمہ جہت پہلو شخصیت کے مکمل فروغ (نصابی اور غیر نصابی) اور تعین قدر میں مدد کرتا ہے۔

مسلسل اور جامع جانچ ایک حکمت عملی ہے جو طلبہ کی تمام صلاحیتوں کو مسلسل جانچتی رہتی ہے۔اس طریقہ کار کا مقصد ہوتا ہے طلبہ کی تمام صلاحیتوں کو پورے تعلیمی سال میں وقفے وقفے پر جانچنا۔اس طرح کی تشخیص کو قابلِ فہم اور مسلسل اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ طلبہ کی صلاحیت کو مختلف زاویے سے دیکھتا ہے اور اس کا تعینِ قدر کرتا ہے۔یہ طریقہ کار اس مفروضہ پر مبنی ہے کہ کسی بھی طلبہ کی تمام صلاحیتوں کو ایک امتحان جو ۳ گھنٹے کا ہوتا ہے میں جانچا نہیں جا سکتا۔اس مفروضہ کی یہ دلیل ہے کہ اگر طالب علم رات میں بیمار پڑ گیا اور اس کا امتحان اچھا نہیں ہو پایا تو اس طالب علم کو ہم کمزور یا اوسط درجے سے کم سمجھیں گے اسی طرح اگر کسی طالب علم نے رات میں قیاس آرائی کرکے پانچ سے چھ سوال کے جواب حفظ کر لئے اور امتحان میں اتفاق سے وہی سوالات آ گئے اور اس طالب علم کے امتحان میں نمبر سب سے زیادہ آ گئے تو کیا ہم اس طالب علم کو سب سے ذہین طالب علم کہیں گے۔ان تمام خامیوں کو دور کرنے کے لئے اس حکمت عملی کو لایا گیا تاکہ طلبہ کی ہمہ جہت فروغ کو ذہن میں رکھتے ہوئے تعینِ قدر کیا جا سکے۔اس حکمت عملی میں پورے سال طلبہ کا امتحان لیا جاتا ہے اور ان امتحانات میں طلبہ جو بھی نمبر حاصل کرتا ہے اسے نتیجے میں درج کیا جاتا ہے اور اس طرح ایک مکمل نتیجہ وجود میں آتا ہے۔اس نتیجے کو طلبہ کے سال کے آخر میں دے دیا جاتا ہے۔اس تعینِ قدر کا مفہوم اس طرح سمجھا جا سکتا ہے۔اس میں کا اکائی امتحان وقفے وقفے پر لئے جاتے ہیں۔ان امتحان کے ذریعے طالب علم کے اندر موجود کمیوں کو معلوم کرکے ان کی اصلاح کی جاتی ہے اور اصلاحی کلاسیں چلائی جاتی ہیں۔اس امتحان کے ذریعے طلبہ اور معلم دونوں کوFeedback(فیڈبیک)یا بازافزائش کے لئے اور خود کا تعین قدر کرنے کے لئےData(معطیات)موصول ہو جاتا ہے۔اس کا دوسرا معنی ہے،وہ جانچ جو طلبہ کی درسیاتی تعلیمی اور ہم درسی(Co-Scholastic)پہلوؤں کی جانچ کرے اور طلبہ کی جسمانی اور ذہنی فروغ کو بھی ساتھ ساتھ جانچے۔طلبہ کی کچھ ایسی صلاحیتیں ہیں جن کو ہم تحریری امتحان کے ذریعے معلوم نہیں کر سکتے جیسے طلبہ کا رویہ،رجحان،استعداد وغیرہ اس لئے ان کو جانچنے کے لئے مختلف قسم کے آلات اور طریقہ کار کی ضرورت پڑتی ہے۔اس طرح کی جانچ کا اہم مقصد ہوتا ہے مندرجہ ذیل علاقوں یا دائروں کی تشخیص کرنا۔

(i) علم (Knowledge)

(ii) سمجھ یا ادراک (Understanding/Comprehensiion)

(iii) استعمال کرنا (Applying)

(iv) تجزیہ کرنا (Analyzing)

(v) تعینِ قدر کرنا (Evaluating)

(vi) تخلیق کرنا (Creating)

اس طرح کے امتحان اس روایتی امتحانات سے مختلف ہیں جو صرف طلبہ کی درسی صلاحیت کو جانچتے تھے۔اس طرح کے امتحان طلبہ کی مکمل جانچ کرتے ہیں۔اس طریقہ کا اہم مقصد ہوتا ہے اچھے شہریوں کو پیدا کرنا جن کی ذہنی اور جسمانی صحت اچھی ہو،مناسب مہارت رکھتے ہوں اور اپنے اکیڈمک یا علمی کمال کے ساتھ ساتھ ہم درسی مہارتوں میں بھی اچھی صلاحیت رکھے۔

16.2.1 مسلسل اور جامع تعین قدر کے مقاصد

(Objectives of Continuous and Comprehensive Evaluation)

(i) طلبہ کے اندر وقوفی، نفسیاتی حرکی اور جذباتی علاقہ (Cognitive, Psychomotor and Affective) مہارتوں کا فروغ کرنا۔

(ii) طلبہ کے اندر سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت کا فروغ کرنا اور حفظ یا رٹنے کے فعل کو کم کرنا

(iii) طلبہ کی کامیابی کو بہتر بنانے اور تدریسی طریقہ کار میں اصلاح کرنے اور تبدیل کرنے کے لئے تعین قدر کا استعمال کرنا۔

(iv) درس وتدریس کے عمل یا فعل میں تعین قدر کو اہم حصہّ بنانا چاہیئے۔

(v) اس کے ذریعے طلبہ کی کمزوری کا مسلسل پتا لگانا اور اصلاحی تدریس منعقد کرنا۔

(vi) تعین قدر کو ایک معیار کو قائم رکھنے والا آلہ کی طرح استعمال کرنا چاہیئے تاکہ توقع کے مطابق معیار کو قائم رکھا جا سکے۔

(vii) اس پروگرام کی سماجی افادیت تاثیر، پروگرام کتنا موثر ہے کو یقینی بنانا اور طلبہ کے لئے موثر اقدامات اُٹھانے کے لئے صحیح فیصلہ لینا اور درس وتدریس کے ماحول کو اچھا اور سازگار بنانا۔

(viii) اس طریقہ کار کا اہم مقصد ہے تدریس کو طلبہ مرکوز بنانا اور تمام سرگرمیوں کو طلبہ کو ذہن میں رکھ کر مرتب کرنا۔

1۔ روٹ لرننگ سے مکمل ترقی کی طرف توجہ مرکوز کرنا۔

2۔ امتحانات سے وابستہ تناؤ اور اضطراب کو کم کرنا۔

3۔ زندگی بھر سیکھنے کی حوصلہ افزائی کرنا۔

4۔ طلبا میں تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنے اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینا۔

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
مسلسل اور جامع تعین قدر کے کوئی دو مقاصد بتائے ؟

16.2.2 مسلسل اور جامع تعین قدر کے فائدے

(Benefits of Continuous and Comprehensive Evaluation)

1۔ مسلسل تشخیص: پورے تعلیمی سال کے دوران باقاعدہ جاری رہتا ہے اور طلبا کا مکمل (نصابی اور غیر نصابی) پہلو کا تعین قدر کرتا ہے۔

2۔ نصابی اور غیر نصابی شعبوں (مثلاً کھیل، فنون، زندگی کی مہارت) کا جائزہ لیتا ہے۔

3۔ 3. یہ کوئی روایتی امتحان نہیں ہوتا ہے بلکہ اس کے بجائے، طلبا میں مطلوبہ تعلیمی ترقی کے لیے مختلف مدّتوں میں متواتر امتحانات کے ذریعہ تعین قدر کرتا ہے۔

4۔ درجہ بندی کا نظام: طلباء کو نمبر (1-100) کے بجائے گریڈ (A-E) ملتے ہیں۔

5۔ طلباءاور والدین کے لیے باقاعدہ بازرسی فراہم کرتا ہے جس سے طلبا اپنی کمزوریوں سے واقف ہوتے ہے۔

معلم اپنی تدریسی حکمتِ عملیوں میں ضوروری تبدیلیاں لاکر تدریس کو موئثر بنا سکتے ہے۔

مستقبل کے لیے لائحہ عمل کی تیاری میں مدد فراہم کرتا ہے۔

امتحان کے دباؤ کو کم کرتا ہے۔

مجموعی ترقی پر توجہ میں اضافہ کرتا ہے۔

معلم اور طالب علم کے بہتر تعلقات مکو فروغ دیتا ہے۔

16.2.3 مسلسل اور جامع تعین قدر کے پیرامیٹر

(Parameter of Continuous and Comprehensive Evaluation)

اس پروگرام کو موثر اور کامیاب بنانے کے لئے مندرجہ ذیل نکات کو ذہن میں رکھنا چاہیئے اور ان پر عمل کرنا چاہیئے۔

(i) سیکھنے والے کے بارے میں صحیح اور تمام معلومات اکٹھا کرنا۔

(ii) اپنے مضمون اور ہم نصابی سر گرمیوں میں طلبہ نے کتنی ترقی کی اسے جاننے کے لئے مختلف طریقہ کار اپنانا جیسے بحث ومباحثہ، فوری تقریر، مضمون نگاری، کتب خانے کا استعمال، درجہ جماعت کی حاضری، درجہ جماعت میں درس وتدریس میں حصہّ لینا، پروجیکٹ تیار کرنا تفریحی سفر میں جانا اور اس کی رپوٹ بنانا، کھیل میں شامل ہونا وغیرہ سے ہم طلبہ کی تمام صلاحیتوں کو جانچ سکتے ہیں۔

(iii) تمام سر گرمیوں سے متعلق معلومات کو مسلسل اکٹھا کرنا اور ان کو درج کرنا۔

(iv) ہر ایک سیکھنے والے کو اپنا ردِّ عمل پیش کرنے کا موقع فراہم کرنا اور اس کے لئے اسے پورا وقت دینا۔

(v) طلبہ کے ہر جواب پر پوری توجہ دینا اور ان کو درج کرنا۔

(vi) طلبہ کو Feedback دینا تاکہ وہ اپنے معلومات کو بہتر کر سکے اور اپنے ہر Action کو صحیح طریقے سے اور بسیط انداز میں پیش کر سکے۔

16.2.4 مسلسل اور جامع تعین قدر کے نفاذ کے لیے معلم کا کردار

(Role of Teacher for Implementing Continuous and Comprehensive Evaluation)

مسلسل اور جامع جانچ کو یقینی بنانے میں معلم کا اہم رول ہوتا ہے کیوں کہ معلم ہی اپنے طلبہ کو روزانہ دیکھتا ہے اور اس کی مختلف قسم کی صلاحیتوں کو سمجھتا ہے اس لئے معلم کی ذمہ داری ہے کہ وہ طلبہ کی کارکرگی کو پوری ایمان داری کے ساتھ درج کرے اور اسے نتیجے میں پیش کریں۔اس کو کامیاب بنانے کے لئے معلم کو مندرجہ ذیل نکات پر عمل کرنا چاہیئے۔

(1) انٹرویو (Interview): معلم طلبہ کا انفرادی انٹرویو لیکر بہت ساری معلومات اکھٹا کر سکتا ہے۔انٹرویو کے ذریعہ ایسے بہت سے مسائل ابھر کر سامنے آجاتے ہیں جنھیں دوسرے ذرائع سے معلوم کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ یہ استاد اور طلباء کے درمیان ایک بالمشافہ تعلق

ہوتا ہے۔اس کے مقاصد معلوماتی، انتظامی اور مشاورتی ہو سکتے ہیں۔انٹرویو طلبہ کی رہنمائی کے معاملے میں بہت مددگار اور معاون ہوتا ہے۔انٹرویو کے ذریعے طلبہ معلم کی ان صلاحیتوں کو جن کو دوسرے ذرائع سے معلوم نہیں کیا جا سکتا معلوم کر کے اپنی ڈائری میں درج کرتا ہے CCE کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے۔

(2) ساجیت پیائی(Sociometry): ساجیاتی پیائی اسے کہتے ہیں جس کے ذریعہ طلبہ کے سماجی درجے یا تعلق کو معلوم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ معلم طلبہ کی سماجی ذہانت کو جاننے کے لئے اس کا استعمال کرتا ہے۔اس میں طلبہ کی ایک دوسرے کے بارے میں اپنی پہلی، دوسری اور تیسری ترجیحی شخصیت کے نام دینے کے لئے کہا جاتا ہے اس ترجیحی افراد کے شمار سے یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ کون سب سے زیادہ ہر دلعزیز ہے جو کئی لوگوں سے موافقت کر سکتا ہے۔ معلم اس طرح سماجی ذہانت کی قدر پیائی کر کے طلبہ کی اس صلاحیت کی درجہ بندی کر کے اپنی ڈائری میں نمبر کی شکل میں درج کر لیتا ہے اور اس طرح طلبہ کی سماجی صلاحیت کی جانچ ہوتی ہے۔

(3) ریکارڈس(Records): معلم دورانِ تدریس جو مختلف ریکارڈس مرتب کرتا ہے اس سے طلبہ کی نشوونما اور شخصیت کے سلسلے میں بہت سمفید معلومات فراہم کرتے ہیں۔ یہ ریکارڈس مندرجہ ذیل قسم کے ہوتے ہیں۔

(i) جمع شدہ ریکارڈ Comulative Records

(ii) منتشر واقعاتی ریکارڈ Records Anecdotal

(iii) ڈائریاں Diaries

(iv) خودنوشت سوانح عمریاں Autobiographies

(v) افراد کے بارے میں یادداشت Case-histories

(4) طلبہ کے ذریعے بنائی گئی اشیاء کی قدر پیائی(Evaluation of Pupils Product): طلبا کی تخلیقی صلاحیت کو جانچنے کے لئے معلم درجے کے طلبہ سے مختلف قسم کے ماڈل، چارٹ اور خاکہ بنوا کر اس کی کارکردگی، اندازِ فکر، دلچسپی، مہارت اور قابلیت کو صحیح طریقے سے جانچ سکتا ہے۔ طلبہ جب بھی کوئی شئے کی تخلیق کرتا ہے وہ اس کے اندازِ فکر کو ظاہر کرتا ہے۔اس کے ذریعہ طلبہ کی اچھی اور صحیح رہنمائی کی جا سکتی ہے اور طلبہ کو صحیح سمت دی جا سکتی ہے۔

(5) تحقیقی قسم کے سوالات(Enquiry Forms): اس کے مندرجہ ذیل قسمیں ہیں ان کے ذریعہ معلومات اکٹھا کی جا سکتی ہیں۔

(i) سوال نامہ(Questionnarie): سوال نامے عام طور پر چند مقررہ سوالات کے جوابات خود حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔اس طریقہ کار میں طلبہ کو ایک فارم کی شکل کا سوالنامہ فراہم کیا جاتا ہے جس کو طلبہ خود تحریری طور پر مکمل کرتا ہے۔ سوالنامہ کو استعمال کرنے کا اہم مقصد ہوتا ہے طلبہ سے ممکنہ اور اصل معلومات حاصل کرنا۔

(ii) شیڈیول(Schedule): شیڈیول سوالات کا ایک سیٹ ہوتا ہے جس کو معلم طلبہ سے بالمشافہ پوچھتا ہے اور اس کے دیئے گئے جوابات کو اس میں درج کرتا ہے اس طریقہ کار سے طلبہ کی بہت ساری معلومات یا علم کا تعین قدر کیا جا سکتا ہے۔

(iii) چیک لسٹ(Check List): یہ ایک فہرست ہوتی ہے جس میں مختلف اشیاء کے نام درج کئے جاتے ہیں۔ ہدایات کے مطابق امیدوار اس کو چیک کرتا ہے۔

"اختتام میں، مسلسل اور جامع تشخیص (CCE) ایک ترقی پسند تشخیص کا فریم ورک ہے جو محض تعلیمی کامیابیوں سے کلی ترقی کی طرف توجہ مرکوز کر کے تعلیمی منظر نامے میں انقلاب لاتا ہے۔ تسلسل، جامعیت، اور گریڈ پر مبنی تشخیص کو اپنا کر، CCE ایک معاون سیکھنے کے ماحول کو فروغ دیتا ہے، تنقیدی سوچ کو فروغ دیتا ہے، اور طلباء کو تاحیات کامیابی کے لیے تیار کرتا ہے، جب کہ چیلنجز برقرار رہتے ہیں، CCE کے فوائد – امتحانی تناؤ کو کم کرنا، بہتر سمجھ بوجھ، اور بہتر استاد-طالب علم تعلقات – ہندوستان کے تعلیمی نظام کو تبدیل کرنے، اچھی طرح سے، ہنر منداور پروان چڑھانے کی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہیں۔ حوصلہ افزا افراد جو ایک مسلسل ترقی پذیر دنیا میں ترقی کی منازل طے کرنے کے لیے تیار ہیں۔"

اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check Your Progress)
مسلسل اور جامع تعین قدر کے کوئی دو فائدے بتائے ؟
CEE ماڈل کو اپنانے میں معلم کو کن پیرامیٹر کو ذہن میں رکھنا چاہیئے، کوئی دو تحریر کیجیئے ؟

16.3 خلاصہ (Summary)

مسلسل اور جامع تعین قدر (CCE) ایک جامع نقط نظر ہے جو طلبا کی تعلیمی ترقی کے متعلق ایک جامع جائزہ فراہم کرتا ہے۔ مسلسل اور جامع تعین قدر کا مقصد طلباء کے سیکھنے اور کامیابی کو فروغ دینا ہے اور وہ کن شعبوں میں بہتر کر سکتا ہے اس کی نشاندہی کرنا ہے۔ مسلسل اور جامع تعین قدر معلم کی تدریس کو بہتر بنانے میں انکی رہنمائی کرتا ہے۔ CCE کے فوائد، بشمول طالب علم کی حوصلہ افزائی، بہتر اکتساب اور تعلیمی کا کو فروغ دینا ہے۔ CCE کے کلیدی پیرامیٹرز کا خاکہ پیش کیا گیا ہے جس میں بشمول متعدد تعین قدر کی حکمت عملیوں کا استعمال کرنا اور کود کا تعین قدر کرنا ہے۔ آخر میں CCE کو نافذ کرنے میں معلم کے اہم کردار پر زور دیتا ہے، جس میں CCE کی حکمت عملیوں کو ڈیزائن کرنے اور نافذ کرنے، باقاعدہ رہنمائی فراہم کرنے اور ہدایات کو مطلع کرنے کے لیے CCE ماڈل کا استعمال کرنے کی ذمہ داری بھی شامل ہے۔ CCE کو نافذ کرنے سے، معلمین تدریس اور سیکھنے کے لیے طلبا پر مبنی اور موثر انداز کو فروغ دے سکتے ہیں۔

16.4 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درجِ ذیل باتیں سیکھیں گے :

- طلبا اس بات کو سمجھ سکیں ہے کی مسلسل اور جامع تشخیص (CCE) کے تصور اور اس کے مقاصد طلبا کے سیکھنے کے عمل اور اس کی تعلیمی کامیابی کو فروغ دیتے ہے۔

- CCE کے کئی فوائد ہیں جیسے طلبا کی حوصلہ افزائی، معلم اور طلبا کے باہمی تعلقات کو متاثر کرتے ہے اور تعین قدر کا عمل درست طریقے سے انجام دیا جاسکتا ہے۔
- مسلسل ار جامع تعین قدر کے عمل میں مختلف آلات اور حکمتِ عملیوں کا استعمال بھی کیا جاتا ہے، جس سے طلبا کی تعلیمی اور غیر تعلیمی سر گرمیاں کی پیمائش کی جاسکتی ہے۔
- CCE میں استعمال ہونے والی مختلف حکمت عملیوں کی شناخت کر کے طلبا کے سیکھنے اور کامیابی کو بہتر بنانے کے لیے اس کا استعمال کیا جاسکتا ہے اس میں کوئز، پروجیکٹس، اور پورٹ فولیو وغیرہ کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔
- معلم CCE کو نافذ کرنے کے چیلنجز اور حدود اور ان پر قابو پانے کے لیے حکمت عملیوں پر تبادلہ خیال کرتے ہے۔
- طلباء کے سیکھنے کے نتائج اور تعلیمی کامیابیوں پر CCE کے اثرات کا تجزیہ کرتے ہے۔
- تعین قدر کی متعدد حکمت عملیوں اور فیڈ بیک میکانزم کو شامل کرتے ہوئے، ایک مخصوص مضمون یا گریڈ لیول کے لیے ایک جامع CCE پلان تیار کیا جاسکتا ہے۔
- تعین قدر کے آلات یا طریقہ کار کو ہم مندرجہ ذیل قسم میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

i. زبانی امتحان (Oral Test)

ii. مقالاتی قسم کے امتحان (Essay Type Test)

iii. مختصر جوابی قسم کے امتحان (Short Answer Type Test)

iv. معروضی قسم کے امتحان (Objective Type Test)

v. معروضی امتحان کی قسمیں (Types of Objective Tests)

vi. تعددی انتخاب (Mulitple Choice)

vii. صحیح غلط یا ہاں اور نا (True or False or Yes/No)

viii. تکمیلی قسم کے سوال (Completion Type)

ix. سلسلہ وار قسم کے سوال (Sequence Tests)

x. تقابلی قسم کے سوال (Matching Test)

xi. اصناف بندی کے سوال (Classification Test)

xii. قرابتییاں تعلقی قسم کے سوال (Relationship Test)

xiii. بازیافتی قسم کے سوال (Recall Type Test)

اس طرح کی جانچ کا اہم مقصد ہوتا ہے مندرجہ ذیل علاقوں یا دائروں کی تعین قدر کرنا۔

i. علم (Knowledge)

ii. سمجھ یاادراک(Understanding/Comprehensiion)

iii. استعمال کرنا(Applying)

iv. تجزیہ کرنا(Analyzing)

v. تعینِ قدر کرنا(Evaluating)

vi. تخلیق کرنا(Creating)

یہ ریکارڈس مندرجہ ذیل قسم کے ہوتے ہیں۔

(i)جمع شدہ ریکارڈ(Comulative Records)

(ii)منتشر واقعاتی ریکارڈ(Records Anecdotal)

(iii)ڈائریاں(Diaries)

(iv)خود نوشت سوانح عمریاں(Autobiographies)

(v)افراد کے بارے میں یادداشت(Case-Histories)

16.5 فرہنگ(Glossary)

الفاظ(Word)	معنی(Meaning)
وقوفی(Cognative)	وقوفی سے مراد ادراک، توجہ، یادداشت، سیکھنے، استدلال، مسئلہ حل کرنے، اور فیصلہ سازی کے ذہنی عمل سے ہیں جو افراد کو علم اور معلومات کو حاصل کرنے، عمل کرنے اور لاگو کرنے کے قابل بناتے ہیں۔
تاثراتی(Affective)	تاثراتی سے مراد جذبات، رویوں، اقدار اور احساسات کے دائرے سے ہے جو کسی فرد کے رویے، حوصلہ افزائی اور سیکھنے پر اثرانداز ہوتے ہیں، جس میں دلچسپی، جوش اور ہمدردی جیسے پہلو شامل ہیں۔
نفسی حرکی (Psychomotor)	نفسی و حرکی سے مراد جسمانی مہارتوں، حرکات اور افعال کے دائرے سے مراد ہے جس میں ہم آہنگی، مہارت شامل ہے، جس میں مہارت اور جسمانی اضطراب جیسے پہلو شامل ہیں۔
بازرسی (Feedback)	بازرسی سے مراد کسی فرد کو ان کی کارکردگی، رویے، یا اعمال کے بارے میں دی گئی معلومات یا جواب ہے، جو ان کی کوششوں کو درست کرنے، بہتر بنانے یا ان کو تقویت دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
معیار (Norms)	پیمائش میں، معیارات ایک بڑے گروپ کے قائم کردہ معیارات یا اوسط اسکور کا حوالہ دیتے ہیں، جو انفرادی ٹیسٹ کے اسکور یا پیمائش کا موازنہ اور تشریح کرنے کے لیے ایک حوالہ نقطہ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

16.6 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Type Questions)

1۔ مندرجہ ذیل میں سی سی ای کو نافذ کرنے میں ایک چیلنج ہے؟

(a)اساتذہ کی کمی　　(b) محدود وسائل

(c) سی سی ای کی حکمت عملیوں کو ڈیزائن کرنے میں دشواری　　(d)مذکورہ بالا تمام

2۔ 2تعلیم میں CCEکا حتمی مقصد کیا ہے؟

(a)طالب علم کی تعلیم اور کامیابی کو بہتر بنانا　　(b) طلباء کو گریڈ دینا

(c) اسکولوں کی درجہ بندی کرنا　　(d)اساتذہ کو سزا دینا

3۔ (3)درج ذیل میں سے سی سی ای کا فائدہ..........ہے؟

(a)معلم اور طالب علم کے بہتر تعلقات　　(b) طلبا کی تعلیمی ترقی کا زیادہ درست طریقہ

(c) طلبا کا مسلسل تعین قدر کیا جاتا ہے　　(d)مذکورہ بالا تمام

4۔ (4)ان میں سے سبھی معروضی امتحان کی قسمیں؟

(a)تعدادی انتخاب　　(b) صحیح، غلط، یا ہاں اور نہیں

(c) تکمیل قسم کے سوال　　(d)مذکورہ بالا تمام

5۔ (5)مندرجہ ذیل میں.......... خصوصیات مسلسل اور جامع تعین قدر کی ہے؟

(a)ادراکی مہارتوں پر توجہ　　(b) جذباتی اور نفسیاتی مہارتوں پر زور

(c) نفسی وحرکی مہارتوں پر زور　　(d)مذکورہ بالا تمام

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1۔ مسلسل اور جامع تعین قدر(CCE) کیا ہے؟ تعلیم میں اس کی اہمیت بیان کریں۔

2۔ مسلسل اور جامع تعین قدر(CCE) کے نفاذ میں معلم کے کردار کی وضاحت کریں۔

3۔ مسلسل اور جامع تعین قدر(CCE) میں متعدد حکمت عملی استعمال کرنے کے کیا فوائد ہیں؟

4۔ مسلسل اور جامع تعین قدر(CCE) میں کے مقاصد کو تحریرک کریں۔

5۔ مسلسل اور جامع تعین قدر(CCE) کے پیرامیٹرز کی وضاحت کریں۔

6۔ مسلسل اور جامع تعین قدر(CCE) کو نافذ کرنے میں کیا چیلنجز ہیں؟ان پر کیسے قابو پایا جاسکتا ہے؟

7۔ مسلسل اور جامع تعین قدر(CCE) میں جامع تعین قدر کے تصور کی وضاحت کریں۔

8۔ مسلسل اور جامع تعین قدر (CCE) کی اہم خصوصیات کی وضاحت کریں۔

طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)

1۔ تعلیم میں مسلسل اور جامع تعینق قدر (CCE) کے مقاصد اور فوائد پر تبادلہ خیال کریں۔ وضاحت کریں کہ کس طرح CCE طلبا کے سیکھنے اور کامیابی کو بہتر بنا سکتا ہے۔

2۔ CCE کے نفاذ میں معلم کے کردار کی وضاحت کریں۔ وضاحت کریں کہ معلم کس طرح CCE حکمت عملیوں کو ڈیزائن اور لاگو کر سکتے ہیں۔

3۔ مسلسل اور جامع تعین قدر (CCE) کے ساتھ تعین قدر کے روایتی انداز کا موازنہ کیجیئے اور وضاحت کریں کہ CCE روایتی تشخیصی طریقوں سے کس طرح مختلف ہے؟

4۔ مسلسل اور جامع تعین قدر (CCE) کے فوائدے کو تفصیل میں بیان کریں۔

5۔ Continuous and Comprehensive Evaluation (CCE) میں بازرسی کی اہمیت پر بحث کریں۔ وضاحت کریں کہ کس طرح فیڈ بیک یا بازرسی کا استعمال طلبا کے سیکھنے اور کامیابی کو بہتر بنانے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔

معروضی سوالات کے جوابات کی کلید (Answer Key of Objective Type Questions)

سوال نمبر	1	2	3	4	5
جواب	d	a	d	d	d

16.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

1۔ Aggarwal, J.C. (2007). Elements of Educational Technology and Management. Vinod Pushtak Mandir, Agra-2

2۔ Aggarwal, J.C. (2006). Teaching of Social Studies. Vikas Publishing house PVT.LTD.

3۔ Airasian, Peter W.; Cruikshank, Kathleen A.; Mayer, Richard E;. Pintrich, Paul R.; Raths.James; Wittrock, Merlin C.(2000). Anderson, Lorin W.; Krathwohl, David R., eds. A taxonomy for learning, teaching, and assessing: A revision of Bloom's taxonomy educational objectives. Allyn and Bacon.

4- Batra, Poonam . E ditor(2010). Social science Learning in Schools. Perspactive and Challenges. Sage Publishers Private Limited, new Delhi-110002

5- Baldwin, J.W.(1949): Teaching the Social Studies in Units by the Laboratory Method, The Social Studies Vol. XL(2), Pp.58-63.

6- Best. W. John&Kahn. V. James (1995) Research in Educational. Printice Hall of india Private Ltd. New delhi 110001

7- Bhushan,Anand.Ahuja,Malvinder. Educational Technology Theory and Practice in Teaching learning Process. Vivek Publishers Meerut india.

8- Bloom, B. S.; Engelhart, M. D.; Furst, E. J.; Hill, W. H;. Krathwohl, D. R. (1956). Taxonomy of educational objectives: The classification of educational goals. Handbook l: Cognitive domain new York: David McKay Company.

9- Bloom ,B. S. (1994). Reflections on the Development and use of the taxonomy . in Rehage, Kenneth J,: Anderson, lorin W:, Sosniak, Lauren A. "Bloom's taxonomy: A Forty-years retrospective".Yearbook of the National Socity for the Study of Education (Chicago: National Society for the Study of Education)

10-Clark, Donald R.(1999). "Bloom's Taxonmy of Learnin Domains". Retrieved 28 jan 2014.

11-Dave, R. H. (1975). Armstrong, R. J., ed. Developing and writing behavioral objectives. Tucson: Educational Innovators Press.

12-Ediger Marlow Digumarti Bhaskara Rao (2011).Essays on Teaching Social' Studies . DiscoveryPublishing House Pvt Ltd. New Delhi

13-Edward Porter Alexander, Mary Alexander; Alexander, Mary; Alexander, Edward Porter (September 2007). Museums in motion: an introduction to the history and functions of museums. Rowman & Littlefield, 2008, Retrieved-2009 06-10

14-Encyclopaedia Britanica Vol. 10 Page 923, 15th Edition (2007) Printed in USA.

15-Frequently Asked Questions- The World Museum Community

16- Findlen, Paula (1989). "the Museum: its classical etymology and renaissance genealogy". Journal of the History of Collections 1 (1): 59-78. doi:10.1093/jhc/1.1.59. Retrieved 2008-04-05.

17- Hussain, Syed. Ashgar. Educational Techcology and Computer Education. Deccan Traders Educational Publishers, Hyderabad

18- Kapoor, Urmila.(1995). Educational Techcology. Sahitya Prkashan Aapka Bazar, Hospital Road, Agra-3

19- Khan. M. Saheel.(2009). Concept of Social Science.Alok Prakashan, Lucknow&Allahabad.

20- Kocher,S.K.(1984). The Teaching of Social Studies,Sterling Publishers Private Limited,New Delhi

21- Kocher,S.K.(1970).Secondary School Administration, Sterling Publishers Private Limited,New Delhi

22- Mehta,D.D. The Teaching of Social Studies.Tandon Publishers Ludhiana.

23- Musa, Mulk Md., Shazia Rasheed and Rubina Meiraj; Educational Techcology, Jardan Publication Lahore, Pakistan.

24- Ruhela, S.P.(2007). Teaching of Social Sciences.Neelkamal PublicationPvt.Ltd. Sultan Bazar, Hyderabad

25- Rawat,S.C. Essentials of Educational Twchnology. Vinay Rakheja C/o. R.Lall Book. Depott, Meerut, U.P. India

26- Shaida.B.D.&Sharma.J.C.(1992).Teaching of Geography,Dhanpal Rai &Sons, Jullundhar-Delhi.

27- Sharma,R. A. (2005). The Teaching of Social Sciences. Vinay Rakheja c/o R. lall Book Depot Near Govt. Inter College Meerut

28- Sharma , R.A. Teacher Training Technology Managing Classroom Acticties, Surya Publicaton Meerut .U.P. India

29- Sharma,R. L.(2006). The Teaching of Social Studies. Vinod Pushtak Mandir,Rangeya Raghava Marg, Agra

30- Sharma,T.C.(2007). The Teachig of Social Studies.Sarup& Sons Ansari road, Daryagang New Delhi

31- Singh,A.K.(1997). Tests,Measurements and Research Methods in Behavioural sciences. Bharti Bhawan, Patna

32- Singh, Harnarayan. (1989).Teaching of Geography.Dhanpat Rai &sons.Jullundur-Delhi.

33- Yiyagi,Gurusaran Das.(2009). Samajik Addayan ka shijshan.Vinod Pushtaq mandir,Agra

34- Ptolemy I Soter, The First King of Ancient Egypt's Ptolemaic Dynasty". Tour Egypt. Retrieved 2008-04-05.

35- Harrow, Anita J. (1972).A Taxonomy of the Psychomotor Domain: A Guide for Developing Behavioral Objectives. New York: David Mckay Company.

36- Urdu Encyclopadia Volume II National Council for Promotion of urdu Language, New Delhi, India.

37- Mohammed Ibrahim Khaleel (Method of Teaching Social Studies Deccan Traders Educational Publishers Hydrabad.

38- Teaching of Social Studies Directorate of Distance Education Manuu Hydrabad.

39- Dr Mohammad Saheel Khan (Pedagogy of Social Studies)MNS Publishing House DLF Enclave, Ankur Vihar Gaziabad (U.P.)

نمونہ امتحانی پرچہ

سماجی علوم کی تدریس

جملہ نشانات 70	وقت : 3 گھنٹہ

ہدایت

یہ پرچہ تین حصوں پے مستمل ہے۔ حصہ اول حصہ دوم اور حصہ سوم ۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں کے جواب لازمی ہے۔

۱۔ حصہ اول میں دس لازمی سوالات ہے جو کہ معروضی سوالات ہے۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے ۔ ہر سوال کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔

۲۔ حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں۔ اس میں سے کوی 5 کے جواب ہی لازمی ہے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو الفاظ پر مشیمل ہونا چاہیے۔ ہے سوال کے لیے 6 نمبر مختص ہے۔

۳۔ حصہ دوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے کوی 3 کے جواب ہی لازمی ہے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو الفاظ پر مشیمل ہونا چاہیے۔ ہے سوال کے لیے 10 نمبر مختص ہے۔

حصہ اول

معروضی سوالات

1۔ روس کا انقلاب کا پہلا حصہ کب کا ہے؟

(ا) مارچ ۱۹۱۷ء (ب) اکتوبر ۱۹۱۷ء (ج) جنوری ۱۹۱۷ء (د) فروری ۱۹۱۸ء

2۔ مداری گردش کیا ہے؟

(ا) زمین کا چاند کا چکر لگانا (ب) چاند کا زمین کا چکر لگانا

(ج) زمین کا سورج کا چکر لگانا (د) سورج کا زمین کا چکر لگانا

3۔ ہندوستانی شہری پر کتنے بنیادی فرائض عائد کئے گئے ہیں؟

(ا) 5 (ب) 9 (ج) 11 (د) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ ان میں سے کون سا طریقہ تدریس طالب علم میں تنقیدی صلاحت کو فروغ دیتا ہے۔

(ا) مثالی تکنیک (ب) سمینار (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

5۔ مندرجہ ذیل میں سے نصاب کا اساس کون سا ہے۔

(الف) فلسفیانہ Philosophical (ب) نفسیاتی Psychological

(ج) سماجیاتی Sociological (د) مذکورہ بالا سبھی

(6) مندرجہ ذیل میں سے نصابی تشکیل میں کون سے اصول اہم ہیں۔

(الف) سرگرمی مرکوز (ب) متعلم مرکوز (ج) کمیونیٹی مرکوز (د) مذکورہ بالا سبھی

(7) زمانہ قدیم میں استاد کا طریقۂ تدریس کیا تھا؟

(ا) تقریر (ب) برین اسٹورمنگ (ج) متعلقہ جگہ کی سیر (د) ان میں سے سبھی

(8) ان میں سے کن تدریسی اشیاء کو چلانے کے لیے بجلی کی ضرورت نہیں ہوتی؟

(ا) ٹی وی (ب) ٹیپ رکارڈر (ج) پروجکٹر (د) ان میں سے کوئی نہیں

(9) CBSE نے CCE Pattern) کو کب لاگو کیا؟

(ا) 2008 (ب) 2007 (ج) 2005 (د) 2009

(10) کس نے اپنی تحقیق سے یہ ثابت کیا ہے کہ دو شخص ایک جیسے نہیں ہوتے ہیں؟

(ا) Galton اور Darwin (ب) Kerlinger

(ج) E,B, Wesley (د) HaNNa

حصہ دوم

مختصر جوابی سوالات

(1) محوری گردیش سے کیا مراد ہے۔

(2) عرض البلد اور طول البلد کے تصورات کو واضح کریں۔

(3) مسلسل اور جامع جانچ یا قابل شمول جانچ کی وضاحت کیجیے؟

(4) معروضی امتحان کی قسمیں بتایئے؟

(5) ماڈل کی کوئی دو قسموں کے باڑے میں لکھیے۔

(6) سماجی مطالعہ کی تدریس میں ماڈل کے استعمال پر نوٹ لکھیں۔

(7) سماجی علوم کی درسی کتابیں کی خوبیاں وخامیاں بیان کریں

(8) معاشیات کے معنی بتایئے اور اس کی چند اہم تعریفیں لکھیے۔

حصہ سوم

طویل جوابی سوالات

(1) تدریسی معاون اشیاء کے طور پر گراف کے اقسام اور ان کے استعمال پر نوٹ لکھیے۔

(2) علم سیاسیات کا دیگر سماجی سائنس کے درمیان کیا تعلق ہے۔

(3) پیائش اور تعین قدر میں کیا فرق ہے؟

(4) سماجی علوم میں طلبہ کی کارکردگی کے تجزیہ کی وضاحت کیجیے۔

(5) معاشیات کے معنی کیا ہے؟ کیا یہ سائنس ہے یا فن یا دونوں؟ علم سیاسیات و معاشیات کی تدریس میں استعمال ہونے والی حکمت عملی پر تفصیلی بحث کیجیے۔